# سیرت النبی ؐ

## بعد از

# وصال النبی ؐ

(حصّہ پنجم)

محمد عبد المجید صدیقی ایڈووکیٹ

# سیرت النبیؐ

# بعد از

# وصال النبیؐ

## (حصہ پنجم)

محمد عبد المجید صدیقی ایڈوکیٹ

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور - راولپنڈی - کراچی

marfat.com
Marfat.com

مجلد: 969 0 01680 6

باراوّل ____________ ۲۰۰۱ء

فیروزسنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ہیڈ آفس وشوروم: 60۔ شاہراہ قائداعظم، لاہور۔

راولپنڈی آفس: 277۔ پشاور روڈ، راولپنڈی۔

کراچی آفس: فرسٹ فلور، مہران ہائٹس، مین کلفٹن روڈ، کراچی۔

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ | Seerat-un-Nabi Bad Az Wisal-un-Nabi

(حصہ پنجم) | (Part:5)

محمد عبدالمجید صدیقی | Muhammad Abdul Majeed Siddique

2001 © جملہ حقوق فیروزسنز محفوظ ہیں۔

چوتھی اشاعت ____________ ۲۰۱۱ء

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔ اس کتاب کا کوئی حصہ فیروزسنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر نقل کرنے، نشر کرنے یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے،
فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

مطبوعہ فیروزسنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام ظہیر سلام پرنٹرو پبلشر

email:support@ferozsons.com.pk

www.ferozsons.com.pk

marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | انتساب | ۵ |
| ۲۔ | وارننگ | ۶ |
| ۳۔ | فہرست منابع و مآخذ | ۷ |
| ۴۔ | خواب دیکھنے والوں کے ناموں کی فہرست | ۱۱ |
| ۵۔ | خواب بالتفصیل ۱ تا ۳۱۳ | ۱۹ |



marfat.com
Marfat.com

# انتساب

۱۔ جناب سید ناصر الدین شاہ، اسلام آباد۔

۲۔ جناب سید عتیق احمد شاہ، اسلام آباد۔

۳۔ جناب ندیم شفیق ملک، راولپنڈی۔

۴۔ جناب ڈاکٹر شبیّر احمد، ایم ڈی، فلوریڈا، امریکہ۔

۵۔ جناب شیخ سلیم اختر، لاہور۔

۶۔ جناب آفتاب احمد طارق، راولپنڈی۔

۷۔ جناب واحد رضا شمسی، کراچی۔

۸۔ جناب کے۔ ایم۔ وجاہت اللہ، کراچی۔

۹۔ جناب عبدالرحیم یاسر مرحوم، لاہور۔

۱۰۔ جناب احتشام۔ اے صدیقی، اسلام آباد۔

۱۱۔ جناب سید جلال شاہ مرحوم، اسلام آباد۔

۱۲۔ جناب ڈاکٹر کیپٹن حنبل قاضی مرحوم، لاہور۔

۱۳۔ جناب ظفر اقبال چوہان، اسلام آباد۔

۱۴۔ جناب محمد اسمعیل چوہدری، اسلام آباد۔

۱۵۔ جناب ناصر ضمیر صدیقی، چکوال۔

marfat.com
Marfat.com

# وارننگ

حضرت رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی کو درمیان میں لا کر جھوٹے خواب گھڑنے والے اپنے انجامِ بد سے ہوشیار رہیں کیونکہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سب سے بڑا جھوٹ یہ ہے کہ انسان اپنی آنکھوں کو وہ چیز دکھائے جو اس نے نہ دیکھی ہو۔ آپ ﷺ ہی نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو کوئی میری جانب ایسی بات منسوب کرے گا جو میں نے نہیں کہی تو اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# فہرست منابع و مآخذ

## الف

۱۔ البدایہ والنھایہ
۲۔ الحکومتہ الاسلامیہ
۳۔ المبشرات
۴۔ ابن سعد
۵۔ الدین الخالص
۶۔ اخبار الاخیار
۷۔ البلاغ المبین حصہ سوم
۸۔ اردو ڈائجسٹ
۹۔ آپ بیتی (حسن نظامیؒ)
۱۰۔ آپ بیتی (مولانا زکریاؒ)
۱۱۔ الباقیات الصالحات
۱۲۔ الحدائق
۱۳۔ المشروع الروی
۱۴۔ امداد الفتاویٰ
۱۵۔ التفکر الاعتبار
۱۶۔ المدخل
۱۷۔ المبشرات ابن عربیؒ
۱۸۔ التعبیر
۱۹۔ انتخاب لغت حصہ اول
۲۰۔ المنتظم
۲۱۔ اشعتہ اللمعات
۲۲۔ البیان فی تاریخ الافغان
۲۳۔ الانسان الکامل
۲۴۔ الکمالات الٰہیہ
۲۵۔ المواقف
۲۶۔ الکوکب الدرّی
۲۷۔ الشقائق
۲۸۔ اسرار الحرمین
۲۹۔ المراتی النبویہ
۳۰۔ اخص الخواص
۳۱۔ المصفی
۳۲۔ الحدائق الوردیہ

## ب

۱۔ بلغتہ الواجد
۲۔ باب الفیض
۳۔ بزم اشرف کے چراغ
۴۔ بھوشیہ پوران

## پ

۱۔ پندرہ روزہ "بجنگ آمد"
۲۔ پوٹھوار لوک ورثہ

## ت

۱۔ تاج الاولیا
۲۔ تحقیقات چشتی
۳۔ تاریخ ابن کثیر
۴۔ تاریخ سوات

marfat.com
Marfat.com

۵۔ تاریخ خوانین بلوچ

۶۔ تجلیات رحمانی

۷۔ تحفہ

۸۔ تنبیہ الانام

۹۔ تفہیمات الٰہیہ

۱۰۔ تحفہ اثنا عشریہ

۱۱۔ تعطیر الانام

۱۲۔ تجلیات اولیا

## ج

۱۔ جمال الاولیا

۲۔ جواہر البحار جلد سوم

۳۔ جواہر البحار جلد اول

۴۔ جامع کرامات اولیا جلد اول

۵۔ جواہر البحار حصہ دوم

۶۔ جامع کرامات اولیا جلد دوم

۷۔ جدید تذکرہ اولیائے پاک و ہند

## ح

۱۔ حیات جاوداں

۲۔ حالات مشائخ کاندھلہ

۳۔ حضرت شیخ القرآن

۴۔ حیات حبیب

۵۔ حیاۃ الصحابہؓ جلد سوم

## خ

۱۔ خواص نیم

## د

۱۔ دعوت ارواح

## ذ

۱۔ ذکری مذہب

## ر

۱۔ راہ مغفرت

۲۔ روزنامہ جنگ جمعہ ایڈیشن

۳۔ رسالہ قشیریہ

۴۔ رسالہ نظر کرم

۵۔ رسالہ درود و سلام

۶۔ روزنامہ جنگ

۷۔ ربیع المجالس

۸۔ روض الریاحین

۹۔ روزنامہ الاخبار

## ز

۱۔ زنداں کے شب و روز

## س

۱۔ سیرۃ المصطفٰے

۲۔ سعادت الدارین حصہ اول

۳۔ سعادت الدارین حصہ دوم

۴۔ سیالکوٹ سے خیبر تک

۵۔ سلطان الہند غریب نوازؒ

۶۔ سیر الاقطاب

۷۔ سفرنامہ نانگا پربت

۸۔ سلوک سلیمانی حصہ دوم

۹۔ سیرت رسول عربیؐ

۱۰۔ سلطان الاوراد

marfat.com
Marfat.com

۱۱۔ سچل سرمت
۱۲۔ سید الانبیاءؐ کے والدین
۱۳۔ سیرۃ ابن ہشام
۱۴۔ سیارہ ڈائجسٹ

## ش

۱۔ شمس المعارف
۲۔ شفا القلوب
۳۔ شواہد الحق
۴۔ شفا الاسقام

## ص

۱۔ صادق خواب

## ع

۱۔ عمدۃ التحقیق
۲۔ عقد الجید
۳۔ عظیم مائیں

## ف

۱۔ فیض الباری جلد اول
۲۔ فض
۳۔ فتح الرسول
۴۔ فتوح الحرمین فی مبشرات
۵۔ فتوحات مکیہ
۶۔ فیوض الحرمین

## ق

۱۔ قلائد الجواہر
۲۔ قومی ڈائجسٹ

## ک

۱۔ کنوز الاسرار
۲۔ کرم بالائے کرم
۳۔ کالکی اوتار

## ل

۱۔ لوائح الانوار

## م

۱۔ مون ڈائجسٹ خصوصی اول
۲۔ مون ڈائجسٹ، تیسرا خاص نمبر
۳۔ مون ڈائجسٹ، چوتھا خاص نمبر
۴۔ مختصر تاریخ قوم بلوچ
۵۔ مستدرک
۶۔ مذہب اہل سنت والجماعت
۷۔ مقامات خیر
۸۔ ماہنامہ "درویش" لاہور
۹۔ مختجبین حصہ اول
۱۰۔ ماہنامہ "سلسبیل"
۱۱۔ ماہنامہ "لغت" لاہور
۱۲۔ مصباح الظلام
۱۳۔ مواعظ حسنہ

## ن

۱۔ نفح الطیب
۲۔ نزہت المجالس

marfat.com
Marfat.com

**و**

۱۔ وسطی ایشیا کے مسلمان

۲۔ والمقصود موجودہ

**ہ**

۱۔ ہفت روزہ چٹان، لاہور

۲۔ ہمدرد ڈائجسٹ

1. THE DIVINE QURAN
2. THE ISLAMIC THREAT TO THE SOVIET STATE

نوٹ: کل کتابیں ۱۳۰ سے زیادہ ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

# خواب دیکھنے والوں کی فہرست

١۔ امام شامل
٢۔ زینب الغزالی
٣۔ ایضاً
٤۔ ایضاً
٥۔ حضرت جلال الدین سیوطیؒ
٦۔ علی متقی
٧۔ مولانا اللہ یار خانؒ
٨۔ ایک مولوی صاحب
٩۔ ایک قصاب
١٠۔ بعض بزرگ
١١۔ حضرت خواجہ اجمیریؒ
١٢۔ شیخ عبدالہادی
١٣۔ بوہبیرہ شاہ بصریؒ
١٤۔ حضرت آمنہؓ
١٥۔ ابوجہل
١٦۔ امیر ابوالعلیؒ
١٧۔ حضرت عبداللہؓ
١٨۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ
١٩۔ راشد کندی
٢٠۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ
٢١۔ مولانا محمد فضل علی قریشیؒ
٢٢۔ خواجہ محمد حافظ
٢٣۔ نصیر بانو سبزواری
٢٤۔ مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ
٢٥۔ مولانا سید احمد اشرفیؒ
٢٦۔ بخت نصر
٢٧۔ ربیعہ بن نصر
٢٨۔ کسریٰ
٢٩۔ سیدی عبدالجلیل مغربی
٣٠۔ سیدی مسعود دراوی
٣١۔ سید محمود کردیؒ
٣٢۔ سیدی علی بن علوی
٣٣۔ بقی بن مخلد
٣٤۔ ابوعلی القطان
٣٥۔ شہاب الدین احمد
٣٦۔ ایک صابر شخص
٣٧۔ ایک شخص
٣٨۔ ایک دکاندار
٣٩۔ ایک خادم
٤٠۔ امام طبرانیؒ
٤١۔ شیخ ابوبکر کتانیؒ
٤٢۔ ایک صوفی

marfat.com
Marfat.com

۴۳۔ یزید رقاشی
۴۴۔ ابوالفضل اصفہانی
۴۵۔ ابواسحاق ابراہیم
۴۶۔ ایک خراسانی
۴۷۔ عبدالرحیم
۴۸۔ بعض فقراءَ
۴۹۔ مہارشی ویاس جی
۵۰۔ حمزہ الکتانی
۵۱۔ علی بن عیسیٰ
۵۲۔ وزیر احمد قریشی
۵۳۔ ایک ٹیکسی ڈرائیور
۵۴۔ محترمہ شہناز
۵۵۔ سید محمود کردی
۵۶۔ عبدالواحد بن زید
۵۷۔ قاضی عبدالقادر
۵۸۔ ایک بزرگ
۵۹۔ ایک صالح شخص
۶۰۔ عبدالحفیظ
۶۱۔ ایضاً
۶۲۔ ایضاً
۶۳۔ ایضاً
۶۴۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ
۶۵۔ ایضاً
۶۶۔ ایضاً
۶۷۔ ایضاً
۶۸۔ ایضاً
۶۹۔ ایضاً
۷۰۔ ایضاً
۷۱۔ خواجہ حسن نظامیؒ
۷۲۔ ایک بزرگ
۷۳۔ حامد آفندی
۷۴۔ سردار عبدالحمید
۷۵۔ مولانا محمد ایوب دہلویؒ
۷۶۔ علامہ بوصیری
۷۷۔ ایک خاتون
۷۸۔ حافظ فردوس
۷۹۔ محمد عبدالغفور ہزاروی
۸۰۔ ایضاً
۸۱۔ ایک بزرگ
۸۲۔ شاہ فقیر اللہ علویؒ
۸۳۔ مولانا شاہ محمد
۸۴۔ حضرت امام حسنؓ
۸۵۔ مولانا اللہ یار خان
۸۶۔ ایضاً
۸۷۔ صاحب کشف بزرگ
۸۸۔ ایک بزرگ

marfat.com
Marfat.com

۸۹۔ امام بخاریؒ
۹۰۔ ابوالمواہب شاذلیؒ
۹۱۔ ٹرک ڈرائیور
۹۲۔ ایک بزرگ
۹۳۔ غلام دستگیر افغانی
۹۴۔ مولانا غلام محی الدین قصوریؒ
۹۵۔ سعید محمد خان رحمانی
۹۶۔ ایک شخص
۹۷۔ ایک شخص
۹۸۔ ایک شخص
۹۹۔ طالب علم
۱۰۰۔ ایک شخص
۱۰۱۔ ایک شخص
۱۰۲۔ ایک شخص
۱۰۳۔ ایک شخص
۱۰۴۔ ایک شخص
۱۰۵۔ حافظ محمد احسن وحشی
۱۰۶۔ مولانا عبدالرشید محمود
۱۰۷۔ ایک نوجوان
۱۰۸۔ ایک قیدی
۱۰۹۔ محمد بن عبدالملک
۱۱۰۔ ابوالغیث ربیعی
۱۱۱۔ نصرت فتح علی خان
۱۱۲۔ محمد حنیف
۱۱۳۔ مولوی محمد عبدالحمید
۱۱۴۔ حاجی رانا منور حسین
۱۱۵۔ رضا حسین بلالی جمالی
۱۱۶۔ بیگم علامہ یوسف نبہانیؒ
۱۱۷۔ محمد بن علی بن جعفر
۱۱۸۔ ابو بکر محمد بن سعدون
۱۱۹۔ ابو عبداللہ بن خفیف
۱۲۰۔ حضرت ابراہیم بن علی
۱۲۱۔ تسنیم الدین احمد آفریدی
۱۲۲۔ مولانا شیخ علی نور الدین
۱۲۳۔ سید عبدالمقصود محمد سالم
۱۲۴۔ ایضاً
۱۲۵۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن اشرفی
۱۲۶۔ محترمہ رضیہ لال شاہ
۱۲۷۔ ایضاً
۱۲۸۔ ایضاً
۱۲۹۔ بشیر احمد چشتی نظامی
۱۳۰۔ ایضاً
۱۳۱۔ والد محمد فیاض حسین چشتی نظامی
۱۳۲۔ راجہ رشید محمود
۱۳۳۔ رانا منیر احمد غازی
۱۳۴۔ حسان

marfat.com
Marfat.com

۱۳۵۔ احسان اللہ احسان
۱۳۶۔ شیخ عزار
۱۳۷۔ احمد بن موسیٰ عجیل
۱۳۸۔ ابو عبداللہ محمد بن یعقوب
۱۳۹۔ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ
۱۴۰۔ ابو عبداللہ محمد بن عمر
۱۴۱۔ سید محمود
۱۴۲۔ ابو عبداللہ محمد بن علی الاشغر
۱۴۳۔ ایک تاجر
۱۴۴۔ ابو عبداللہ محمد بن عباس
۱۴۵۔ ایک آدمی
۱۴۶۔ شیخ ربیع
۱۴۷۔ مقری بشر بن عمران
۱۴۸۔ حضرت محمد صوفی
۱۴۹۔ والدہ محمد صدر الدین البکری
۱۵۰۔ امام بدر الدین غزی
۱۵۱۔ صاحب الشقائق
۱۵۲۔ والدہ ابوالحسن محمد
۱۵۳۔ شیخ صالح علی لولوی
۱۵۴۔ علامہ نجم الدین غزی
۱۵۵۔ شیخ صالح نجم الدین
۱۵۶۔ البکری صدیقیؒ
۱۵۷۔ سیدی محمد بکری صدیقی
۱۵۸۔ حضرت شیخ محمد زین البکری
۱۵۹۔ حضرت محمد بن زین العابدین
۱۶۰۔ حضرت محمد بن عمر
۱۶۱۔ حضرت محمد سعید
۱۶۲۔ لاتعداد لوگ
۱۶۳۔ حضرت محمد کردی خلوتی شافعیؒ
۱۶۴۔ سید محمد عثمان میرغنی
۱۶۵۔ ایضاً
۱۶۶۔ ایضاً
۱۶۷۔ شیخ محمد فاسی شاذلیؒ
۱۶۸۔ حضرت ابوراشد
۱۶۹۔ ایضاً
۱۷۰۔ شیخ ابوالفیض محمد
۱۷۱۔ حضرت خواجہ محمد عمر عباسی قادریؒ
۱۷۲۔ حضرت دیوان حضوریؒ
۱۷۳۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی
۱۷۴۔ ایضاً
۱۷۵۔ ایضاً
۱۷۶۔ ایضاً
۱۷۷۔ ایضاً
۱۷۸۔ ایضاً
۱۷۹۔ ایضاً
۱۸۰۔ شاہ محمد مظہر

marfat.com
Marfat.com

۱۸۱۔ مولوی عبدالعزیز بنگالی
۱۸۲۔ مولانا عبدالعلی
۱۸۳۔ سید عبداللہ حلان
۱۸۴۔ فتح اللہ انڈری
۱۷۵۔ مولوی جعفر شاہ
۱۸۶۔ حضرت شاہ ابوالخیر
۱۸۷۔ ملا عبدالحلیم
۱۸۸۔ ایضاً
۱۸۹۔ ایک شخص
۱۹۰۔ مولانا حکیم محمد اشرفؒ
۱۹۱۔ ایضاً
۱۹۲۔ مفتی الٰہی بخشؒ
۱۹۳۔ ایضاً
۱۹۴۔ ایضاً
۱۹۵۔ ایضاً
۱۹۶۔ سید محمد قلندرؒ
۱۹۷۔ ایضاً
۱۹۸۔ مفتی الٰہی بخش
۱۹۹۔ حضرت خواجہ اجمیریؒ
۲۰۰۔ بدھ راہب
۲۰۱۔ محترمہ عائشہ صدیقہ
۲۰۲۔ طاہرہ بیگم
۲۰۳۔ چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ
۲۰۴۔ ایضاً
۲۰۵۔ ایضاً
۲۰۶۔ ایضاً
۲۰۷۔ ایضاً
۲۰۸۔ ایضاً
۲۰۹۔ ایضاً
۲۱۰۔ جناب مرزا
۲۱۱۔ چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ
۲۱۲۔ چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ صاحب کے چند دوست
۲۱۳۔ چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ
۲۱۴۔ ایضاً
۲۱۵۔ ایضاً
۲۱۶۔ ایضاً
۲۱۷۔ ایضاً
۲۱۸۔ ایضاً
۲۱۹۔ ایضاً
۲۲۰۔ ایضاً
۲۲۱۔ سید شفیع نقشبندی
۲۲۲۔ ایک خادم
۲۲۳۔ ایک مسترشد خاص
۲۲۴۔ مولانا محمد اویس ندوی نگرامی
۲۲۵۔ صوفی برکت علی لدھیانویؒ

marfat.com
Marfat.com

۲۲۶۔ ایک شخص

۲۲۷۔ صوفی برکت علی لدھیانویؒ

۲۲۸۔ ایضاً

۲۲۹۔ باباحمید

۲۳۰۔ صوفی برکت علی لدھیانویؒ

۲۳۱۔ شیخ عبدالکریم جیلی

۲۳۲۔ ایضاً

۲۳۳۔ ابوعبداللہ بن سلطان

۲۳۴۔ ایضاً

۲۳۵۔ قاری محمد ابراہیم قادریؒ

۲۳۶۔ عرش صدیقی

۲۳۷۔ ایک لوہار

۲۳۸۔ امام شعبیؒ

۲۳۹۔ ابراہیم بن علی

۲۴۰۔ حضرت ابومحمد الحسن

۲۴۱۔ شوکت علی خان

۲۴۲۔ ڈاکٹر سید محمد محمود

۲۴۳۔ شیخ ابن ابی جمرہ

۲۴۴۔ ابومحمد بن ابی جمرہ

۲۴۵۔ ایک شخص

۲۴۶۔ سید احمد محمد تیجانی

۲۴۷۔ ایک حکمران

۲۴۸۔ سید محمد عثمان میرغنی

۲۴۹۔ ایک نیک شخص

۲۵۰۔ ایضاً

۲۵۱۔ حضرت ابن عربیؒ

۲۵۲۔ ایضاً

۲۵۳۔ ایضاً

۲۵۴۔ ایضاً

۲۵۵۔ ابوالعباس احمد

۲۵۶۔ کمال الدین

۲۵۷۔ ایضاً

۲۵۸۔ حضرت ابن عربیؒ

۲۵۹۔ ایضاً

۲۶۰۔ ایضاً

۲۶۱۔ ایضاً

۲۶۲۔ ایضاً

۲۶۳۔ ایضاً

۲۶۴۔ ایضاً

۲۶۵۔ علامہ یوسف نبہانیؒ

۲۶۶۔ ایضاً

۲۶۷۔ ایضاً

۲۶۸۔ ایضاً

۲۶۹۔ محترمہ صفیہ

۲۷۰۔ ادیب آفندی

۲۷۱۔ داؤد آفندی


marfat.com
Marfat.com

۲۷۲۔ علامہ یوسف نبہانیؒ

۲۷۳۔ ایضاً

۲۷۴۔ ایضاً

۲۷۵۔ ابن ابی طیب الفقیر

۲۷۶۔ ایک شخص

۲۷۷۔ ایک دوست

۲۷۸۔ اہلیہ محمد یوسف

۲۷۹۔ عبدالغفور قمر

۲۸۰۔ مفتی عبدالحمید نقشبندی مجددی

۲۸۱۔ ایک رئیس

۲۸۲۔ قاری ابوالوفا ہروی

۲۸۳۔ ایضاً

۲۸۴۔ مرادک

۲۸۵۔ ابراہیم تیمور خان

۲۸۶۔ حضرت ابراہیم لقانی مصری

۲۸۷۔ ایک شخص

۲۸۸۔ ابوالخیر المغربی

۲۸۹۔ حضرت ابوالرجال

۲۹۰۔ شیخ ابوالعباس

۲۹۱۔ ابن ابی الورد

۲۹۲۔ احمد بن یحییٰ جلا

۲۹۳۔ حضرت عبدالرحمٰن

۲۹۴۔ حضرت احمد بن مسعود

۲۹۵۔ حضرت ابوالعباس بونیؒ

۲۹۶۔ حضرت ابراہیم متبولیؒ

۲۹۷۔ حضرت خواجہ ہجویریؒ

۲۹۸۔ شیخ ابوالمسعودؒ

۲۹۹۔ حضرت سلطان باہوؒ

۳۰۰۔ ایضاً

۳۰۱۔ حضرت جنید بغدادیؒ

۳۰۲۔ محمد ہدایت علی نقشبندی

۳۰۳۔ ایضاً

۳۰۴۔ ایضاً

۳۰۵۔ ایک حاجی

۳۰۶۔ ہلال بن المحسن

۳۰۷۔ ایضاً

۳۰۸۔ ایضاً

۳۰۹۔ ایک شخص

۳۱۰۔ ہلال بن المحسن

۳۱۱۔ ایک درویش

۳۱۲۔ اورنگ زیب عالمگیرؒ

۳۱۳۔ حضرت بہزاد لکھنویؒ

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ا۔ امام شاملؒ نے قفقازی مسلمانوں کا اخلاق بلند و برتر کر دیا تھا۔ انصاف ان کا طرۂ امتیاز تھا۔ ان کی اسلامی ریاست اسلام کے نظامِ عمل کا عملی نمونہ تھی۔ اقلیتیں بھی جن سے فیض یاب تھیں اور وہ سب اپنے مذہب کے مطابق زندگی بسر کرتی تھیں۔ ان کے ۲۵ سال کے دور حکمرانی میں ایک بھی ایسا واقعہ نہیں کہ کسی کو زبردستی مسلمان بنایا گیا ہو۔ وہ صاحب شریعت تھے۔ ان کی کوشش تھی کہ ان کا ذاتی کردار کسی طور پر بھی باعث ملامت نہ بنے۔ وہ امیر المومنین تھے۔ عوام میں سے تھے اور عوام ہی میں رہتے تھے۔ لوگوں کی شکایات سننا اور انہیں رفع کرنا ان کی انتظامیہ کی اولین ترجیح تھی۔ مقدمات کے فیصلے سرعت کے ساتھ کر کے عموماً فیصلہ موقع پر ہی سنا دیتے تھے۔ غلامی اور بیگار کے خلاف تھے۔ انسان کی عزت نفس کا خیال کرنے والے اور محتاجوں کے والی تھے۔ یہی وجہ تھی کہ عوام کی تائید سے ۲۵ سال تک روس جیسی عظیم قوت سے برسرپیکار رہے۔ وہ صلح جو انسان تھے لیکن روسی استعمار کی راہ میں سدِ سکندری بنے رہے۔ اس محاذ پر کوئی کمزوری دکھانا پسند نہ کرتے تھے۔ جب کچھ چیچن باشندوں نے ان کی والدہ محترمہ کے ذریعہ روس کی بالادستی قبول کرنے کے لئے کہا تو وہ تین روز کے لیے گوشہ نشین ہوگئے۔ یہ ۱۸۴۳ء کا واقعہ ہے۔ جب وہ باہر نکلے تو اعلان کیا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے مجھے خواب میں حکم فرمایا ہے کہ جس نے روسیوں کے سامنے سپر ڈالنے کی سفارش کی ہے اسے ایک سو درّے مارے جائیں۔ چنانچہ سزا کی تکمیل کرائی گئی۔ پانچ درّے کھا کر والدہ محترمہ بے ہوش ہو گئیں تو امام شاملؒ سجدہ میں گر کر بڑی دیر تک گریہ و زاری کرتے رہے۔ یہاں تک کہ حکم ہوا کہ بقیہ سزا تم خود بھگتو۔ چنانچہ باقی ۹۵ درّے انہوں نے اپنے جسم پر کھائے اور چیچن حاضرین سے کہا "جاؤ یہ واقعہ بیان کر کے اپنے لوگوں سے کہہ دو کہ ہمارے لیے روسیوں کے ہاتھوں شکست ناقابل قبول ہے۔" امام شاملؒ ۱۸۶۸ء میں حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے اور ۱۸۷۱ء میں اپنے آقا و مولا کی سرزمین مدینہ طیبہ میں خاک نشیں ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (وسطی ایشیا کے مسلمان جلد ۵ شمارہ ۳۔ مارچ / اپریل ۱۹۹۷ء۔ انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز۔ اسلام آباد۔ صفحہ ۳۰ تا ۳۱ سے ماخوذ۔ میں اس رسالہ کے لئے جناب ندیم شفیق ملک کا ممنون ہوں)۔

بعض لوگ تو یہاں تک سمجھتے ہیں کہ ۲۰۰۰ء سے پہلے یا اس کے فوراً بعد ایٹمی جنگ چھڑ جانے والی ہے۔ اس تیسری جنگ عظیم میں روسی مسلمان نہایت اہم کردار ادا کریں

marfat.com
Marfat.com

گے۔ وسطی ایشیا میں لوگ عام طور پر کہتے ہیں: "ذرا انتظار کرو، چینیوں کو آ لینے دو، پھر ہم روسیوں کے خون سے اپنی دیواروں پر رنگ پھیریں گے۔" نویں صدی عیسوی میں روس کے ساتھ مسلمانوں کے ربط کا آغاز ہوا۔ اس وقت اسلامی تہذیب دنیا کی سب سے بڑی تہذیب تھی۔ دسویں صدی عیسوی تک اسلام داغستان اور مشرقی ٹرانس کاکیشیا تک پھیل چکا تھا۔ ۱۶۰۴ء میں زار بورس گوڈرنوف نے داغستان پر حملہ کیا اور دارالحکومت "ترکو" کو فتح کر کے اسے کھنڈر بنا دیا۔ امام شاملؒ نے داغستان کے مسلمانوں کو جمع کر کے ان کے اندر جہاد کی روح پھونک دی جس کے نتیجہ میں روسی فوج کو زبردست شکست ہوئی مگر مسلمانوں میں اتحاد قائم نہ رہا جس کی وجہ سے روسیوں نے داغستان پھر فتح کر لیا۔ اس کے باوجود یہ علاقہ ۱۹ویں صدی تک روسی یلغار کا مقابلہ کرتا رہا۔ امام شاملؒ جو نقشبندی سلسلہ کے رہنما تھے انہوں نے ۱۸۵۶ء میں شکست کھائی لیکن روس مسلمانوں کے جذبہ حریت کو دبا نہ سکا۔ جبر و تشدد کی چکی میں پس کر بھی مسلمان نہ اقلیت میں تبدیل ہوئے اور نہ ہی انہوں نے اپنے دین کو جو انہیں اپنی جانوں سے زیادہ عزیز تھا چھوڑا۔ روسی ماہرین کو اعتراف ہے کہ اس کا سہرا نقشبندیہ اور قادریہ روحانی سلسلہ کے بزرگوں کے سر بندھتا ہے۔ داغستان کے علاقوں میں عربی کو مقدس زبان سمجھا جاتا تھا اور وہاں عربی پڑھنے کا بہت رواج تھا۔ اشتراکی حکمرانوں نے اسلام کو افیون کی گولی اور عربی کو یہ کہہ کر رد کر دیا کہ یہ جدید دور کے تقاضے پورے نہیں کر سکتی۔ سکولوں میں بچوں کی تعلیم کی بنیاد الحاد پر رکھی۔ مسلمانوں کو اراضی اور املاک سے محروم کر دیا۔ تمام مسلم وقف املاک ضبط کر لی گئیں۔ مساجد کو سازشوں کے اڈے قرار دے کر بند کر دیا گیا۔ مجبوراً لوگ گھروں میں نمازیں پڑھنے لگے۔ ان کا مذہبی عقیدہ اور پختہ ہو گیا اور زیر زمین تصوف کے سلسلے تیز تر ہو گئے۔ عیسائیت کی کھلی تبلیغ لیکن اسلام کی تبلیغ پر پابندی تھی۔ لاکھوں مسلمان جبراً عیسائی بنا لیے گئے۔ باغی کہہ کر لاکھوں مسلمانوں کو دار پر لٹکا دیا۔ آٹھ لاکھ مسلمان جلاوطن کر دیئے گئے جن میں ۲۰ تا ۳۰ فیصد راہ میں بھوک سے ہلاک ہو گئے۔ نوجوانوں کو بزرگوں کے خلاف بغاوت پر اکسایا گیا مگر برژنیف کے زمانہ میں روسی حکام کو تسلیم کرنا پڑا کہ مسلمانوں کے معاشرتی نظام میں بزرگوں کا احترام پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گیا ہے۔ ترغیب دی گئی کہ مسلمان روسیوں سے شادی کریں مگر مسلمانوں نے سرکاری دباؤ کا کوئی اثر نہ لیا اور داغستان کے مسلمانوں نے مخلوط معاشرہ قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ سلسلہ نقشبندیہ خصوصی طور پر روس کے مسلمانوں میں بے حد مقبول ہے جس کا ایک ہی موقف اور مسلک ہے کہ اسلام کو تمام دنیا میں پھیلایا جائے اور اسلام دشمن طاقتوں سے جہاد کیا جائے۔

marfat.com

Marfat.com

شیخ محمد آفندیؒ جنوبی داغستان میں نقشبندی مرشد تھے جنہوں نے روسیوں کے خلاف جہاد کی تبلیغ کی۔ ان کے شاگردوں میں غازی محمدؒ اور امام شاملؒ جیسے حریت پسند شامل تھے۔ روسی مسلمانوں میں بیداری کی نئی لہر پیدا ہوئی جو مجاہدین افغانستان کے حوالے سے ہے۔ وہ مجاہدین افغانستان سے متاثر ہوئے ہیں اور اپنے قدیم ہیرو امام شاملؒ اور نقشبندی سلسلے کے دیگر شیوخ کا احترام ان کے دلوں میں پہلے سے بھی زیادہ راسخ ہو گیا ہے۔ روسی مسلم فوجی جب افغانستان میں لڑنے گئے تو انہیں پہلی مرتبہ اس حقیقت کا ادراک ہوا کہ روسی فوج ہرگز اتنی مضبوط نہیں جتنا پوری دنیا کے سامنے ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے۔ اصل چیز جذبہ جہاد اور حریت پسندی ہے۔ جب افغان مجاہدین بے سروسامانی کے باوجود روسی فوج کو نکیل ڈال سکتے ہیں تو پھر وہ خود اسی روسی فوج کا مقابلہ اپنے علاقوں میں کامیابی کے ساتھ ضرور کر سکتے ہیں۔ روسی اشتراکی حکمران اس بات سے بھی بے حد بوکھلائے ہوئے ہیں کہ ہر ممکن جبر و تشدد کے باوجود پچھلی چند دہائیوں میں مسلمانوں کی آبادی بہت تیزی سے بڑھی ہے۔ اگر مسلمانوں میں شرح پیدائش کی رفتار یہی رہی تو وہ بہت جلد روس پر چھا جائیں گے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق سن دو ہزار عیسوی میں روس کی کل آبادی ۳۰/۳۱ کروڑ کے درمیان ہو گی جس میں ۲۲ تا ۲۵ فیصد مسلم آبادی ہو گی۔ ۲۰۰۰ء سے روسی مسلمانوں کی تاریخ کا سب سے تابناک دور شروع ہونے والا ہے۔ انہوں نے زار شاہی اور روسی اشتراکی حکومت کے ہاتھوں مصائب کا سامنا کیا اور بہادری سے اس کا مقابلہ کر کے اپنے دین کے ساتھ وفاداری کا ثبوت دیا ہے۔ روسی مسلمانوں کا پختہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا صلہ انہیں ضرور دے گا۔

"The Islamic Threat to the Soviet State" از الیگزنڈر بینی ژان، پیرس میں بین الاقوامی عمرانیاتی سائنسی مطالعاتی ادارے کے سربراہ اور ماری بروکسپ، سنٹرل ایشین سروے کے معاون مدیر اور سنٹرل ایشین نیوز لیٹر کے مدیر سے ماخوذ یہ کتاب روس کے کریا کرم سے بہت پہلے شائع ہوئی تھی۔

۲۔ "زنداں کے شب و روز" اخوان المسلمون (مصر) کے شعبہ خواتین کی نڈر اور بلند حوصلہ مجاہدہ زینب الغزالی کی روداد زنداں ہے جنہوں نے جمال عبد الناصر کے دور حکومت میں کلمہ حق کی سربلندی کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دیا۔ صعوبتوں، مشقتوں، جسمانی ایذاؤں، روحانی کرب و بلا، آزمائشوں اور ابتلاؤں کا موصوفہ نے جس جرأت اور بلند حوصلگی سے مقابلہ کیا وہ ہم سب کے لئے مشعل راہ ہے۔ کتاب کے مطالعہ سے پہلے یقین نہیں آتا کہ ایک نیک اور دیندار خاتون کے ساتھ اس کے مسلمان حکمراں اس قدر سفاکی اور درندگی کا

marfat.com
Marfat.com

سلوک بھی کر سکتے ہیں۔ کمرہ نمبر ۲۴ کی ابتلاؤں کے بعد وہ کمرہ نمبر ۳ میں منتقل کر دی گئیں۔ جیل خانہ کے اس کمرہ کا دروازہ مسلسل چھ دن تک نہیں کھولا گیا۔ نہ کھانا، نہ پانی، نہ باہر سے رابطہ اور نہ ہی فطری ضروریات کے لئے کوئی انتظام۔ ان ہی حالات کے دوران موصوفہ نے وہ خواب دیکھا جو ان کی ابتلاؤ آزمائش کے دوران حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کے چار خوابوں میں سے ایک تھا۔

فرماتی ہیں: میں نے دیکھا کہ ایک بڑے صحرا میں بہت سے اونٹ ہیں، جن پر روشنی سے بنے ہوئے ہودج ہیں اور ہر ہودج میں چار نورانی چہرے والے انسان بیٹھے ہیں۔ میں نے خود کو تاحد نگاہ پھیلے ہوئے صحرا میں رواں، اونٹوں کے پیچھے ایک بارعب نورانی شکل کے بزرگ کے پاس کھڑا پایا۔ وہ بے شمار اونٹوں کی گردنوں میں پڑی رسیوں کو پکڑے ہوئے تھے۔ میں نے آہستگی سے کہا: کیا حضور اقدس ﷺ موجود ہیں؟ اس پر انہوں نے میری جانب رخ کر کے جواب دیا: "تم اے زینب! تم اللہ کے رسول اور اس کے بندے محمد (ﷺ) کے نقش قدم پر ہو۔" میں نے دریافت کیا: کیا میں واقعی اللہ کے رسول اور اس کے بندے محمد (ﷺ) کے نقش قدم پر ہوں؟ آپؐ نے جواب دیا۔ "تم اے زینب! اے غزالی! اللہ کے بندے اور اس کے رسول محمد (ﷺ) کے نقش قدم پر ہو۔" میں نے دوبارہ دریافت کیا: اے میرے حبیب یا رسول اللہ (ﷺ)! کیا میں اللہ کے بندے اور اس کے رسول محمد (ﷺ) کے نقش قدم پر ہوں؟ آپؐ نے جواب دیا: "تم اے زینب! حق پر ہو، تم اے زینب! اللہ کے بندے اور اس کے رسول (ﷺ) کے نقش قدم پر ہو۔"

جب میں نیند سے بیدار ہوئی تو مجھے ایسا محسوس ہوا کہ اس خواب سے میں نئی طاقت کی مالک ہو گئی ہوں، خواب نے مجھے حال سے غافل کر دیا، اب نہ مجھے کوڑوں کی تکلیف کا احساس تھا نہ ابتلاء و آزمائش کا غم، اس کی بدولت میں اپنے مصائب کو بھول کر زندہ رہی (زنداں کے شب و روز صفحہ ۱۶۶ از زینب الغزالی کا اردو ترجمہ۔ ادارۂ مطبوعات طلبہ۔ اچھرہ، لاہور)۔

دوسری حیرت کی بات یہ تھی کہ میرا تاریخی نام "زینب غزالی" ہے جبکہ لوگوں میں رائج و مشہور نام "زینب الغزالی" ہے۔ اس خواب میں مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ نے میرے تاریخی نام سے ہی پکارا تھا۔

۳۔ کئی دن گذرنے کے بعد مقدمہ شروع ہونے سے پہلے فرد جرم آئی۔ جب میں نے احمد خواجہ کو وکیل بنانا چاہا تو مجھ سے کہا گیا کہ وہ اس کیس میں تمہاری مدافعت نہیں کر سکتے۔ تب میں نے کہا: مجھے کسی وکیل کی ضرورت نہیں، میں اپنا مقدمہ خود لڑوں گی۔

marfat.com
Marfat.com

اسی ماحول میں میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک میدان میں کھڑی ہوں۔ بتایا گیا کہ وہ عدالت ہے جس میں ہمارا فیصلہ ہوگا۔ میں ابھی کھڑی ہی تھی کہ دیواریں گرنے لگیں اور میں نے اپنے کو ایک بہت بڑے میدان میں پایا جس کی ساخت پوری زمین تھی اور آسمان زمین پر سایہ فگن تھا۔ ایک نور آسمان سے زمین تک پھیلتا چلا گیا۔ میری نظروں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ وہ قبلہ رو میرے سامنے کھڑے ہیں اور میں آپؐ کی پشت کی جانب کھڑی سن رہی ہوں۔ آپؐ فرمارہے ہیں: "زینب! حق کی آواز غور سے سنو۔" میں نے آسمان و زمین کو چیرتی ہوئی ایک آواز سنی۔ کوئی کہہ رہا تھا کہ یہاں باطل کی عدالتیں قائم ہونگی جو طاغوت کے فیصلے صادر کریں گی، تم امانت کے حامل اور راہبر ہو، تم صبر کرو اور صبر کی تلقین کرو، ایک دوسرے سے رابطہ رکھو اور اللہ سے ڈرو شاید کہ تم فلاح پاسکو۔

جب یہ آواز ختم ہوگئی تو حضور نبی کریم ﷺ میری جانب متوجہ ہوئے اور دائیں جانب اشارہ فرمایا۔ میں نے نظر ڈالی تو آسمان کی بلندیوں کو چھوتا ہوا چوٹیوں والا ایک پہاڑ نظر آیا۔ مگر وہ سبز فرش کی طرح تھا جس پر ہریالی چھائی ہوئی تھی۔ حضور اقدس ﷺ نے مجھ سے فرمایا: زینب اس پہاڑ پر چڑھ جاؤ، چوٹی پر تم کو حسن ھضیبی ملیں گے، ان تک یہ باتیں پہنچا دو۔ پھر مجھ پر گہری نظر ڈالی جو میرے پورے وجود پر چھا گئی۔ اگرچہ حضور انور ﷺ نے ان الفاظ میں کچھ نہ فرمایا مگر مجھے احساس ہوا کہ میں فی الواقع باتیں سن چکی ہوں اور ان کا مقصد بھی سمجھ چکی ہوں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ پہاڑ کی طرف اٹھایا تو میں نے اپنے آپ کو اس پر چڑھتا ہوا پایا۔ میں چڑھتی رہی یہاں تک کہ چوٹی پر پہنچ گئی۔ اس کے درمیان میدان میں فرش بچھا ہوا تھا جس پر گاؤ تکیے اور مسند لگی تھی۔ بیچ میں حسن ھضیبی تشریف فرما تھے۔ انہوں نے مجھے دیکھا تو کھڑے ہو کر مجھے سلام کیا اور میری آمد سے خوش ہوئے۔ میں نے ان سے کہا کہ میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی جانب سے چند باتیں بطور امانت آپ کو پہنچانے کی ذمہ دار ہوں۔ انہوں نے جواب دیا وہ مجھ تک پہنچ گئی ہیں۔ الحمدللہ۔ پھر ہم بیٹھ گئے۔ گویا یہ باتیں لفظاً نہیں بلکہ معناً روحانی طور پر منتقل کی گئیں اور ان کی تصویر کشی کردی گئی۔

استاد امام سید قطب مفسر قرآن مجید، مجاہد، مجدد و مجتہد تھے۔ آپ اور آپ کے ساتھی جن میں امام حسن ھضیبی بھی تھے، شہید کیے جاچکے تھے۔ وہ اخوان المسلمین سے تعلق رکھتے تھے۔ احکام شریعت کے نفاذ کا عہد کرتے تھے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرتے تھے تاکہ پوری امت اسلامیہ کتاب و سنت کی طرف لوٹ جائے۔ (زنداں کے شب و روز صفحہ ۱۹۷ تا ۲۰۰ سے ماخوذ)۔

marfat.com
Marfat.com

۴۔ جمال عبدالناصر اور اس کی فوج نے میرے نیک اور شریف شوہر (میں گذشتہ ۳۵ سال سے ان کے نکاح میں تھی) کو دو چیزوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے پر مجبور کر دیا۔ تیسرے کی کوئی گنجائش ہی نہ رکھی:۔

(۱) زینب الغزالی کو طلاق دو یا (۲) جیل جانے کے لئے تیار ہو جاؤ۔

میرے شوہر نے غور و خوض کرنے کے لئے دو ہفتہ کی مہلت مانگی جو نہ دی گئی اور زبردستی ان سے طلاق نامہ پر دستخط کرالیے گئے۔ دستخط کرتے وقت میرے شوہر نے کہا "اے اللہ! تو گواہ رہ کہ میں نے اپنی بیوی زینب الغزالی کو طلاق نہیں دی۔ میری موت قریب ہے مجھے عزت و کرامت کے ساتھ دنیا سے رخصت ہونے دو۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے آخری دم تک وہ مجھ سے وابستہ رہیں۔ ہوا بھی یہی۔ میرے شوہر پہلے ہی مریض تھے۔ عبدالناصر نے ان کی کمپنیوں، مال و اسباب، زمین اور گھر پر زبردستی قبضہ کر لیا تھا جس سے ان کو فالج سا ہو گیا تھا۔ طلاق نامہ پر دستخط کرنے کے بعد ختم ہو گئے۔ اللہ بس باقی ہوس۔

جمعہ کے دن اخبارات پہنچے تو میں صفحات پلٹنے لگی۔ اچانک میرے شوہر کے انتقال کی خبر نظر آئی۔ میں نے کلمہ شہادت اور انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا اور کہا اے حاجی محمد! آپ انشاء اللہ جنت میں ہونگے۔ پھر میں اپنے آپ پر قابو نہ رکھ سکی اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی اور بے ہوش ہو گئی۔ تنہائی میں مجھے وہ خواب یاد آیا (جو اللہ کا احسان ہے۔ جس میں مجھے حضور اکرم ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی تھی۔ میں نے اس مصحف کے بین السطور خواب کی تاریخ لکھ لی تھی جس کی میں تلاوت کرتی تھی۔ میں نے تاریخ ملائی تو وہ طلاق کے حادثہ کی تاریخ کے مطابق تھی)۔

میں نے خواب میں حضرت نبی پاک ﷺ کو سفید لباس میں چلتے دیکھا جن کے عین پیچھے حسن هضیبی سفید لباس اور ٹوپی پہنے چل رہے تھے۔ میں کھڑی تھی اور میرے ساتھ ام المومنین حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا دوسری متعدد خواتین کے ساتھ موجود تھیں۔ میرے دل میں احساس ہوا کہ شاید وہ ان کی سہیلیاں ہیں۔ مجھے وہ کچھ نصیحتیں کر رہی تھیں کہ حضور اکرم ﷺ ہمارے برابر آگئے اور سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو پکار کر فرمایا: عائشہ! صبر کرو، عائشہ! صبر کرو اور بیچ بیچ حضرت عائشہؓ ہر بار میرے ہاتھ کو زور سے دباتیں اور صبر کی تلقین کرتیں۔ میں بیدار ہوئی تو اللہ سے دعا کرنے لگی کہ وہ مجھے صبر و برداشت کی قوت دے۔ مجھے یقین ہو گیا تھا کہ میرے لیے اب کوئی نئی آزمائش شروع ہونے والی ہے۔

(زنداں کے شب و روز صفحہ ۲۱۴ تا ۲۱۷ سے ماخوذ)

marfat.com
Marfat.com

کئی سال کی سخت ترین آزمائش کے بعد زینب الغزالی کو ۱۰ اگست ۱۹۷۱ء کی شب تین بجے رہائی ملی۔ اس دور ابتلاء و آزمائش میں آپ کو چار مرتبہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ اس کتاب میں تین ہی کا ذکر ہے جو بیان کر دیے گئے ہیں۔

آپ فرماتی ہیں اسلامی حکومت کا قیام مسلمانوں پر فرض ہے اور اس کی تیاری اس سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت ہے جیسا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے دعوت دی۔ یہ ہر مسلم کا پیغام ہے خواہ اخوانی ہو یا غیر اخوانی۔

ایک جگہ لکھتی ہیں کہ جب تک عالمی صیہونیت دونوں بڑی طاقتوں (امریکہ اور روس) کو حکومت کرنے کے طریقے سکھاتی رہے گی۔ اس وقت تک حکمرانوں کے لیے بڑی طاقتوں کا حکم ماننے اور نافذ کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ فلسطین اسلام ہی سے آزاد ہوگا اور جس دن اسلام کی حکمرانی ہوگی فلسطین آزاد ہو جائے گا۔

۵۔ علامہ جلال الدین سیوطیؒ (ولادت ۸۵۰ھ ۱۴۴۶ء۔ وصال ۹۱۱ھ ۱۵۰۵ء)

اولیاء اللہ میں بہت بڑے ولی گنے جاتے ہیں، جو سوتے جاگتے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوتے تھے۔ آپؐ سے بالمشافہ گفتگو فرماتے اور بہت سی غیب کی باتیں معلوم کرتے تھے۔ شیخ عبدالقادر شاذلیؒ نے علامہ جلال الدین سیوطیؒ کے مناقب ایک کتاب میں جمع کیے ہیں جن کی تلخیص علامہ شعرانیؒ نے اپنی کتاب "لواقح الانوار" میں کی ہے۔

حضرت علامہؒ اپنی پوری زندگی میں کبھی کسی بادشاہ یا امیر کے یہاں نہیں گئے۔ علم حدیث چھ سو علماء سے سیکھا۔ ۴۶۰ سے زیادہ کتابیں تالیف کیں۔ حافظ حدیث و حافظ قرآن تھے۔ ابن حجرؒ نے بہت سی احادیث جن کے راویان کا انہیں علم نہ تھا نہ ان کے درجات سے واقف تھے کہ حدیث حسن ہے یا مرسل یا ضعیف حضرت علامہؒ کے پاس بھیجیں۔ حضرت علامہؒ نے راویوں کی اسناد بتا دیں اور حسن و ضعیف کو بھی علیحدہ کر دیا۔ شیخ الاسلام علامہ اوجانیؒ نے شیخ سلیمان الصوفی کے ذریعے بہت سی احادیث علامہ جلال الدین سیوطیؒ کی خدمت میں بھیجیں، جن کے راویوں کا پتہ نہ چلتا تھا اور ان کے مراتب کا بھی علم لوگوں کو نہ تھا۔ علامہ سیوطیؒ نے ان کے راویوں کا سلسلہ بھی بتا دیا اور ان کے مراتب سے بھی آگاہ کر دیا۔ یہ دیکھ کر شیخ الاسلام ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے ہاتھوں کو بوسہ دیا...... شیخ سلیمانؒ نے خواب میں دیکھا کہ جیسے میں حضرت امام شافعیؒ کے دروازے پر بیٹھا ہوں کہ سفید لباس میں ملبوس لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ ان کے سروں پر نور کے عمامے تھے۔ جب میرے پاس آئے تو معلوم ہوا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ معہ اپنے اصحابؓ کے ہیں۔ میں نے آپؐ کے ہاتھوں کو چوما۔

marfat.com
Marfat.com

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ آؤ ہمارے ساتھ روضہ کی طرف چلو۔ میں ساتھ ہو لیا تو آپؐ علامہ جلال الدینؒ کے گھر تشریف لے گئے۔ حضرت علامہؒ باہر آئے۔ انہوں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ چومے، صحابہؓ کو سلام کیا اور ان سب کو اپنے گھر میں لے گئے۔ علامہ سیوطیؒ حضرت رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھ گئے۔ آپؐ سے سوال کرتے جاتے تھے اور حضرت رسول اللہ ﷺ ان کو "شیخ السنۃ" کہہ کر خطاب کرتے تھے۔ شیخ عبدالقادر شاذلیؒ نے بھی علامہ سیوطیؒ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے بھی بالکل ایسا ہی خواب دیکھا تھا اور حضرت رسول اللہ ﷺ ان کو "شیخ الحدیث" کہہ کر خطاب فرماتے تھے۔...... شیخ عبدالقادر شاذلیؒ نے حضرت علامہ سیوطیؒ کا وہ خط دیکھا تھا جو انہوں نے اس شخص کو بھیجا تھا جس نے ان سے سوال کیا تھا کہ اس کی حاجت سلطان غوری سے بیان کریں۔ حضرت علامہؒ نے اسے لکھا کہ اے بھائی! میں بیداری میں حضرت رسول اقدس ﷺ سے ملاقات کیا کرتا ہوں، میں ڈرتا ہوں کہ اگر سلطان کے پاس جاؤں تو پھر حضرت رسول اقدس ﷺ مجھ سے ملاقات نہ کریں لیکن میں تیری حاجت حضرت رسول اقدس ﷺ سے بیان کروں گا۔ یہ دیکھ کر حضرت شیخؒ سے دریافت کیا گیا کہ اب تک بحالت بیداری آپ کی حضور اقدس ﷺ سے کتنی مرتبہ ملاقات ہوئی ہے۔ تو آپ نے فرمایا: تقریباً ستر (۷۰) مرتبہ۔ ان ملاقاتوں کے متعلق حضرت علامہ سیوطیؒ نے ایک کتاب بھی لکھی تھی جس کا نام "تنویر الحلک فی رویۃ النبی والملک" تھا۔ اس میں انہوں نے ان تمام اولیاء، صحابہؓ اور علماء کا ذکر کیا ہے جو فرشتوں سے اور حضرت رسول اللہ ﷺ سے بحالت بیداری ملاقات کرتے تھے۔ حضرت علامہ سیوطیؒ کو طے ارض حاصل تھا۔ چشم زدن میں مصر سے مکہ مکرمہ اور مکہ مکرمہ سے مصر آجاتے تھے۔ حضور انور ﷺ نے آپ کے لیے فرمایا کہ بغیر کسی سابقہ عذاب کے جنت میں جائیں گے۔ (البلاغ المبین حصہ سوم از خان صاحب آغا محمد سلطان مرزا۔ ایم اے۔ ایل ایل بی۔ ڈسٹرکٹ و سیشن جج۔ پنجاب (ریٹائرڈ) صفحہ ۸۱۵ تا ۸۲۰ کا خلاصہ۔ امامیہ کتب خانہ، مغل حویلی، اندرون موچی گیٹ، لاہور)۔

۶۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اپنی کتاب "اخبار الاخیار" میں لکھتے ہیں کہ علی المتقی صاحب کنزالعمال برہان پور میں پیدا ہوئے جبکہ آپ کے آباؤ اجداد کا وطن جونپور تھا۔ بہت بڑے عالم، فقیہہ و شیخ زمانہ تھے۔ آخر کار مکہ معظمہ میں اقامت اختیار کرلی تھی۔ ان کی کتابوں کے مطالعہ و مشاہدہ سے عقل حیران ہوتی ہے اور یقین کرنا پڑتا ہے ایسی ایسی عمدہ اور علوم سے معمور کتابیں بغیر اس توفیق کامل و برکت الٰہیہ کے جو درجہ ولایت پر پہنچ کر نصیب

marfat.com
Marfat.com

ہوتا ہے نہیں لکھی جاسکتی تھیں۔ علامہ سیوطیؒ کی جامع صغیر وجمع الجوامع کی از سر نو ابواب فقہ کے مطابق ترتیب دی اور یہ حق ہے کہ ان دونوں کتابوں پر نظر ڈالنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ انتخاب وترتیب و تصحیح میں کتنی محنت کی ہوگی۔ ان کی مکررات کو نظر انداز کر کے انہیں نہایت عمدہ بنادیا۔ شیخ ابوالحسن بکریؒ کہا کرتے تھے کہ علامہ سیوطیؒ کا احسان تو تمام دنیا پر ہے اور علی متقیؒ کا احسان سیوطیؒ پر ہے۔ ان کے مناقب میں سے ایک یہ ہے کہ علی متقیؒ نے ۲۷ ویں شب رمضان کہ شب جمعہ بھی تھی، حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا کہ اس زمانہ میں سب سے زیادہ فضیلت والا انسان کون ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا کہ تم ہو۔ اسی رات کو علی متقیؒ کے ایک شاگرد عبدالوہاب نے بھی حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور یہی سوال کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ اس زمانہ میں افضل الناس تمہارے استاد یعنی علی متقی ہیں۔ آپ کی ولادت ۸۸۵ھ م ۱۴۸۰ء یا ۸۸۸ھ م ۱۴۸۲ء میں ہوئی اور وفات ۹۷۵ء بمطابق ۱۵۶۷ء میں ہوئی۔

۷۔ میں نے علوم ظاہری سے فارغ ہو کر علوم باطنیہ کی طرف توجہ کی۔ منازل سلوک طے کرتے ہوئے جب دربار نبوی (ﷺ) تک رسائی ہوئی تو ارادہ کیا کہ اب بقیہ عمر تخلیہ میں بیٹھ کر یاد الٰہی کرونگا۔ ایک روز سحر کے وقت اپنے معمول میں دربار نبوی (ﷺ) میں حاضر ہوا تو اچانک حضور اکرم ﷺ کی طرف سے یہ القائے روحانی میرے قلب پر شروع ہوا۔ آپؐ نے فرمایا کہ "اسلام کا مکان پتھروں اور اینٹوں سے تیار نہیں ہوا اس میں میرے صحابہؓ کی ہڈیاں لگائی گئیں، پانی کی جگہ میرے صحابہؓ کا خون لگایا گیا اور گارے کی جگہ میرے صحابہؓ کا گوشت لگایا گیا، اب لوگ اس مکان کو گرانے پر تلے ہوئے ہیں، میرے صحابہؓ کی توہین کی جارہی ہے، جو شخص اس کے استعداد کی قدرت رکھتے ہوئے خاموشی سے بیٹھا رہے تو کل روز قیامت اللہ تعالیٰ کے سامنے کیا جواب دے گا؟ ایک صوفی، عارف اور عالم کو ہمیشہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور توکل رکھنا چاہیے، جب تک اللہ تعالیٰ کو اس کے وجود سے کام لینا ہے اس کو محفوظ رکھے گا، جب اس کی ڈیوٹی پوری ہوگی اس کو بلالے گا۔"

یہ واقعہ تقسیم ملک کے بعد حضرت مولانا اللہ یار خان صاحبؒ کو پیش آیا۔ اس وقت سے اپنی استعداد کے مطابق انہوں نے دینی خدمت کا کام شروع کردیا اور کئی نہایت اہم کتب مثلاً دلائل سلوک، الدین الخالص، حیات برزخیہ وغیرہ وغیرہ تحریر فرمائیں (الدین الخالص صفحہ ۳۵۹۔ مدنی کتب خانہ، گنپت روڈ، لاہور نمبر ۲)۔

۸۔ جناب اصغر علی نے اپنے مضمون "قیام پاکستان کی گولڈن جوبلی منانے والوں کے

marfat.com
Marfat.com

نام!اس صدی کا پیغام" کی پہلی قسط میں اس خواب کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ جناب محمد مشتاق قادری قلندری میرے انتہائی مشفق و محترم بزرگ ہیں اور ایک صائب الرائے شخصیت۔ایک دن میں ان کے ہمراہ جارہا تھا۔ قیام پاکستان کے سلسلہ میں وہ اپنے مشاہدات بیان فرمارہے تھے اور میں ہمہ تن گوش تھا کہ ایک پرائیویٹ اسپتال کے پاس سے گذرتے ہوئے فرمانے لگے: اس ڈاکٹر کا باپ مولوی صاحب (نام یاد نہیں رہا) ریاست کپور تھلہ میں رہتے تھے اور میرے دوست تھے۔ ایک مرتبہ مولوی صاحب نے مجھے بتایا کہ میں جس گاؤں میں رہتا تھا وہاں ایک برہنہ مست درویش بھی رہتا تھا۔ شریعت کے تقاضوں کے مطابق مجھے اس کے ننگے پھرنے کی وجہ سے اس سے نفرت تھی اور میں اسے برا بھلا بھی کہتا تھا۔ غالباً ۱۹۳۷ء یا ۱۹۳۸ء کا واقعہ ہے۔ ایک رات ذکر و اذکار کے بعد سویا تو حضرت نبی مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ ایک حویلی کے اندر تشریف لے گئے جہاں کافی لوگ جمع تھے۔ میرے دل میں بھی خواہش ہوئی کہ اس محفل میں شرکت کی سعادت حاصل کروں۔ میں آگے بڑھا تو وہ ننگا مست درویش لنگوٹ باندھے دروازے پر کھڑا تھا۔ اس نے مجھے اندر جانے سے روک دیا یہ کہہ کر کہ تمہیں اندر جانے کی اجازت نہیں۔ اتنے ہی میں ایک آواز آئی کہ اسے اندر آنے دو۔ میں اندر داخل ہوا اور محفل کے عقب میں بیٹھ گیا۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے محفل میں بیٹھے ہوئے علامہ اقبالؒ کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا: "اقبال! تیرے ذمے میں نے ایک کام لگایا تھا کیا نہیں؟"۔ اقبالؒ نے نہایت عجز و انکساری کے ساتھ اپنے ساتھ کھڑے ہوئے ایک دبلے پتلے شخص کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر عرض کیا: "یارسول اللہ (ﷺ) میں نے اب اس کام کی ذمہ داری ان محمد علی کو سونپ دی ہے۔" اس کے ساتھ ہی میری آنکھ کھل گئی۔ میں اس مست درویش کی تلاش میں نکل کر بھاگا مگر اس کا کہیں نام و نشان نہ پایا۔ مجھے اس کو برا بھلا کہنے پر احساس شرمندگی ہوا اور میں نے توبہ کی۔ مجھے یہ بھی یقین ہو گیا کہ پاکستان (علیحدہ اسلامی ریاست) کا قیام اب ناگزیر ہے۔ (روزنامہ "الاخبار" اسلام آباد مورخہ ۲ ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ بمطابق ۲۰ اگست ۱۹۹۶ء بروز منگل)۔

۹۔ تبلیغی جماعت کی ایک نہایت اہم شخصیت نے لاہور میں ۱۹۸۶ء میں مجھے (مولف کتاب ہذا) کو یہ واقعہ سنایا تھا:- مدینہ طیبہ میں ایک بدبخت نے دو بکرے پالے اور ان کا نام ابوبکر و عمر رکھا۔ایک دن ان کو ذبح کرنے کے لئے قصائی کو ساتھ لایا اور ملازم سے کہا کہ ابوبکر و عمر کو لا۔ قصائی کو جب یہ معلوم ہوا کہ یہ دو بکروں کے نام ہیں تو اسے بہت غصہ آیا مگر ضبط کر گیا۔ دوسرے سال جب پھر یہی قصہ ہوا تو قصائی سے نہ رہا گیا اور بکروں کو ذبح کرنے سے

marfat.com
Marfat.com

پہلے اس نے بکروں کے مالک کا پیٹ پھاڑ ڈالا۔ گرفتار کر لیا گیا، مقدمہ چلا تو اس نے قاضی سے کہا کہ میں نے آدمی نہیں بلکہ ایک خنزیر کو مارا ہے، جس کا جی چاہے قبر کھود کر دیکھ لے۔ قبر جو کھودی گئی تو واقعی وہاں ایک مردہ خنزیر پڑا تھا۔ ہوا یوں کہ جس روز فیصلہ سنایا جانا تھا حضور انور ﷺ نے تشریف لا کر قصاب سے فرمایا کہ قاضی سے یہ کہنا اور پھر ایسا ہی ہوا (غیر مطبوعہ)

۱۰۔ حدیث پاک ہے کہ فقراء اغنیاء سے پانچ سو برس پہلے جنت میں جائیں گے۔ بعض بزرگوں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ فقراء کی فضیلت بیان فرما رہے ہیں۔ آپؐ نے بہت کچھ ارشاد فرمایا اور یہ بھی کہ فقراء کی فضیلت میں یہی کافی ہے کہ عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) اپنے زمانے کے اغنیا سے پانچ سو برس پہلے جنت میں جائیں گی جبکہ میری بیٹی فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) عائشہ، (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے چالیس برس پہلے جنت میں جائے گی کیونکہ اسے بہ نسبت عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) دنیا کم حاصل ہوئی ہے (تجلیاتِ اولیاء مرتبہ جناب محمد ارشد سمیع۔ کتب خانہ فیض عثمانی، کورنگی، کراچی۔ صفحہ ۳۸)۔

۱۱۔ حضور اقدس ﷺ نے عالم ارواح میں حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کو حکم فرمایا تھا کہ قطب الدین اللہ کا دوست ہے اس کو خرقہ پہناؤ اور دہلی کی ولایت بھی اس کے سپرد کرو۔ پس حضرت خواجہ اجمیریؒ نے آپ کو بیعت کیا اور جب آپ ۱۷ برس کے تھے خرقہ واجازت عطا فرما کر دہلی میں قیام فرمانے کا حکم دیا۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ آپ کے سب سے اول خلیفہ ہیں (تجلیاتِ اولیاء صفحہ ۳۱۳)۔

۱۲۔ امروہہ (یو۔ پی، بھارت) کے نواح میں یتیم شاہ نام کے ایک مجذوب رہتے تھے۔ حضرت شیخ عبدالہادیؒ کی اتفاقاً ان سے ملاقات ہو گئی۔ انہوں نے کہا مجھے حکم ہوا ہے کہ تمہیں اپنے ساتھ رکھوں۔ چنانچہ ایک مدت ان کے پاس رہے۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ میرا سلسلہ پانچ واسطوں سے حضرت شیخ نظام الدین بلخیؒ تک پہنچتا ہے، اس لیے تم امروہہ جا کر حضرت شیخ عضد الدینؒ سے بیعت ہو کر کمال حاصل کرو۔ پس آپ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور خلافت واجازت حاصل کی۔ آپ صاحب کشف تھے۔ تنہائی پسند ہونے کی وجہ سے زیادہ تر صحرا میں رہتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے خواب میں فرمایا کہ آبادی میں رہ کر خلق اللہ کو نفع پہنچاؤ۔ اس حکم کی تعمیل میں آپ آبادی میں تشریف لائے اور موضع براہی میں رہنا شروع کر دیا۔ (تجلیاتِ اولیاء صفحہ ۳۳۰ تا ۳۳۱)۔

۱۳۔ حضرت بوہبیرہ شاہ بصریؒ فرماتے ہیں کہ جب مجھے خرقہ خلافت عطا ہوا تو حضور اقدس ﷺ کی روح مبارک مع جملہ اکابر کی ارواح کے منکشف تھیں اور مجھے دعا دے رہی

marfat.com
Marfat.com

تھیں۔ آپ ۱۷ برس کی عمر میں عالم، فاضل، حافظ قرآن غرض علوم ظاہر سے علیٰ وجہ الاتم فراغت پا چکے تھے۔ مجاہدہ کے شروع سے عادی تھے۔ روزانہ دو مرتبہ کلام مجید ختم فرمایا کرتے تھے۔ تیس سال کے مجاہدہ کے بعد ناکامی پر بہت روئے تو مغفرت کی بشارت کے ساتھ ساتھ آواز آئی کہ فقیری سیکھنے کے لئے خواجہ حذیفہ مرعشی کے پاس جاؤ۔ پس ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ چونکہ ۳۰ سال مجاہدہ کر چکے تھے۔ پس ایک سال کے اندر ہی خلافت واجازت حاصل ہو گئی۔ یک سوئی پسند تھے۔ اکثر حجرہ ہی میں رہتے تھے۔ شدت سے گریہ وزاری کی عادت تھی۔ دنیا کی لذیذ چیزیں کھانی ترک کر دی تھیں۔ آپ کا جو منظور نظر ہو جاتا تھا، ایک توجہ سے اس پر علوم منکشف ہو جاتے تھے۔ (تجلیاتِ اولیاء۔ صفحہ ۳۰۴)۔
مجھے یہ کتاب جناب محمد ارشد سمیع نے خود عنایت فرمائی جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔

۱۴۔ متعدد صحابہء اکرامؓ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں اللہ کا بندہ اور خاتم الانبیاء اس وقت سے ہوں جبکہ میرا باپ (حضرت آدمؑ) آب و گل میں تھا۔ میں اپنے باپ ابراہیمؑ کی دعا، عیسیٰؑ کی بشارت اور اپنی والدہ آمنہؓ کا خواب ہوں۔ جب میں اپنی والدہ کے شکم میں تھا تو انہوں نے خواب میں دیکھا کہ ان کے جسم سے ایک روشنی نکلی جس نے شام کے تمام محلات روشن کر دیئے۔ اسی خواب سے متاثر ہو کر آپؐ کا نام محمد (ﷺ) رکھا گیا تھا۔ (تاریخ ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۵۶۷) (مستدرک حاکم جلد ۲ صفحہ ۶۰۰) (ابن سعد جلد اول صفحہ ۹۶) (سیرۃ ابن ہشام)۔

۱۵۔ ابو جہل نے خواب دیکھا تھا کہ اس نے اسلام قبول کر لیا اور حضرت رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ اس کا یہ خواب اس کے بیٹے (اس کے ایک جز) حضرت عکرمہؓ کے متعلق پورا ہوا۔ (تعطیر الانام فی تعبیر المنام صفحہ ۶)۔

ام المومنین حضرت ام سلمہؓ سے مروی ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ میں نے خواب میں ابو جہل کے لئے جنت میں ایک خوشہ دیکھا۔ جب عکرمہؓ بن ابو جہل مسلمان ہوئے تو حضور اقدس ﷺ نے حضرت ام سلمہؓ سے فرمایا کہ اس خواب کی تعبیر یہ ہے۔ (سیرۃ المصطفےٰ جلد ۳ صفحہ ۴۵ از حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ) (المبشرات از قاری محمد ادریس ہوشیارپوری۔ صفحہ ۵۵۔ کتب خانہ مجیدیہ۔ ملتان ــــــ مجھے یہ شاندار کتاب جناب حبیب الرحمن ہاشمی نے عنایت فرمائی جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں)۔

۱۶۔ حضرت سیدنا شاہ امیر ابو العلیٰ قطب دوراں تھے۔ دادا سمرقند سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے۔ والد بزرگوار کا نام امیر ابو الوفا ہے۔ والدہ حضرت خواجہ محمد فیض المعروف

marfat.com
Marfat.com

بہ خواجہ فیضی کی دختر نیک اختر تھیں۔ والد کی طرف سے حسنی اور والدہ کی طرف سے احراری ہیں۔ ولادت ۹۹۰ھ میں ہوئی۔ کم سن تھے کہ والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ نانا نے ایک مہم میں جام شہادت نوش کیا۔ ان کے کوئی لڑکا نہ تھا۔ راجہ مان سنگھ نے آپ کی لیاقت، قابلیت اور ہنر مندی دیکھ کر آپ کے نانا کے عہدے پر آپ کا تقرر کر کے اکبر بادشاہ سے پروانہ تقرری حاصل کر لیا اور آپ اپنے نانا کی جگہ عہدہ نظامت پر متمکن ہو گئے۔ منصب سہ ہزاری ذات و سوار سے ممتاز ہوئے۔ ایک شب آپ نے تین بزرگوں کو خواب میں دیکھا جنہوں نے فرمایا اے سید ابوالعلی! یہ کیا وضع اختیار کی ہے؟ اس کو قطع کرو اور ہماری طرح ہو جاؤ، اگر فکر معیشت ہے تو کوئی خطرہ یا اندیشہ دل میں نہ لاؤ۔ اس کے بعد ایک بزرگ نے استرہ سے آپ کے سر کے بال تراشے، دوسرے نے آپ کو کفنی پہنائی اور تیسرے نے آپ کے سر پر عمامہ رکھا۔ صبح آپ نے حجام کو بلا کر سر کے بال ترشوائے، پیرہن پہنا اور خود کو دنیا سے بیزار پایا۔ کسی کام میں جی نہ لگتا تھا۔ راجہ مان سنگھ نے آپ کا استعفیٰ منظور نہ کیا۔ وہ آپ کے نانا کے پرانے رفقا میں سے تھا اور آپ کا بے حد خیال رکھتا تھا۔ اس زمانے میں آپ کو ایک لڑائی میں امیر لشکر کی حیثیت سے شامل ہونا پڑا مین پوری کے میدان میں گھمسان کا رن پڑا اور آپ کو فتح حاصل ہوئی (اسرار ابوالعلی صفحہ ۱۳)۔ کامیاب و کامران بردوان پہنچے۔ وہاں خواب میں چار بزرگ دیکھے جن میں تین وہی پہلے والے تھے۔ چوتھے بزرگ حضور اقدس ﷺ تھے جن کا چہرہ انور نہایت نورانی اور آفتاب و مہتاب سے زیادہ منور تھا۔ جن بزرگ نے آپ کے سر کے بال تراشے تھے وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور باقی دو آپ کے صاحبزادے حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما تھے۔ اس خواب کے بعد آپ دنیا سے دل برداشتہ ہو گئے۔ ابھی بردوان ہی میں تھے کہ اکبر بادشاہ کا انتقال ہو گیا اور جہانگیر تخت نشین ہوا۔ آگرہ میں جب بادشاہ جہانگیر سے آپ کی ملاقات ہوئی تو وہ آپ کے جمال و کمال سے بے حد متاثر ہوا۔ ایک روز اس نے آپ کو جام شراب پیش کیا جسے آپ نے پینے سے انکار کر دیا اور فرمایا: "میں غضب سلطانی سے نہیں ڈرتا، قہر الٰہی سے ڈرتا ہوں" اور دربار سے باہر نکل آئے۔ اسی دن مراقبہ میں حضرت علیؓ بصورت مثالی تشریف لائے اور فرمایا: فرزند اٹھو اور خواجہ معین الدین چشتی کے پاس اجمیر جاؤ، دیر نہ کرو۔ پس آپ تمام مال و متاع راہ الٰہی میں لٹا چادر اوڑھ اور تہہ بند باندھ کر اجمیر شریف روانہ ہو گئے۔ اجمیر شریف میں حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین چشتیؒ نے بصورت مثالی آپ کو سامنے بٹھا کر توجہ دی۔ حسب فرمان خواجہؒ آپ حضرت امیر عبداللہ سے بیعت ہوئے۔ آپ کے پیر و مرشد

marfat.com
Marfat.com

نے آپ کو خرقہ خلافت سے سرفراز فرمایا۔ حضرت امیر عبداللہ نے اپنی بیٹی سے آپ کی شادی کردی۔ ۹ صفر ۱۰۶۱ھ کو رحلت فرمائی۔ آگرہ (یو۔پی، بھارت) میں آپ کا مزار فیض آثار مرجع خاص و عام ہے۔ بوقت وصال عمر ۷۱ سال تھی۔ آپ کے دونوں صاحبزادے حضرت امیر فیض اللہ اور حضرت امیر نور العلاز اہد متقی و پرہیزگار اور صاحب مقامات عالیہ تھے (جدید تذکرہ اولیائے پاک و ہند از ڈاکٹر ظہور الحسن شارب ایم اے، ایل ایل بی، پی ایچ ڈی۔ صفحہ ۲۹۳ تا ۲۹۸ سے ماخوذ)۔

۱۷۔ شام کے راہبوں (ربیّوں) نے جب حضرت عبداللہ بن خواجہ عبدالمطلب کی غیر معمولی صفات کے بارے میں سنا تو انہوں نے بڑے رِبّی سے حضرت عبداللہ کے خلاف کاروائی کرنے کے لیے مشورہ کیا۔ اس نے انہیں منع کیا مگر وہ انہیں قتل کرنے پر مصر رہے۔ وہ حضرت عبداللہ کو اس لیے قتل کرنا چاہتے تھے کہ ان کی کتابوں کے مطابق حضرت نبی آخر الزماں (ﷺ) کی آمد کا وقت آگیا ہے۔ اس نئے مذہب کی وجہ سے خود ان کا مذہب خطرہ میں پڑ جائے گا۔ اور ان کی چودھراہٹ ختم ہو جائے گی۔ وہ اپنی شرارت پر بضد رہے اور تاجروں کے بھیس میں مکہ مکرمہ پہنچ گئے۔ تجارتی مال کو اس لئے گراں بتاتے کہ زیادہ سے زیادہ دن وہاں رہنے کا موقعہ مل جائے۔ اس دوران حضرت عبداللہ نے خواب دیکھا کہ چند جنگلی جانوروں نے ان پر حملہ کر دیا لیکن اللہ نے انہیں ہوا میں معلق کر دیا اور ان جانوروں پر آسمان سے آگ برسنے لگی جس سے وہ جل کر ختم ہو گئے۔ دوسرے دن انہوں نے یہ خواب اپنے والد خواجہ عبدالمطلب کو سنایا۔ انہوں نے فرمایا کہ اللہ تمہیں مصائب سے بچائے گا مگر یاد رہے تمہاری پیشانی میں جو نور جلوہ گر ہے اس کی وجہ سے لوگ تم سے حسد کرنے لگے ہیں۔ والد کے ہمراہ حضرت عبداللہ بھی شکار کے لئے جاتے تھے۔ اس وجہ سے یہود ان پر حملہ کرنے سے گریز کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ تنہا شکار کے لئے نکل گئے۔ یہودی جو آپ کی تاک میں تھے انہوں نے حضرت عبداللہ کو ایک تنگ گھاٹی میں گھیر لیا۔ لیکن حضرت عبداللہ نے اپنے تیروں سے ذرا سی دیر میں چار یہودی ہلاک کر دئے۔ ان کی بہادری دیکھ کر یہودی گھبرا گئے اور حضرت عبداللہ کو دھوکہ دینے کے لئے کہنے لگے کہ ہم تمہارے دشمن نہیں۔ ہم کو شک ہوا کہ یہ ہمارا بھاگا ہوا غلام ہے۔ ان کی اس بدحواسی پر حضرت عبداللہ مسکرا دیئے لیکن جب رخصت ہوئے تو یہود نے آپ پر پتھراؤ شروع کر دیا جس پر حضرت عبداللہ نے چشم زدن میں اپنی تلوار سے اک یہودی قتل کر دیا۔ اس پر یہودی پیچھے ہٹ گئے مگر پتھراؤ بند نہیں کیا۔ حضرت عبداللہ نے ایک چٹان کی آڑ لے لی اور یہود سے بچ نکلنے کے لئے سوچ رہے تھے

marfat.com

Marfat.com

کہ عین اس وقت وہب بن مناف ادھر آ نکلے۔ صورت حال کا جائزہ لے کر وہ کعبہ کی طرف بھاگے اور بنو ہاشم کو اس واقعہ کی اطلاع دی۔ وہ فوراً تلواریں لے کر جائے واردات کی طرف بھاگے۔ جب قریب پہنچے تو خواجہ عبدالمطلب نے بلند آواز سے فرمایا: "بیٹا یہ ہے تمہارے خواب کی تعبیر۔" (سید الانبیاؐ کے والدین گرامی صفحہ ۵۵ تا ۵۶ از علی اصغر چوہدری)۔

۱۸۔ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے خواب دیکھا کہ میں ایک ایسی جگہ ہوں جہاں بہت سے راستے ہیں۔ اس کے بعد تمام راستے ختم ہوگئے۔ صرف ایک پگڈنڈی رہ گئی جس پر چل کر میں ایک پہاڑ پر پہنچا جس پر آنحضور ﷺ تھے اور آپؐ کے پہلو کے قریب حضرت ابو بکر صدیقؓ تھے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ حضرت عمرؓ کی طرف اشارہ کر رہے تھے کہ آ جاؤ تو میں نے انا للہ و انا الیہ راجعون کہا۔ اللہ کی قسم! امیر المومنین کی وفات ہو گئی۔ میرے جی میں آیا اس بات کو حضرت عمرؓ کو لکھوں، پھر سوچا کہ یہ مناسب نہیں کہ میں خود ان کو ان کی مرگ کی خبر دوں۔ (حیاۃ الصحابہؓ جلد ۳ صفحہ ۷۵۵)۔

۱۹۔ ایک شخص نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا اس وقت آپؐ کے پاس حضرت ابو بکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ تھے کہ اچانک ایک شخص آ گیا جسے دیکھ کر حضرت عمرؓ نے فرمایا: یا رسول اللہ (ﷺ)! یہ شخص ہمیں برا بھلا کہتا ہے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے اسے ڈانٹا تو اس نے کہا یا رسول اللہ (ﷺ)! ان کو تو نہیں میں تو اس (یعنی حضرت معاویہؓ) کو برا کہتا ہوں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے اس پر فرمایا کہ تو ہلاک ہو گیا، کیا وہ میرا صحابیؓ نہیں؟ آپؐ نے تین بار یہ بات فرمائی۔ پھر ایک نیزہ حضرت معاویہؓ کو دیا اور فرمایا کہ اس کے سینے میں اتار دو۔ انہوں نے اس کو نیزہ مارا۔ صبح بیدار ہو کر جب میں اس کے گھر کی طرف گیا تو معلوم ہوا کہ رات اس کے سینے میں درد ہوا اور وہ مر گیا۔ اس کا نام راشد کندی تھا (تاریخ ابن کثیر جلد ۸ صفحہ ۹۹۱ تا ۹۹۲)۔

۲۰۔ تفہیمات الٰہیہ میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے بیسیوں واقعات درج ہیں جن میں آپ نے علمی اور دینی مسائل میں حضور اقدس ﷺ کی روح پُرفتوح سے استفادہ کیا ہے۔ ایک مرتبہ روحانی طور پر آپ نے شیعوں کی بابت سوال کیا۔ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ان کا مذہب باطل ہے اور اس کے بطلان کی وجہ لفظ "امام" سے ظاہر ہے اگر اہل بیت سے مراد نسبی اولاد ہی لی جائے تو میری اولاد میں صرف بارہ کو شامل کرنا اور باقی کو چھوڑ دینا اس کے بطلان کی دلیل ہے۔ جب میں نے غور کیا تو یہ راز مجھ پر کھلا کہ شیعوں کے نزدیک امام معصوم ہوتا ہے اور اس کی اطاعت فرض ہے۔ اس پر باطنی وحی ہوتی ہے اور یہی اوصاف نبی

marfat.com
Marfat.com

کے ہوتے ہیں، اس لیے ان کے اس عقیدے سے انکار ختم نبوت لازم آتا ہے۔ (تفہیمات الٰہیہ جلد ۲ صفحہ ۲۵۰) (فیوض الحرمین)۔

حضرت رسول اللہ ﷺ خاتم النبین ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: لا نبی بعدی (میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے)۔ تمام فریق اسلامیہ اسی کے قائل ہیں لیکن شیعوں کے چند فرقے جیسے خطابیہ، منصوریہ، معمریہ، اسحاقیہ، سبعیہ برملا اس عقیدے کے مخالف ہیں۔ امامیہ بظاہر ختم نبوت کا اقرار کرتے ہیں لیکن در پردہ نبوت ائمہ کے قائل ہیں۔ انہیں انبیاء سے بہتر اور بزرگ تر سمجھتے ہیں۔ امر تحلیل و تحریم یعنی حلال و حرام ٹھہرانے کا خاصہ نبوت بلکہ بالاتر نبوت سے ہے۔ اس کی سپردگی بھی واسطے ائمہ کے ثابت کرتے ہیں اور یوں منکر ختم نبوت کے ہیں۔ (تحفہ اثنا عشریہ (اردو) از حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ صفحہ ۷ ۴۳۔ ناشر = نور محمد کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ، کراچی)۔

علامہ آیت اللہ روح اللہ خمینی اپنی کتاب "الحکومتہ الاسلامیہ" میں امامت اور ائمہ کے بارے میں وہی خیالات ظاہر کرتے ہیں جو ان کو مقام الوہیت تک پہنچاتے ہیں اور ان کو انبیاءؑ و رسلؑ اور ملائکہ سے افضل ثابت کرتے ہیں اور یہ کہ یہ کائنات تکوینی طور پر ان کے تابع فرمان اور زیر اقتدار ہے۔ (صفحہ ۵۲)۔

حضرت شاہ ولی اللہؒ نے عقد الجید میں لکھا ہے کہ اگر مقلد اپنے امام کے بارے میں یہ تصور کرے کہ اس سے غلطی ممکن ہی نہیں ہے تو پھر اس مقلد کے لیے تقلید حرام ہے، کیونکہ وہ اپنے اس خیال سے ایک ایسے شخص کے بارے میں معصوم ہونے کا فیصلہ کر رہا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے معصوم نہیں بنایا۔

اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ امام کو کسی حال میں کسی چیز کو حلال کرنے یا حرام کرنے کی طاقت نہیں۔ وہ صرف اللہ پاک اور اس کے رسول پاک ﷺ کے ترجمان ہیں۔ شریعت بتانے والے ہیں شریعت بنانے والے نہیں۔ یہ ہے مذہب اہل السنۃ۔ اہل تشیع کا عقیدہ اس کے بالکل برعکس ہے۔ وہ امام کو ترجمان شریعت نہیں بلکہ شریعت ساز مانتے ہیں اور اسے حلال و حرام کے پورے اختیارات دیتے ہیں۔ شیعہ کہتے ہیں کہ امام غیب داں اور عالم ماکان و مایکون ہوتا ہے۔ اہل سنت والجماعت نے امامت تو امامت خود نبوت کے متعلق بھی اس عقیدے کو تسلیم نہیں کیا ہے اور انہوں نے عقائد کی کتابوں میں یہ بات کھول کر بتا دی ہے کہ غیب داں اللہ سبحانہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں ہے۔ (مذہب اہل سنت والجماعت از مولانا محمد علی الصدیقی صفحہ ۱۶۹ تا ۱۷۳ سے ماخوذ۔ ناشر = ایم ثناء اللہ خان اینڈ سنز۔ ۲۶ ریلوے روڈ، لاہور)۔

marfat.com
Marfat.com

۲۱۔ ایک مرتبہ حضرت مولانا محمد فضل علی قریشی مسجد میں تشریف فرما تھے اور حاضرین حلقہ بنائے حاضر خدمت تھے۔ آپ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میرے پیٹ میں اس قدر شدید درد ہوا کہ میں گھر کے صحن میں لوٹ پوٹ ہوتا رہا اور مجھے یوں محسوس ہوا کہ جیسے جان نکل رہی ہے۔ اچانک ریح خارج ہوئی اور درد ختم ہو گیا۔ پھر حاضرین حلقہ سے پوچھا وہ فقیر جو ریح کا محتاج ہو کیا وہ بڑا بول بول سکتا ہے؟ حاضرین نے عرض کیا "نہیں۔" فرمایا: سنو! مجھے خواب میں سیدنا رسول اللہ ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "قریشی جیسی متبع سنت لوگوں کی جماعت جو آپ نے تیار کی ہے، من حیث الجماعت دنیا میں کہیں موجود نہیں۔" سبحان اللہ! سبحان اللہ! (حیات حبیبؒ یعنی حضرت مولانا پیر غلام حبیب نقشبدی مجددی قدس سرہ کی سوانح حیات۔ صفحہ ۱۵۶۔ خانقاہ حبیبیہ نقشبندیہ، چکوال)۔

حضرت خواجہ محمد فضل علی قریشیؒ نے بارہا فرمایا کہ میں مسکین پور شریف (ضلع مظفر گڑھ) سے اپنے پیر و مرشد حضرت خواجہ سراج الدینؒ کی خانقاہ واقع موسیٰ زئی شریف (ڈیرہ اسمٰعیل خان) پیدل جایا کرتا تھا۔ مختصر زادِ راہ کے ساتھ قریب اڑھائی سو میل کا سفر تنہا طے کرتا تھا۔ دوران سفر بھوک ستاتی تو بھنے چنے چبالیتا اور گاجریں وغیرہ خرید کر کھالیتا مگر خوشی سے پھولا نہ سماتا کہ میں اپنے پیر و مرشد کی زیارت سے مشرف ہوں گا۔

میرے پیر بھائی تو سارا دن پیر و مرشد کی مجلس میں بیٹھ کر علوم و معارف سیکھتے اور میں تمام دن اپنے شیخ کے جانور چراتا، جانور خود بھی چرتے اور میں بھی گھاس کاٹ کاٹ کر ان کے منہ میں ڈالتا تاکہ خوب سیر ہو جائیں، رات اپنے پیر بھائیوں کے درمیان لیٹ جاتا، جب دیکھتا کہ سب سو گئے ہیں تو اٹھ کر باہر چلا جاتا اور پوری رات اللہ اللہ کر کے گذار دیتا۔ کبھی کبھار پیر و مرشد کی مجلس میں بیٹھنے کا موقع ملتا تو یہ سوچ کر کہ اس در کا کتا ہوں جوتوں کے قریب بیٹھتا۔ میرے شیخ بڑے صاحب فراست اور صاحب نظر تھے۔ وہ حاضرین مجلس سے فرماتے: "کہ تم سب کو غافل پاتا ہوں اور اس قریشی بچے کو ذاکر پاتا ہوں" (حیات حبیبؒ از جناب ذوالفقار احمد نقشبندی مجددی صفحہ ۱۴۹ تا ۱۵۰)۔

حضرت خواجہ محمد فضل علی قریشیؒ کے خلیفہ تھے حضرت خواجہ محمد عبدالمالک صدیقیؒ (خانیوال) اور حضرت صدیقیؒ کے خلیفہ مجاز تھے حضرت مولانا غلام حبیبؒ۔ چکوال۔ اب آپ کے صاحبزادے حضرت مولانا عبدالرحیم نقشبندی مجددی آپ کے سجادہ نشین ہیں اور چکوال میں خانقاہ حبیبیہ نقشبندیہ بقعۂ نور بنی ہوئی ہے۔ سبحان اللہ)

۲۲۔ حضرت خواجہ عبدالوہاب سچل سرمستؒ (۱۱۵۲ھ مطابق ۱۷۳۹ء تا ۱۲۴۱ھ بمطابق

marfat.com
Marfat.com

۱۸۲۶ء) کا شجرۂ نسب حضرت فاروق اعظمؓ سے جا ملتا ہے۔ آپ کے آباؤاجداد پہلی صدی ہجری میں محمد بن قاسمؒ کے ساتھ سندھ میں آئے تھے۔ محمود غزنویؒ کے عہد تک سیوستان یا سیہون کے حکمران رہے۔ حضرت سچل سرمستؒ نے فارسی، پنجابی اور سندھی تینوں زبانوں میں اپنے دادا حضرت خواجہ محمد حافظ فاروقی عرف میاں صاحب ڈِنہ کا بڑے اہتمام سے ذکر کیا ہے جو کامل ولی اور بلند پایہ شاعر تھے۔ ۱۱۰۱ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۹۲ھ میں وفات پائی۔ سندھ کے مشہور بزرگ شاعر شاہ لطیف بھٹائیؒ (۱۱۰۲ھ مطابق ۱۶۸۹ء تا ۱۱۶۵ھ بمطابق ۱۷۵۲ء) کے ہم عصر تھے۔ اورنگ زیب عالمگیرؒ کی وفات کے بعد سندھ پر سے مغلوں کی حکمرانی کا طویل دور ختم ہوا جو حضرت خواجہ محمد حافظؒ نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ بعدہٗ سندھ پر کلہوڑوں کے سورج کا طلوع اور غروب بھی دیکھا۔ آپ کلہوڑوں کے عہد میں ممتاز عہدے پر فائز تھے۔ روایت ہے کہ ایک مرتبہ آپ اپنے ماتحت افراد کے ہمراہ گھوڑوں پر سوار کسی دورے پر جا رہے تھے کہ راہ میں ایک مجذوب عورت بی بی بصری نے آپ کے گھوڑے کی لگام پکڑ کر روک لیا اور کہا کہ آپ کو تو بارگاہ ایزدی سے حقیقی بادشاہت عطا ہوئی ہے، آپ کہاں دنیا کے دھندوں میں مارے مارے پھر رہے ہیں؟ یہ سن کر آپ کے اندر انقلاب آ گیا۔ اسی دم گھوڑ سوار ساتھیوں، تزک و احتشام اور جاہ و مراتب کو خیرباد کہہ کر جنگل کی راہ لی اور ایک غار میں مسلسل چالیس چلّے کاٹے یعنی کم و بیش وہاں ساڑھے چار سال بسر کیے کہ اسی اثناء میں پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی اولاد میں سے ایک بزرگ حضرت خواجہ عبیداللہ جیلانیؒ تشریف لائے اور غار کے منہ پر کھڑے ہو کر آواز دی: "اب خربوزہ پک چکا ہے، باہر تشریف لائیں تاکہ خلق خدا آپ سے مستفیض ہو۔" یہ سن کر حضرت خواجہ محمد حافظؒ باہر آ گئے۔ رخصت ہونے سے پہلے حضرت خواجہ عبیداللہ جیلانیؒ نے آپ کو خاص طور پر یہ تین نصیحتیں کیں:- (۱) آپ کے یہاں دو بیٹے پیدا ہونگے، چھوٹے بیٹے کو گدی سپرد کرنا کیونکہ اس کی پشت قائم رہے گی، بڑے بیٹے سے ایک سرمست پیدا ہونگے جو لاولد ہونگے۔ (۲) آپ کے خاندان کا ہر فرد اپنے سجادہ نشین کو اپنا مرشد بنائے گا اور کوئی کسی دوسری درگاہ کا مرید نہیں ہوگا (۳) آپ اور آپ کی وفات کے بعد جو بھی سجادہ نشین ہوگا وہ اپنی درگاہ کی حدود سے باہر نہیں جا سکتا۔

آخری ارشاد سن کر حضرت خواجہ محمد حافظؒ رنجیدہ ہوئے اور عرض کیا کہ اگر مجھے حضرت سرور کائنات ﷺ کے روضۂ مبارک کی زیارت کا شوق ہوا تو کیا کروں گا؟ یہ سن کر حضرت عبیداللہؒ نے فرمایا کہ آپ فکر نہ کریں، آپ کی درگاہ پر حضرت رسول اللہ ﷺ کی

marfat.com
Marfat.com

کچہری لگا کرے گی جس میں دوسرے اولیاء اکرام بھی شامل ہوا کرینگے، آپ کو حضور ﷺ کی خاطر کہیں جانے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔ اسی بات کو حضرت سچل سرمستؒ کے خلیفہ اور سندھی شاعر نانک یوسف فقیر نے ایک سندھی قطعہ میں کہا ہے جس کا مطلب یہ ہے "یہ حکم بارگاہ ایزدی سے جاری ہوا اور شاہ قطب جیلانیؒ نے فرمایا کہ درازا شریف میں روزانہ حضرت نبی اکرام ﷺ کی کچہری لگا کرے گی۔"

(سچل سرمستؒ صفحہ ۷ تا ۱۰ سے ماخوذ۔ لوک ورثہ اشاعت گھر، اسلام آباد۔ اس کتاب میں جناب شفقت تنویر مرزا نے سچل سرمستؒ کا سندھی، پنجابی، فارسی اور اردو کلام پیش کیا ہے)۔ حضرت خواجہ محمد حافظؒ کے بڑے صاحبزادے خواجہ صلاح الدین کے گھر درازا میں سچل سرمستؒ پیدا ہوئے۔ چونکہ بچپن میں بہت کم بولتے تھے اور جو کچھ کہتے سچ ہو جاتا اس لئے بچپن سے آپ کا نام سچو یا سچل پڑ گیا تھا۔

۲۳۔ اردو ڈائجسٹ لاہور کے "عظیم مائیں نمبر" فروری ۱۹۹۴ء میں صغیرہ بانو شیریں اپنی عظیم والدہ "نصیر بانو سبزواری" کی بابت تحریر فرماتی ہیں کہ میری امی کو روحانیت سے شغف تھا۔ پانچ سال کی عمر سے نماز کی پابند تھیں۔ ان کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی پہلی زیارت نو برس کی عمر میں ہوئی تھی۔ انہیں کچھ وظائف ملے جن پر اوائل عمر سے آخر وقت تک عمل رہا۔ مکہ مکرمہ میں رباط بھوپال کے مہتمم ان کے ماموں حاجی محمد احسن تھے۔ امی ۱۹۵۷ء میں دوبارہ حج پر گئیں۔ حج سے ایک دن پہلے فرداً فرداً سب کو خط لکھے۔ اباجی کو لکھا کہ آپ دوسری شادی کر لیں کیونکہ آپ بچے نہ سنبھال سکیں گے اور بچوں کو صبر کی تلقین کی۔ پھر اونچی آواز سے یٰسین شریف پڑھنی شروع کر دی۔ یٰسین شریف کے بعد بلند آواز سے کلمہ پڑھنے لگیں۔ ممانی جان نے سنا تو وہ مسکراتی ہوئی آئیں اور کہا کہ تمہیں کیا ہو گیا ہے اور ان کے سامنے کعبہ شریف کو دیکھتے کلمہ پڑھتے پڑھتے دنیا سے رخصت ہو گئیں۔ مکہ مکرمہ کے عظیم قبرستان جنت المعلیٰ میں اب دفن ہیں۔ اللہ پاک نے الحمدللہ ان کی یہ خواہش پوری کر دی۔ امی کی وفات کے بعد میں نے ان کی شدت سے کمی محسوس کی۔ ان دنوں میں ماں بننے والی تھی۔ امی روز رات میں آتیں اور تمام کام سمجھا جاتیں۔ ایک بکس میں کپڑوں کے بہت سے ٹکڑے جمع کر گئی تھیں۔ فراکوں کے ڈیزائن، چھوٹی رضائیوں اور گدوں تک کے کپڑے بتاتیں کہ ان سے بناؤ۔ ساتواں ماہ شروع ہونے والا تھا کہ میرے یہاں نہایت ہی نحیف بیٹا ہوا۔ ڈاکٹر نے اوپر نیچے روئی بچھا کر بچے کو اس پر لٹا دیا۔ ڈراپر سے وہ دو چار قطرے دودھ بچے کے منہ میں ڈالتے۔ تیسرے دن اسے یرقان ہو گیا۔ ساتویں دن اس کی حالت

marfat.com

Marfat.com

بہت ابتر ہو گئی۔ رات کا وقت تھا اور میں اسے گود میں لئے بیٹھی تھی کہ جھپکی آ گئی۔ میں نے دیکھا کہ سفید ساڑھی میں ملبوس امی آئی ہیں۔ انہوں نے میری گود سے بچے کو لیا اور ساڑھی کے آنچل میں لپیٹ کر چل دیں۔ میں پیچھے پیچھے ہو لی، گیٹ کھولا، گلی عبور کی اور ایک بڑے میدان میں آ گئیں۔ وہاں حلقہ بنائے سر جھکائے بہت سے لوگ بیٹھے تھے۔ سامنے سفید کپڑوں میں ملبوس ایک انتہائی پاکیزہ ہستی تھی۔ میرے کانوں میں آواز آئی: "سامنے سرور کائنات ﷺ تشریف فرما ہیں۔" میری امی نے ادب سے سلام کیا اور حضور انور ﷺ نے اپنے دست مبارک بڑھا دیئے۔ امی نے بچہ آپؐ کی گود میں دے دیا۔ آپؐ نے کچھ دیر اسے ہاتھوں میں سنبھالے رکھا اور پھر امی کو دے دیا۔ امی سلام کر کے واپس آ گئیں۔ میری آنکھ کھلی تو بچے کی حالت بہتر پائی۔ اسے جھولے میں لٹا کر اطمینان سے سو گئی۔ صبح ڈاکٹر آیا تو بچے کی حالت دیکھ کر حیران رہ گیا۔ میں نے کہا اب اسے کچھ نہیں ہوتا اور رات کا خواب سنایا۔ ڈاکٹر بھی امی کا معتقد تھا۔ بہت خوش ہوا۔ بعد میں اس نے بتایا کہ مجھے اتنی بھی امید نہیں رہی تھی کہ یہ بچہ چند گھنٹے بھی زندہ رہے گا۔

میری دوسری امی "احمد جہاں" انتہائی نیک، دیندار، پاکباز اور ملنسار خاتون تھیں۔ انہوں نے تمام بچوں کو نہایت شفقت و محبت سے پالا۔ ایسی نیک خواتین شاذ و نادر ہی دیکھنے میں آتی ہیں۔ میں جب بھی قرآن مجید پڑھتی ہوں، اپنی امی کے ساتھ ان کا نام بھی لیتی ہوں۔ جب بھی عمرے پر گئی تو ان کی طرف سے عمرہ پہلے کیا۔ حد یہ کہ میرے بچے بھی انہی کو امی کہتے اور ان ہی سے فرمائش کرتے ہیں۔ وہ بھی ان کی ہر خواہش پوری کرتی ہیں۔ افسوس کہ ان کا بھی سایہ اب ہم پر نہیں رہا مگر ان کی یاد ہمارے دلوں میں تا زیست باقی رہے گی۔ (صفحہ ۲۱۹ تا ۲۲۲ سے ماخوذ)۔

۲۴۔ حضرت مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ (اعظم گڑھ کی تحصیل پھولپور، یو۔پی، بھارت) نے فرمایا کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کی بارہ مرتبہ زیارت کی ہے۔ ایک مرتبہ زیارت میں مجھ کو آپؐ کی مبارک آنکھوں کے لال لال ڈورے بھی نظر آئے اور میں نے خواب ہی میں عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! کیا عبدالغنی نے آج آپؐ کو خوب دیکھ لیا؟ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں! آج تو نے مجھے خوب دیکھ لیا۔ (مواعظ حسنہ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۱۔ "راہ مغفرت" از عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم، خانقاہ امدادیہ اشرفیہ، گلشن اقبال، بلاک ۲ کراچی ۴۷)۔

حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ کے ایک سو کے

marfat.com
Marfat.com

قریب خلفاء تھے۔ وہ سب جیّد عالم تھے۔ ان ہی میں ایک حضرت مولانا شاہ عبد الغنی پھولپوریؒ تھے، جن کی چال تک سے فنائیت ظاہر ہوتی تھی۔ جونپور (یو۔پی۔ بھارت) میں حضرت مولانا اصغر میاںؒ کے ساتھ پڑھاتے تھے۔ صدر مدرس حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ جب ڈھابیل (گجرات۔ کاٹھیاواڑ۔ بھارت) چلے گئے تو حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے دارالعلوم دیوبند میں حضرت پھول پوریؒ کو صدر مدرس بنانے کی تجویز پیش کی تھی۔ اعظم گڑھ میں قصبہ کے باہر جنگل میں آپ نے ایک مکان بنایا تھا۔ تہجد کے وقت تاروں کی روشنی میں آپ وہاں تلاوت قرآن مجید اور آہ وزاری کرتے تھے۔ گریباں چاک، عجب عاشقانہ انداز ہوتا تھا۔ اس وقت آپ کی عمر ۷۰ سال تھی۔ حضرت تھانویؒ نے حضرت پھول پوریؒ کے لئے فرمایا تھا کہ آپ حامل علوم شریعت اور حامل علوم طریقت ہیں۔ حضرت پھول پوریؒ نے حضرت تھانویؒ کے لیے فرمایا:

؎ ہمیں نقش قدم اشرف علیؒ ملحوظ رکھنا ہے  وہ جو فرما گئے ہیں بس اسے محفوظ رکھنا ہے

حضرت مولانا پھولپوریؒ اس بات کو کہہ کر رونے لگتے تھے کہ اگر روز قیامت اللہ تعالیٰ نے پوچھا کہ عبد الغنی ہم نے تجھے حکیم الامت مجدد ملت تھانویؒ جیسا پیر دیا تھا، تو نے اس کا کیا شکر ادا کیا؟ تو یہی کہوں گا کہ اے اللہ! اس نعمت کا شکر مجھ سے ادا نہیں ہو سکا اور حضرت یہ کہہ کر رونے لگتے تھے۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ مولانا اسعد اللہ محدّث مظاہر العلوم سہارنپور (یو۔پی، بھارت) نے فرمایا:

؎ یہ نگاہ حضرت تھانویؒ کا اثر ہے اسعد بے نوا  نظر آ رہی ہیں حقیقتیں تجھے اس جہانِ مجاز میں

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ اجل حضرت خواجہ عزیز الحسن مجذوبؒ اپنے مرشد کے لئے فرماتے ہیں:

؎ تو نے مجھ کو کیا سے کیا شوق فروان کر دیا  پہلے جاں پھر جانِ جاں پھر جانِ جاناں کر دیا

ابو الاسرار حضرت رمزی اٹاوی نے حضرت تھانویؒ کے لیے فرمایا:

ع صحابی گو نہیں لیکن نمونہ تھا صحابی کا

بزرگوں کا فرمان ہے: "صبح کی ہوا لاکھ روپیہ کی دوا۔" حضرت تھانویؒ نماز فجر کے بعد جنگل میں ٹہلنے نکل جاتے تھے اور اس حالت میں روزانہ قرآن پاک کے پانچ پارے پڑھتے تھے۔ آپ حافظ اور قاری بھی تھے۔ فرماتے تھے کہ جو کچھ ملنا ہوتا ہے اسی جنگل میں اُن علوم کا القاء ہو جاتا ہے کیونکہ جنگل میں گناہ نہیں ہوتے، وہاں کی پاک اور صاف ستھری فضا میں

marfat.com
Marfat.com

سب کچھ مل جاتا ہے۔

امداد الفتاویٰ میں حضرت تھانویؒ نے فرمایا کہ جو کوئی نماز عشاء کے بعد چند رکعت نماز نفل بہ نیت تہجد پڑھ لیا کرے تو وہ بھی روز قیامت تہجد گذاروں میں اٹھایا جائے گا۔ آپ نے فرمایا کہ اہل اللہ کی محبت کا ایک ادنیٰ فائدہ یہ ہے کہ ان سے تعلق رکھنے والا گناہ پر قائم نہیں رہتا۔ توبہ کی توفیق ہو جاتی ہے۔ جو صاحب نسبت ہو جاتا ہے اس کے قلب میں ہر مومن کا اکرام پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ اپنے کو سب سے حقیر سمجھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق کی خیر چاہتا ہے۔ اپنے نفس کو مٹانا یہی سلوک کا حاصل ہے۔ علامہ سید سلیمان ندویؒ کا علم معمولی نہ تھا۔ آپ حضرت تھانویؒ کے خلیفہ تھے۔ ایک مرتبہ آپ نے حضرت تھانویؒ سے دریافت فرمایا کہ حضرت تصوف کس چیز کا نام ہے؟ تو حضرت نے فرمایا کہ آپ جیسے فاضل کو مجھ جیسا طالب علم کیا بتا سکتا ہے، البتہ جو اپنے بزرگوں سے سنا اسی سبق کو دہرائے دیتا ہوں۔ تو یہ تھی شان فنائیت و تواضع۔ اتنا بڑا مجددؒ، آفتاب علم اور اکابر علماء کا شیخ اپنے کو طالب علم کہہ رہا ہے۔

حضرت شمس الدین تبریزؒ کی چند روز کی صحبت کے بعد حضرت مولانا رومؒ پر حق تعالیٰ نے علوم کے دریا کھول دیئے اور صاحب نسبت ہونے کے بعد آپ کی زبان سے ساڑھے اٹھائیس ہزار اشعار نکلوا دیئے۔ کسی کو اپنا شیخ بنانا یعنی اس سے بیعت ہونا فرض نہیں۔ صرف اصلاحی تعلق کافی ہے۔ کسی ایسے صاحب نسبت سے جس سے آپ کی مناسبت ہو کیونکہ اگر طبیعتوں میں مناسبت نہ ہوگی تو فائدہ نہ ہوگا۔ اصلاح نفس البتہ فرض ہے جس کے لیے زندگی میں ایک مرتبہ چالیس روز مسلسل اپنے مصلح کے پاس رہنے کی بزرگوں نے ہدایت فرمائی ہے۔

جو عالم کسی اللہ والے سے اپنے نفس کا تزکیہ کرا کے صاحب نسبت ہو جاتا ہے اس کی صحبت سے ہزارہا مردہ دل زندہ ہو جاتے ہیں۔ جو علماء کسی اللہ والے کی چند دن جوتیاں سیدھی کر لیتے ہیں تو کہیں سے کہیں پہنچ جاتے ہیں۔ حضرت تھانویؒ نے فرمایا کہ "شیخ العرب و العجم حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ قریب آٹھ سو علماء کے شیخ تھے، جن میں حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بھی شامل تھے، حاجی صاحبؒ خود اتنے بڑے عالم نہ تھے مگر حاجی صاحبؒ کے فیضان صحبت سے پہلے ہمارے علوم بے جان تھے، جب حاجی صاحبؒ کا ہم نے ہاتھ پکڑا اور ذکر اللہ شروع کیا تو دل کے دروازے کھل گئے، اللہ کا نور قلب میں داخل ہو گیا، قلب محسوس کرنے لگا کہ ہمارے دل میں اللہ ہے، ایمان اعتقادی

marfat.com
Marfat.com

سے بڑھ کر ایمان حالی عطا ہوا، قوم میں پہلے ہماری ایسی عزت نہ تھی جیسی بعد میں حضرت حاجی صاحبؒ کی نسبت اور غلامی کے صدقہ میں عطا ہوئی اور قوم میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں چمکا دیا۔" حضرت تھانویؒ کا تخلص "آہ" تھا آپ نے حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ یعنی اپنے پیر و مرشد کی شان میں فرمایا:

؎ حقیقت کیا تمہاری تھی میاں آہؔ
یہ سب امداد کا لطف و کرم ہے

(حضرت تھانویؒ کے مواعظ حسنہ بار بار شائع ہونے چاہئیں۔ حکیم محمد اختر صاحب کے مواعظ حسنہ بھی آج کے دور میں بہت بڑی نعمت ہیں جن سے ہر مسلمان کو استفادہ کرنا چاہیے۔ خانقاہ امدادیہ اشرفیہ، گلشن اقبال، کراچی سے یہ مفت ملتے ہیں)۔

۲۵۔ بریلی شریف اور کچھوچھا شریف (یو۔پی، بھارت) ایک جان دو قالب ہیں۔ علماء میں اعلیٰ حضرت کا نام جب بھی لیا جائے تو اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلویؒ ہی کی ذات قدسی صفات سے نسبت ہوتی ہے لیکن صوفیاء میں اعلیٰ حضرت کا لقب شاہ سید حضرت محمد علی حسین اشرفی میاںؒ سجادہ نشین سرکار کلاں کچھوچھا شریف کو دیا گیا تھا۔ آپ کے خلف اکبر حضرت بحر العلوم عقلیہ و نقلیہ جامع الکلام مولانا شاہ سید احمد اشرف اشرفی الجیلانیؒ نے اپنے علم کی تکمیل پر حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ حضور ﷺ ان کے سر پر دستار فضیلت رکھ رہے ہیں۔ آنکھ کھلی تو اپنے مقدر پر نازاں اپنے والد اعلیٰ حضرت اشرفی میاںؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور خواب بیان فرمایا۔ اعلیٰ حضرت اشرفی میاںؒ نے ان کے مستند ہونے کی خبر سنائی اور آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دست مبارک سے فضیلت پانے پر مبارکباد دی۔ اس کی برکت سے مولانا احمد اشرفؒ بحر العلوم ہوگئے۔ ایسے خطیب تھے کہ اس دور میں کوئی خطیب آپ کے پائے کا نہ تھا البتہ عمر زیادہ نہ پائی۔ (حضرت شاہ سید محمد حسین اشرفی میاںؒ پر مضمون از ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف۔ روزنامہ جنگ، کراچی۔ جمعہ ایڈیشن، مورخہ ۲۴ جنوری ۱۹۹۷ء۔)

۲۶۔ حضور نبی آخر الزماں ﷺ کے ظہور کے بارے میں بخت نصر کا خواب اور حضرت دانیال علیہ السلام کی تعبیر ملاحظہ ہو:

شاہ بابل بخت نصر نے ایک پریشان کن خواب دیکھا اور بھول گیا۔ بادشاہ نے یہ ماجرا حضرت دانیال علیہ السلام سے ذکر کیا۔ آپ نے وحی کے ذریعہ وہ خواب اور اس کی تعبیر بتائی جو اس طرح تھی:- بادشاہ نے خواب میں دیکھا کہ ایک صورت اس کے سامنے کھڑی ہے جو نہایت خوبصورت اور پر ہیبت ہے، اس کا سر سونے کا ہے، سینہ اور بازو چاندی کے ہیں، شکم

marfat.com
Marfat.com

اور رانیں تانبے کی ہیں، پنڈلیاں لوہے کی ہیں اور پاؤں لوہے اور مٹی سے مل کر بنے ہیں۔ بادشاہ اس عجیب و غریب مورتی کو دیکھ رہا ہے کہ یکا یک خود بخود ایک پتھر ظاہر ہوا جو اس مورتی کے پاؤں پر گرا اور اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور مورتی جو لوہے، مٹی، تانبے، چاندی اور سونے کی بنی ہوئی تھی، بھوسے کے مثل تنکا تنکا ہو گئی، ہوا اسے اڑا کر لے گئی اور اس کا کچھ پتہ نہ ملا۔ وہ پتھر جس نے مورت کو مارا تھا ایک بڑا پہاڑ بن گیا اور تمام زمین کو بھر دیا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے حسب وحی خداوندی مذکورہ بالا خواب بیان کر کے اس کی یہ تعبیر بتائی:- اس خواب میں یکے بعد دیگرے پانچ سلطنتوں کی طرف اشارہ ہے۔ سونے کے سر سے بادشاہ بابل مراد ہے اور تیری سلطنت سونے کی مانند ہے۔ تیرے بعد جو سلطنت آئے گی چاندی کے مانند ہو گی اور تیری سلطنت سے کم تر ہو گی۔ اس کے بعد تیسری سلطنت آئے گی۔ جو تانبے کی مانند ہو گی۔ پھر چوتھی سلطنت آئے گی جو لوہے کی طرح مضبوط ہو گی۔ پھر پانچویں سلطنت ہو گی جس کے پاؤں کچھ لوہے اور کچھ مٹی کے ہونگے یعنی یہ سلطنت قوت اور ضعف کا مجموعہ ہو گی۔ کبھی اس میں قوت اور کبھی ضعف ہو گا۔ اس کے دور میں یکا یک غیب سے ایک پتھر نمودار ہو گا جو اس کے پاؤں پر گر کر اسے ٹکڑے کر کے مثل بھوسے کے بنا دے گا، ہوا اس کو اڑا کر لے جائے گی یہاں تک کہ اس کا نام و نشان نہ رہے گا اور رفتہ رفتہ وہ پتھر پہاڑ بن کر پوری زمین کو بھر دے گا۔ جاننا چاہیئے کہ اس تعبیر میں آنحضرت ﷺ کی بعثت، نبوت و رسالت اور آپؐ کی آسمانی بادشاہت کو ایک پتھر سے تشبیہ دی گئی ہے اور یہ بتلایا گیا ہے کہ وہ پتھر بہت جلد ایک پہاڑ کی صورت اختیار کر لے گا یعنی ابتدا میں وہ ایک چھوٹی سی سلطنت ہو گی جو بعد میں پوری دنیا پر چھا جائے گی۔ دنیا نے دیکھ لیا کہ عہد فاروقی میں قیصر و کسریٰ کی شان و شوکت کا خاتمہ ہو گیا۔ آسمانی بادشاہت کا پتھر زمین پر ایسا گرا کہ دنیا کی بڑی بڑی سلطنتوں کو پیس کر رکھ دیا اور جو شریعت آنحضور ﷺ پر آسمان سے نازل ہوئی وہ قیامت تک باقی رہے گی اور پوری دنیا پر پرچم اسلام لہرائے گا انشاءاللہ تعالیٰ۔ سیرۃ المصطفےٰ جلد ۳۔ صفحہ ۵۱۹ تا ۵۲۰)۔

۲۷۔ ابن اسحاق" لکھتے ہیں کہ ربیعہ بن نصر یمن کے ملوک تبابعہ میں کمزور ترین بادشاہ گذرا ہے۔ ایک دن خواب میں اس نے اپنے گرد ہالے کی شکل کے ایک حلقہ کو کھنچا ہوا دیکھا جسے دیکھ کر وہ سخت پریشان ہو گیا۔ اس کا قاعدہ تھا کہ اپنے نجومیوں، کاہنوں اور مستقبل بینوں کو جمعہ کے علاوہ کسی اور دن نہیں بلایا کرتا تھا لیکن اس روز صبح ہوتے ہی اس نے انہیں بلا بھیجا اور ان کو خواب سنا کر تعبیر پوچھی اور اپنی ذات پر اس کے اثرات کے بارے میں بھی دریافت کیا۔

marfat.com
Marfat.com

سب نے ایک ہی جواب دیا کہ کچھ عرصے میں اس کے ملک پر حبشہ کا بادشاہ حملہ کرے گا، یمن پر قبضہ کرلے گا اور جتنے عرصے تک وہ یہاں قابض رہے گا اسی کے دوران عدن یا ارم کے کسی علاقے سے کوئی دوسرا شخص شاہ حبشہ کو یمن سے بھگادے گا، لیکن وہ بھی یہاں کم و بیش ستر سال تک ہی حکومت کرے گا، جس کے بعد نبی غالب یہاں آجائیں گے اور ان کا زمانہ یمن کے لیے بڑی آسودگی کا زمانہ ہوگا کیونکہ ان میں اس وقت جو نبی ہوگا وہ سب نبیوں سے زیادہ رحم دل ہوگا، وہی اللہ تعالیٰ کا آخری نبی (ﷺ) ہوگا جس کے زمانے میں قریب قریب پوری دنیا سکھ اور اطمینان کا سانس لے گی۔ ان کی بتائی ہوئی ایک ایک بات درست نکلی (تاریخ ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۴۹۴)۔

۲۸۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص نے جب کسریٰ سے اس کا دارالحکومت اور خزانہ چھین لیا تو وہ وہاں سے حلوان منتقل ہوگیا۔ جب مسلمانوں نے حلوان پر قبضہ کرلیا تو وہ رَے چلا گیا، اس کے بعد مسلمانوں کا حلوان اور رَے پر قبضہ ہوا تو وہ اصفہان چلا گیا، جب مسلمانوں نے اسے بھی فتح کرلیا تو کرمان چلا گیا اور جب مسلمانوں نے کرمان بھی فتح کرلیا تو خراساں جا کر فروکش ہوگیا۔ وہ آتش پرست تھا اور ہر شہر میں آتش کدہ اس کے ساتھ جاتا تھا۔ وہ ان شہروں کی طرف رات کو اونٹ پر سوار ہوکر سفر کرتا تھا۔ ایک رات دوران سفر اونٹ پر ہودج میں سو رہا تھا کہ سامنے پانی آگیا۔ اس ڈر سے کہ پانی میں گھسنے کی وجہ سے کہیں گھبرا نہ جائے لوگوں نے اسے پہلے سے بیدار کردیا، جس پر وہ سخت ناراض ہوا اور انہیں گالیاں دینے لگا اور کہا: تم نے مجھے ان ممالک میں ان لوگوں کی بقا کی مدت معلوم کرنے سے محروم کردیا ہے۔ میں نے اپنے اس خواب میں دیکھا کہ میں اور محمد (ﷺ) اللہ کے پاس موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے محمد (ﷺ) سے فرمایا کہ تمہاری حکومت سو سال ہوگی۔ انہوں نے کہا میری حکومت میں اضافہ کیجیے، تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ایک سو بیس سال۔ انہوں نے کہا: میری حکومت میں اور اضافہ کیجیے، اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آپ کے لیے .......... ابھی بات پوری نہیں ہوئی تھی کہ تم لوگوں نے مجھے جگادیا، اگر تم ایسا نہ کرتے تو میں اس قوم کی مدت معلوم کرلیتا۔ (تاریخ ابن کثیر جلد ۷، صفحہ ۲۵۷ تا ۲۵۸)۔

۲۹۔ سیّدی عبدالجلیل مغربیؒ نے حضور نبی پاک ﷺ کو خواب میں اپنے مکان کے ایک کمرے میں دیکھا کہ میرا مکان آپؐ کے نورانی چہرے کی چمک سے جگمگا رہا ہے۔ دست بستہ تین مرتبہ میں نے الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ کہا اور عرض کیا کہ میں آپؐ کے پڑوس میں آپؐ کی شفاعت کی آس لگائے بیٹھا ہوں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور

marfat.com
Marfat.com

مسکراتے ہوئے مجھے بوسہ دیا اور فرمایا: ہاں بخدا! ہاں بخدا! ہاں بخدا! اس اثنا میں دیکھتا ہوں کہ میرا ایک پڑوسی جو مر چکا ہے مجھ سے کہتا ہے کہ تم سرکار (ﷺ) کے مداح خواں اور خدمت گار ہو۔ میں نے اس سے کہا: تجھے کیسے معلوم ہوا؟ اس پر وہ بولا بخدا! تیرے اس وصف کا آسمان پر ذکر ہوا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ اس وقت خاموش مسکرا رہے تھے۔ میں بیدار ہوا تو بہت خوش تھا۔ (تنبیہ الانام فی علو مقام نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام از سیّدی عبد الجلیل مغربیؒ)۔

۳۰۔ سیدی مسعود دراویؒ فاس کے صلحا میں سے تھے اور بحالت بیداری حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا کرتے تھے۔ جب بھی آپ گھر سے باہر تشریف لاتے، ہر شخص آپ کی خدمت کرنا چاہتا۔ کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ آپ کوئی خاص عمل کرتے ہیں جس کی وجہ سے ہر کوئی آپ کی خدمت کے لیے بے قرار ہو جاتا ہے۔ جب آپ سے اس کی وجہ معلوم کی گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: بیٹھ جاؤ! ہم سب حضور اقدس ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ نماز عصر تک درود و سلام کی یہ پاک محفل برپا رہتی۔ پھر آپ لوگوں کو معاوضہ دے کر رخصت فرما دیتے۔ اصل میں اس بے لوث عمل کی برکت تھی جس کے صدقے میں آپ کو زیارت نبی (ﷺ) بحالت بیداری کی انمول نعمت حاصل ہوئی تھی۔ (کنوز الاسرار)۔

۳۱۔ سیّد محمود کردیؒ نے حضور انور ﷺ کے روضۂ اطہر علی صاحبہا صلوٰۃً و سلاماً کے پاس کھڑے ہو کر سلام عرض کیا تو سلام کا باقاعدہ جواب انہوں نے سنا حالانکہ اس وقت وہاں کوئی اور نہ تھا۔ ایسا ہی واقعہ حضرت حمزہؓ کے مزار مبارک کے پاس پیش آیا۔ سیّد الشہداء حضرت حمزہؓ نے سیّد محمود کردیؒ کو حکم دیا کہ اپنے بیٹے کا نام ان کے نام پر رکھو۔ پس سید محمود کردیؒ نے اپنے بیٹے کا نام حمزہ رکھا (الباقیات الصالحات از سیّد محمود کردیؒ)۔

۳۲۔ عارف باللہ سیّدی علی بن علوی بن عبد اللہ بن احمد بن عیسیٰ علویؒ المشہور "قسم توڑ" متوفی ۷۵۲ھ بہ حالت بیداری حضور اقدس ﷺ کی زیارت، بابرکت کیا کرتے تھے اور مشکل مسائل بھی دریافت فرماتے تھے تو حضور انور ﷺ ان کو توضیح و تشریح کے ساتھ بیان فرمایا کرتے تھے۔ (المشرع الروی فی السادات بنی علوی از سیّد شبلی)۔

۳۳۔ امام بخاری اور امام احمد (رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہما) کے ہم عصر جلیل القدر محدث بقی بن مخلدؒ گذرے ہیں، جنہوں نے اپنی کتاب میں تیس ہزار احادیث جمع کی ہیں۔ انہوں نے خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ نے ان کو دودھ کا پیالہ دیا جسے انہوں نے پی لیا۔ جب خواب سے بیدار ہوئے تو اس کی تصدیق کرنے کے لیے منہ میں انگلی ڈال کر قے کر دی تو قے میں دودھ نکل آیا، پس انہیں یقین ہو گیا کہ وہ دودھ دینے والے واقعی حضور انور ﷺ ہی تھے۔

marfat.com
Marfat.com

مذکورہ بالا خواب حضرت محی الدین ابن عربیؒ نے نقل فرمایا ہے، جس کی توثیق حضرت مولانا محمد انور شاہ کاشمیریؒ نے بھی فرمائی ہے (فیض الباری جلد اول صفحہ ۱۷۹)۔ شاید اسی تذبذب کی وجہ سے مذکورہ بالا محدث کو وہ مقبولیت حاصل نہ ہوئی جو دوسرے محدثین کرام کو حاصل ہے۔

۳۴۔ ابو علی القطانؒ نے خواب میں دیکھا کہ میں الکرخ کی جامع الشرقیہ میں داخل ہوا۔ مسجد میں حضور انور ﷺ دو ایسے آدمیوں کے ہمراہ جلوہ افروز تھے جنہیں میں نہیں جانتا تھا۔ میں نے حضور انور ﷺ کی خدمت اقدس میں سلام عرض کیا مگر آپؐ نے کوئی جواب نہ دیا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں شب و روز اتنی اتنی مرتبہ آپؐ پر درود و سلام بھیجتا ہوں اور آج مجھے سلام کے جواب سے محروم کر دیا گیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا مجھ پر درود بھیجتے ہو اور میرے صحابہؓ پر تبرا کرتے ہو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں آپؐ کے دست مبارک پر توبہ کرتا ہوں، آئندہ کبھی ایسا نہ کروں گا۔ اس پر حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہ" (شفاء الاسقام)۔

۳۵۔ ابو سعید شعبان بن محمد القرشیؒ فرماتے ہیں کہ سفر یمن سے پہلے ۸۱۱ھ میں اپنی کتاب "اسیرۃ الشریفۃ" کی ترتیب و تالیف کے سلسلہ میں جب مکہ مکرمہ پہنچا تو اس قدر سخت بیمار ہو گیا کہ بچنے کی امید نہ رہی تو میں اپنے آقا و مولیٰ سید المرسلین ﷺ کی بارگاہ عالیہ میں ایک نعتیہ قصیدہ لکھا اور اس کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے مدد اور اس بیماری سے شفاء طلب کی۔ صبح سویرے شہاب الدین احمد بن محمد بن علی جو ابن عنبر مکی کے نام سے مشہور تھے میرے پاس آئے اور اپنا یہ خواب بیان کیا۔ "میں اپنے ملک "دار لنباۃ" میں سو رہا تھا۔ سحری کے وقت میں نے خواب دیکھا کہ حرم شریف میں باب العمرہ کے پاس کھڑا خانہ کعبہ کی زیارت کر رہا ہوں۔ کیا دیکھتا ہوں کہ حضور نبی اقدس ﷺ ایک پردے سے برآمد ہوئے، آپؐ لوگوں کے جھرمٹ میں چل رہے ہیں، چلتے چلتے آپؐ ضیاحوی کی بیٹھک پر پہنچ گئے جو کہ رباط حوری گیٹ پر واقعہ ہے۔ وہاں تم سبز رنگ کے سجادے پر بیٹھے رکن یمانی کی طرف رخ کیے بیت اللہ شریف کا مشاہدہ کر رہے تھے، جب حضور ﷺ تمہارے سامنے سے گذرے تو آپؐ نے تمہاری طرف دیکھا اور اپنی انگشت شہادت سے تمہاری طرف اشارہ کر کے فرمایا: "وعلیکم السلام شعبان" دوبار ایسا ہی ہوا۔ میں وہ دلنواز آواز کانوں سے سن رہا تھا اور آپؐ کا نورانی چہرہ مبارک آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔ میں نے خواب دیکھنے والے سے جو نہایت دیانتدار، سچا اور امین شخص تھا پوچھا کہ اس وقت میرا کیا حال تھا؟ اس نے کہا تم اپنے قدموں پر کھڑے یہ کہہ رہے تھے: "یا سیدی! یا رسول اللہ! صلی اللہ علیک وعلیٰ الک واصحابک۔" پھر حضرت رسول اللہ

marfat.com
Marfat.com

ﷺ باب الصفا سے اندر آگئے اور تم اپنے مقام پر چلے گئے اور مجھ سے کہا: "اللہ تعالیٰ میری طرف سے تم کو جزائے خیر عطا فرمائے اگر میرے بس میں ہوتا تو میں اپنی جان تم پر فدا کرتا۔ (شفاء الاسقام از ابو سعید شعبان بن محمد القرشی)۔

۴۶۔ بغداد میں ایک بڑا عبادت گذار اور صابر شخص تھا۔ عیالدار اور غریب تھا۔ رات نماز کے لیے اٹھا تو بچے بھوک سے رونے لگے۔ اس نے اپنے بیوی بچوں سے کہا کہ تم سب حضور اقدس ﷺ پر درود و سلام بھیجو انشاء اللہ اس کی برکت سے اللہ پاک ہمیں غنی کر دے گا۔ یہ سب مل کر درود و سلام پڑھنے لگے یہاں تک کہ ان پر نیند کا غلبہ ہوا اور یہ شخص حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ نے اس سے فرمایا: صبح فلاں مجوسی کے گھر جا کر اس سے کہنا کہ تیری دعا قبول ہو گئی ہے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تجھے دیا ہے تو اس میں سے میری مدد کر۔ یہ شخص جاگا تو خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا۔ علی الصبح اس مجوسی کے گھر پہنچ گیا اور حضور انور ﷺ کا پیام اس کو جا سنایا۔ مجوسی نے اس شخص سے کہا: تجھے معلوم ہے وہ دعا کیا ہے؟ اس نے کہا مجھے نہیں معلوم۔ اس پر مجوسی نے کہا میں مسلمان ہوتا ہوں۔ کلمہ پڑھ کر وہ مسلمان ہو گیا۔ اس کا بیٹا اور بیٹی بھی مسلمان ہو گئے۔ پھر مجوسی نے بتایا کہ جب میں نے اپنی لڑکی کی شادی اس کے بھائی سے کی تو بہت بڑی دعوت کا اہتمام کیا۔ کھانا کھا کر جب لوگ چلے گئے تو میں فرش پر لیٹ گیا۔ میرے سامنے ایک بیوہ رہتی تھی جس کی چھوٹی چھوٹی بچیاں تھیں۔ وہ اپنی ماں سے کہہ رہی تھیں کہ ہم حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی اولاد ہیں اور فقر و فاقہ کا شکار تھے۔ اس مجوسی نے ہمارے اندر کھانے کی خواہش پیدا کر دی۔ اللہ اس کو ہماری جانب سے بہتر جزا نہ دے۔ مجوسی نے جب یہ سنا تو مغموم ہوا اور بہت سا کھانا، کپڑے اور ضرورت کی چیزیں ان کے گھر بھجوا دیں۔ لڑکیاں یہ دیکھ کر بہت خوش ہوئیں مگر کہنے لگیں کہ یہ مجوسی ہے ہم اس کے یہاں کا کھانا اس صورت میں کھا سکتے ہیں جب اللہ تعالیٰ اس کے دل میں اسلام اور ہمارے جد امجد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت سے جنت میں داخل ہونے کی رغبت پیدا کر دے۔ اب وہ اللہ پاک سے دعا مانگ رہی تھیں اور ماں ان کی دعا پر آمین کہتی جاتی تھی۔ یہ ہے وہ دعا جس کی خبر حضرت رسول اللہ ﷺ نے تجھے اور خوش خبری مجھے سنائی۔ میں نے جب اپنے بیٹے سے اپنی بیٹی کی شادی کی تو اپنا نصف مال ان کو دے دیا تھا۔ اب چونکہ اسلام نے ان کے درمیان تفریق کر دی ہے اس لیے میں نے تجھے ان کا قائم مقام ٹھہرا لیا ہے، سو یہ مال اب تیرا ہے، اس سے اپنے اہل و عیال کی پرورش کر۔ (تحفہ از ابو عبد اللہ الرصاع)

marfat.com
Marfat.com

۳۷۔ ابو عبداللہ المھدی فرماتے ہیں کہ حج کے دوران مجھ سے ایک شخص ملا جو پانی نہ پیتا تھا۔ میں نے اس کی وجہ دریافت کی تو کہنے لگا کہ میں شیعہ مذہب سے تعلق رکھتا ہوں۔ ایک رات سویا تو دیکھتا ہوں قیامت قائم ہو چکی ہے۔ مجھے سخت پیاس لگی ہے۔ میں حضور اقدس ﷺ کے حوض پر آیا اور دیکھا کہ وہاں حضرات ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی اور علی مرتضٰی رضی اللہ عنہم لوگوں کو سیراب کر رہے ہیں۔ مجھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے محبت تھی۔ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کہ مجھے پانی پلائیں مگر آپ نے مجھ سے منہ موڑ لیا۔ یہی سلوک حضرات صدیق اکبر، فاروق اعظم اور عثمان ذالنورین رضی اللہ عنہم نے میرے ساتھ کیا۔ حضور انور ﷺ لوگوں کے ہجوم میں کھڑے تھے۔ میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ: مجھے سخت پیاس لگی ہے۔ میں حضرت علیؓ کی خدمت میں گیا مگر پانی پلانے کے بجائے آپ نے مجھ سے منہ موڑ لیا۔ اس پر حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میرے صحابہ سے بغض رکھتے ہو تو علی تمہیں کیسے سیراب کر سکتے ہیں؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا میرے لیے توبہ کی گنجائش ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: کیوں نہیں؟ توبہ کرو اور مسلمان ہو جاؤ، میں تمہیں ایسا شربت پلاؤں گا کہ پھر کبھی پیاسے نہ رہو گے۔ پس میں مسلمان ہو گیا اور حضور انور ﷺ کے دست مبارک پر توبہ کی۔ پھر آپؐ نے مجھے ایک پیالہ عطا فرمایا، میں نے اسے خواب میں نوش کیا، بیدار ہوا تو مجھے بالکل پیاس نہ تھی، ابھی تک بدستور سیراب ہوں، جب چاہوں پانی پی لوں اور نہ چاہوں تو نہ پیوں (مصباح الظلام از امام علامہ ابو عبداللہ محمد بن نعمان التلمسانی)۔

۳۸۔ شیخ دمشق کئی سال سے حجاز میں سکونت پذیر تھے۔ ایک سال قحط پڑا۔ آٹا خریدنے بازار گیا تو دُکاندار نے مجھ سے رقم لے لی اور کہا شیخین (حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ) پر لعنت بھیجو گے تب آٹا تمہارے ہاتھ بیچوں گا۔ میں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا۔ اس نے ہنستے ہوئے بار بار مجھے یہی پیش کش کی۔ مجھے اس پر غصہ آ گیا اور میں نے کہا جو ان دو پر لعنت کرے اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے۔ اس پر اس نے میری آنکھ پر تھپڑ مارا۔ میں مسجد میں لوٹ آیا۔ آنسو میری آنکھ سے رواں تھے۔ میرا دوست جو مدینہ منورہ میں کئی سال میرے ساتھ رہ چکا تھا اسے جب علم ہوا تو وہ میرے ہمراہ روضہ اقدس پر پہنچا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم مظلوم آپؐ کی بارگاہ میں حاضر ہیں، ہمارا بدلہ لیں، میرے ساتھی نے بہت آہ وزاری کی اور پھر ہم واپس آ گئے۔

دوست سونے کے بعد اٹھا تو آنکھ بالکل درست تھی۔ زخم یا ضرب کا نام و نشان

marfat.com
Marfat.com

تک نہ تھا۔ تھوڑی دیر بعد مسجد میں ایک نقاب پوش داخل ہوا جو میری بابت دریافت کر رہا تھا۔ اس نے میرے پاس آکر سلام کیا اور کہنے لگا: اللہ کا واسطہ دے کر کہتا ہوں مجھے حرم سے باہر نہ نکالو، میں وہی شخص ہوں جس نے تیری آنکھ پر تھپڑ مارا تھا۔ میں نے کہا: ایسا نہیں ہو سکتا، تجھے یاد ہے جو تو نے میرے ساتھ کیا تھا۔ وہ کہنے لگا اس حرکت کے بعد میں سو گیا تو میں نے حضور انور ﷺ کو اپنی طرف آتے دیکھا۔ آپؐ کے ہمراہ ابو بکر صدیق، عمر فاروق اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم بھی تھے۔ میں نے آگے بڑھ کر عرض کیا: "اسلام علیکم" اس پر حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "نہ اللہ تعالیٰ تجھ پر سلامتی نازل کرے نہ تجھ سے راضی ہو۔ کیا میں نے تجھے حکم دیا تھا کہ حضرات شیخین (حضرت صدیقؓ و حضرت فاروقؓ) پر لعنت کرو؟" یہ فرما کر حضرت علیؓ نے اپنی انگلیاں ڈال کر میری دونوں آنکھیں پھوڑ دیں، اس پر میں بیدار ہو گیا، میں اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتا ہوں اور تجھ سے اپنے جرم کی معافی کا خواستگار ہوں۔ میں نے جب اس کی یہ بات سنی تو کہا: جاؤ میری طرف سے حرم میں رہ سکتے ہو (مصباح الظلام)۔

۳۹۔ ابو محمد الخراسانی فرماتے ہیں کہ خراسان میں ایک بادشاہ تھا جس کا ایک خادم نہایت عبادت گذار تھا۔ بادشاہ نے اسے اس شرط پر حج بیت اللہ کی اجازت دی کہ جب مدینہ منورہ میں روضہ اطہر پر پہنچے تو کہے: "یارسول اللہ! میرا آقا کہتا ہے کہ میں آپؐ کے دونوں ساتھیوں (حضرت صدیقؓ اور حضرت فاروقؓ) سے بیزار ہوں۔" حج کے بعد مدینہ طیبہ پہنچ کر روضہ انور کے پاس سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ حضور انور ﷺ حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت فاروق اعظمؓ کے ہمراہ تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں: اے عقلمند! پیغام کیوں نہیں پہنچاتے؟ میں نے عرض کیا: مجھے شرم آتی ہے کہ آپؐ کے دونوں ساتھیوں کے بارے میں وہ پیغام پہنچاؤں جو میرے آقا نے میرے ہاتھ بھیجا ہے۔ اس پر حضرت رسول اقدس ﷺ نے فرمایا کہ تو اس کو میرا یہ پیغام پہنچا دینا کہ جو کوئی صدیق و فاروق (رضی اللہ عنہما) سے بیزار ہے اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم (ﷺ) اس سے بیزار ہیں، سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا جی ہاں رسول اللہ (ﷺ)! پھر فرمایا تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ تمہارے پہنچنے کے چوتھے دن مر جائے گا، سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ رسول اللہ (ﷺ) نے پھر فرمایا: دیکھنا مرنے سے پہلے اس کے منہ سے گندگی نکلے گی، سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں رسول اللہ (ﷺ)! پھر میری آنکھ کھل گئی اور میں نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے دونوں ساتھیوں کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور اس بات پر بھی شکر ادا

marfat.com
Marfat.com

کیا کہ مجھے پیغام مذکور پہنچانے کی توفیق عطا فرمائی۔ حج کے بعد بہت سے تحائف لے کر میں خراسان اپنے آقا کی خدمت میں پہنچا۔ وہ دن وہ خاموش رہا اور تیسرے دن کہنے لگا: میری حاجت کا کیا بنا؟ میں نے کہا: پوری کر دی۔ کہنے لگا: جواب لاؤ۔ میں نے کہا: جواب نہ سنیں تو بہتر ہے۔ بولا: نہیں! جواب لاؤ۔ اس پر میں نے تمام واقعہ بیان کر دیا، جب میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ فرمان سنایا کہ "اللہ تعالیٰ اور میں اس آدمی سے بیزار ہیں جو ابو بکر و عمر (رضی اللہ عنہما) سے بیزار ہے۔" تو کھلکھلا کر ہنسا اور بولا ہم ان سے بری اور وہ ہم سے بری۔ اب چین سے رہیں گے۔ میں نے دل میں کہا: اے دشمن خدا! عنقریب پتہ چل جائے گا۔ مجھے آئے چوتھا دن تھا کہ اس کے چہرے پر گندگی ظاہر ہونے لگی، میں نے اس کو ملامت کی اور نماز ظہر سے پہلے ہم اس کی تدفین سے فارغ ہو چکے تھے (مصباح الظلام)۔

۴۰۔ حافظ امام سخاویؒ نے فرمایا کہ ہم سے امام طبرانیؒ کی ایک دعا کی بابت روایت بیان کی گئی کہ انہوں نے خواب میں حضور نبی اکرم ﷺ کو اس نورانی شکل میں دیکھا جو صحیح روایات کے ذریعہ ہم تک پہنچی ہے، تو امام طبرانیؒ نے عرض کیا: **اسلام علیکم یاایھاالنبی و رحمة اللہ برکاته یا رسول اللہ!** اللہ تعالیٰ نے مجھے چند کلمات القا فرمائے ہیں جن کو میں پڑھتا ہوں۔ فرمایا: وہ کون سے ہیں؟ عرض کیا "اللھم لک الحمد...... آخر تک (اس درود شریف کو "سعادت الدارین" حصہ اول کے صفحہ ۶۶۲ تا ۶۶۳ پر دیکھا جا سکتا ہے)۔ یہ سن کر حضور ﷺ مسکرانے لگے یہاں تک کہ آپؐ کے سامنے کے دندان مبارک ظاہر ہو گئے اور دانتوں کے درمیان خلا سے نور نکلتا نظر آیا (سعادۃ الدارین فی الصلوۃ علیٰ سید الکونینؐ حصہ اول مصنفہ علامہ یوسف بن اسمٰعیل مبہانی قدس سرہ کا اردو ترجمہ از علامہ مفتی عبدالقیوم خان صاحب، مکتبہ حامدیہ، گنج بخش روڈ، لاہور)۔

۴۱۔ شیخ ابو بکر کتانیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا تو آپؐ نے فرمایا کہ جو شخص لوگوں کے سامنے اپنے آپ کو اندرونی اور حقیقی حالات کے خلاف ظاہر کرتا ہے تو اللہ اسے رسوا کر دیتا ہے (رسالہ قشیریہ از امام ابو القاسم عبد الکریمؒ بن ہوازن قشیری (۳۷۶ھ تا ۴۶۵ھ) کا اردو ترجمہ از ڈاکٹر پیر محمد حسن صفحہ ۶۷۴)۔

۴۲۔ ایک صوفی کا بیان ہے کہ حضور اقدس ﷺ کو اس نے خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں: "ابن عون کی زیارت کرو کیونکہ اسے اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) سے محبت ہے" (رسالہ قشیریہ صفحہ ۶۷۹)۔

۴۳۔ کہتے ہیں یزید رقاشی بن ابان الرقاشی (۱۱۰ھ اور ۱۲۰ھ کے درمیان وفات پائی)

marfat.com
Marfat.com

نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کو دیکھا اور قرآن مجید پڑھ کر سنایا۔ آپؐ نے فرمایا: یہ تو قرأت ہوئی آنسو کہاں ہیں؟(رسالہ قشیریہ صفحہ ۶۸۵)۔

۴۴۔ ابو الفضل اصفہانی (اصبہانی بھی درست ہے۔ متوفی ۴۳۰ھ) نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا تو درخواست کی یارسول اللہ (ﷺ)! دعا فرمائیے اللہ پاک میرا ایمان سلب نہ کرے۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تو پہلے سے لکھ چکا ہے(رسالہ قشیریہ صفحہ ۶۸۷)۔

۴۵۔ قطب حلبی فرماتے ہیں کہ میں نے ابو اسحاق ابراہیم بن علی بن عطیہ کو دیکھا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ کی شفاعت چاہتا ہوں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا: مجھ پر کثرت سے درود و سلام بھیجا کرو (التفکر الاعتبار فی فضل الصلوٰۃ علی النبی المختار صلی اللہ علیہ وسلم از عارف باللہ سیدی شیخ احمد بن ثابت المغربیؒ)۔

یارب صل وسلم دائما ابداً — علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۴۶۔ ابوالفضل بن زیرک قرمسانی بیان کرتے ہیں کہ میرے پاس ایک خراسانی آیا۔ اس نے کہا کہ میں شہر کی مسجد میں سو رہا تھا کہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا: جب ہمدان جاؤ تو میری طرف سے فضل بن زیرک کو میرا سلام کہنا کیونکہ وہ مجھ پر روزانہ ایک سو مرتبہ درود و سلام پڑھتا ہے۔ اس کے پوچھنے پر میں نے اس کو وہ درود شریف دے دی جو میں روزانہ سو مرتبہ پڑھا کرتا ہوں:

اللهم صلى على محمد النبى الامى و على آل محمد، جزى الله محمداً صلى الله عليه وسلم عنا ما هوا هله

(ترجمہ): الٰہی محمدؐ نبی امی اور آپؐ کی آل پر رحمت نازل فرما، الٰہی! محمد ﷺ کو ہماری طرف سے ایسی جزا عطا فرما جس کے وہ حقدار ہیں)۔

اس شخص نے مجھ سے یہ درود شریف حاصل کرکے کہا کہ وہ نہ مجھے پہچانتا تھا نہ میرا نام جانتا تھا، یہ سب کچھ مجھے نبی اکرم ﷺ نے بتایا۔ میں نے اس کی خدمت میں کچھ تحائف پیش کیے مگر اس نے قبول نہ کیے اور کہا کہ میں دنیاوی مال و دولت کے عوض حضرت رسول اللہ ﷺ کا پیغام نہیں بیچتا، یہ کہہ کر وہ چلا گیا اور میں نے اسے پھر کبھی نہ دیکھا (التفکر الاعتبار)۔

۴۷۔ ابو عبداللہ بن نعمان ذکر کرتے ہیں کہ میں نے عبدالرحیم بن عبدالرحیم بن عبدالرحمن کو یہ کہتے سنا کہ میں حمام میں گر گیا تھا جس کے باعث میرے ہاتھ پر سخت ضرب آئی،

marfat.com
Marfat.com

ہاتھ متورم تھا اور شدید درد ہو رہا تھا۔ درد میں مبتلا تھا کہ آنکھ لگ گئی اور مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت با برکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؐ نے فرمایا: بیٹا! تمہارے درود و سلام نے مجھے متوجہ کیا۔ صبح آنکھ کھلی تو آپ کی برکت سے نہ درد تھا نہ ورم (السفکر الاعتبار)۔

۴۸۔ حافظ امام سخاویؒ نے حدیث نقل کی کہ "جو بھی دو بندے محض اللہ کی رضا کے لیے آپس میں محبت کریں۔" ایک اور روایت میں ہے "جو دو مسلمان ایک دوسرے کے سامنے آ جائیں، ایک دوسرے سے مصافحہ کریں اور نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجیں، وہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہونے پاتے کہ ان کے اگلے پچھلے تمام گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔" اس حدیث کے بعد یہ خواب بیان کیا کہ بعض فقراء نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! آپؐ کا فرمان ہے کہ دو بندے جو اللہ کی رضا کے لیے محبت کریں، جب ملیں، ایک دوسرے سے مصافحہ کریں، تو جدا ہونے سے پہلے ان کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور وہ دعا جس کے آگے پیچھے مجھ پر درود پڑھی جائے رد نہیں ہوتی۔" آپؐ نے فرمایا: "ہاں" (السفکر الاعتبار)۔

۴۹۔ محمد ﷺ کی بشارت بھوشیہ پوران میں:

ہندو دھرم میں پوران نام کی ۱۸ کتابیں ہیں، جن میں ایک بھوشیہ پوران ہے۔ اس کا یہ نام اس لیے ہے کہ اس میں آئندہ پیش آنے والے واقعات کی خبریں ہیں۔ اس میں حضور نبی پاک ﷺ سے متعلق نہایت صاف اور صریح پیشین گوئیاں ہیں جو ویدوں کے مصنف مہارشی ویاس جی کے ایک مکاشفے پر مبنی ہیں۔ اس مکاشفے میں انہوں نے جو کچھ دیکھا اور ہندو عقیدے کے مطابق فرشتوں سے سنا، اس سرگ کے منتر ۵ تا ۸ کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:-

۱۔ اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ ایک غیر آریہ روحانی معلم جو محامد، "محمد" کے نام سے معروف ہے اپنے سپاہیوں کے ہمراہ آیا۔

۲۔ اس عرب کے رہنے والے عظیم مقدس شخص کی صمیم قلب سے تعظیم کے لیے راجہ بھوج اٹھا اور گنگا کا پانی، پانچوں پاک کرنے والی چیزیں اور صندل وغیرہ کے ہدیئے پیش کیے۔

۳۔ اس سے راجہ بھوج نے کہا: آپ پر سلام اے نسل انسانی کے فخر! اے سرزمین عرب کے رہنے والے! اور اے شیطانوں کو مارنے کے لیے بہت سی قوت دینے والے!

ان منتروں میں جو بشارات ہیں اور جو باتیں کہی گئی ہیں سوائے حضرت رسول اللہ ﷺ کے کسی دوسرے پر ان کا اطلاق ہو ہی نہیں سکتا۔ پھر بھی کچھ وضاحت کر دی جائے:

marfat.com
Marfat.com

۱۔ یہاں محمد نام بتایا گیا ہے جو آپ ﷺ کے علاوہ کسی اور پیغمبر کا نام نہیں۔ یہی نام آگے منتر ۴ا اور ۱۸ میں بھی آیا ہے۔

۲۔ بتایا گیا کہ وہ آریہ نہ ہوگا یعنی وہ ہندوستان سے نہیں ہوگا۔

۳۔ بتایا گیا کہ وہ ملک عرب سے ہوگا اور عرب میں صرف محمد ﷺ ہوئے ہیں۔

۴۔ ہندو عقیدے کے مطابق جو دریائے گنگا میں غسل کرے وہ گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے، عرب میں گنگا نہیں، یہ تو ہندوستان کے دریا کا نام ہے۔ اس لیے مراد محض مجازی ہے یعنی آپؐ گناہوں سے یوں پاک وصاف ہوں گے گویا گنگا میں غسل کیا ہو۔ حضرت محمد ﷺ ہر قسم کے گناہ اور عیوب سے پاک وصاف تھے۔

۵۔ وہ شیاطین کو بڑی قوت سے مارنے والا ہوگا اور شیطان جسمانی قوت سے نہیں مارے جاتے۔ آپ ﷺ نے بہت سی قرآنی آیات اور اوراد و وظائف دیئے ہیں، جن سے شیطان مارے جاسکتے ہیں۔ شیطانی وساوس کو ختم کر دینے کے لیے ان میں سے ہر ورد اور دعا کافی ہے۔

۶۔ اس کی خصوصیت یہ بھی ہوگی کہ وہ فخر نسل انسانی ہوگا۔ یہ بات صرف آپ ﷺ ہی کے لیے درست ہے۔ زمانے گذر گئے مگر آپؐ کا مثل نہ لا سکے۔

۷۔ اس روحانی معلم کے ساتھ راجہ بھوج کا قصہ اس مکاشفے کے عجائبات میں سے ہے۔ بھوج ایک ہندوستانی راجہ کا نام ہے۔ آج بھی کچھ (گجرات، کاٹھیاوار، بھارت) کے علاقے میں بھوج نام کا ایک شہر موجود ہے۔ بھوشیہ پوران کی تالیف کے کئی صدیوں بعد راجہ بھوج، محمد ﷺ کے زمانہ میں ہوا ہے۔ اس کا قصہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ وہ کاٹھیاواڑ کے ساحلی علاقے کچھ کا حکمران تھا۔ ایک رات اس نے دیکھا کہ چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے جس پر اسے بڑی حیرت ہوئی۔ پنڈتوں سے پوچھا تو انہوں نے پرانوں اور ویدوں کو دیکھ کر بتایا کہ یہ آخری پیغمبر کا معجزہ ہے۔ اس نے اس پیغمبر کی نشانیاں پوچھیں تو انہوں نے بتایا کہ وہ "امن والے شہر" کی ایک گھاٹی میں دینی پیشوا کے گھر میں پیدا ہوگا، اس کا نام نراشنس (محمد) ہوگا، اس کے چار خلفاء ہوں گے اور اس کی بارہ بیویاں ہوں گی۔

جستجو کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ مکہ مکرمہ میں ظاہر ہوا ہے جس پر اس نے نراشنس کا دین اختیار کر لیا۔ اس پر اس کی رعایا نے ناراض ہو کر اس کو راج پاٹ سے بے دخل کر دیا۔ اس کا اسلامی نام شیخ عبداللہ رکھا گیا تھا۔ نہایت باخدا اور عابدِ وقت تھا۔ اس کا مزار دھاروار (گجرات، کاٹھیاواڑ) میں آج بھی موجود ہے۔ (ترجمہ): صاحب مکاشفہ آخر میں لکھتا ہے:-

marfat.com

Marfat.com

اس فرشتہ صفت صاحب حکمت نے راجہ بھوج سے رات کے وقت کہا:

ا۔ اے راجہ! میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ دین جاری کروں گا جو گوشت خوروں کا دین ہوگا۔

۲۔ میرا رہنما ختنہ کیا ہوا، بغیر چوٹی (چر کی) کا، ڈاڑھی والا، انقلابی، اونچی پکار (اذان) والا اور تمام حلال اشیا کھانے والا ہے۔

۳۔ وہ حلال مویشی کھاتا ہے، سور نہیں کھاتا، اس کے ساتھیوں کی پاکیزگی مقدس گائے کی بجائے جنگ سے ہوتی ہے۔

۴۔ وہ کافروں اور بے دینوں کے خلاف جنگ کی وجہ سے مسلمین (مسلمان) کہلاتے ہیں اور اس گوشت کھانے والی قوم کا دین میری طرف سے ہوگا۔

گوان منتروں کا مفہوم واضح ہے۔ پھر بھی بعض گوشوں کی وضاحت کی جاتی ہے:-

ا۔ اس مصلح رسول جس کی بشارت دی جارہی ہے اس کا نام محمد ﷺ ہوگا۔

۲۔ ملک عرب کا رہنے والا ہوگا۔

۳۔ اس کا دھرم آریوں کے دھرم سے علیحدہ ہوگا اور وہی اللہ کا درست دین ہوگا۔

۴۔ وہ ختنہ کیا ہوا ہوگا (جبکہ ہندو ختنہ نہیں کراتے)۔

۵۔ اس کے سر پر چوٹی (یعنی چر کی) نہیں ہوگی جبکہ ہندوؤں کی یہ دھارمک اور اہم ترین نشانی ہے۔

۶۔ وہ انچالابی (یعنی بلند آواز سے اذان دینے والا) ہوگا۔ دیکھیے محمد ﷺ کے علاوہ کسی دوسرے مذہب میں اذان یا اس جیسی اونچی آواز سے ادا کیا جانے والا کوئی شعار نہیں، ہندو اور یہودی سنکھ پھونکتے ہیں، نصاریٰ (عیسائی) ناقوس بجاتے ہیں، مجوسی (پارسی) اور بعض ہندو فرقے آگ روشن کرتے ہیں۔

۷۔ وہ گوشت خور ہوگا، حلال مویشیوں کا گوشت کھائے گا، تمام حلال چیزیں کھائے گا اور خنزیر (سور) نہیں کھائے گا۔ ہندو گوشت (ماس) بالکل نہیں کھاتے جو کھاتے ہیں اپنے دھرم کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ ان کے سادھو گوشت تو درکنار کئی قسم کی سبزیاں اور ترکاریاں بھی نہیں کھاتے اور اسے اپنے دھرم کا لازمی حصہ سمجھتے ہیں۔ اسی لئے بتایا گیا کہ وہ (ﷺ) ہر حلال چیز کھائے گا یعنی وہ (ﷺ) ہندوؤں میں سے قطعاً نہ ہوگا۔ ادھر یہودیوں نے بہت سی پاکیزہ چیزیں اپنے اوپر حرام کرلی تھیں اور نصاریٰ نے سب سے خبیث جانور یعنی سور کو بھی حلال کرلیا تھا، اس لیے وہ یہود و نصاریٰ میں سے بھی نہ ہوگا۔ لہٰذا اس صفت کے پیغمبر صرف محمد ﷺ ہی ہوئے۔

۸۔ وہ کافروں اور بے دینوں کو حق کی دعوت دے گا، ان کے انکار پر ان سے جہاد کرے گا اور یہ

marfat.com
Marfat.com

جہاد ہی اس کے ساتھیوں کی پاکیزگی کا ذریعہ ہوگا۔

۹۔ اس کے ساتھی مسلمین (مسلمان) کہلائیں گے۔

مذکورہ بالا تمام اوصاف اور خوبیاں صرف حضرت محمد ﷺ ہی میں پائی جاتی ہیں، اس لئے وہی اس بشارت کے مصداق ہیں اور یہ بشارات ان کی پیدائش سے کئی سو برس پہلے کی ہیں۔ فالحمدللہ رب العالمین۔

اسی موضوع پر ایک اور نہایت اہم ہندو عالم تلسی داس کا تجزیہ پیش کیا جاتا ہے۔ ان کی کتاب "راماین" بہت مشہور ہے، جس میں اصلاً رام چندر جی کی کہانی ہے لیکن ضمناً اور بھی بہت کچھ ہے۔ راماین تو بہت سی لکھی گئیں لیکن بالمیکی راماین بازی لے گئی۔ کہا جاتا ہے بالمیکی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے گذرا ہے۔ اس کے دور کی زبان کو سمجھنا خواص تک کے لیے مشکل ہو گیا تھا۔ لہذا تلسی داس جی نے اسے اپنے دور کی ہندی زبان میں نقل کیا اور ہندوؤں کی بہت سی دوسری کتابوں سے استفادہ کر کے مفید اضافے بھی کیے۔ سنگرام پوران ویدوں کے مصنف وید ویاس کی تالیف بتائی جاتی ہے۔ تلسی جی نے راماین (جس کا اصلی نام رام چرت مانس ہے) میں "سنگرام پوران" کھنڈ ۱۲ ادھیائے ۶ میں آئی ہوئی ایک پیشین گوئی کا تذکرہ اور تجزیہ کیا ہے جس کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:۔

۱۔ یہاں میں کسی کی پاسداری نہ کروں گا۔ ویدوں اور پرانوں کی روشنی میں سادھوؤں سنتوں نے جو کچھ کہا ہے وہی کہوں گا۔

۲۔ وہ ساتویں صدی بکرمی میں پیدا ہوگا اور سخت اندھیرے میں اپنے چار سورجوں کی روشنی کے ساتھ ظاہر ہوگا۔

۳۔ اور ہر ایک کو حکمت اور سیاست سے اپنے دین کی تبلیغ کرے گا، چنانچہ حالات کے مطابق خوش خبری بھی دے گا اور ڈرائے گا بھی۔

۴۔ اس کے چار مقدس خلیفہ ہونگے اور ان کی تائید و مدد سے اس پر ایمان لانے والوں کی تعداد بہت ہو جائے گی۔

۵۔ اور جب سے اس کا دین اور اس کی بات ظاہر ہو گی تو محمد (ﷺ) کے بغیر کسی کی نجات نہ ہو گی۔

۶۔ پھر اس کا کوئی نظیر اور ہم مثل پیدا نہ ہوگا۔ تلسی داس جو کچھ کہہ رہا ہے وہ حق اور سچ ہے۔ بعض نسخوں میں تین اشعار زیادہ ہیں جن کا ترجمہ یوں ہے:

۱۔ دس ہزار سال تک رسالت کا مرتبہ پورا ہو جائے گا، پھر یہ رسالت کسی کو بھی نہ ملے گی۔

marfat.com

Marfat.com

۲۔ملک عرب میں ایک ستارہ چمکے گا اور اس سرزمین کی شان قابل رشک ہو گی۔
۳۔اس سے خرق عادت چیزیں اور معجزات ظاہر ہونگے اور اسے اللہ کا پیغمبر کیا جائے گا۔

مذکورہ بالا ترجمے میں کوئی ابہام نہیں، پھر بھی ہلکا سا اشارہ کر دینے میں کوئی حرج نہیں:۔

۱۔ ساتویں صدی بکرمی جس کی بشارت دی گئی ہے اس میں محمد ﷺ ۶۲۸ بکرمی میں پیدا ہوئے۔

۲۔ اس کا ظہور سخت اندھیرے میں ہو گا۔ جب محمد ﷺ پیدا ہوئے تو ہر طرف جاہلیت کا سخت اندھیرا پھیلا ہوا تھا۔

۳۔ چار سورج کے ساتھ وہ ظاہر ہو گا۔ یہ آپؐ کے چاروں خلفائے راشدین یعنی ابو بکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں، جنہیں آگے چل کر صاف لفظوں میں مقدس خلیفہ کہا گیا ہے۔

۴۔ تبلیغ دین میں وہ (ﷺ) خوش خبری بھی سنائے گا اور ڈرائے گا بھی۔ قرآن مجید کی سورت "الفتح" کی آیت نمبر ۸ کا ترجمہ ہے:۔ہم نے (اے محمد ﷺ) تم کو حق ظاہر کرنے والا اور خوشخبری سنانے والا اور خوف دلانے والا (بنا کر) بھیجا ہے۔

۵۔ وہ سرور عالم ہو گا، اس کا کوئی نظیر نہ ہو گا اور محمد ﷺ کے لیے دونوں باتیں معروف ہیں۔

۔ ان سب سے بڑھ کر یہ کہ آپ کا نام محمد ﷺ بھی ذکر کیا گیا ہے اور آپؐ کے ملک عرب کی بھی نشاندہی کی گئی ہے جو آپ ﷺ کے لیے اس بشارت کو قطعی بنا دیتی ہے۔

۷۔ راماًئن کے مطابق ملک عرب میں آنے والے نبی (محمد ﷺ) کے بعد رسالت کسی کو نہ ملے گی اور در نبوت ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند ہو جائے گا یعنی آپؐ کی ختم نبوت اہل ہنود کی مقدس کتاب سے بھی ثابت ہو گئی۔ فالحمد للہ حمداً کثیراً۔

(جناب ابن اکبر الاعظمی کا یہ مبارک مضمون ماہنامہ "الدعوات" لاہور، مارچ ۱۹۹۸ء مطابق ذیقعدہ ۱۴۱۸ھ میں شائع ہوا تھا۔ وہاں سے شکریے کے ساتھ اس کتاب میں شامل کر رہا ہوں)۔

۸۔ "کالکی اوتار" کا ظہور حضرت محمد ﷺ کی صورت میں ہو چکا ہے۔ ہندوؤں کو مزید انتظار کی بجائے اب اسلام قبول کر لینا چاہیے۔

## بھارتی پنڈت وید پرکاش کی کتاب نے بھارت میں تہلکہ مچا دیا

ہندو مذہب کے ماننے والے اپنے جس "کالکی اوتار" (ہادی عالم) کا انتظار کر رہے ہیں وہ درحقیقت حضرت محمد ﷺ کی ذات اقدس ہے، جس کا ظہور آج سے چودہ سو سال قبل

marfat.com
Marfat.com

ہو چکا ہے۔ لہٰذا ہندوؤں کو اب کسی " کالکی اوتار " کے انتظار میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے اور فوراً اسلام قبول کر لینا چاہیے۔

اس امر کا انکشاف بھارت میں حال ہی میں چھپنے والی ایک کتاب " کالکی اوتار " میں کیا گیا ہے، جس نے پورے بھارت میں تہلکہ مچا دیا ہے۔ اس کتاب کا مصنف اگر کوئی مسلمان ہوتا تو اسے یقیناً جیل کی سلاخوں کے پیچھے جانا پڑتا اور اس کتاب کی اشاعت پر پابندی لگ چکی ہوتی لیکن اس کتاب کا مصنف ایک برہمن پنڈت وید پرکاش ہے، جو سنسکرت کا ممتاز عالم اور الٰہ آباد یونیورسٹی میں ایک اہم عہدہ پر متمکن ہے۔ مصنف نے اپنی اس تحقیق کو بھارت کے آٹھ بڑے پنڈتوں کے سامنے پیش کیا جو تحقیق کے میدان میں ممتاز مقام رکھتے ہیں اور بھارت کے بڑے مذہبی رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں۔ ان پنڈتوں نے بھی وید پرکاش کی تحقیق کو درست تسلیم کیا ہے۔ مصنف نے اپنے اس دعوے کی حمایت میں ہندوؤں کی مقدس کتابوں کے حوالے دیئے ہیں۔ مقدس کتاب "ویدا" میں درج ہے کہ " بھگوان کا آخری پیغمبر" (کالکی اوتار) ہوگا جو پوری دنیا کو رہنمائی فراہم کرے گا۔ مصنف کہتا ہے کہ یہ بات صرف حضرت محمد ﷺ پر صادق آتی ہے۔ ہندوازم کی پیش گوئی کے مطابق "کالکی اوتار" ایک بڑے جزیرے میں جنم لے گا اور یہ درحقیقت عرب کا علاقہ ہے جو جزیرۃ العرب کے نام سے جانا جاتا ہے۔ "ویدا" میں کالکی اوتار کے باپ کا نام "وشنو بھگت" اور ماں کا نام "سومانب" تحریر ہے۔ سنسکرت میں وشنو اللہ اور بھگت غلام کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس طرح وشنو بھگت کا عربی ترجمہ "عبداللہ" بنتا ہے۔ "سومانب" سنسکرت میں امن و آشتی کو کہتے ہیں اور عربی میں اس کا مترادف لفظ "آمنہ" ہے۔ حضرت عبداللہ اور بی بی آمنہ حضرت محمد ﷺ کے والد اور والدہ ماجدہ کے نام ہیں۔

"کالکی اوتار" کے بارے میں مزید کہا گیا ہے کہ بھگوان اپنے خاص پیغام رساں کے ذریعے انہیں ایک غار میں علم سکھائیں گے اور یہ بات بھی صرف حضرت محمد ﷺ پر ہی صادق آتی ہے، جنہیں اللہ تعالیٰ نے غار حرا میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ذریعے علم سے نوازا۔ ہندوؤں کی مقدس کتابوں میں تحریر ہے کہ بھگوان "کالکی اوتار" کو ایک تیز رفتار گھوڑا دیں گے جس کی مدد سے وہ اس دنیا کے گرد اور ساتوں آسمانوں کی سیر کریں گے۔ حضرت محمد ﷺ کی براق کی سواری اور واقعہ معراج اسی جانب اشارہ کرتا ہے۔ مقدس کتابوں میں تحریر ہے کہ کالکی اوتار گھڑ سواری، تیر اندازی اور تیغ زنی میں ماہر ہوگا۔ مصنف وید پرکاش کہتا ہے کہ اس پیشن گوئی کی جانب خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ گھوڑوں، نیزوں اور

marfat.com
Marfat.com

تلواروں کا دور اب گزر چکا ہے اور اب اس کی جگہ جدید ہتھیار، ٹینک، میزائل وغیرہ نے لے لی ہے اور پھر ایسی صورت میں نیزوں، بھالوں سے مسلح اوتار کا انتظار غیر دانشمندانہ اقدام ہوگا۔ مصنف کہتا ہے کہ "کالکی اوتار" درحقیقت حضرت محمد ﷺ کی طرف واضح اشارہ ہے، جسے اللہ نے آسمانی کتاب قرآن دے کر پوری کائنات کے لیے رہنما بنا کر بھیجا، لہٰذا ہندوؤں کو اب فوراً اسلام قبول کر لینا چاہیے۔ (۹ دسمبر ۱۹۹۷ء روزنامہ "نوائے وقت" راولپنڈی) پنڈت جی اب نور الہدیٰ ہو چکے ہیں۔

۵۰۔ حمزہ الکتانی کا بیان ہے کہ میں حدیث لکھا کرتا تھا اور جب حضور نبی اکرم ﷺ کا نام آتا تو صرف صلی اللہ علیہ لکھ دیتا تھا وسلم نہ لکھتا تھا۔ میں نے ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا: کیا بات ہے مجھ پر پورا درود و سلام نہیں بھیجتے؟ اس کے بعد سے میں نے صلی اللہ علیہ کے ساتھ وسلم لکھنا بھی شروع کر دیا (الفکر الاعتبار)۔

۵۱۔ علی بن عیسیٰ وزیر کثرت سے حضور انور ﷺ پر درود و سلام پڑھتے تھے۔ ایک مرتبہ جب وزارت سے معزول کر دیئے گئے تو خواب میں دیکھا کہ گدھے پر سوار ہوں، اسی حال میں حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر نظر پڑی تو احتراماً سواری سے اتر کر پیدل چلنے لگے۔ آپؐ نے فرمایا: اپنی جگہ واپس لوٹ جاؤ۔ صبح اٹھے تو وزارت کی ذمہ داری پھر سپرد کر دی گئی۔ یہ صدقہ ہے حضور اقدس ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کا (اس خواب کو ابن الملقن نے الحدائق میں بیان کیا ہے)۔

۵۲۔ ۷ رمضان المبارک ۱۴۱۶ھ رات کو سویا تو حضور اقدس ﷺ کی زیارت با برکت سے مشرف ہوا۔ ایک مجلس میں حاضر ہوا جس میں آپؐ بھی موجود ہیں۔ میری آپؐ سے عربی میں گفتگو ہوئی۔ سلام کے بعد میں نے دریافت کیا: کیا پڑھا کروں؟ اس پر آپؐ نے اپنا دست مبارک میری دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر پھیرا، جس سے وہ چمک اٹھی جیسے ابرق (mica) سے بنی ہوئی ہو۔ اس میں نہایت دیدہ زیب حروف میں حضور انور ﷺ کا اسم مبارک لکھا ہوا واضح تھا، جس سے میں نے سمجھ لیا کہ اشارہ درود شریف پڑھنے کا ہے جسے میں پہلے ہی بکثرت پڑھنے کا عادی ہوں۔ اس کے بعد میں نے وہ (قلم) آپؐ کی خدمت میں پیش کیا جو مجھے گذشتہ سال تبلیغی جماعت کے سربراہ مولانا انعام الحسن صاحبؒ نے دہلی میں تحفتاً دیا تھا۔ حضور انور ﷺ نے وہ فاؤنٹین پین قبول کر لیا۔ سحری کے وقت میری آنکھ کھل گئی تو زیارت پاک سے مشرف ہونے کے آثار بالکل واضح تھے۔ میری زبان پر درود شریف جاری تھا اور آنکھوں سے خوشی کے آنسو۔ میں نے اپنے بچوں سے کہا کہ ابھی مجھے حضور

marfat.com
Marfat.com

سراپانور ﷺ کی زیارت ہوئی ہے، سب نے مجھے مبارکباد دی۔ (غیر مطبوعہ)۔

یہ خواب جناب وزیر احمد قریشی ولد اللہ بچایا قریشی قدس سرہ نے دیکھا تھا۔ آپ ضلع ملتان میں جلال پور پیروالا کے رہنے والے ہیں۔ جہاں آپ کا خاندان دربار پیر اولیاء کا سجادہ نشین ہے۔ حکومت پاکستان کے نہایت اہم افسران میں قریشی صاحب کا شمار ہوتا ہے۔ آپ علم دوست ہونے کے علاوہ نہایت نیک اور دیندار مسلمان ہیں جن سے ملاقات کر کے طبعیت خوش ہو جاتی ہے۔ آپ کے منجھلے صاجزادے عامر احمد قریشی نے دوران تعلیم قرآن پاک بھی حفظ کر لیا ہے، ماشاءاللہ۔

۵۴۔ اوائل مئی ۱۹۹۷ء کو ایک ضروری کام سے مجھے کراچی جانا پڑا۔ وہاں میری ملاقات ایک ٹیکسی ڈرائیور سے ہوئی، جسے نعت رسول (ﷺ) لکھنے اور گانے کا شوق دیوانگی کی حد تک تھا۔ مجھے کافی فاصلہ پر کچھ لوگوں سے ملنا تھا پس میں نے اس کی ٹیکسی دو گھنٹے کے لیے کرایہ پر لے لی تھی۔ ٹیکسی ڈرائیور کی عمر تیس بتیس برس کے قریب ہو گی۔ وہ دہلی کا رہنے والا تھا۔ اسے شکایت تھی کہ اس کے شوق کے باوجود ریڈیو اور ٹی وی والوں نے اس کی پذیرائی نہیں کی۔ میں نے اس سے کہا کہ آج کل سخت مقابلہ ہے اور ان جگہوں پر بغیر سفارش کے مشکل ہی سے کام ہوتا ہے۔ میں نے اس کی دلجوئی کے لئے اس سے کہا کہ عشق رسول (ﷺ) رائیگاں نہیں جاتا اور اسے حضرت بہزاد لکھنویؒ کا واقعہ سنایا کہ کس طرح حضور ﷺ کے اشارے پر لوگوں نے ان کی مالی مدد کی اور روضہ رسول (ﷺ) پر پہنچایا۔ اس پر اس ٹیکسی ڈرائیور نے اپنا عجیب وغریب واقعہ سنایا جو مندرجہ ذیل ہے:-

ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ ایک جگہ بہت سے لوگ سوگوار بیٹھے ہیں۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا بات ہے؟ آپ لوگ کیوں پریشان ہیں؟ اس پر ان لوگوں نے جواب دیا: تمہیں نہیں معلوم حضرت رسول اللہ ﷺ کا وصال ہو گیا ہے۔ میں نے ان لوگوں سے گڑگڑا کر کہا کہ میں بھی آپؐ کے دیدار کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ اس پر ایک شخص مجھے لے گیا اور چہرۂ انور سے چادر ہٹائی۔ کیا بتاؤں کہ وہ چہرہ کس قدر پر نور تھا۔ میں اپنی اس رقت کی کیفیت کو الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔ اس وقت بھی اس کی آنکھوں میں آنسو تھے اور اس کی آواز بھرا گئی تھی۔ مجھ سے کہنے لگا، دیکھیے! اس وقت بھی میرے رونگٹے کھڑے ہو رہے ہیں۔ اس نے مجھے بتایا کہ چند سال قبل میرے ہاتھوں سے خوشبو آتی تھی لیکن روزگار کے چکر میں پڑ کر نہ اب نعتیں لکھنے کا وقت ملتا ہے اور نہ ہی نماز کی پابندی ہوتی ہے۔ میری بدنصیبی کہ میں اپنے بلند مقام سے نیچے گر گیا ہوں۔ میں نے اسے تسلی دی کہ تم

marfat.com

Marfat.com

اپنے عشق رسول (ﷺ) کی بدولت اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر سکتے ہو۔ بس نمازوں کی جس حد تک ہو سکے پابندی کرتے رہو اور درود شریف کثرت سے پڑھا کرو۔ (غیر مطبوعہ)۔

جناب سیّد آفتاب احمد ولد جناب سیّد محمود عالم بڑے ہی نیک، نمازی اور سادہ طبیعت انسان ہیں۔ چند سال قبل مرکزی حکومت کے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ محکمہ سے ریٹائر ہوئے ہیں۔ انہوں نے یہ واقعہ مجھے تحریر کر کے دیا جسے شکریہ کے ساتھ شامل کر رہا ہوں۔

۵۴۔ محترمہ شہناز (بیگم نعیم اللہ صاحب) نے یہ خواب دیکھا تھا۔ آپ صوم و صلوٰۃ کی پابند، باپردہ، نہایت پرہیزگار خاتون ہیں۔ لکھتی ہیں:-

میں نے دیکھا کہ مدینہ منورہ کی ایک مسجد میں بیٹھی ہوں۔ عصر کا وقت ہے۔ سر سے پاؤں تک چادر سے ڈھکی ہوئی ہوں۔ مسجد کے صحن میں صفیں بچھی ہوئی ہیں۔ میری بائیں جانب کچھ فاصلے پر دو یا تین صحابہ اکرامؓ بیٹھے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد میں کہتی ہوں کہ اب مجھے گھر جانا چاہیے۔ یہ کہہ کر اٹھ کھڑی ہوتی ہوں تو وہ صحابہ اکرامؓ میرے پاس آکر کہتے ہیں کہ آپ نہ جائیں، بیٹھ جائیں، ابھی تھوڑی ہی دیر میں حضرت رسول پاک ﷺ تشریف لانے والے ہیں۔ میں یہ سن کر بیٹھ جاتی ہوں۔ ذرا دیر بعد ہی صحابہ اکرامؓ احتراماً کھڑے ہو جاتے ہیں اور حضرت رسول اللہ ﷺ مسجد کے صدر دروازے سے تشریف لاتے نظر آتے ہیں، میں بھی احتراماً کھڑی ہو جاتی ہوں، رسول پاک ﷺ میرے سامنے تھوڑے فاصلے پر آکر رک جاتے ہیں، مجھ میں ہمت نہیں ہوتی کہ میں ایک دم نظر اٹھا کر آپؐ کی طرف دیکھوں، احترام سے میری نظریں جھکی رہتی ہیں، پھر میں رسول پاک ﷺ کو آپؐ کے پیروں کی طرف سے دیکھنا شروع کرتی ہوں اور دیکھتے ہوئے آپؐ کے سینہ مبارک اور گردن تک نظر پہنچتی ہے، تو جیسے ہی اب آپؐ کے چہرۂ انور کی طرف میری نظر اٹھنے لگتی ہے تو کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور عجب سی میری کیفیت ہونے لگتی ہے، بس اسی حالت میں میں جاگ جاتی ہوں، میری زبان پر درود شریف جاری ہے اور میں بہت خوش ہوں کہ میں نے حضور ﷺ کی زیارت کر لی (غیر مطبوعہ)۔

۵۵۔ سیّد محمود کردی قادری شیخانی اپنی کتاب "الباقیات الصالحات" میں فرماتے ہیں کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا ایک یہ بھی احسان ہے کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے مجھے اپنی گود میں اٹھا لیا، میرا سینہ آپؐ کے سینہ مبارک کے ساتھ لگا ہوا تھا اور میرا منہ آپؐ کے منہ مبارک اور پیشانی آپؐ کی پیشانی اقدس سے مس کر رہی تھی۔ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر کثرت سے درود و سلام بھیجا کرو اور آپؐ نے مجھے اپنی رضا کی

marfat.com
Marfat.com

خوشخبری سنائی، جس میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی شامل ہوتی ہے۔ اس عزت افزائی پر خوشی سے میرے آنسو نکل آئے۔ میں نے دیکھا کہ حضور نبی پاک ﷺ کی چشمان مبارک سے بھی آنسو ٹپک رہے ہیں۔ یہ سب اس شفقت و محبت کی بنا پر تھا جو میرے حال پر آپؐ کے دل میں تھی۔ میں بیدار ہوا تو میرے رخسار آنسوؤں سے تر تھے۔ میں مواجہہ شریف کی طرف گیا تو میں نے حجرۂ مبارک کے اندر سے حضور اقدس ﷺ کی آواز میں ایسی ایسی بشارتیں سنیں جن کا ذکر میں عوام کے سامنے نہیں کر سکتا۔ پھر میں جلدی سے واپس لوٹ آیا۔

آگے لکھتے ہیں کہ میں نے بحالت بیداری مواجہہ شریف کے سامنے اپنے پاؤں پر کھڑے کھڑے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے اپنے سلام کا جواب سنا اور مجھ پر یہ حقیقت منکشف ہو گئی کہ آپؐ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اور اہل اسلام کے سلام کا جواب دیتے ہیں الخ۔

۵۶۔ عبدالواحد بن زید سے مروی ہے کہ ہمارا ایک پڑوسی بادشاہ کی خدمت کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل اور فتنہ و فساد پھیلانے میں مشہور تھا۔ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ اس کا ہاتھ حضرت رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ میں ہے۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ)! یہ برا شخص تو ان لوگوں میں ہے جو اللہ تعالیٰ سے منہ موڑے ہوئے ہیں، پھر آپؐ نے اپنا دست مبارک اس کے ہاتھ میں کیوں دے دیا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اس کا علم ہے اور سنو کہ میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کی سفارش کرنے جا رہا ہوں۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ)! یہ اس مقام پر کس وسیلے سے پہنچا؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا مجھ پر کثرت سے درود و سلام پڑھنے کی وجہ سے۔ یہ شخص ہر رات سوتے وقت مجھ پر ہزار مرتبہ درود و سلام بھیجا کرتا ہے، اور مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرمائے گا۔ عبدالواحد کا بیان ہے کہ جب صبح کے وقت میں مسجد میں داخل ہوا تو دیکھتا کیا ہوں کہ وہی نوجوان روتا ہوا مسجد میں داخل ہو رہا ہے۔ اس وقت میں اپنے دوستوں کے سامنے وہ سب کچھ بیان کر رہا تھا جو میں نے اس کے متعلق دیکھا تھا۔ مسجد میں آ کر اس نے مجھے سلام کیا، میرے سامنے بیٹھ گیا اور بولا اے عبدالواحد! اپنا ہاتھ بڑھاؤ تاکہ تمہارے ہاتھ پر تائب ہو جاؤں، اس مقصد کے لیے حضور اقدس ﷺ نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے اور آپؐ نے مجھ سے اس مذاکرے کا ذکر فرمایا ہے جو گذشتہ رات تمہارے اور حضور انور ﷺ کے درمیان میرے متعلق ہوا ہے۔ جب اس نے توبہ کر لی تو میں نے اس سے خواب کے بارے میں دریافت کیا تو اس نے کہا کہ میرے پاس حضرت رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تھے۔ آپؐ نے میرا ہاتھ

marfat.com
Marfat.com

پکڑ کر فرمایا کہ میں اپنے رب کے یہاں ضرور تمہاری شفاعت کروں گا اس درود و سلام کی وجہ سے جو تم مجھ پر بھیجتے ہو۔ جب میں حضور انور ﷺ کے ہمراہ چلا تو آپؐ نے میری شفاعت فرمائی اور یہ بھی فرمایا کہ صبح سویرے عبدالواحد کے پاس جانا اور اس کے ہاتھ پر توبہ کرنا اور اس پر مضبوطی سے قائم رہنا (سعادۃ الدارین حصہ اول مصنف علامہ یوسف بن اسمٰعیل نبہانیؒ کا اردو ترجمہ از علامہ مفتی عبدالقیوم خان صاحب۔ صفحہ ۳۷۲ تا ۳۷۴)۔

۵۷۔ رمضان ۱۳۹۳ھ مطابق اکتوبر ۱۹۷۳ء میں بیماری نے ایسا زور باندھا کہ حج کو جانے کی ہمت نہ ہوئی۔ ادھر مدنی احباب کا اصرار تھا کہ میں حج کو جاؤں۔ اس دوران شب ۱۲ ذیقعدہ میں زکریا نے خواب دیکھا کہ ایک شخص کہہ رہا ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے قاضی عبدالقادر صاحب کو پیام بھیجا ہے کہ زکریا کو حج پر لے جانے پر اصرار نہ کریں۔ خود قاضی صاحب نے بھی بین النوم والیقظہ دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ احرام تقسیم فرما رہے ہیں اور تو (زکریا) پاس کھڑا ہے مگر تجھے احرام نہیں دیا اور میں (قاضی صاحب) دل میں سوچ رہا ہوں کہ اس کو احرام کیوں نہیں دیا؟ زکریا نے قاضی صاحب سے کہا اب تو آپ نے بھی خود ملاحظہ فرمالیا کہ اس ناکارہ کو حج کے لیے نہیں جانا، مگر احباب کا اصرار ہوتا ہی رہا مگر یہ ناکارہ نہ گیا (قطب عالم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنیؒ کی آپ بیتی نمبر ۷ کا صفحہ ۳۴۔ مکتبہ مدنیہ، اردو بازار، لاہور)۔

۵۸۔ حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی قدس سرہ کا سفرِ حجاز کا سلسلہ ۱۳۸۳ھ سے شروع ہوا۔ یہ خیال بھی ہوا کہ جب علمی کام نہیں ہے تو دارالکفر میں خالی پڑے رہنے کے بجائے دیارِ حبیب اللہ میں ہی وقت گذارا جائے۔ میرے امراض اور عوارض کا تقاضا بھی یہی تھا کہ سفر نہ کروں مگر جب بھی یہاں آیا ساتھ ہی ہندوستان کے اکابر و احباب کا واپسی کا تقاضا مسلط ہوا۔ اس سال میرا جانے کو دل نہ چاہتا تھا۔ ایک بزرگ نے جنہوں نے اپنا نام ظاہر کرنے کو منع کر دیا تھا، استخارہ کیا۔ ۱۶ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۵ھ کو خواب میں انہیں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی اور میرے ہند کے سفر کے بارے میں استفسار کیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ کیا وہ یہاں بیکار ہے؟ عرض کیا: بیکار تو نہیں کام میں لگا رہتا ہے۔ تو ارشاد فرمایا کہ جب ہمارے مدینہ منورہ میں بھی کام میں لگے ہوئے ہیں تو پھر باہر جانے کی کیا ضرورت ہے؟ عرض کیا: کیا آپؐ کا منشا یہ ہے کہ حضرت شیخ مدینہ منورہ میں رہیں؟ تو ارشاد فرمایا کہ ہمارا منشا یہی ہے۔ عرض کیا: بالکل پکی بات ہے جا کر کہہ دوں؟ تو ارشاد فرمایا کہ ہاں ہمارا منشا تو یہی ہے۔ تو اس پر زکریا نے نہ جانا بالکل طے کر لیا، مگر تعجب ہے امسال مکی مدنی احباب اور پاکی

marfat.com
Marfat.com

احباب کا بھی بہت شدید اصرار رمضان ہند میں گذارنے پر ہوا۔ میں نے فیصلہ مولانا انعام الحسن صاحب پر رکھا۔ انہوں نے ہر دفعہ یہی کہا کہ وہاں کی مختلف ضرورتوں کا تقاضا تو جانے کا ہے مگر اس کی بیماری کی حالت دیکھ کر میری ہمت جانے کے لیے کہنے کی نہیں پڑتی۔ اس دوران عزیز عبدالحفیظ نے یکے بعد دیگرے استخاروں پر دو خواب مسلسل دیکھے۔ دوسرے خواب میں جانے کی تاکید حضور اقدس ﷺ نے تحریراً فرمائی۔ خواب دونوں طویل ہیں اس لیے ارادہ کر ہی لیا۔ ہندوستان سے بھی بعض دوستوں کے خواب اسی تائید میں پہنچے۔ مجھ ناکارہ کا قریب پچاس سال سے یہی معمول ہے کہ اہم کام میں استخارہ کا اہتمام کرتا ہے (آپ بیتی نمبر ۷ کے صفحہ ۱۰۵ تا ۱۰۷ سے ماخوذ)۔

رمضان ۱۳۹۵ھ میں مولانا انعام الحسن صاحب کی مسجد میں ۲۸ ملکوں کے دو سو سے زیادہ حضرات معتکف رہے۔ حضور اقدس ﷺ کا تشریف لانا اور معتکفین سے مصافحہ کرنا وغیرہ منامات کی تفصیل روزنامچہ میں ہے (صفحہ ۱۱۷ تا ۱۱۸)۔

۵۹۔ زکریا کا معمول ہمیشہ سے یہ ہے کہ ہندوستان سے واپسی پر پہلے ہی سے آئندہ رمضان کے لیے استخارہ شروع کر دیتا ہے۔ ۱۳۹۷ھ میں اولاً ممانعت آئی مگر ۲۴ جمادی الثانی کو ایک صالح شخص کے مکاشفہ میں جو کئی دن سے ہو رہا تھا، یہ الفاظ حضور اقدس ﷺ کے پہنچے: (ترجمہ) "سفر سعید ہے، موافق ہے، مبارک ہے، مقبول ہے، انشاء اللہ۔" تقریباً چھ مرتبہ یہ الفاظ فرمائے جن میں ایک دو مرتبہ "مقبولتہ" فرمایا اور بقیہ اس کے بغیر۔ اس پر سفر ہند کا ارادہ کر لیا اور ۲۴ جمادی الثانی کو مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ روانگی ہوئی (آپ بیتی نمبر ۷ کا صفحہ ۲۱۶)۔

۶۰۔ نومبر ۱۹۷۷ء کی ایک شب کا مکاشفہ عزیزم عبدالحفیظ نے سنایا کہ تو (مولانا زکریا) مجلس میں حاضر ہے اور حضور اقدس ﷺ ذرا اونچی جگہ تشریف فرما ہیں۔ آپؐ کے سامنے متعدد کتب ایسی خوشنما جلدوں کی رکھی ہیں کہ نگاہ نہ جمے۔ ان میں سب سے اوپر فضائل حج، پھر فضائل درود، پھر حکایات صحابہؓ اور ان کے نیچے دوسری کتب۔ تھوڑی ہی دیر میں مولانا یوسف بنوری نہایت خوش پوشاک ہنستے ہوئے تشریف لائے، سر پر پشاوری عمامہ گول سا بندھا ہے، ان کے آنے پر تو (مولانا زکریا) اٹھا اور معانقہ کیا، مولانا نہایت خوش ہیں، تو نے پوچھا کہ کیا گذری؟ انہوں نے حضور اقدس ﷺ کی جانب اشارہ کر کے کہا کہ آپؐ کی برکت سے بہت اچھی گذری۔ تو (مولانا زکریا) نے کہا کہ آپؐ کی برکتیں تو سب ہی پر ہیں۔ حضور اقدس ﷺ دونوں کی گفتگو سن رہے ہیں اور تبسم فرما رہے ہیں (آپ بیتی نمبر ۷ صفحہ ۲۳۳ تا ۲۳۴)۔

marfat.com
Marfat.com

۶۱۔ عزیزم عبدالحفیظ نے چند روز بعد دوسرا مکاشفہ بیان کیا کہ تو (مولانا زکریا) حضور اقدس ﷺ کی مجلس میں بیٹھا ہوا ہے۔ آپؐ کی طرف سے کچھ عطا ہو رہا ہے جسے تو کھا رہا ہے۔ اسی دوران ابوالحسن تجھے کوئی دوا پلانے کے لیے آیا اور تجھے وہ دوا دی، تو نے پی لی، آپؐ نے اس کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: (ترجمہ) "تیری اس عزت کرنے کی وجہ سے جیسے تو نے میری عزت کی اللہ تعالیٰ تیری عزت کرے۔" "ہذا" میں تیری طرف اشارہ تھا۔ اللہ جل شانہ عزیزم عبدالحفیظ صاحب کو بہت بلند درجات عطا فرمائے کہ ان کی برکات سے بہت مبشرات سننے میں آتے ہیں۔ (آپ بیتی نمبر ۷ صفحہ ۲۳۴)۔

۶۲۔ ۱۴ جون ۱۹۷۸ء کی شب میں عبدالحفیظ نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔ صلوٰۃ و سلام کے بعد عرض کیا کہ حضرت (ﷺ)! بہت فکر مند ہوں، میرا کس منہ سے سامنا ہوگا؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: (ترجمہ) "بے شک وہ ہمارا دوست ہے، بے شک وہ کامیاب لوگوں اور چمکتی پیشانیوں والے لوگوں کی جماعت میں سے ہے۔" پھر تھوڑی دیر بعد دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کے سامنے ایک خوبصورت صندوقچہ ہے، اس پر تہہ کیا ہوا ایک خوبصورت عمامہ ہے جس پر سفید رنگ کی کڑھائی ہے، جو بہت چمکدار ہے۔ حضور اقدس ﷺ بہت پیار سے اس کی تہہ کھولتے ہیں اور ہاتھ پھیرتے جاتے ہیں، پھر اسی طرح تہہ فرما کر رکھ دیتے ہیں اور مسکرا کر فرماتے ہیں کہ یہ ان (مولانا زکریا) کے لیے تیار کر رکھا ہے (آپ بیتی نمبر ۷ صفحہ ۲۴۳ تا ۲۴۴)۔

۶۳۔ ۱۵ جون ۱۹۷۸ء کی شب میں عبدالحفیظ نے دیکھا کہ جیسے حضور اقدس ﷺ چار زانو تشریف فرما ہیں اور جیسے مدرسہ شرعیہ (مدینہ منورہ) کی طرف کوئی نورانی دروازہ کھلا ہے جہاں حضرت شیخ (مولانا زکریا) چارپائی پر مضطرب نظر آ رہے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے میری جانب دیکھ کر فرمایا: (ترجمہ) "وہ ہماری ملاقات اور ہماری زیارت کے لیے مضطرب ہے اور ہم بھی اس کے مشتاق ہیں، محب ہیں۔" (آپ بیتی نمبر ۷ صفحہ ۲۴۴)۔

۶۴۔ عارف باللہ سیدی شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ مؤلف "کتاب التفکر والاعتبار فی فضل الصلوٰۃ علی النبیؐ المختار" ...... اس کتاب میں فرماتے ہیں کہ میں نے درود و سلام کے فضائل و بشارات سے متعلق اتنے مشاہدات دیکھے جن کا شمار ممکن نہیں۔

میرے پیر بھائی سیدی احمد بن ابراہیم حیدری ہمارے یہاں تشریف لائے پس ہم سیدی احمد بن موسیٰ کے ہمراہ شیخ سیدی علی مکیؒ کی قبر پر جمع ہوئے۔ نماز عشاء پڑھ کر اور اد و ظائف سے فارغ ہو کر میرے ساتھی سو گئے اور میں ایک تہائی رات تک فضائل

marfat.com
Marfat.com

درود وسلام پر غور و فکر کرتا رہا۔ سیّدی ابراہیم نے نیند سے بیدار ہو کر وضو کیا اور نماز پڑھ کر پھر سو گئے۔ آپ پھر بیدار ہوئے اور مجھ سے فرمایا کہ میں نے ابھی ابھی خواب میں ایک منادی کو یہ کہتے سنا ہے کہ جو شخص حضور اقدس ﷺ کا دیدار کرنا چاہے ہمارے ساتھ دوڑے۔ پس میں نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر دوسروں کے ہمراہ دوڑنا شروع کر دیا۔ ہم ایک مکان کے پاس پہنچے جس کا دروازہ بند تھا۔ میں نے کوشش کی مگر دروازہ نہ کھول سکا، جبکہ آپ نے دروازہ کھول دیا، مگر آپ سے پہلے میں مکان میں داخل ہو گیا۔ وہاں حضور اقدس ﷺ تشریف فرما تھے۔ جب میں نے آپؐ کو دیکھا تو آپؐ نے اپنا چہرۂ اقدس پھیر لیا اور فرمایا: اے فلاں! میری طرف نہ دیکھو، اپنا خیال رکھو۔ جبکہ آپ کی جانب متوجہ ہو کر آپ کو اپنے سینہ اقدس سے لگا لیا، میں مرعوب ہو کر بیدار ہو گیا۔ وضو کر کے نماز پڑھی اور تلاوت کر کے یہ دعا کر کے سو گیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کی زیارت کرا دے۔ دوبارہ پھر وہی زیارت ہوئی۔ اب میں سمجھ گیا کہ آپ کے اعمال ضرور ایسے ہیں جن سے حضرت رسول اقدس ﷺ راضی ہیں، پس آپ میرے لیے دعا کریں۔ اودھر سے پتہ چلا کہ میری نیت اچھی تھی اور حضور اقدس پر میرا درود وسلام بھیجنا مقبول ہے۔ میں نے کسی کو کچھ نہ بتایا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بار ہا حضرت رسول اللہ ﷺ کے دیدار سے مشرف فرمایا۔

۶۵۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ فرماتے ہیں کہ درود کے فضائل جو میں نے دیکھے ان میں ایک یہ بھی ہے کہ میں غار الملح (نمکین غار) سے ٹیونس کی طرف آیا اور اپنے شیخ سے سیر وسیاحت کی اجازت مانگی۔ آپ نے مجھے اجازت دے دی۔ میں بحری جہاز میں سوار ہوا۔ اٹھارہ دن تک سمندری ہوائیں ہمیں اِدھر اُدھر لئے پھرتی رہیں۔ ہم تنگ آگئے اور بحری جہاز کے بجائے بذریعہ خشکی پیدل سفر کرنے کے بارے میں باتیں کرنے لگے۔ اس رات مجھے حضرت رسول اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ میں نے عرض کیا کہ آپؐ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ ہمیں امن وعافیت سے سفر طے کروائے اور تیز ہوا ہمیں کسی حادثے سے دوچار نہ کرے۔ پھر عرض کیا کہ آپؐ مجھے کوئی مفید نصیحت فرمائیں جس سے مجھے فائدہ ہو۔ اس پر آپؐ نے فرمایا: مجھ پر درود وسلام بھیجتے رہو، اس میں اضافہ کردو اور کھیل کود سے خود کو علیحدہ رکھو۔ پھر میں بیدار ہو گیا اور خوب درود وسلام پڑھ کر اللہ سے دعا کر کے سو گیا کہ مجھے دوبارہ حضور اقدس ﷺ کی زیارت پاک سے مشرف فرما۔ میں نے پھر حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور پہلے کی طرح سوال کیا۔ آپؐ نے پھر زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھنے کی تاکید فرمائی اور یہ کہ کھیل کود سے پرہیز کروں۔ بیدار ہو کر میں نے اپنا خواب اپنے ہمراہیوں کو

marfat.com

Marfat.com

سنایا۔ ہم نے اس دن حضور اقدس ﷺ کی برکت سے بخیر و عافیت سفر کیا اور کسی خطرے کا سامنا کیے بغیر بخیر و عافیت منزل مقصود پر پہنچ گئے (الفکر الاعتبار)۔

۶۶۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ فرماتے ہیں کہ درود و سلام پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ ایک رات میں نے دو آدمی دیکھے جو آپس میں جھگڑ رہے تھے۔ ان میں سے ایک نے کہا حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں چلو تاکہ آپؐ سے فیصلہ کرا لیں۔ وہ چل پڑے۔ میں ان کے پیچھے ہو لیا۔ حضور ﷺ ایک بلند مقام پر تشریف فرما تھے۔ ایک نے کہا یارسول اللہ (ﷺ)! اس شخص نے مجھ پر بہتان لگایا ہے کہ میں نے اس کا گھر جلایا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: اس نے تم پر افترا باندھا ہے، لہٰذا اس کو آگ جلائے گی۔ میں بیدار ہوا تو اس سے کوئی بات نہ کی اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ دوبارہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب فرمائے۔ پس میں سو گیا، کیا دیکھتا ہوں کہ ایک منادا اعلان کر رہا ہے کہ جو شخص حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کرنا چاہے ہمارے ساتھ دوڑ پڑے۔ پس بہت سے سفید پوش لوگ اس کے پیچھے دوڑ پڑے جن میں میں بھی تھا۔ میں نے دعا کی کہ میں آپؐ کی خدمت میں ایسے وقت پہنچوں جب وہاں کوئی اور نہ ہو۔ اتنا کہنا تھا کہ مجھے بجلی کی طرح کسی چیز نے اٹھایا اور حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں پہنچا دیا۔ میں نے دیکھا کہ آپؐ تنہا قبلہ رخ کھڑے ہیں اور چہرۂ اقدس سے نور کی شعاعیں پھوٹ رہی ہیں۔ میں نے عرض کیا: "الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ" آپؐ نے مجھے مرحبا فرمایا۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ)! میں چاہتا ہوں مجھے کوئی ایسی نصیحت فرمائیں جس سے دنیا و آخرت میں فائدہ ہو۔ فرمایا: مجھ پر درود و سلام پڑھنے میں اضافہ کر دو۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ)! مجھے اولیاء اللہ کے زمرے میں شامل ہونے کی ضمانت چاہیے۔ فرمایا: میں اس کا ضامن ہوں کہ تمہارا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ میں نے پھر یہی سوال کیا اور وہی جواب پایا۔ تیسری بار میرے اسی سوال کرنے پر آپؐ نے ارشاد فرمایا: تمہیں معلوم نہیں کہ تمام اولیاء اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتے ہیں کہ ان کا خاتمہ بالخیر ہو، میں ضامن ہوں کہ تمہارا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ میں نے عرض کیا: ٹھیک ہے، مجھے منظور ہے۔ کاش اللہ تعالیٰ مجھے سیدنا خضر علیہ السلام کی زیارت سے مشرف فرما دے۔ ابھی میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا مجھ پر کثرت سے درود و سلام لازمی کر لو، اس مقام کی زیارت کرتے رہا کرو اور جو وصف تمہیں مقام خاص تک پہنچانے میں معاون ہوگا ہم اس کی تکمیل کریں گے۔ میرے دل میں فخر و فرحت کی لہر دوڑ گئی کہ میں نے اہل زمین و آسمان کے آقا کی زیارت کر لی اور جب میں نے حضور ﷺ کی زیارت کر لی تو گویا میں نے ہر ایک کی

marfat.com
Marfat.com

زیارت کرلی۔ والحمدللہ۔

پھر وہ لوگ داخل ہوئے جنہیں میں پیچھے چھوڑ آیا تھا یہ سب کے سب بلند آواز سے پڑھتے چلے آرہے تھے: "الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ۔" اس وقت میں حضور اقدس ﷺ کے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا۔ آپؐ ان کی جانب متوجہ ہوئے اور ان کو بشارتیں سنائیں۔ صرف ایک شخص تھا جسے آپؐ نے دھتکار دیا اور فرمایا: "اے دھتکارے ہوئے! اپنی راہ لو، اے آگ کے چہرے والے!" میں نے اس شخص کو غور سے دیکھا تو اس کا جسم دوسرے لوگوں سے مختلف تھا کیونکہ وہ شیطان تھا۔ جب ان لوگوں سے آپؐ کی گفتگو ختم ہوئی تو فرمایا: اب تم لوگ جاسکتے ہو، اللہ تمہیں برکت دے، مجھے اپنے کام کرنے دو اور دست اقدس سے مجھے اشارہ فرمایا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں شریف ہوں؟ فرمایا: ہاں تم شریف ہو۔ میں نے عرض کیا: حضور (ﷺ) میں شریف ہوں، آپؐ کی نسل سے ہوں۔ فرمایا: تم میری نسل سے ہو۔ اس پر میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ پھر میں نے عرض کیا: مجھے ایسی نصیحت فرمائیں جو میرے حق میں نفع مند ہو۔ فرمایا: کثرت سے درود بھیجا کرو، دنیا سے دل نہ لگانا اور کھیل کود سے پرہیز کرنا۔ پھر میں نیند سے بیدار ہو گیا (الفکر الاعتبار)۔

٦٧۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کے ہمراہ ایک مرد کامل کو دیکھا جس کا خون عربی اور چہرہ نورانی تھا۔ میں نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں سلام عرض کیا۔ فرمایا: یہ خلیل الرحمٰن ابراہیم علیہ السلام ہیں ان کو سلام کرو۔ میں نے ان کو سلام کیا۔ پھر دونوں انبیاء علیہما السلام سے دعا کی درخواست کی۔ دونوں نے مجھے دعا دی۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے خاتمہ بالخیر کا ضامن ہوں، تم درود وسلام میں اضافہ کردو۔ میں نے عرض کیا: جب میں آپؐ پر درود وسلام بھیجتا ہوں تو کیا آپؐ سماعت فرماتے ہیں؟ فرمایا: ہاں! یہی نہیں تیری مجلس میں ملائکہ مقربین بھی حاضر ہوتے ہیں۔ پھر میں نے عرض کیا: آپؐ میرے ساتھیوں کے بھی ضامن بن جائیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: تیرے ساتھی بھی میری ضمانت میں ہونگے۔ پھر میں نے اپنے شیخ کی بابت پوچھا۔ آپؐ نے فرمایا: وہ اولیاء اللہ میں سے ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں چاہتا ہوں آپؐ ہر اس مسلمان کے ضامن ہوں جو درود وسلام پر لکھی گئی میری اس کتاب کو پڑھے۔ آپؐ نے فرمایا: میں اس کے پڑھنے والوں کا ضامن ہوں اور اس کا بھی جو اس کتاب میں لکھے گئے صیغوں کے ساتھ درود وسلام بھیجے، تم اس پر کاربند رہو اور اس میں کچھ اضافہ بھی کرو، جو مانگو گے ملے گا۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ (الفکر الاعتبار)

marfat.com
Marfat.com

۶۸۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ نے خواب دیکھا کہ ایک منادا اعلان کر رہا ہے کہ جو شخص حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کرنا چاہے میرے ساتھ ہو لے۔ میں اس کے ساتھ ہو لیا۔ پانی کا بہتا ایک چشمہ دیکھا جو دودھ سے زیادہ سفید، برف سے زیادہ ٹھنڈا اور شہد سے زیادہ شیریں تھا۔ وہاں حضور اقدس ﷺ حضرت جبریل امین علیہ السلام کے ہمراہ تشریف فرما تھے۔ میں نے عرض کیا: "الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ۔" آپؐ نے فرمایا: جبریل علیہ السلام کو سلام کرو۔ میں نے ان کی خدمت میں بھی سلام عرض کیا۔ پھر ہر دو حضرات سے دعا کے لیے کہا۔ دونوں نے میرے لیے دعا فرمائی، پھر میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! اپنے دست مبارک سے مجھے اس چشمے کا پانی پلا دیں۔ پس آپؐ نے مجھے تین چلو پانی پلایا۔ پھر میں نے جبریل علیہ السلام سے پانی پلانے کے لیے عرض کیا۔ حضور اقدس ﷺ نے بھی حکم فرمایا، پس انہوں نے بھی مجھے پانی پلایا اور پھر میں بیدار ہو گیا (الفکر الاعتبار)۔

۶۹۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ نے ایک رات حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا آپ میرے ضامن بن جائیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: مجھ پر کثرت سے درود و سلام بھیجا کرو، میں تمہارا بھی ضامن ہوں اور تمہارے ماں باپ کا بھی۔ پھر حضور اقدس ﷺ نے میرے آباؤ اجداد میں سے ایک ایک کا نام لینا شروع کیا۔ یہاں تک کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ تک پہنچ گئے۔ میں نے عرض کیا: میں ہر جمعرات آپؐ کی زیارت چاہتا ہوں۔ فرمایا: اگر یہ چاہتے ہو تو دن کو روزہ رکھو، رات کو قیام کرو اور مجھ پر بکثرت درود و سلام بھیجو (الفکر الاعتبار)۔

۷۰۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ نے خواب میں جنات کی ایک جماعت کو دیکھا جنہوں نے بجلی کی سی تیزی کے ساتھ مجھے مکہ مکرمہ پہنچا دیا۔ ہم سب نے طواف کیا۔ پھر پلک جھپکتے ہی ہم سب مدینہ منورہ کی مسجد نبوی ﷺ میں تھے۔ ہمارے بیٹھتے ہی ایک خوبصورت شخص ایک بڑے برتن میں ثرید اور شہد لایا۔ میں نے جنات سے پوچھا: تمہارا ٹھکانہ اور نسب کیا ہے؟ بولے ہم مدینہ طیبہ کے رہنے والے مسلمان جن ہیں۔ میں نے کہا: میں حضور اقدس ﷺ کا دیدار کرنا چاہتا ہوں۔ کہنے لگے کھانا کھالو، انشاء اللہ دیدار بھی ہو جائے گا۔ میں نے کھانا کھایا، پھر جوں ہی باہر نکلے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ ایک جماعت کے ہمراہ تشریف لا رہے ہیں اور ہر لحاظ سے سب پر فائق ہیں۔ جب حضور ﷺ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: احمد ساری نیکی دفعتاً سمیٹنا چاہتے ہو؟ اپنے نفس پر نرمی کرو، تم پر لازم ہے کہ عبادت خداوندی اور خدمت طلبہ کا شرف حاصل کرلو، صرف تمہارے پہلے ساتھی تمہارے ساتھ رہ جائیں گے، مجھ پر بکثرت درود پڑھا کرو، تمہارے لیے سب بہتری ہی بہتری ہے۔ پھر میں بیدار ہو گیا۔ (الفکر الاعتبار)۔

marfat.com
Marfat.com

۷۱۔ اردو کے صاحب طرز مشہور و معروف ادیب حضرت خواجہ حسن نظامیؒ دلی والے کی آپ بیتی پہلی بار ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۹۲۹ء میں شائع ہوئی تھی۔ یہ خواب وہیں سے پیش کیا جارہا ہے:۔

میری عمر دس سال تھی۔ رات کو خواب دیکھا کہ میں ایک پہاڑ پر ہوں۔ صبح صادق کا وقت ہے اور کچھ لوگ حلقہ بنائے ہوئے اس پہاڑ پر کھڑے ہیں جن کے وسط میں ایک صاحب ہیں، جن کو لوگ کہتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ ہیں۔ میں آدمیوں کا حلقہ چیر کر اندر گھس گیا اور حضور اقدس ﷺ کے چہرۂ انور کو دیکھنے لگا۔ میں نے دیکھا کہ اس وقت تک سورج نہیں نکلا ہے مگر حضور انور ﷺ کے چہرۂ مبارک پر دھوپ آرہی ہے۔ میں بے تاب ہو گیا اور میں نے اپنے دونوں ہاتھ پھیلا دیئے اور اُچک اُچک کر آپؐ کے چہرۂ مبارک پر چمکتی دھوپ روکنے لگا، چونکہ میرا قد چھوٹا تھا اس لیے ہاتھ چہرے تک نہ جا سکتے تھے، لیکن بار بار اچکنے سے میرا قد اونچا ہو گیا اور میں نے اپنے ہاتھوں سے حضور اقدس ﷺ کے چہرۂ مبارک سے دھوپ روک لی، جب دھوپ رک گئی تو میں بہت خوش ہوا اور حضور اقدس ﷺ نے تبسم فرما کر مجھے دیکھا۔ جس سے میں نے محسوس کیا کہ آپؐ میری اس خدمت سے خوش ہوئے ہیں۔ صبح میں نے اپنا یہ خواب اپنے استاد مرحوم حضرت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کو سنایا۔ انہوں نے فرمایا: تمہارے ہاتھوں دینِ اسلام کا کوئی رخنہ درست ہوگا اور وہ ایسا رخنہ ہوگا جس سے حضور سرور کائنات ﷺ کی روح مطہر کو اذیت ہو رہی ہوگی۔ ایسا ہی ہوا۔ خواجہ صاحب اپنے دور کے نامور مسلمان تھے اور انتہا درجہ پہلو دار شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کی دینی خدمات بھی نہایت نمایاں ہیں۔

۷۲۔ مدینہ منورہ میں ایک صاحب نسبت بزرگ نے خواب میں حضور ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ کی طرف سے حضرت مولانا مفتی محمود صاحب کو ان الفاظ میں پیغام بشارت دیا گیا۔ (عربی کے اس پیغام کا اردو ترجمہ) "میری طرف سے آپ کو سلام کہیں، ہر معاملے میں اللہ سے قوت و طاقت کے طلب گار ہوں، ہمیشہ حق بات کہیں، اللہ تعالیٰ سچ اور حق کہتا ہے اور وہی صحیح راستے کی رہنمائی کرتا ہے۔" جناب قاری سعید الرحمٰن (راولپنڈی) نے جب مفتی صاحب سے عرض کیا کہ سفرنامے میں اس کو شائع کیا جائے تو پہلے کچھ نہ کہا، جب ریاض جانے کے لیے مدینہ منورہ ائیرپورٹ کی طرف جارہے تھے تو از خود فرمایا کہ اس خواب کو مت لکھو، اس سے خود ستائی کا پہلو نہ نکل آئے (قومی ڈائجسٹ، لاہور۔ فروری ۱۹۸۱ء صفحہ ۱۷۸)۔ بقول جناب مجیب الرحمٰن شامی "وزیر اعلیٰ مگر چٹائی سے سروکار، تکلفات سے بیزار، بوریے پر دربار،

marfat.com
Marfat.com

عجب صاحب اختیار، غلام احمدؔ مختار۔"

مفتی صاحب صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ تھے۔ وزارت عالیہ کے دوران بھی آپ کے رہن سہن، طرزِ ملاقات اور اسلوبِ معاشرت میں ذرہ برابر فرق نہ آیا۔ اپنی سرکاری مصروفیات کے باوجود روزانہ سینکڑوں افراد سے ملاقات کر کے ان کے مسائل حل کرتے تھے۔ مہمان نوازی کا بھی وہی انداز برقرار رہا جو پٹھانوں کی روایت میں شامل ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو مفتی صاحب کی سی شاندار زندگی اور شاندار موت عطا فرمائے۔ آپ نے جو اصلاحی قدم اٹھائے ان میں سے چند یہ ہیں:-

۱۔ شراب کے استعمال پر مکمل پابندی

۲۔ اردو کو سرحد کی سرکاری زبان قرار دیا

۳۔ جہیز پر پابندی

۴۔ سرکاری لباس قمیص اور شلوار

۵۔ جمعہ کو ہفتہ وار تعطیل

۶۔ قمار بازی پر سختی سے پابندی

۷۔ احترام رمضان پر سختی سے عمل

۸۔ قرآنی تعلیمات عام کرنے کے لیے مدرسوں میں خصوصی انتظامات

۹۔ غریب طلباء کیلئے وظائف

۱۰۔ عربی مدارس کے فارغ التحصیل طلباء کے لیے یونیورسٹیوں میں داخلے کی اجازت

۱۱۔ غریب زمینداروں کو تقاوی قرضوں پر سُود کے لین دین پر پابندی وغیرہ

۷۳۔ مفتیٔ دمشق حامد آفندیؒ ایک مرتبہ سخت مشکلات میں مبتلا ہو گئے۔ وہاں کا وزیر ان کا سخت دشمن ہو گیا۔ ایک رات سخت بے چینی تھی کہ آنکھ لگ گئی اور حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ان کو تسلی دی اور یہ درود شریف سکھایا کہ جب تو اسے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ تیری مشکل حل کر دے گا۔ آنکھ کھل گئی۔ یہ درود شریف پڑھا تو مشکل حل ہو گئی۔ وہ درود شریف یہ ہے:

اللهم صلی و سلم و بارك علی سید نا محمد قد ضاقت حیلتی ادرکنی یا رسول الله

(ترجمہ) یا اللہ! ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر درود وسلام اور برکتیں بھیج۔ یا رسول اللہ (ﷺ)! دستگیری فرمایئے، میں اپنے حیلہ اور کوششوں میں ناکام ہو چکا ہوں"۔

marfat.com
Marfat.com

اکابرین ملت نے اکثر مشکلات میں اس کو پڑھا ہے۔ فتاویٰ شامی کے موئف علامہ سیّد ابن عابدینؒ کے ثبت میں اس کی باضابطہ سند موجود ہے (نفس صفحہ ۱۵۴)۔

پڑھنے کا طریقہ = نماز عشاء کے بعد تازہ وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ اخلاص (قل ھو اللہ احد......)۔ بعد سلام ایسی جگہ بیٹھے جہاں سوتا ہو اور صدق دل سے ایک ہزار مرتبہ استغفار پڑھے "استغفر اللہ العظیم۔" پھر دوزانو مؤدب بیٹھ کر یہ تصور کرے کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہو کر عرض کر رہا ہوں اور کامل توجہ کے ساتھ مذکورہ بالا درود شریف (صلوٰۃ حل المشکلات) پڑھنا شروع کرے۔ پڑھتا رہے یہاں تک کہ نیند کا غلبہ ہو، تو اسی جگہ دائیں کروٹ قبلہ رخ سو جائے۔ پڑھتے وقت اپنی حاجت یا مشکل کا دھیان رکھے۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات یا تین راتوں میں مُراد بر آئے گی۔ (سیارہ ڈائجسٹ۔ "دعا نمبر۔" صفحہ ۴۶۴ تا ۴۶۵)۔

۷۴۔ The Divine Quran (جلد اول)۔۔ اس انگریزی ترجمہ کے مترجم الحاج سردار عبد الحمید ایک ستر سالہ بزرگ ہیں جو پہلے مشرقی پاکستان میں مقیم تھے۔ ان کا بیان ہے کہ ۱۹۵۸ء میں انہیں حضور اقدس ﷺ نے خواب میں حکم دیا کہ وہ قرآن مجید کا ترجمہ کریں۔ چنانچہ انہوں نے ڈھاکہ میں ایک مسجد کے دو کمرے کرائے پر حاصل کر کے یہ کام شروع کر دیا۔ مشرقی پاکستان میں لوٹ مار اور دہشت گردی کے دوران ان کا تمام مال و اسباب ضائع ہو گیا، پس ستمبر ۱۹۷۱ء میں وہ کراچی آگئے اور دوبارہ یہ کام شروع کر دیا۔ اس پیرانہ سالی میں وہ ترجمہ، ٹائپ اور پروف ریڈنگ وغیرہ خود تن تنہا کر رہے ہیں۔ انہیں امید ہے کہ وہ پورے قرآن کریم کا ترجمہ آئندہ تین سال میں کر لیں گے۔ سیارہ ڈائجسٹ شمارہ جنوری ۱۹۸۵ء نے ترجمے کی جلد اوّل جو پہلے پانچ پاروں پر مشتمل ہے تبصرہ کرتے لکھا ہے کہ ترجمہ نہایت سلیس اور آسان انگریزی میں ہے۔ پہلے ہر آیت کا عربی متن درج ہے، اس کے سامنے انگریزی ترجمہ اور نیچے حاشیے میں اس کی تشریح کی گئی ہے۔ اسے "دار لسلام۔ ۵۔ ای۔ ۸ پاپوش نگر۔ کراچی ۱۸" نے شائع کیا ہے۔ ۱۷۲ صفحات اور ۱۸ روپیہ ہدیہ ہے۔

اللہ کرے سردار صاحب حیات ہوں اور مکمل ترجمہ شائع ہو چکا ہو۔ خواہش مند حضرات مذکورہ بالا پتے پر ناشر سے دریافت کریں۔

۷۵۔ حضرت مولانا محمد ایوب دہلویؒ ایک مرتبہ جناب ملّا واحدی سے اس قدر ناراض ہوئے کہ لکھا کہ مجھے آپ کی سیادت میں شک ہے جناب ملّا واحدی نے کہلوادیا کہ آپ کو حضور

marfat.com

Marfat.com

سرور کائنات ﷺ کی زیارت اکثر ہوتی ہے۔ اب ہو تو میری سیادت کی بابت آپؐ سے دریافت کرلیں، اگر آپؐ نے میرے سیّد ہونے کی تصدیق نہ فرمائی تو میں آئندہ اپنے تئیں سیّد نہیں کہوں گا۔ دوسرے ہی دن حکیم احمد حسن خان جو حکیم محمد سعید ستارۂ امتیاز کے طبی نائبین میں ہیں، جناب ملّا واحدی کے پاس مولانا محمد ایوب دہلویؒ کا خط لے کر آئے جس میں تحریر تھا کہ لمبی زیارت ہوئی۔ تم اور میر انوار احمد دونوں سیّد ہو۔ میں آج یا کل تم سے ملوں گا۔(ہمدرد ڈائجسٹ صفحہ ۲۴۔ دسمبر ۱۹۷۰ء شمسی۔ مدیر: حکیم محمد سعید ناظم آباد، کراچی)۔

جناب ملّا واحدی لکھتے ہیں کہ مجھے چودھویں صدی ہجری کے بڑے بڑے علماء و مشائخ سے شرف نیاز مندی رہا۔ میں نے علم کے سمندر کا غوطہ خور عالم اور غزالی صفت درویش مولانا محمد ایوب سے بڑھ کر نہیں پایا۔ مولانا دین کی تجارت نہیں کرتے تھے نہ مولویت کو پیشہ بنایا تھا۔ علم ان پر نازل ہوتا تھا۔ ان کا علم اکتسابی نہیں وہبی تھا۔ مولانا کھانے کے شوقین اور کھانا پکانے کے ماہر تھے۔ فریسکو کے مالک حافظ محمد سعید مولانا کے بھتیجے ہیں۔ان کی دکان کی مٹھائیاں بہترین ہوتی ہیں۔ مولانا محمد ایوب نے ۴ شوال ۱۳۸۹ھ میں بمقام کراچی رحلت فرمائی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

۷۶۔ امام شرف الدین محمد بن سعید بوصیریؒ ایک عارف باللہ اور عاشق رسول اللہ ﷺ تھے۔ آپ کی ابتدائی زندگی شعروشاعری اور دنیاداری میں گذری تھی۔ ابتدا میں وہ ایک قصیدہ گو درباری شاعر تھے لیکن تھے سعید الفطرت۔ وقت آیا تو ایک جملے سے ان کی زندگی میں انقلاب آگیا۔ مدح سرا اور ہجو گو یہ درباری شاعر ایک روز دربار شاہی سے گھر واپس جا رہے تھے کہ راہ میں ایک بزرگ نے ان سے کہا کہ آج رات تمہیں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہونی ہے۔ امام بوصیری نے یہ سن کر جواب دیا کہ میں کہاں اور یہ سعادت عظمٰی کہاں؟ لیکن ان کے نہاں خانۂ دل میں یہ جملہ عشق رسول اللہ ﷺ کی جوت جگا گیا۔ سوئے تو خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ اپنے صحابہ اکرامؓ کے جلو میں تشریف لائے ہیں جیسے کہ مہر جہاں تاب ماہ و نجوم کے جھرمٹ میں ہوتا ہے۔ بیدار ہوئے تو دل عشق رسول اللہ ﷺ کے کیف و سرور سے مسرور و معمور تھا، پھر یہ شیفتگی بڑھتی چلی گئی اور آپ نے شانِ رسالت مآب ﷺ میں مضریہ اور ہمزیہ جیسے قصائد کہے اور قصیدۂ بردہ شریف نے تو آپ کو زندۂ جاوید بنادیا۔(برکات بردہ از علامہ فضل احمد عارف۔ نذیر سنز۔ پبلشرز۔ لاہور۔ صفحہ ۲۹ تا ۳۰)۔

مولائی صل وسلم دائما ابداً ۔۔۔ علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۷۷۔ ایک دین دار خاتون نے خواب دیکھا کہ حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوریؒ آگئے

marfat.com
Marfat.com

آگے جارہے ہیں اور حضرت رسول اللہ ﷺ پیچھے پیچھے (اپنے گھر کے سامنے سے گذر رہے ہیں)۔ جب اس کی تعبیر شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیر الدین غور غشتیؒ سے دریافت کی گئی تو آپ نے فرمایا کہ اس میں حضرت رسول اللہ ﷺ نے یہ ظاہر فرمایا ہے کہ مولانا کامل پوری کا طریقہ مجھے پسند ہے، پھر حضرت شیخ الحدیث نے بطور مثال فرمایا کہ جیسے مولانا صاحب کی طبیعت میں خاموشی تھی تو یہ چیز اور ایسی ہی آپ کی دوسری عادات حضرت رسول اللہ ﷺ کو پسند تھیں۔ یہ خواب حضرت مولانا کامل پوریؒ کے وصال کے بعد دیکھا گیا تھا (تجلیات رحمانی یعنی سوانح حیات حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوریؒ مرتبہ قاری سعید الرحمٰن، جامعہ اسلامیہ، راولپنڈی۔ صفحہ ۴۳۴)۔

حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوریؒ ۲۷ اگست ۱۸۸۲ء کو بمقام بہبودی (ضلع کیمبل پور) میں پیدا ہوئے اور علم و تقویٰ کے باعث کیمبل پوری کی بجائے کامل پوری مشہور ہوئے۔ آپ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ اور سابق صدر المدرسین مظاہر العلوم (دیوبند ثانی) سہارنپور (یو۔پی، بھارت) کی حیثیت سے خصوصی طور پر مشہور ہوئے۔ تمام عمر درس و تدریس میں گذری۔ ۲۱ دسمبر ۱۹۶۵ء کو وصال فرمایا اور قبرستان بہبودی میں اونچی ڈھری پر سڑک کے قریب دفن کردیئے گئے۔ اس علاقہ میں اس سے پہلے اتنا بڑا جنازہ نہیں دیکھا گیا تھا۔ حضرت مولانا نصیر الدین (ملا نصیر اخوندؒ) نے نماز جنازہ پڑھائی تھی۔

۷۸۔ ایک صالح اور دیندار شخص حافظ فردوس نے خواب میں دیکھا کہ بہبودی کے غربی محلہ کی کسی جگہ پر ہوں کہ اچانک ڈھول باجے بجتے ہوئے آگئے۔ میں وہاں سے دوڑتا ہوا نکل گیا۔ اسی خواب میں سمجھتا ہوں کہ دوسرا دن ہے کہ میں پھر اسی جگہ ہوں اور پھر یہی سلسلہ شروع ہوا تو میں وہاں سے بھاگنے لگا۔ راستہ میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ چند بزرگوں کے ہمراہ ہیں۔ ان بزرگوں نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ یہ یہاں سے گانے بجانے کی وجہ سے بھاگتا ہے۔ آگے گیا تو حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوریؒ کو دیکھا جو مجھے اپنی بیٹھک میں لے گئے (تجلیات رحمانی صفحہ ۴۳۵)۔

۷۹۔ شیخ القرآن پیر محمد عبدالغفور چشتی ہزارویؒ نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ میدانِ قیامت ہے، نفسا نفسی کا عالم ہے اور لوگ بڑی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ میں خود حیران و پریشان ہوں کہ اتنے میں حضرت رسول اللہ ﷺ حضرت صدیق اکبرؓ کے ہمراہ تشریف لاتے ہیں اور مجھے فرماتے ہیں کہ چلو جنت کو چلیں اور میں ان کے ہمراہ ہولیا ("حضرت شیخ القرآن"

marfat.com
Marfat.com

از رانا منظور احمد خان صفحہ ۴۸)۔

۸۰۔ ایک شب جمعرات قبلہ عالم شیخ القرآن پیر محمد عبدالغفور چشتی ہزارویؒ نے خواب میں دیکھا کہ حضور انور ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔ آپ نے آگے بڑھ کر حضور اقدس ﷺ کے قدموں پر سر رکھ دیا اور یہ مصرع پڑھا

سر من فدائے راہے کہ سوار خواہی آمد

ترجمہ = (میرا سر اس راستہ پر قربان ہو جائے جس راستہ سے آپؐ سوار ہو کر تشریف لائے ہیں) یا رسول اللہ (ﷺ)! میری جان آپؐ پر قربان، میرا جسم آپؐ پر قربان، میرے ماں باپ آپؐ پر قربان۔ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ امامت کے واسطے مصلے پر تشریف لے گئے تو قبلہ عالم ہزارویؒ بھی آپؐ کے پیچھے آخری صف میں شامل ہو گئے۔ آپ نے دیکھا کہ حضور انور ﷺ کی گردن مبارک سب مقتدیوں سے بلند تھی۔ نماز کے بعد حضور اقدس ﷺ حضرت ہزارویؒ کی طرف تشریف لائے۔ موزے پہنے ہوئے تھے۔ آپؐ نے شیخ القرآن حضرت ہزارویؒ کو داہنے ہاتھ کی کلائی سے پکڑا اور فرمایا: جنت میں جانا ہے؟ حضرت ہزارویؒ نے فرمایا: حضور (ﷺ)! میری جنت تو آپؐ ہی ہیں، آگے آپؐ کی مرضی۔ حضرت ہزارویؒ نے جنت کی دیواریں دیکھیں اور عرض کیا کہ ان دیواروں سے کیسے گذروں گا؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: میرے ساتھ ہوتے ہوئے ان دیواروں کی فکر ہے؟ پھر پتہ نہیں کیسے گذر گئے۔ اس کے بعد آنکھ کھل گئی ("حضرت شیخ القرآن" یعنی حضرت پیر محمد عبدالغفور چشتی ہزارویؒ کے حالات زندگی معہ خطبات از رانا منظور احمد خان ایم اے، اسٹار پریس، ریلوے روڈ، وزیر آباد۔ صفحہ ۱۲۹ تا ۱۳۰)۔

شیخ القرآن پیر محمد عبدالغفور ہزارویؒ کیم اپریل ۱۹۱۰ء بروز جمعہ مولانا عبدالحمید ہزارویؒ کے گھر موضع چمبہ تحصیل ہزارہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم والد سے حاصل کر کے دیو بند پہنچے لیکن وہاں امتحانات شروع ہو چکے تھے اور مدرسے میں داخلے کی گنجائش نہ تھی۔ پس دہلی کے جامع العلوم میں داخلہ لیا اور پھر وہاں سے دارالعلوم بریلی میں اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خانؒ کے صاحبزادے مولانا حامد رضا خانؒ کے شاگرد بنے۔ بریلی سے فارغ ہو کر گجرات (پنجاب) میں سید پیر ولایت علی شاہؒ کے مدرسہ میں بطور معلم کام کرنے لگے۔ تھوڑے عرصے بعد ۱۹۳۵ء میں وزیر آباد کی سب سے بڑی جامعہ مسجد میں خطیب مقرر ہوئے اور بقیہ زندگی وہیں گذار دی۔ حسب معمول فجر کی نماز کے بعد سیر کو نکلے اور ۱۹ اکتوبر ۱۹۷۰ء بروز جمعہ جی ٹی روڈ پر نالہ پلکھو کے قریب ایک ٹرک کی زد میں آ کر شدید زخمی ہوئے۔ جانبر

marfat.com
Marfat.com

نہ ہو سکے اور کلمہ طیبہ کا ورد کرتے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ڈیڑھ لاکھ افراد نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ بچپن ہی میں قبلہ عالم حضرت پیر مہر علی شاہ (پیر صاحب گولڑہ شریف) سے بیعت کر لی تھی۔ پیر صاحب سے آپ کو بے حد عقیدت تھی۔

۸۱۔ یہ نسخہ ایک خدا رسیدہ بزرگ کو حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے حفظ ماتقدم کے طور پر خواب میں عطا فرمایا تھا اور مشتہر کرنے کی تاکید کی تھی۔ ان گولیوں کو مفت تقسیم کرنا چاہئے۔ اس متبرک نسخہ کو ایک خاص فضیلت حاصل ہونے کا فخر حاصل ہے جو یوں ہے:۔

ھوالشافی = نیم کے سبز پتے یا پھول جو بالکل تازہ اور ہرے بھرے ہوں، چرائتہ، شاہترہ، یہ تینوں چیزیں ہم وزن لے کر علیحدہ علیحدہ رات بھر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح نیم کے پتے یا پھول اسی پانی میں باریک پیس کر اس میں شاہترہ اور چرائتہ ملا دیں اور آگ پر پکائیں۔ جب خوب گاڑھا ہو جائے تو اتار کو وزن کریں اور اس میں فی تولہ چار رتی کے حساب سے زعفران ملائیں۔ بس تیار ہے۔ اب چاہیں اسی طرح رکھیں یا گولیاں بنالیں۔

خوراک = یہ دوا تین ماشہ چینی میں لپیٹ کر کھائیں۔ تین دن کا استعمال ہی کافی ہے۔ طاعون کے علاوہ دوسرے امراض میں بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

(خواص نیم (پمفلٹ نمبر ۲۷) از استاذ الحکماء حکیم محمد عبد اللہ جہانیاں (ضلع ملتان) والے۔ صفحہ ۸۶ تا ۸۷۔ ادارہ مطبوعات سلیمان۔ اردو بازار۔ لاہور)۔

۸۲۔ ملک دینار گچکی ولد ملا مراد گچکی کا دور ذکریوں کے انتہائی عروج کا دور تھا۔ مسلمانوں کو نمازی کہہ کر قابل گردن زدنی سمجھتے تھے۔ کوئی مسلمان نمازی ذکری آبادیوں میں جا نہیں سکتا تھا۔ اگر کوئی پہنچ جاتا تو معلوم ہونے پر اس کو قتل کر دیا جاتا تھا۔ فرائض اسلام کی بجا آوری مشکل ہو گئی تھی اور مسلمان انتہائی مشکل میں پھنسے ہوئے تھے۔ ذکریوں کی معاندانہ، مرتدانہ اور اسلام دشمن حرکات دیکھ کر حضرت شاہ فقیر اللہ علوی ثم شکارپوری ؒ کو سخت صدمہ تھا۔ ہر وقت اس بات کے خواہاں تھے کہ کوئی مسلمان حکمران ذکریوں کے ان علاقوں کو فتح کر کے اسلام کا بول بالا کرے اور ذکریوں کو کفر سے نکال کر زیور اسلام سے آراستہ کرے۔ چنانچہ ۱۱۶۲ھ مطابق ۱۷۴۸ء کو جب آپ حج بیت اللہ کے لئے حرمین شریفین تشریف لے گئے تو مواجہہ شریف پہنچ کر ذکریوں سے نجات اور اسلام کے غلبہ کے لیے دعا کی۔ حضور انور ﷺ نے وہیں آپ کو بشارت دی کہ میر عبداللہ خان براہوئی قلاتی کی اولاد میں سے کسی ایک کے ہاتھوں اللہ تعالیٰ اسلام کو غلبہ عطا فرمائے گا۔

تاریخ شاہد ہے کہ اس بشارت کے مصداق مجاہد عظیم، بطل جلیل، میر نصیر خان

marfat.com

Marfat.com

نوری ولد میر عبداللہ خان براہوئی قلاتی ٹھہرے۔ آپ حضرت شاہ فقیر اللہ علویؒ کے عقیدت مندوں میں سے تھے۔ آپ کے دور میں ذکریت بام عروج پر تھی۔ ذکریوں کا حکمران ملک دینار گچکی تھا اور وہی ذکری مذہب کا خلیفہ بھی تھا۔

اسی زمانہ میں حضور اقدس ﷺ نے خواب میں حکم فرمایا "اے نصیر خان! اٹھو اور ذکریوں کے خلاف اسلام کی سربلندی کے لیے جہاد کرو، اللہ تمہارا حامی وناصر ہوگا۔"

چنانچہ میر نصیر خان نے اللہ کا نام لے کر جہاد کی تیاری شروع کر دی اور ۱۱۸۸ھ مطابق ۱۷۷۴ء میں ذکریوں کے دارالحکومت "تربت" کے قریب اپنے لشکر کے ساتھ پہنچ کر ملک دینار کو دعوت دی۔ ذکری میر نصیر خان کے شہر پر حملہ نہ کرنے کو ان کی بزدلی اور ملک دینار کی کرامت سمجھے اور اس رات ذکریوں نے چوگان کھیلتے ہوئے۔ یہ شعر پڑھا:

؎ دین داعی چونکہ برمایار شد تخت مکران بر ملک دینا رشد

(ترجمہ) جب ہمارے دین کے داعی نے ہماری مدد کی۔ مکران کی حکومت ملک دینار کے لیے ہوگئی۔

میر نصیر خان نے اس شعر کو نوٹ کیا اور مجبور ہو کر بالآخر ملک دینار کے مقابلے کے لیے نکلا اور شکست دے کر اسے گرفتار کر لیا۔ تین دن تک اس کو دعوت اسلام دی گئی مگر وہ کٹر بے دین اسلام کا انکار کرتا رہا۔ اس کا بڑھاپا بھی تھا، آخر کار اسکا سر قلم کر دیا گیا اور سر قلم کرتے وقت میر نصیر خان نے یہ شعر پڑھا:

؎ دین احمدؐ چونکہ برمایار شد طوق لعنت بر ملک دینار شد

(ترجمہ) حضرت احمد (ﷺ) کے دین نے ہماری مدد کی۔ لعنت کا پھندا ملک دینار کی گردن میں پڑا۔

خان آف قلات وسابق گورنر بلوچستان میر احمد یار خاں مرحوم لکھتے ہیں: "میر نصیر خان نوری نے پورے دور حکومت میں تلوار ہاتھ میں لے کر بے شمار محاذوں پر جذبہ، جہاد اور شجاعت وبہادری کے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ خواب میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور اشارہ پاکر دین اسلام کی تبلیغ اور بلوچستان کے ذکری فرقے کی بیخ کنی کے اقدامات کیے اور قدم قدم پر کامرانی و سرخروئی نے ان کا ساتھ دیا۔ ان اقدامات اور کارناموں سے متاثر ہو کر خلافت ترکیہ نے ان کو "غازی دین" اور "ناصر ملت محمدیہ" جیسے مہتم بالشان خطابات عطا کیے۔ (تاریخ خوانین بلوچ صفحہ ۴۶) (مختصر تاریخ۔ قوم بلوچ وخوانین بلوچ صفحہ ۴۳) (ذکری مذہب اور اسلام از مولوی عبدالمجید بن مولوی محمد اسحٰق۔ صدیقی

marfat.com
Marfat.com

ٹرسٹ کراچی۔ صفحہ ۲۹ تا ۳۲ سے ماخوذ)۔

۸۳۔ مولانا شاہ محمد لکھتے ہیں کہ ۱۹۴۴ء کے لگ بھگ میں ضلع جھنگ میں جامعہ محمدی کا میں طالب علم تھا، بعد میں مدرسہ قاسم العلوم، ملتان میں داخل ہوا، جہاں سیّد عطاءاللہ شاہ بخاریؒ ہمارے استاد تھے۔ آپ نے ایک مرتبہ فرمایا: مودودی بہت وضعدار آدمی ہے۔ ایک مرتبہ کسی نے مولانا سے عرض کیا کہ مولانا غلام غوث ہزاروی آپ کے اہل خاندان کے بارے میں اس قسم کی باتیں کرتے ہیں۔ آپ اس کو جواب کیوں نہیں دیتے؟ اس پر آپ نے فرمایا: "ہمارے خاندان میں یہ زبان استعمال نہیں ہوتی۔" اپنے بدترین مخالف کے بارے میں مولانا کے یہ سخت ترین الفاظ تھے۔ مولانا قرآنی آیات کا بہت زیادہ ادب واحترام کرتے تھے۔ جن دنوں بیمار تھے۔ میں نے ان سے تفسیر قرطبی کے ایک عمل کا ذکر کیا جو لاعلاج مرض کے لیے ہے اور پندرھویں پارے کی سورۂ بنی اسرائیل میں اس کا ذکر ہے۔ میں نے مولانا کو وہ عمل شروع کرنے کی ترغیب دلائی تو آپ نے جواب دیا: "میں یہ تصور بھی نہیں کرسکتا کہ قرآن پاک کی آیت پانی میں گھولی جائے اور میں اس سے نہاؤں، میرے لیے مرض میں مبتلا رہنا اس سے کہیں بہتر ہے۔"

مولانا خواب کی بہت اچھی تعبیر بتایا کرتے تھے۔ ۱۹۶۸ء میں میں نے خواب دیکھا کہ ایک وسیع و عریض میدان میں کوئی شخص پاؤں پھیلائے بیٹھا ہے۔ میرے رفیق مولانا عبدالرحمن میرے ساتھ تھے۔ میں نے ان سے پوچھا: یہ شخص کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: "یہ شخص محسن انسانیت (ﷺ) ہیں۔" میں فوراً آپؐ کے قدموں میں گر گیا اور دریافت کیا "یا رسول اللہ (ﷺ)! ہم نے آپؐ کا جو حلیہ پڑھا اور سنا ہے یہ تو اس سے مختلف ہے۔" اس پر آپؐ نے فرمایا: "میں غلام احمد پرویز کی وجہ سے تکلیف میں ہوں۔"

میں دراصل ان دنوں پرویز صاحب کا درس سننے جایا کرتا تھا جو میری مسجد (ان دنوں مولانا شاہ محمد، جامعہ مسجد گلبرگ بی بلاک، لاہور کے امام تھے) کے قریب ہی رہتے تھے اور ان کے خیالات سے میں خاصا متاثر تھا۔ میں نے اس خواب کی تعبیر حضرت مولانا مودودیؒ سے پوچھی تو آپ نے فرمایا: "آپ حج کریں گے۔" میں نے اپنے مالی حالات بیان کرتے ہوئے کہا کہ حج پر جانے کا دور دور امکان دکھائی نہیں دیتا، اس پر مولانا نے فرمایا: "اللہ کارساز ہے۔" چند ہی دن بعد لاہور ری رولنگ ملز کے مالک میاں محمد اسلم نے نماز جمعہ کے بعد مجھ سے پوچھا: "آپ کا حج کے بارے میں کیا ارادہ ہے؟"۔ میں نے کہا: "کس مسلمان کی یہ آرزو نہیں کہ وہ حج کرے۔" یہ سن کر وہ چلے گئے اور شام کو میرے نام ایک چیک بھیج دیا اور

marfat.com
Marfat.com

اس طرح میں حج کی سعادت سے فیض یاب ہوا (اردو ڈائجسٹ "قائد انقلاب سید مودودی نمبر۔ ستمبر ۱۹۸۱ء صفحہ ۱۵۲ تا ۱۵۳)۔

۸۴۔ حضرت علیؓ کے دور خلافت میں حضرت حسن بن علیؓ نے ایک خطبے کے دوران اپنا ایک خواب بیان کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس عالم اسباب میں جو کچھ ہوتا ہے اس کی ایک ظاہری شکل ہوتی ہے اور ایک باطنی حقیقت ہوتی ہے۔ حضرت حسنؓ نے فرمایا:

"لوگو! میں نے کل رات ایک عجیب و غریب خواب دیکھا۔ میں دیکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی عدالت لگی ہوئی ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ تشریف لاتے ہیں اور عرش کا ایک پایہ پکڑ کر کھڑے ہو جاتے ہیں، پھر حضرت ابو بکرؓ آتے ہیں اور حضور ﷺ کے شانہ مبارک پر اپنا ہاتھ رکھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں، پھر حضرت عمرؓ آتے ہیں اور وہ حضرت ابو بکرؓ کے شانہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں، پھر اچانک حضرت عثمانؓ اس حال میں آتے ہیں کہ ان کا کٹا ہوا سر ان کے ہاتھوں پر رکھا ہوتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں فریاد کناں ہوتے ہیں کہ اے پروردگار! اپنے ان بندوں سے جو تیرے نبی آخر الزماں ﷺ کے نام لیوا ہیں اور خود کو مسلمان کہتے ہیں، ان سے پوچھا جائے کہ مجھے کس گناہ کی پاداش میں قتل کیا گیا؟ میرا آخر کیا گناہ تھا؟ کون سا جرم تھا جس کے بدلے میں میرا سر کاٹا گیا؟"۔ اس کے بعد حضرت حسنؓ بیان کرتے ہیں حضرت عثمانؓ کی اس فریاد پر میں نے دیکھا کہ عرش الٰہی تھرایا اور آسمان سے خون کے دو پرنالے جاری کر دیئے گئے جو زمین پر خون برسانے لگے۔"

(ماہنامہ قومی ڈائجسٹ۔ لاہور مارچ ۱۹۸۴ء کا "حضرت عثمان غنیؓ" نمبر۔ صفحہ ۲۱۰)۔

۸۵۔ جولائی ۱۹۷۰ء میں منارہ ضلع جہلم (اب چکوال) میں جماعت کے اجتماع کے موقع پر ایک دن دربار نبوی ﷺ میں حج کا معاملہ پیش ہوا۔ عرض کیا: حضور (ﷺ) مروجہ قانون کے مطابق بحری راستے سے بلاد عرب آنا مشکل ہے، کئی مرتبہ درخواستیں دیں مگر قرعہ اندازی میں نام نہیں آیا۔ اس پر حضرت رسول ﷺ نے فرمایا: اس دفعہ ضرور آؤ خواہ کوئی راستہ اختیار کرنا پڑے۔ چنانچہ اعلیٰ حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے فرمایا: "پاسپورٹ تیار کراؤ اور قرعہ اندازی کا خیال چھوڑ دو۔ اب تو بلاوا آگیا ہے، اس لیے جانا ضرور ہے۔" ۲۵ جنوری ۱۹۷۱ء عصر کے قریب مکہ مکرمہ پہنچ کر حرم شریف میں داخل ہوئے تو آواز آئی "مرحبا۔ اھلاً و سھلاً۔" اس آواز کو چند دوسرے ساتھیوں نے بھی سنا۔

ایک روز حرم میں بیٹھے تھے تو حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے فرمایا: "مطاف میں بے شمار انبیا کے انوار نظر آتے ہیں،" پھر فرمایا: "غالباً ۹۹ انبیاؑ یہاں مدفون ہیں (تفسیر

marfat.com
Marfat.com

مظہری جلد ۳ صفحہ ۳۶۹)۔ بیت العتیق کی تعمیر اور چاہ زم زم کے جاری ہونے سے پہلے یہاں تشریف لائے اور یہیں وصال فرمایا۔ معلوم ہوتا ہے کہ جن انبیاؑ کی قوموں پر عذاب الٰہی نازل ہوا، نزول عذاب سے پہلے وہ یہاں چلے آئے اور یہیں داعی اجل کو لبیک کہا۔ فرمایا: "کوئی پندرہ صاحب کتاب رسول ہیں۔ باب کعبہ سے مقام ابراہیم تک ایک قطار میں بہت سے انبیاءؑ کے انوار نظر آتے ہیں۔ باب کعبہ کے عین نیچے حضرت ہود علیہ السلام دفن ہیں۔ مقام ابراہیم سے متصل حضرت صالح علیہ السلام ہیں۔ رکن یمانی سے حجر اسود کی طرف کوئی تین گز کے فاصلے پر حضرت داؤد علیہ السلام کا مدفن ہے۔ حطیم میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور حضرت ہاجرہ علیہما السلام مدفون ہیں۔" جنت المعلیٰ جاتے ہوئے پُل کے قریب پہنچے تو حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے آواز دی، پھر ہر طرف سے آوازیں آئیں۔ مرحبا! مرحبا! ایک جگہ کھڑے ہو کر فاتحہ پڑھی اور تمام ارواح کو ایصال ثواب کیا۔ پھر حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے مزار پر گئے۔ ان کے ساتھ ہی حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کی قبر ہے۔ دیکھا کہ کافی شیعہ حضرات سیاہ لباس میں ملبوس وہاں جمع ہیں۔ نور بصیرت سے دیکھا تو دونوں قبریں خالی پڑی ہیں۔ دونوں حضرات علیٰحدہ چلے گئے ہیں۔ اس کی وجہ شیعہ حضرات کی موجودگی تھی۔ فرمایا: کہ رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان کی جگہ دیکھو۔ رکن یمانی سے تیسرے اور چوتھے مصلے کے درمیان جو سفید جگہ ہے یہاں حضور انور ﷺ تیرہ سال ذکر الٰہی میں مشغول رہے تھے۔ حضور اکرم ﷺ کے انوار کی بارش ہو رہی ہے۔ حرم میں نماز کے لیے جو جگہ منتخب کی وہاں شام کو مجلس ذکر ہوئی۔ جب مراقبہ میں مسجدِ نبویؐ پہنچے تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ نماز کے لیے اس جگہ کا تعین اور قیام کے لیے مکان کا انتخاب یوں اتفاقاً ہی نہیں ہوا بلکہ سنت کی پیروی کرانا مقصود تھی۔ نماز کی جگہ وہ ہے جہاں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور حضرت ہاجرہ علیہما السلام پہلی مرتبہ آکر اترے تھے اور مکان سے سنت صدیقی کی پیروی کرائی تھی کہ وہ اسی راستے سے حرم میں آتے تھے۔ یہ اس لیے ہوا کہ ان سے تمہارا قلبی تعلق اور پختہ ہو۔ مسجد خیف گئے۔ اس کی محراب کے پیچھے حضرت آدم علیہ السلام دفن ہیں۔ قبلہ رو ہو کر دیکھا جائے تو محراب کے بائیں جانب مسجد کی دیوار سے باہر مدفن متصل ہے۔ (مسجد خیف مسالک ملا علی القاری صفحہ ۱۵۷ وفیہ قبر آدم علیہ السلام)۔

پہاڑ سے متصل مسجد کی دیوار کے ساتھ بارہ انبیاء علیہ السلام دفن ہیں، جن میں پانچ صاحب کتاب ہیں۔ آخری کونے سے آواز آئی "انا نوح"۔ "وہاں گئے اور دیر تک مراقبہ کیا اور حضرت نوح علیہ السلام سے کلام ہوتا رہا۔ آپ نے فرمایا: "مفسرین قرآن نے میری قبر کی

marfat.com
Marfat.com

نشاندہی جو مختلف مقامات پر کی ہے، بالکل غلط ہے۔" جبلِ رحمت پر جہاں مینار بنا ہوا ہے اس کے پاس ہی ایک صاحبِ کتاب رسول دفن ہیں۔ اس مینار کی جگہ حضرت آدمؑ کو یہ کلمات سکھائے گئے تھے: "ربنا ظلمنا انفسنا......الخ (سورۃ الاعراف آیت ۲۳)۔

وقوفِ عرفات سے واپسی کے وقت حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے ہم سب سے فرمایا "مبارک ہو۔" (اسرار الحرمین یعنی ملفوظات اعلیٰ حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب دامت برکاتہم مرتبہ حافظ عبدالرزاق صاحب، الحسنات منزل، چکوال۔ صفحہ ۶۴ تا ۶۶)۔

۸۶۔ ۱۷ فروری بروز چہار شنبہ ۱۹۷۱ء بعد اشراق مسجد نبویؐ میں حاضری دی۔ حضور اقدس ﷺ کی پائنتی گیلری میں بیٹھ کر ذکر اور مراقبات کیے۔ دربار نبویؐ میں حاضری ہوئی تو حضور اقدس ﷺ کے فرمان کے مطابق جماعت میں موجود نو افراد کی تجدید بیعت ہوئی۔ پھر جنت البقیع حاضر ہوئے۔ حضرت ابو سعید خدریؓ کے مزار کے پاس گئے تو آپ نے فرمایا: اگر حالات اجازت دیتے تو تم لوگوں کو یہاں بیٹھنے کی دعوت دیتا۔ حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے مزار پر حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: میرے بیٹو! تم سڑک سے پرے الگ کھڑے ہو جاؤ، یہاں روافض کا ہجوم ہے۔ عرض کیا: کچھ گفتگو کرنی ہے۔ فرمایا: "یہاں روافض کی نحوست برس رہی ہے، تمہاری گفتگو متاثر ہو گی، علیحدگی میں گفتگو کر لینا۔" جمعہ کے دن مسجد نبویؐ میں پہنچ کر حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں گزارشات کیں۔ آپؐ نے فرمایا: "حدیث میں جن لوگوں کا ذکر ہے ان سے تمسک کرنا، کتاب و سنت سے تمسک کرنا ہے۔" عرض کیا: ایک روایت میں کتاب اللہ کے بعد اہل بیت کا ذکر ہے اور ایک روایت میں سنتی کا ذکر ہے۔ یارسول اللہ (ﷺ)! ان میں تطابق کیسے ہو؟" آپؐ نے فرمایا: "اصل چیز کتاب کے بعد سنت ہے مگر سنت احکام اور اعمال کے مجموعے کا نام ہے، جو لوگ میری سنت کے احکام اور اعمال کے مطابق زندگی ڈھال لیتے ہیں وہ دراصل سنت کی زندہ تفسیر ہوتے ہیں، اس لیے سنت اور حامل سنت کے ذکر میں کوئی تعرض نہیں اور اہل بیت سے مراد چند مخصوص افراد نہیں ہیں بلکہ اس میں عموم ہے، خواہ ان کا مجھ سے خونی اور نسبی تعلق ہو یا نہ ہو، لہٰذا اہل بیت سے مراد وہ تمام صحابہؓ اور میرے گھر کے لوگ ہیں جو میری سنت کے حامل ہیں، یہ سب اہل بیت میں آتے ہیں۔"

عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! اہل بیت کا لفظ قرآنی عرف میں ازواج اور گھر میں بالعموم رہنے والوں کیلئے بولا جاتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ "خاص کو عام شامل ہوتا ہے۔ عرف قرآنی میں ازواج اور عموماً گھر میں رہنے والوں کے لیے اہل بیت کا لفظ استعمال ہوا ہے خصوصاً، مگر عام امت میں سے جو متبعین کتاب و سنت ہیں وہ عموماً اہل بیت میں داخل ہیں۔" عرض کیا یا

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ (ﷺ) ! شیعہ لوگ تو اس سے بارہ امام مراد لیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: "اس تخصیص کا قرینہ کون سا ہے؟ اگر اہل بیتؑ سے مراد نسبی اولاد ہی لی جائے تو میری اولاد میں سے صرف بارہ کو شامل کرنا اور باقی کو چھوڑ دینا اس کے بطلان کی دلیل ہے۔" عرض کیا: کیا اتباع سبیل المومنین چھوڑ دینے کا نام ہی رسولؐ کی مخالفت ہے اور اس کا نتیجہ جہنم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "یہ درست ہے۔" (سبیل المومنین وہی سابقوں الاوّلون کا عمل ہے، پھر تابعین اور تبع تابعین کا طریقہ ہے، تو جس نے صحابہ اکرامؓ کا طریقہ چھوڑا وہ مخالف رسول (ﷺ) ہے اور اس کے لیے جہنم کی آگ تیار ہے، یہی اہل سنت والجماعت کا مذہب ہے جس پر نص صریح شاہد ہے)۔

حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں تو شروع سے ہی بساط بھر فتنوں کی روک تھام میں لگا ہوا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: "تمہاری تبلیغ اور دین کی طرف سے مدافعت کی رپورٹ مجھے پہنچتی رہتی ہے، میں اس سے بہت خوش ہوں، اللہ تمہاری مدد کرے گا، اصلاح خلق کے لیے تمہارا موجودہ طریقہ مجھے بڑا پسند ہے۔" ہم مسجد قبا کی جنوبی سمت گئے تو دار کلثوم کے پاس ایک گنبد والا مکان نظر آیا۔ حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے فرمایا: "یہاں حضرت سعدؓ دفن ہیں۔" جبلِ اُحد پر گئے تو حضرت نے فرمایا کہ جبل الدماۃ پر درہ کے دائیں جانب حضرت ہارون علیہ السلام دفن ہیں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب سے فرمایا: "بڑی خوش نصیب ہے یہ جماعت جو آپ کی قیادت میں میری زیارت کو آئی ہے، انہیں وہ انعام دیا گیا جس کا شکر تمام عمر ادا نہیں کر سکتے۔" (اسرار الحرمین صفحہ ۶۷ تا ۷۷ سے ماخوذ)۔

مشاہدات = حرمین شریفین میں کچھ ایسے منظر دیکھنے میں آئے جنہیں دیکھ کر یہ احساس ہوا کہ اگر کسی ملک میں اسلامی قانون رائج ہو تو اس کی کم سے کم برکات یہ ہیں کہ انسان کی انفرادی اور سماجی زندگی اس اطمینان سے گذرتی ہے جس کے لیے انسانیت ترس رہی ہے۔ مثلاً گاڑی کے حادثہ میں کوئی جانی نقصان ہو جائے تو قانون کی رو سے کم از کم اٹھارہ ہزار ریال جرمانہ ادا کرنا ہوتا ہے اور وہ ڈرائیور پھر عمر بھر موٹر نہیں چلا سکتا۔ یہاں مجرم کو سرعام سزا دی جاتی ہے۔ قاضی فیصلہ سناتا ہے اور اگر مجرم قاتل ہے تو اس کی گردن اڑا دی جاتی ہے، اگر چور ہے ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان جرائم کی سزا کا جو یہ طریقہ رکھا ہے اس میں حکمت یہی ہے کہ وہاں جرائم بہت کم ہوتے ہیں۔ یہ اسلام کے قانون انصاف اور قانون سزا کی برکت ہے کہ وہاں لوگوں کی جان و مال اور عزت و آبرو محفوظ ہے۔

ایک روز مسجد نبویؐ میں روضہ مبارک کے نزدیک حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

عنہا کے پاس روافض کا ایک گروہ نعرہ بازی کرنے لگا۔ امام مسجد نے حکم دیا، سپاہی آگئے اور ڈنڈے مار مار کران کو وہاں سے نکال دیا۔ معلوم ہوا کہ یہاں امام کی حیثیت جج اور مجسٹریٹ کی ہے اور حضور انور ﷺ کی بے ادبی کرنا گویا جرم قابل دست اندازی پولیس ہے۔ مسجد نبویؐ میں دفع صوت پر روافض کو جو سزا دی گئی اس سے معلوم ہوا کہ سعودیوں کا عقیدہ حیاۃ الانبیاءؑ کا ہے اور انکا یہ عقیدہ بھی ثابت ہوا کہ مسجد نبویؐ میں درود پڑھا جائے یا کسی قسم کی آواز بلند کی جائے تو اس کو نبی کریم ﷺ خود سنتے ہیں ورنہ ان کو سزا نہ دی جاتی (اسرار الحرمین صفحہ ۷۸ تا ۸۰ سے ماخوذ)۔

۸۷۔ ایک صاحب کشف بزرگ نے سیّد الانبیاء ﷺ کو قطب العالم حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا قدس سرہ کے متعلق امام عصر و برکۃ دہرہ کا خطاب دیتے سنا جس کا اثر محدث شہیر علامہ محمد یوسف بنوریؒ پر اس طرح ہوا کہ انہوں نے نام نامی کے ساتھ برکۃ الدھر لکھنا شروع کر دیا تھا (محبتیں حصہ اول یعنی محبوب العارفین قطب العالم حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا دامت برکاتہم سے اللہ کے محبوبوں کی محبتیں صفحہ ۴۹، مرتبہ محمد اقبال، ادارہ اسلامیات، ۱۹۰۔ انار کلی، لاہور)۔

۸۸۔ ایک بزرگ نے مکاشفہ میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ فرما رہے ہیں کہ مجھے ان (حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا دامت برکاتہم) کی یہ ادا بہت پسند ہے کہ کوئی وقت ضائع نہیں کرتے (محبتیں حصہ اول صفحہ ۵۱)۔

حضرت شیخ الحدیث کے دادا عارف باللہ حضرت مولانا محمد اسمٰعیل قدس سرہ کو جب آپ کی ولادت کی خبر ملی تو زبان سے بے اختیار نکلا: "ہمارا بدل آگیا" اور اسی ماہ رحلت فرمائی۔ آپ کو سلوک کے اشغال اختیار کیے بغیر ہی سلوک کا منتہا "احسان" کا درجہ حاصل تھا۔ حضرت شیخ الحدیث کی تصانیف عالیہ اور تالیفات مبارکہ کی تعداد ایک سو کے قریب ہے۔ چوبیس گھنٹوں میں کوئی وقت ایسا نہیں گذرتا جس میں دنیا کے کسی نہ کسی ملک میں آپ کی کوئی نہ کوئی کتاب نہ پڑھی جاتی ہو۔ حضرت شیخ الحدیث ابن حضرت علامہ محمد یحیٰی کاندھلوی قدس سرہ کی ولادت باسعادت شب ۱۱ رمضان المبارک ۱۳۱۵ھ بعد تراویح بمقام کاندھلہ (یو۔پی، بھارت) ہوئی تھی۔ آپ نے یکم شعبان ۱۴۰۲ھ کو مدینہ طیبہ میں وصال فرمایا اور جنت البقیع میں دفن کیے گئے۔

۸۹۔ حضرت امام بخاریؒ جب ۱۷ سال کے ہوئے تو والدہ ماجدہ اور بڑے بھائی احمد کے ہمراہ حج کیا۔ مناسک حج ادا کرنے کے بعد مدینہ منورہ میں روضہ رسول (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و

marfat.com
Marfat.com

سلاماً) پر حاضری دی۔ خواب میں حضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت ہوئی اور ارشاد ہوا:
"یہیں مدینہ میں ٹھہر جاؤ اور علم حدیث کی لافانی خدمت سرانجام دو۔" بموجب حکم رسول اللہ ﷺ آپ مدینہ طیبہ میں رک گئے اور آپ کی والدہ ماجدہ اپنے بڑے بیٹے احمد کے ہمراہ بخارا لوٹ گئیں۔ حضرت امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ایک شب میں نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں اور میں آپؐ کے قریب سے مکھیاں اڑا رہا ہوں۔ ایک عالم نے اس خواب کی یہ تعبیر بتائی کہ خواب دیکھنے والا حضرت رسول اللہ ﷺ سے جھوٹی روایتوں کو دُور کرے گا۔ اس تعبیر سے حضرت امام بخاریؒ کی ہمت بڑھ گئی اور آپ نے احادیث جمع کرنی شروع کر دیں۔ روایت ہے کہ ہر حدیث پر شب کو خواب میں بارگاہِ رسالت مآب ﷺ سے تصدیق کی سند ملتی تھی۔ مدینہ منورہ میں قریب ۲۵ سال آپ کا قیام رہا۔ اس قیام کے دوران ہی "صحیح بخاری" عرب کے باہر بھی اسلامی درسگاہوں میں شامل نصاب ہو چکی تھی۔ آخر ایک رات آپ کو بارگاہِ رسالت (ﷺ) سے حکم ہوا کہ اب بخارا واپس جاؤ اور علم حدیث کی اشاعت کرو۔

سیّد المحدثین، مصباح المتکلمین، حضرت امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ نے ۹۲ ہزار کے قریب علمائے حدیث زیورِ علم سے آراستہ کر کے دنیا کو دیئے۔ آپ کے عظیم شاگردوں میں چند گوہر نایاب یہ بھی ہیں: حضرت امام مسلمؒ، امام ترمذیؒ، امام نسائیؒ، امام دارمیؒ، امام ابوداؤدؒ اور ابن ماجہؒ۔ "صحیح بخاری" ترتیب دیتے وقت ہمیشہ روزہ رکھتے، حدیث نقل کرنے سے پہلے غسل فرماتے، پھر دو رکعت نفل پڑھ کر حدیث کو اس مجموعے میں نقل کرتے تھے۔ صحیح بخاری کے ترجمے دنیا کی ۵۵ زبانوں میں ہو چکے ہیں اور اس کی ۱۲۵ شرحیں لکھی جا چکی ہیں۔
آپ نے فن حدیث کو باضابطہ "علم سائنس" بنا دیا۔ اس کے لیے باقاعدہ اصول و ضوابط اور قوانین مرتب کیے۔ راویوں کو پرکھنے کے لیے علم الرّجال پر ایک کتاب مرتب کی جو "تاریخ الکبیر" کے نام سے معروف ہے۔ راویانِ حدیث پر قانونی اور اصولی بحث کے لیے ایک جامع کتاب ترتیب دی جو "تاریخ الصغیر" کہلاتی ہے۔ راویانِ حدیث کے نام اور کُنیت کی سند پر ایک کتاب لکھی جو "کتاب الکنیٰ" کے نام سے مشہور ہے۔ ضعیف روایات کی جانچ پڑتال کے لیے "کتاب الضعفاء" ترتیب دی۔ علم حدیث کی حفاظت، تصحیح اور تکمیل و تربیت کے لیے بے شمار علوم ایجاد کیے۔ آپ کی تصانیف میں الادب المفرد، برّالوالدین، خلق العباد، کتاب الاشربہ، کتاب الواحدان اور اسامی الصحابہؓ بھی مشہور ہیں۔

عُمر کے آخری ایام میں [illegible] ف ابجد آپ کی ولادت

marfat.com
Marfat.com

"صدق"، پوری زندگی "حمید" اور سال وصال "نور" ہے۔ عید الفطر کے روز علم حدیث کا یہ آفتاب جہاں تاب اور بحر علم کا گوہر نایاب بعمر ۶۲ سال ۲۵۶ھ میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے روپوش ہو گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ وصال سے چند لمحے پہلے اپنے چند عظیم تلامذہ کے سامنے جو اس وقت موجود تھے آپ نے زبان عربی یہ قطعہ پڑھا جس کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:
فراغت میں رکوع و سجود کو غنیمت خیال کر، ایسا نہ ہو کہ اچانک موت آ جائے۔ میں نے کتنے ہی بالکل تندرست ایسے دیکھے ہیں کہ ان کی جان دفعتہً نکل گئی۔ (حضرت امام بخاری از ضیا الحسن فاروقی ایم اے سے ماخوذ۔ سیارہ ڈائجسٹ۔ فروری ۱۹۷۸ء۔ صفحہ ۷۵ تا ۷۷)۔

۹۰۔ سیدی ابوالمواہب شاذلی قدس سرہ' نے اپنی کتاب "المراتی العلویہ" میں ایک سو سے زیادہ اپنے وہ خواب بیان کیے ہیں جن میں ان کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے۔ دسواں خواب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بروز جمعہ ۲۰ ذیقعدہ ۸۵۱ھ کو نماز چاشت کے بعد مجھے اپنے گھر میں حضور انور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "میں نبی ہوں، البطحی ہوں، میں زمزمی ہوں اور میں بلا فخر اولاد آدم کا سردار ہوں۔ میری سیادت، عبودیت کے ہمراہ ہے، میرے پروردگار نے مجھے اختیار دیا ہے کہ چاہوں تو بلا شرکت غیرے بادشاہ بن کر رہوں یا چاہوں تو عبدیت کو اپنا لوں چنانچہ میں نے عبدیت ہی کو اپنایا، یہی میرا سب سے بڑا شرف ہے اور یہی میرے اور پروردگار کے درمیان واسطہ وذریعہ ہے۔"

سیدی ابوالمواہب شاذلیؒ نے جو کچھ بھی اس خواب میں بیان فرمایا ہے وہ تمام حضور اکرم ﷺ سے مروی احادیث کے عین مطابق ہے۔ آپؐ کو خواب میں دیکھنا برحق ہے۔

۹۱۔ تحریک نظام مصطفٰے (ﷺ) زوروں پر تھی۔ گاؤں کے رہنے والے جیسے سیدھے سادے ہوتے ہیں، رانا سرور بھی ان پڑھ اور سیدھے سادے ہیں۔ ان کی آنکھوں میں آنسو تھے، جب انہوں نے اپنا یہ واقعہ سنایا:-

میں ان دنوں ٹرک ڈرائیور تھا، میرے ٹرک کا نمبر ۷۴۳۸ تھا اور میرے ساتھ میرا بھائی بھی ہوتا تھا۔ ہم روزانہ آٹے کا ٹرک سالار والا لے جاتے تھے جس کا ہمیں کرایہ ملتا تھا۔ ہم نے کبھی بابا جی سرکار (ابوانیس حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ العزیز) سے ملاقات نہیں کی تھی اور نہ ہی آپ ہمیں جانتے تھے۔ میں ان پڑھ جاہل سہی پھر بھی اتنی بات جانتا ہوں کہ انسانیت کی خدمت ہی میں تسکین ہے۔ انسان کو تو پیدا ہی اس لیے کیا گیا ہے کہ وہ انسانیت کی خدمت کرے نہ کہ اس پر ظلم کرے۔ میری یہ کوشش ہوتی ہے

marfat.com
Marfat.com

کہ جو آدمی پیدل جارہا ہو اس کے قریب ٹرک روک لیتا ہوں اور اسے بیٹھنے کے لیے کہتا ہوں۔ آٹا لے جانا ہمارا معمول تھا۔ ایک دن حسب معمول ڈیوٹی دینے والے افراد ٹرک سے آٹا اتار رہے تھے کہ میں قرآن محل کے نزدیک باغ میں چلا گیا، باغ کے ایک طرف درختوں کے درمیان بہت ہی زیادہ روشنی ہو رہی تھی، پہلے تو میں خوف زدہ ہو گیا لیکن نہ جانے کون سی طاقت مجھے اس طرف لے گئی۔ اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ آقائے نامدار حضور اکرم ﷺ میرے سامنے ہیں۔ کہاں میں کمینہ اور کہاں حضور اکرم ﷺ؟ میں نے جی بھر کر دیدار کیا لیکن بات کرنے کا حوصلہ نہ ہوا۔ باہر آیا تو جماعت کھڑی تھی۔ میں بے وضو ہی جماعت میں شامل ہو گیا، مجھے وہ سکون ملا کہ بیان نہیں کر سکتا۔ سلام پھیرنے کے بعد باباجی سرکارؒ جو اگلی صف میں تھے، کھڑے ہو گئے اور اشارے کرنے لگے۔ میں دُور بیٹھا تھا میں نے سمجھا مجھے تو حضرت صاحب جانتے ہی نہیں پتہ نہیں کسے بلا رہے ہیں؟ اتنی دیر میں ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا کہ رانا صاحب آپ کو باباجی سرکارؒ بلا رہے ہیں۔ میں ڈر گیا کہ میں نے تو وضو کیے بغیر نماز پڑھ لی ہے، شاید حضرت صاحب ڈانٹیں لیکن نہیں! باباجی سرکارؒ نے اس زور سے معانقہ کیا اور میں نے وہ وہ چیزیں دیکھیں کہ مجھے کچھ ہوش نہ رہا۔ یہی نہیں بلکہ ایک شخص نے قرآن محل مجھے ایسے دکھایا جیسے کہ میں ایک پڑھا لکھا آدمی ہوں۔

اس واقعے کو بیس سال گذر چکے ہیں۔ اللہ کا دیا سب کچھ ہے، میرے تین ٹرک ہیں، میں نے نماز میں کبھی کوتاہی نہیں کی، آج تک محفوظ ہوں حالانکہ کئی مرتبہ ڈاکوؤں سے سابقہ پڑا لیکن وہ چھوڑ دیتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو کچھ بھی ہے انہی باباجی سرکارؒ کی وجہ سے ہے (مون ڈائجسٹ۔ لاہور۔ جولائی ۱۹۹۷ء۔ صفحہ ۲۰۳ تا ۲۰۵ سے ماخوذ)۔

۹۲۔ ایک بزرگ کو بیداری میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا میں بیداری کی حالت میں آپؐ کی زیارت سے مشرف ہو رہا ہوں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "ہم نے پردہ ان سے کیا ہے جو ہمارے قریب نہیں آتے لیکن دوستوں سے پردہ نہیں ہے" (ربیع المجالس صفحہ ۲۸۷)۔

۹۳۔ ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران مسلمانوں کے اتحاد و جذبہ ایمان کے سبب بے پناہ غیبی امداد ہوئی تھی۔ ایک بزرگ غلام دستگیر افغانی صاحب کا خواب ان دنوں اخبارات میں شائع ہوا تھا کہ ۶ ستمبر ۱۹۶۵ء کی صبح روضۂ اقدس سے فوجی لباس میں ملبوس گھوڑے پر سوار شہزادوں سمیت حضور اقدس ﷺ باہر تشریف لائے۔ مدینہ طیبہ کی حاضری کے دوران اس کی تصدیق بہت سے بزرگوں نے ان سے ملاقات کرنے کے بعد کی۔ فیلڈ

marfat.com
Marfat.com

مارشل محمد ایوب خان صدر پاکستان نے اعلان جہاد کلمہ طیبہ پڑھ کر کیا تھا اور محاذ لاہور پر پاکستانی افواج حضرت خواجہ سیّد علی ہجویری عرف داتا گنج بخشؒ کے روضۂ مبارک پر سلام کر کے جنگ پر جاتی تھیں (ربیع المجالس صفحہ ۳۹۹)۔

۹۴۔ مولانا غلام محی الدین قصوریؒ پہنچے ہوئے بزرگ اور عالم باعمل اپنی خانقاہ میں بیٹھے درس دے رہے تھے کہ ایک مجذوب فقیر بالکل برہنہ، عالمِ مستی میں مسجد کے اندر آ گیا۔ مولانا صاحب نے اسے دیکھ کر فرمایا: یہ ننگا مسجد میں آ گیا ہے اسے نکالو۔ لوگوں نے عرض کیا: یہ نہایت سیف زبان ہے، جو کہتا ہے ہو جاتا ہے، ہم اسے ہاتھ نہیں لگا سکتے۔ پس مولانا صاحب نے خود اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے مسجد سے نکال دیا۔ انہوں نے رات خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کا دربار گہر بار لگا ہوا ہے اور وہ مجذوب آپؐ کے قدموں میں پڑا ہے اور آپؐ فرما رہے ہیں کہ یہ میرا پیارا ہے۔ دوسرے دن پھر وہ مجذوب مسجد میں آ گیا۔ مولانا صاحب نے پھر اسے مسجد سے باہر نکال دیا۔ دوسری شب بھی مولانا صاحب زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے اور حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ میرا پیارا ہے۔ تیسرے دن وہی مجذوب پھر مسجد میں آ گیا۔ مولانا صاحب نے پھر اسے مسجد سے باہر نکال دیا۔ تیسری شب پھر زیارت نصیب ہوئی اور حضور انور ﷺ نے فرمایا: مولانا غلام محی الدین تم نے سنا نہیں؟ یہ مجذوب میرا پیارا ہے، جو اسے ایذا پہنچائے گا مجھے ایذا پہنچائے گا۔ یہ سن کر مولانا صاحب نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! میں معافی چاہتا ہوں، میں نے اب تک جو کچھ بھی کیا شریعت کے تحت کیا، حکم شرع مطہرہ قائم رکھا، آپؐ کی شریعت مقدسہ کی پیروی کرتا رہا، اب ایسی حرکت مجھ سے سرزد نہ ہو گی۔ تب حضرت رسول اللہ ﷺ مولانا پر بہت مہربان ہوئے اور ارشاد فرمایا: یہ تمہارا امتحان اور آزمائش تھی، تم شریعت میں پکے ہو اور میرے پیارے ہو (ربیع المجالس صفحہ ۲۲۹)۔

۹۵۔ سعید محمد خان رحمانی قسم قسم کی بیماریوں کا مجموعہ ہیں۔ بیعت سے پہلے درد گردہ میں مبتلا تھے۔ کوئی علاج کارگر نہ ہوا۔ حضرت خواجہ محبوب رحمانیؒ نے نقش اور دم شدہ پانی دیا جس سے جنگلی بیر کے برابر پتھری پیشاب کی راہ خارج ہو گئی اور آرام آ گیا۔ پھر خونی بواسیر ہو گئی۔ ڈاکٹروں نے گائے کا گوشت اور مصالحہ جات استعمال کرنے سے منع کر دیا۔ حضرت خواجہ محبوب رحمانیؒ نے سن کر فرمایا: میاں کھاؤ اسی میں تمہارا علاج ہے، آئندہ جب بواسیر ہو گائے کا گوشت مرچ مصالحہ لگا کر کھاؤ۔ گائے کے پائے کا سالن کھاتے ہی بواسیر غائب ہو گئی اور پھر کبھی نہ ہوئی۔ اس کے بعد ایک پھیپھڑا گل گیا اور دوسرا متاثر ہوا۔

marfat.com
Marfat.com

بریگیڈیر محمد انور خان کی وساطت سے ساملی سینی ٹوریم میں داخلہ مل گیا۔ معالج مایوس، عزیز و اقربا پریشان۔ اہل حلقہ گھبرا گھبرا کر حضرت قبلہ عالم مرشد کامل خواجہ محبوب رحمانیؒ کو فون کرتے۔ آپ ہر بار فرماتے ٹھیک ہو جائے گا۔ اسی موت و حیات کی کش مکش میں ساملی سینی ٹوریم میں بستر پر حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا کہ یہ بجلی کے تار والا ڈبہ سعید محمد خان رحمانی کے سینے پر لگا دو۔ باقاعدہ جھنجھناہٹ محسوس ہوئی، مسرت و خوف کے ملے جلے جذبات کے ساتھ آنکھ کھل گئی اور مرض میں افاقہ شروع ہو گیا (ربیع المجالس یعنی تذکرہ حضرت خواجہ محبوب رحمانیؒ حلقہ، رحمانی الفاروق، جہانگیر روڈ، کراچی۔ صفحہ ۳۵۷۔ یہ شاندار ۴۷۲ صفحات پر مشتمل رسالہ نما کتاب مطالعہ کے لیے مجھے جناب چوہدری فتح محمد صاحب، اسلام آباد نے عنایت فرمائی تھی جس کے واسطے میں ان کا تہہ دل سے ممنون ہوں)۔

قطب الاقطاب، بحر معرفت، شیخ طریقت حضرت خواجہ شاہ محمد فاروق (خواجہ محبوب رحمانیؒ) ۱۹۰۲ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۴۷ء میں ہجرت کر کے کراچی میں آباد ہوئے اور یہیں ۱۹۸۳ء میں وصال فرمایا۔ آپ کے سلسلے کے لوگ "رحمانی" کہلاتے ہیں، ربیع المجالس میں آپ ہی کا تذکرہ ہے، عجب پُر تاثیر کتاب ہے لہٰذا جس کو موقع ملے ضرور پڑھے۔

۹۶۔ منجم الملک حاجی میاں محمد صادق منور ۱۸۹۸ء میں باغبانپورہ لاہور میں پیدا ہوئے۔ نہایت صاحب علم اور باکمال انسان تھے۔ بہت سی مفید کتابیں بھی تحریر کیں جن میں ایک "صادق خواب عرف خوابوں کی دنیا" ہے، جس میں کئی خواب ایسے ہیں جن میں لوگوں کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے۔ منجم الملک حاجی صاحب نے ان کی تعبیر دی ہے، ایسے ہی چند خواب مع تعبیر پیش کیے جاتے ہیں:-

مدینہ شریف نظر آرہا ہے، میں ایک دُکان کے برآمدہ میں بیٹھا ہوں، حضور پُر نور ﷺ درمیان میں رونق افروز ہیں اور بے شمار ہجوم کھڑا ہے، لوگ کوشش کر رہے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کی زیارت کریں، میں دیکھ کر کہہ رہا ہوں کہ یہ لوگ تنگ کر رہے ہیں، آپؐ کھانا کھانے تشریف لے جا رہے ہیں اور جب کھانا تناول فرما کر واپس تشریف لائیں گے تو پھر اسی جگہ سے گذریں گے۔

اس کی تعبیر یہ ہے کہ آپ خوش قسمت ہیں۔ آپ کو دولت ملے گی اور حج بھی کریں گے (صادق خواب صفحہ ۱۲۴)۔

۹۷۔ خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ ایک مسجد ہے اور اس میں شہنشاہ دو عالم، ہادیٔ برحق

marfat.com
Marfat.com

ﷺ وعظ فرما رہے ہیں، آیت الیوم کی تشریح فرما رہے ہیں اور ارشاد فرماتے ہیں کہ میرا دین مکمل ہو گیا ہے۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ آپؐ کے پاس تشریف فرما ہیں اور حضور سرور کونین ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کر رہے ہیں کہ آپؐ یہ بیان نہ کریں، حضور انور ﷺ روک رہے ہیں، میں آپؐ کی پچھلی طرف لیٹا ہوا ہوں، منہ پر کپڑا لیا ہوا ہے، غنودگی کا عالم ہے، حضور اقدس ﷺ نے وعظ ختم کرنے کے بعد میری طرف ایک ہاتھ بڑھایا، ایک ہاتھ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے رکھا ہے، میں نے دونوں مبارک ہاتھوں کو پکڑ لیا اور ناف تک لے گیا ہوں۔

اس کی تعبیر یہ ہے کہ بیمار کو صحت حاصل ہو گی، رزق سے مالا مال ہونگے اور قیامت کے روز بخشے جائیں گے (صادق خواب صفحہ ۱۲۷ تا ۱۲۸)۔

۹۸۔ خواب دیکھتا ہوں کہ حضور اقدس ﷺ میرے کاشانہ پر رونق افروز ہیں، میں درود و سلام پڑھتا ہوں اور عرض کرتا ہوں کہ روز قیامت میری شفاعت فرمایئے گا یا میں خود عرض کرتا ہوں اور مختلف معروضات پیش کرتا ہوں یا سرور کائنات ﷺ کچھ عنایت فرما رہے ہیں یا میں عقیدت کے پھول پیش کر رہا ہوں یا حضور فخر دوعالم ﷺ نظرِ کرم فرما رہے ہیں۔

اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ انسان بہت خوش قسمت ہے، اسے بھاری دولت، عزت اور ترقی ملے گی یا بے اولاد کے یہاں اولاد ہو گی اور شرفِ زیارت و شرفِ شفاعت سے مستفیض ہو گا یا اس انسان پر اللہ پاک کی رحمتوں کی بارش ہو گی اور اس کے یہاں ولی اللہ پیدا ہو گا (صادق خواب صفحہ ۱۹۳ تا ۱۹۴)۔

۹۹۔ میں نے خواب دیکھا کہ صبح سکول کی طرف جا رہا ہوں، راستے میں مجھے بزرگوں کا ایک گروہ ملا، انہوں نے مجھے کہا یہیں کھڑے رہو، حضور سرور کونین ﷺ کی سواری آ رہی ہے۔ آگے پیچھے بے شمار مخلوق ہے، میں نے آپؐ کی سواری دیکھتے ہی اپنا سر آپؐ کے قدموں پر رکھ دیا، حضور انور ﷺ نے فرمایا: تمہیں اس ملک کا خلیفہ بنا دیا گیا ہے۔ پھر میں اس سواری کے ساتھ چلنے لگا تو مجھے حکم ہوا کہ تم کھڑے رہو، تمہیں اسی ملک کا خلیفہ بنایا جائے گا۔ پھر مجھے دو درویشوں نے پکڑ کر نہلایا اور خوبصورت کپڑے پہنا دیئے اور اس کے بعد وہ درویش چلے گئے۔

اس کی تعبیر یہ ہے کہ آپ صدر یا وزیر اعظم بنیں گے یا وقت کے مجدد ہونگے (صادق خواب صفحہ ۲۵۰)۔

۱۰۰۔ خواب دیکھتا ہوں کہ چند ساتھیوں کے ہمراہ حج کرنے جا رہا ہوں۔ حضرت امام جعفر صادقؒ بھی ہمارے ساتھ ہیں۔ مدینہ شریف میں پرانی عمارتوں میں سے گذر کر مسجد

marfat.com
Marfat.com

نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) میں پہنچتے ہیں تو مسجد کی حالت وہ ہے جو حضور اقدس ﷺ کے زمانے میں تھی، پہنچتے ہی ہم فوراً وضو کرنے لگے، حضور انور ﷺ تشریف فرما ہیں، آپؐ حضرت امام جعفر صادقؒ کو ہمراہ لے کر چلنے لگے، سامنے ایک قبر ہے حضرت امام صاحبؒ دریافت فرماتے ہیں: یہ کس کی قبر ہے؟ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: یہ قبر حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی ہے۔ پھر آپؐ حضرت امام صاحبؒ کو ساتھ لے گئے، تھوڑی دیر بعد آپؐ تشریف لائے اور فرمایا: اس راستے سے نہ آیا کرو۔ امام صاحبؒ بضد ہوئے تو حضور انور ﷺ نے فرمایا: آپ کو اجازت ہے۔ ہم واپس ہو کر مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) کو چلے تو امام صاحبؒ نے فرمایا کہ ہم نئی مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) کا راستہ نہیں جانتے تو میں نے کہا مجھے یاد ہے میں لے چلتا ہوں۔ میں ان ہی راستوں سے گذر کر باب المجیدی کے باہر لے آیا اور عرض کیا یہ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) ہے۔

تعبیر = گم ہونے کے بعد درست راستہ ملے گا، آپ کو دولت ملے گی، مہمان ملے گا، دوبار حج کریں گے اور آپ خوش قسمت ہیں (صادق خواب صفحہ ۲۵۹ تا ۲۶۰)۔

۱۰۱۔ خواب دیکھتا ہوں کہ حضرت رحمۃ اللعالمین ﷺ تشریف لا رہے ہیں اور بے شمار مخلوق کھڑی ہے۔ مجھے حکم ہوتا ہے کہ آگے بڑھو، میں حاضر خدمت ہوتا ہوں تو حضور اقدس ﷺ اپنے دستِ مبارک سے مجھے خلعت عطا فرماتے ہیں اور تمام لوگ نعرۂ تکبیر بلند کرتے اور خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔

تعبیر یہ ہے کہ آپ کسی ملک کے صدر یا والی ہوں گے یا ولی اللہ بنیں گے (صادق خواب صفحہ ۳۰۳)۔

۱۰۲۔ خواب دیکھتا ہوں کہ حضور اقدس ﷺ ایک جنگل میں رونق افروز ہیں، سامنے دو پگڈنڈیاں ہیں، میرے دائیں ہاتھ پر کھجور کا درخت ہے، بائیں ہاتھ پر حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام نے اپنی انگشت مبارک اٹھائی تو سیدھے راستے پر ایک نور دکھائی دیا۔

تعبیر یہ ہے کہ سب کام درست ہونگے، آپ حج کریں گے اور وقت پر ولی اللہ بنیں گے۔ آپ کی اولاد میں بھی ایک ولی اللہ پیدا ہوگا (صادق خواب صفحہ ۳۱۸ تا ۳۱۹)۔

۱۰۳۔ حضور اقدس ﷺ ایک بڑے کمرے میں چوکی کے اوپر رکھی ہوئی کرسی پر تشریف فرما ہیں اور بے شمار بزرگان دین فرش پر بیٹھے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے مجھے بلایا اور ایک صندوقچے میں سے ایک زیور، پازیب عطا فرمائی۔

تعبیر یہ ہے کہ آپ کی ہر نیک خواہش پوری ہوگی، نیک عورت ملے گی، دولت

marfat.com
Marfat.com

ملے گی اور حج کریں گے (صادق خواب صفحہ ۳۱۹)۔

۱۰۴۔ خواب دیکھتا ہوں کہ ہم سب گھر والے ایک تانگے پر سوار ہو کر چلتے ہیں، راستے میں ایک مسجد آتی ہے، ہم اس کی پچھلی دیوار پھاند کر اندر داخل ہوتے ہیں، نل کے پاس جا کر کھڑے ہو کر ہم پھر سب نے قرآن مجید پڑھنا شروع کر دیا، دوسرے لڑکے لڑکیوں نے بھی قرآن شریف کا سبق لیا، پھر ہم سب دیکھتے ہیں کہ حضور، فخر موجودات، حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ تشریف فرما ہیں۔ یہ دیکھ کر سب لڑکے لڑکیاں تعظیماً خاموش ہو گئے۔

تعبیر یہ ہے کہ آپ دین و دنیا کی دولت سے مالا مال ہونگے اور حج بھی کریں گے (صادق خواب صفحہ ۳۲۷)۔

نوٹ = اگر کوئی پبلشر منجم الملک حاجی میاں محمد صادق منور صاحب کی کتابیں جو ناپید ہو چکی ہیں، شائع کرنا شروع کر دے تو یہ بڑی اچھی خدمت ہو گی اور عوام و خواص کو اس سے بہت فائدہ پہنچے گا۔

۱۰۵۔ نجم احسن نگرامی، بی اے۔ ایل ایل بی، مجاز صحبت، حکیم الامت، مجدد ملت، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اپنے آبائی وطن قصبہ نگرام ضلع لکھنؤ میں ۱۳۱۰ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد حافظ محمد احسن وحشی نگرامی صاحب اپنے دور کے ممتاز اور کسی درجے میں مشہور اہلِ قلم تھے۔ ۱۳۱۳ھ میں زیادہ سے زیادہ بائیس تیئس سال کی عمر میں حسبِ ارشاد حضرت رسالت مآب ﷺ "تعال یا وحشی" بے سرو سامان حج کو تیار ہو گئے اور چلے بھی گئے (بزم اشرف کے چراغ از پروفیسر احمد سعید صفحہ ۲۹۴)۔

۱۰۶۔ مولانا عبدالرشید محمود، مجاز صحبت حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ حضرت مولانا رشید احمد گنگوھی قدس سرہ' کے پوتے تھے۔ آپ نے ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کے حجرہ مبارک میں حاضر ہوں، دستر خوان بچھا اور کھانا چنا ہوا ہے، بہت سے اور لوگ بھی ہیں، حضور ﷺ میزبان بنے (لطف کے ساتھ) کھانا کھلا رہے ہیں کہ یہ کھاؤ، یہ بھی لو۔ کھانے پر بالائی اور سرخ مرچ پڑی دہی بھی یاد ہے پھر منظر بدل گیا، اب گویا رخصت ہو رہا ہوں، رخصتی مصافحہ کے لیے حاضر ہوا تو ایک کوٹھری سی ہے، زیادہ روشنی بھی نہیں۔ ایک چوکی پر حضور ﷺ تشریف فرما ہیں، میں مصافحے کے لیے جھکا اور کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں مگر وفور گریہ کی وجہ سے کہہ نہیں سکا، بمشکل اتنا کہا یا رسول اللہ (ﷺ)! دعاءِ فلاح دارین چاہتا ہوں۔ حضور ﷺ لطف سے سر پر ہاتھ پھیرنا چاہتے ہیں، میں جلدی سے ٹوپی اتار کر سر جھکا دیتا ہوں تا کہ بلا حائل دست مبارک سر کو مس کرے (بزم

marfat.com
Marfat.com

اشرف کے چراغ صفحہ ۳۱۸)۔

۱۰۷۔ ڈاکٹر ملک عبدالغنی، ایم۔اے۔پی ایچ ڈی ایک نوجوان کے متعلق فرماتے ہیں کہ میرے ساتھ شام کی نماز کے بعد نوافل اوّابین ادا کرنے کا اتفاق ہوتا رہتا ہے، اس کی عمر کوئی پندرہ سولہ سال ہوگی، میٹرک کا امتحان حال ہی میں پاس کیا ہے، علوم دینی سے نابلد ہے، اس کی سعادت مندی کا یہ عالم ہے کہ نوافل ختم ہونے پر لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم چند بار پڑھ کر دعائے خیر کے بعد مراقبے میں بیٹھتا ہے تو دربار نبوی ﷺ میں رسائی حاصل ہو جاتی ہے۔ حضور ﷺ بڑی شفقت اور حوصلہ افزائی فرماتے ہیں، ہدایات دیتے اور اپنے حاضرین مجلس سے مصافحہ کراتے ہیں، آپؐ نے اسے حضرت خواجہ علی ہجویریؒ اور خواجہ معین الدین چشتی ؒ سے بھی متعارف کرایا، شب برأت کو تلاوت قرآن مجید کی خاص طور پر تاکید فرمائی اور ماہ رمضان کی ستائیسویں رات کو حضور اقدس ﷺ نے اسے اپنے حقیقی روئے انور کا جمال دکھایا۔ اس نوجوان کی کوئی خاندانی روایات بھی اس قسم کی نہیں۔ بس موج رحمت جوش میں آئی اور امت کے ایک فرد کی تقدیر بدل ڈالی (ماہنامہ سلسبیل، لاہور۔ اکتوبر / نومبر ۱۹۸۱ء صفحہ ۲۷۴)۔

۱۰۸۔ ابراہیم بن مرزوق بیانی فرماتے ہیں کہ جزیرہ شقر کا ایک آدمی قید کیا گیا، اسے بیڑیاں پہنا دی گئیں اور ہاتھ کھلوا کر سینے پر لکڑی باندھ دی گئی تاکہ وہ پہلو نہ بدل سکے، وہ شخص اپنی اس تکلیف میں "یا رسولؐ اللہ" کے الفاظ دہرا رہا تھا، دشمن کے سردار نے اس سے کہا کہ تم اپنے رسول (ﷺ) سے کہو کہ تمہیں چھڑا دیں، جب رات آئی تو اس قیدی سے کوئی خواب میں کہتا ہے کہ اذان دو۔ قیدی نے کہا: میں اس حالت میں کیسے اذان دے سکتا ہوں؟ جب اصرار کیا گیا تو اس نے اذان دینی شروع کی۔ جب اشھد ان محمد رسول اللہ تک پہنچا تو اس کے سینے سے وہ لکڑی ہٹ گئی اور بیڑیاں کھل گئیں۔ اس نے دیکھا کہ سامنے ایک باغ ہے۔ وہ ادھر گیا تو وہاں ایک جگہ ظاہر ہوئی جس میں داخل ہوا تو دیکھا کہ سامنے جزیرہ شقر تھا۔ تمام شہر میں اس معاملے کی شہرت ہو گئی (شواہد الحق از علامہ یوسف نبہانیؒ)۔

۱۰۹۔ ابو عبداللہ محمد بن عبدالملک القرطبی فرماتے ہیں کہ میرے والد محمد بن عبدالملک بیت المقدس میں بیمار پڑ گئے، تقریباً تین ماہ بیمار رہے اور اتنے کمزور ہو گئے کہ اٹھ نہ سکتے تھے، مایوسی اور تنگ دستی کی عجیب کیفیت سے دوچار تھے۔ ایک رات حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور اپنی علالت کی کیفیت بیان کی۔ آپؐ نے فرمایا: یہ دعا پڑھو، "اللھم انی اسئلك العفو و العافية و المعافاة فی الدنيا والآ خرة۔" میرے والد نے خواب کے دوران یہ دعا پڑھی۔ جب بیدار ہوئے تو بالکل تندرست تھے گویا کبھی کوئی مرض ہوا ہی نہ تھا۔ صبح عیادت

marfat.com
Marfat.com

کرنے والے حسبِ عادت آئے تو والد محترم کو بالکل تندرست پاکر حیرت زدہ رہ گئے۔ والد بزرگوار نے پورا قصہ بیان کر دیا۔ اسی دوران مسجد اقصیٰ کی زیارت کے لیے سلطان اشرف کا گذر ہوا۔ سلطان نے بھی یہ قصہ سنا اور بہت سے مال سے والد صاحب کو نوازا، جو کافی عرصے تک ہماری فراخی کا سبب رہا (شواہد الحق)۔

۱۱۰۔ ابو موسیٰ فرماتے ہیں: میں نے جب یہ سنا کہ ابوالغیث ربیعی المار دینی بغیر تعلیم قرآن کریم کو بڑے عمدہ طریق سے پڑھتا ہے تو میں یہ بات تسلیم نہ کرتا تھا، جب مکہ مکرمہ آیا تو دیکھا کہ وہ قرآن پاک کی نہایت عمدہ تلاوت کر رہا ہے تو میں نے اس سے دریافت کیا یہ کیونکر ہوا؟ اس نے بتایا کہ میں مدینہ طیبہ میں مقیم تھا، مسجدِ نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاما) میں رات بسر کرتا تھا اور تنہائی میں حضور انور ﷺ کے روضۂ اطہر پر حاضری دیا کرتا تھا۔ ایک رات میں نے حضور اقدس ﷺ کے دربار میں التجا کی کہ مجھ پر قرآن مجید کا پڑھنا آسان کر دیا جائے۔ یہ گذارش کر کے میں سو گیا تو خواب میں حضور انور ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ تمہاری دعا قبول ہو گئی، قرآن کریم کھول کر پڑھو۔ لہٰذا جب صبح ہوئی تو واقعی میں نے قرآن کریم کھول کر پڑھنا شروع کر دیا (شواہد الحق)۔

۱۱۱۔ موسیقی کے بادشاہ استاد نصرت فتح علی خان ۱۶ اگست ۱۹۹۷ء کو لندن کے کراموےل ہسپتال میں صبح ۱۱ بج کر ۵۵ منٹ پر حرکتِ قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ وہ ۱۹۴۸ء میں فیصل آباد (سابق لائل پور) میں پیدا ہوئے تھے۔ انتقال سے دو روز قبل لندن کے ایک معروف انگریزی اخبار کو اپنا آخری انٹرویو دیتے ہوئے کہا تھا کہ ان کا سینہ عشق رسول (ﷺ) سے منور ہے اور ان کی آواز کا سارا سوز و گداز اسی عشق کا مرہون منت ہے، زندگی میں کئی بار انہیں بحالت خواب حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے، میری دلی خواہش ہے کہ جب بھی موت کا فرشتہ میری جان قبض کرنے آئے تو میری نظریں روضۂ رسول (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاما) پر جمی ہوں اور ہونٹوں پر درود شریف ہو۔

انہوں نے مشرقی و مغربی موسیقی و گائیکی کے ملاپ سے دنیائے موسیقی میں دھوم مچادی تھی۔ چالیس سے زیادہ ممالک میں انہوں نے اپنے فن کا جادو جگایا۔ موسیقی کی دنیا میں جو شہرت ان کو حاصل ہوئی آج تک دیکھنے میں نہ آئی تھی۔ دوسرے گلوکار گلے سے گاتے ہیں لیکن وہ دل کی گہرائیوں سے گاتے تھے اور شاید اسی وجہ سے ان کی آواز دلوں پر دستک دیتی تھی۔ انہیں گائیکی پر اتنا عبور حاصل تھا کہ اگر چاہتے تو سُر سے سامعین کی سانس کھینچ لیتے۔ پاپ میوزک کی رسیا مغربی سوسائٹی میں انہوں نے مشرقی ثقافت کو متعارف کرایا۔ وہ مشرق کے

marfat.com
Marfat.com

ساتھ مغرب میں بھی یکساں مقبول تھے۔ ۲۲ سے زیادہ ممالک نے ان کو اعلیٰ کارکردگی پر ایوارڈ دیئے (روزنامہ جنگ۔ کراچی۔ مورخہ ۱۷ اگست ۱۹۹۷ء مطابق ۱۲ ربیع الثانی ۱۴۱۸ھ بروز اتوار)۔

۱۱۲۔ بڑے قد آور گھوڑے پر سوار ایک وادی کے دامن سے نکل کر پہاڑی عبور کر کے دوسری طرف دریا کے کنارے پر آتا ہوں، دریا میں طغیانی ہے لیکن ڈوبنے کا خوف نہیں، گھوڑے کو دریا میں ڈالتا ہوں اور صحیح سلامت پار چلا جاتا ہوں۔ کچھ وقت دریا کی دوسری جانب چلنے کے بعد واپس گھوڑے پر دریا کو عبور کر کے اسی پہاڑی کی ایک طرف سے ہو کر وادی میں پہنچ جاتا ہوں، اس وقت میں پیدل ہوں، پہاڑی کے دامن میں حضرت رسول پاک ﷺ کی کچہری لگی ہوئی ہے، آپؐ تخت مبارک پر تشریف فرما ہیں، چند اصحاب ساتھ بیٹھے ہیں اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور چند ساتھی ہیں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ اور ان اصحابؓ کے چہرے مبارک دُھندلے سے نظر آتے ہیں، تخت کے نچلے بائیں جانب حضرت علی کرم اللہ وجہ' کھڑے ہیں اور ان کا چہرہ صاف دکھائی دیتا ہے (یہ خواب جناب محمد حنیف آف چیچاوطنی نے دیکھا تھا) (اخص الخواص یعنی آثار واحوال وبیانات حضرت فضل شاہ قطب عالمؒ از نواز رومانی۔ صفحہ ۱۳۹)۔

۱۱۳۔ جناب مولوی محمد عبد الحمید ایڈووکیٹ، بازار فتح خان، بہاولپور نے مندرجہ ذیل خواب دیکھا۔ فرماتے ہیں: یہ غلام چند دیگر لوگوں کے ہمراہ موجود ہے، اتنے میں کسی شخص نے کہا کہ آقائے دوجہاں ﷺ اندر مسجد میں تشریف فرما ہیں، غلام کو شوق فراواں ہوا کہ زیارت عالیہ سے مشرف ہو لہٰذا اندر چلا گیا۔ حضور صاحب تاج ومعراج ﷺ تشریف فرما تھے۔ غلام کی طرف دیکھ کر خاص تبسم فرمایا، غلام فاصلے پر تھا، دل میں خیال آیا کہ جی بھر کر زیارت کرنی چاہیے، تھوڑی دیر بعد حضور اقدس ﷺ شاید نماز کے لیے کھڑے ہوئے، کافی لوگ تھے، آپؐ نے مڑ کر میری جانب چہرہ مبارک کر کے ید اقدس کے اشارے سے کچھ دم فرمایا پھر میری آنکھ کھل گئی۔ تہجد کا وقت تھا اور یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ سرور دوجہاں ﷺ کی مشابہت میرے رشتے کے ایک ماموں حاجی محمد بخش مرحوم سے تھی۔

تعبیر خواب از حضرت فضل شاہ قطب عالم:- خواب حقیقت پر مبنی ہے، اگر کوئی مشابہت کی صورت نظر آئے تو وہ نیک بندہ ہوگا، اگر حال میں نیکی کے اوصاف نظر نہ آتے ہوں تو پھر بھی وہ نیک ہو جائے گا، اگر کسی بندے کا حال وصال ہونے کے بعد نظر آئے تو وہ ضرور نیک ہوتا ہے۔ حضور پرنور ﷺ کی مشابہت ہونے کی بدولت اس انسان کی نیکی کے درجات بڑھتے رہتے ہیں (اخص الخواص صفحہ ۱۴۱)

marfat.com
Marfat.com

۱۱۴۔ جناب حاجی رانا منور حسین کا لاہور میں کاروبار "اے۔ایم۔زیڈ برادرز" کے نام سے ہے۔ آپ کا تعلق فضل شاہ قطب عالمؒ کے حلقہ سے ہے۔ فرماتے ہیں: دوران حج اور مدینہ منورہ میں حضرت پیرو مرشد فضل شاہ قطب عالمؒ سے ملاقات ہوتی رہی۔ واپس آیا تو معلوم ہوا کہ آپ حج پر تشریف نہیں لے گئے تھے۔ آپ کی دعا کی برکت اور فیض سے حضرت محبوب رب العالمین ﷺ کی زیارت بابرکت سے تین بار مشرف ہو چکا ہوں علاوہ ازیں جب بھی کسی بزرگ کی زیارت کا خیال آتا ہے، ہو جاتی ہے۔(اخص الخواص صفحہ ۱۸۱)۔

۱۱۵۔ صاحبزادہ رضا حسین بلالی جمالی فاضلی قادری سجادہ نشین ہیں اپنے والد بزرگوار حضرت فضل شاہ قطب عالمؒ کے دربار عالیہ کے (نور والوں کا ڈیرہ، انفنٹری روڈ، مصطفےٰ آباد، لاہور)۔

آپ ۱۹۳۵ء میں ماہ رمضان میں پیدا ہوئے۔ ایک روز والد ماجدؒ مسجد میں بیان فرما رہے تھے کہ جناب رضا حسین پر ہلکی سی غنودگی طاری ہو گئی اور اسی دوران حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے، دوسری مرتبہ ایبٹ آباد میں عالم رویا میں اس سعادت عالیہ سے مستفید ہوئے، تیسری بار یہ سعادت عظمیٰ گجرانوالہ میں نصیب ہوئی۔ اس دن آپ حضرت قطب عالمؒ کے سامنے تشریف فرما تھے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ تشریف لائے۔ آپؐ کے ہمراہ امام العشاق، حضرت بلال حبشیؓ بھی تھے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "میں دنیا میں سورج کی روشنی کی طرح رہتا ہوں لیکن مجھے دیکھتا وہ ہے جسے دکھانے والا دکھائے" (اخص الخواص صفحہ ۱۷۰)۔

حضرت فضل شاہ قطب عالمؒ کا وصال ۳۰ جولائی ۱۹۷۸ء بروز یک شنبہ، لاہور میں ہوا۔ آپ کی ولادت باسعادت جالندھر میں قریباً ایک سو سال قبل حضرت نبی بخشؒ کے یہاں ہوئی تھی۔ ۱۹۴۷ء میں ہجرت کے بعد آپ نے اپنا پہلا مستقر ماموں کانجن کو بنایا۔ ۱۹۵۳ء میں لاہور میں آپ کی قیام گاہ "نور والوں کا ڈیرہ" کے نام سے مشہور ہوئی اور پھر آپ نے یہیں مستقل رہائش اختیار کر لی، یہیں پر آپ مدفون ہیں۔ آپ کے مفصل حالات "اخص الخواص" میں جناب نواز رومانی نے بیان کیے ہیں۔ جو بھی آپ کے پاس آتا اسے آپ یا ودود اور درود شریف پڑھنے کی تلقین کرتے اور فرماتے کہ "یا ودود" اسم اعظم ہے اور اس کا عامل دین و دنیا میں سرخرو اور بامراد ہوتا ہے۔

؎ دین و دنیا کی ترقی چاہتا ہے تو اگر یا ودود یا ودود یا ودود ورد کر

۱۱۶۔ حضرت علامہ امام یوسف نبہانیؒ کی ولادت باسعادت ۱۲۶۵ھ بمطابق ۱۸۴۹ء میں آبائی وطن خطہ فلسطین میں ہوئی۔ نبہان عربوں کا معروف قبیلہ ہے۔ آپ اسی خاندان کے

marfat.com
Marfat.com

چشم و چراغ ہیں پس آپ کو نبہانی کہا جاتا ہے۔ جامعہ ازہر (مصر) میں ساڑھے چھ سال کامل انہماک اور توجہ سے علوم اسلامیہ کا مطالعہ کرنے کے بعد رجب ۱۲۸۹ھ میں سند فراغ حاصل کی۔ آپ عربی دنیا کے تمام اسکالروں کو پیچھے چھوڑ گئے اور مختلف علمی موضوعات پر درجنوں بیش قیمت تصانیف مرتب فرمائیں۔ آپ عشق مصطفےٰ علیہ التحیہ والثناء کی جیتی جاگتی تصویر تھے۔ آپ کی زندگی کا مرکز اور ایمان کا منبع حضور نبی کریم ﷺ کی محبت تھی۔ بارہا مدینہ طیبہ حاضری دی۔ ہمیشہ روضۂ اقدس سے ذراہٹ کر بیٹھا کرتے تھے اور فرماتے میں کہاں اس قابل کہ قریب جاؤں اور پھر آنکھوں سے محبت کے آنسو بہنے لگتے تھے۔ سفید ریش، نورانی چہرہ جو عبادت الٰہی کے جلوؤں سے جگمگاتا رہتا تھا۔ دوزانو مودب بیٹھنے کی عادت تھی۔ آپ کے کمالات تو ہیں ہی عجوبہ، خود آپ کی بیگم صاحبہ کو حضور اقدس ﷺ نے ۸۴ مرتبہ اپنے جمال جہاں آرا کی زیارت سے نوازا جسے حضرت مولانا ضیاالدین مہاجر مدنی قدس سرہ' نے بیان فرمایا (صفحہ ۱۲ جواہر البحار)۔

حضرت علامہ نبہانیؒ نے چار ضخیم جلدوں میں "جواہر البحار فی فضائل النبی المختار" مرتب فرمائی، جو عاشقان مصطفےٰؐ کے لیے لاجواب تحفہ اور فضائل مصطفوی کا مہکتا ہوا گلشن ہے۔ اس تصنیف کے کچھ عرصے بعد ہی آپ حضرت نبی مکرم ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے، جس میں حضور نبی پاک ﷺ نے کتاب کو بہت پسند فرمایا اور کرم گستری و ذرہ نوازی فرماتے ہوئے حضرت علامہ کو سینۂ اقدس سے لگالیا۔ علامہ نبہانیؒ نے یہ عنایت بے پایاں دیکھ کر عرض کیا: "یا سیدی (ﷺ)! اب جدائی کا صدمہ برداشت کرنے کی قوت نہیں۔" یہ درد بھرا جملہ سرکار رسالت مآب ﷺ میں شرف قبولیت پاگیا اور یہ عاشق صادق حضور نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے نورانی سینے سے چمٹا ابدی نیند سو گیا۔ آپ کا وصال ۱۳۵۰ھ بمطابق ۱۹۳۱ء میں ہوا۔ آپ کے آبائی گاؤں اجزم میں قبر انور ہے۔ (جامع کرامات اولیاء۔ جلد اول، از علامہ یوسف نبہانیؒ کا اردو ترجمہ از پروفیسر سید محمد ذاکر شاہ چشتی سیالوی، مکتبہ حامدیہ، گنج بخش روڈ، لاہور)۔

۱۱۷۔ حضرت محمد بن علی بن جعفر ابو بکر الکتانی بغدادیؒ سے امام مناوی ناقل ہیں کہ میرے سر میں درد تھا۔ میں سید کل ختم الرسل ﷺ کے جمال جہاں آرا سے لطف اندوز ہوا تو آپؐ نے فرمایا: یہ دعا لکھ کر اپنے سر پر رکھ۔ میں نے ایسا ہی کیا اور فوراً درد سر کافور ہو گیا۔ دعا یہ ہے:-

اللهم بثبوت الربوبية و تعظيم الصمدية و بسطوت الا الهية وبقدم الجبـ[illegible] ے اللہ ربوبیت کا ثبوت،

marfat.com
Marfat.com

صمدیت کی عظمتیں، خداوندی شوکتیں، جبروتیت کا شکوہ اور وحدت و یکتائی کی قدرتیں سب ہی تیری ذات کے لیے ہیں۔

آپ، حضرت جنید بغدادیؒ کے ہم عصر اور بغداد کے رہنے والے صوفیا کے امام اور اکابر عارضین میں سے تھے۔ ۳۲۲ھ میں مکہ مکرمہ میں وصال فرمایا (جامع کرامات الاولیا کا اردو ترجمہ صفحہ ۴۹۲)۔

۱۱۸۔ ابو بکر محمد بن سعدون تمیمی جزیریؒ نے مصر میں چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھیں اور سو گئے تو حضور انور ﷺ کی زیارت ہوئی۔ عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! امام مالکؒ چاشت کی بارہ رکعتیں اور حضرت لیثؒ آٹھ رکعتیں ادا فرماتے ہیں۔ یہ سن کر حضرت اقدس ﷺ نے ان کے کولھوں پر ہاتھ مارا اور تین بار فرمایا: مالک کی رائے درست ہے۔ فرماتے ہیں کہ میرے کولھوں میں درد تھا اس رات سے جاتا رہا۔ آپ جب نماز پڑھتے تھے تو ایک نور ضوفگن ہو جاتا تھا۔ بقول مصنف نفح الطیب آپ کا وصال ۳۴۴ھ میں ہوا (جامع کرامات الاولیا کی تلخیص و ترجمہ جمال الاولیا کا اردو ترجمہ از مولانا مفتی جمیل احمد تھانویؒ۔ صفحہ ۹۸ تا ۹۹۔ ادارۂ اسلامیات۔ ۱۹۰۔ انار کلی، لاہور)۔

۱۱۹۔ ابو عبد اللہ محمد بن خفیف شیرازی شافعیؒ صُوفیا کے مشائخ کے مرشد اور اولیائے عارفین کے استاد تھے۔ بقول علامہ ذہبیؒ سو سال سے زائد عمر پا کر آپ نے ۳۷۱ھ میں وصال فرمایا۔ آپ نے حضرت امام شافعیؒ کا یہ ارشاد بیان فرمایا کہ خشوع نماز کی صحت و درستی کے لیے شرط ہے (خشوع ظاہری سکون اور خضوع باطنی سکون کو کہتے ہیں)۔ امام یافعیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت شیخؒ نے فرمایا: میں ایک عرصہ دراز تک سطح ارض پر گھومتا رہا کہ کسی ابدال سے ملاقات کر سکوں، میں سفر و سیاحت سے تھک گیا تو فارس کے شہر اصطخر پلٹا اور صوفیاء کی ایک جھونپڑی میں جا گھسا وہاں میں نے مشائخ کرام کی ایک جماعت دیکھی جن کے سامنے کچھ کھانا تھا، اس جماعت میں حسن بن سعد اور ابع الازہر بن حیان بھی تھے، میں ایک ساعت کے لیے رکا، ور وضو کر کے فارغ ہوا تو مشائخ نے مجھے جگہ دی اور میں ان کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانے لگا، پھر ہم الگ الگ ہو گئے۔ رات خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: "ابن خفیف! جن لوگوں کی تجھے تلاش تھی اور جن کی ہم جلیسی کی تمنا تھی یہ وہی لوگ ہیں اور تو خود بھی ان میں شامل ہے۔" مجھے خیال آیا خواب ساتھیوں کو بتا دوں لیکن وقار و ہیبت کی وجہ سے ایسا نہ کر سکا۔ ابھی دن کی ایک ساعت ہی گذری تھی کہ مجھے شیخ ابو الحسن بن ابی سعد ملے اور فرمایا: اے ابو عبد اللہ! آپ ان لوگوں کو اپنا خواب بتا دیں۔ میں نے

marfat.com
Marfat.com

سب کو اپنا خواب بتادیا، جب خبر پھیل گئی تو فقیروں کا یہ گروہ بھی علاقے میں پھیل گیا (جامع کرامات الاولیا کا اردو ترجمہ صفحہ ۴۹۴ تا ۴۹۵)۔

۱۲۰۔ حضرت ابراھیم بن علی بن عطیہؒ خواب میں حضور محبوب کبریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ سے شفاعت کا سوالی ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: کثرت سے درود و سلام پڑھا کرو (سعادت الدارین فی الصلوٰۃ علی سید الکونین از علامہ یوسف نبہانیؒ کا اردو ترجمہ حصہ اول۔ صفحہ ۳۳۶)۔

؎ مولائی صل وسلم دائما ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

۱۲۱۔ جناب راجہ رشید محمود نے رسالہ "درود و سلام" مرتب فرمایا ہے۔ اس کے صفحہ ۸۸۔۸۹ پر فرماتے ہیں کہ میرے محترم دوست تسنیم الدین احمد آفریدی نے درود پاک (درود مدینہ) ترتیب دیا۔ نومبر ۱۹۸۹ء میں جب پہلی مرتبہ مجھے مدینہ طیبہ حاضری کی سعادت نصیب ہوئی تو انہوں نے میری ڈیوٹی لگائی کہ میں حضور اقدس ﷺ کی بارگاہ میں یہ درود شریف پیش کروں مگر وارفتگی شوق میں میں اسے ساتھ لانا بھول گیا۔ ۱۴ نومبر کو مدینہ طیبہ پہنچا تو اپنی طرف سے دو نفل پڑھنے کے بعد دو نفل تسنیم الدین احمد آفریدی کی طرف سے پڑھے اور گذارش کی کہ یارسول اللہ (ﷺ)! میں "درود مدینہ" ساتھ لانا بھول گیا ہوں لیکن انہوں نے محبت و عقیدت کے جن جذبات کے ساتھ یہ درود پاک لکھا ہے اور جس شوق سے آپؐ کی بارگاہ میں پیش کرنا چاہا ہے وہ آپؐ سے پوشیدہ نہیں، اسے قبول فرمالیجیے تو ان کی عاقبت سنور جائے گی اور میرا بھرم رہ جائے گا۔ اسی رات تسنیم الدین احمد کو خواب میں مدینہ طیبہ سے درود مدینہ کی قبولیت کا اشارہ مل گیا۔

درود مدینہ پڑھنے والے نو حضرات کو دسمبر ۱۹۹۲ء میں حاضری کی سعادت سے بہرہ ور کیا گیا۔ میرا اعتقاد ہے کہ درودِ مدینہ کا وظیفہ مدینہ طیبہ میں حاضری کی سعادت حاصل کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ ("رسالہ درود و سلام" مرتبہ راجہ رشید محمود، ایڈیٹر ماہنامہ "نعت" لاہور) صفحہ ۸۸۔ دفتر ماہنامہ "نعت" اظہر منزل، نیو شالامار کالونی، ملتان روڈ، لاہور)۔

(نوٹ:- کمپوزر صاحبان قرآنی آیات، احادیث شریف، عربی دعاؤں اور درود شریف میں اعراب نہیں ڈالتے اور غلط سلط کمپوز کر دیتے ہیں جس سے فائدے کے بجائے نقصان ہوتا ہے لہٰذا میں نے مجبوراً یہ پالیسی اختیار کی ہے کہ عربی کی ان عبارات کو دیا ہی نہ جائے بلکہ اس کا حوالہ دے دیا جائے تاکہ جس کو شوق ہو اس کتاب سے وہ عربی عبارت حاصل کرلے، مجبوراً ایسا کیا گیا ہے کہ اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں)

marfat.com
Marfat.com

رسالہ "درود و سلام" کے صفحہ ۸۸۔۸۹ پر "درود مدینہ" نہایت خوبصورت لکھا ہوا ہے۔

۱۲۲۔ حضرت مولانا شیخ علی نور الدین الشوفی نور اللہ مرقدہ نے جامع ازہر میں ۸۰ سال تک درود شریف کی مجلس قائم رکھی۔ اس کے علاوہ یمن، بیت المقدس، شام، مکہ مکرمہ، مدینہ طیبہ اور اسکندریہ کے علاقوں میں بھی آپ نے درود شریف کی مجالس قائم کیں۔ آپ کو آنحضور ﷺ کی زیارت بابرکت بحالت بیداری نصیب ہوئی تھی۔ فرماتے ہیں: مجھے بچپن ہی سے درود شریف پڑھنے کا شوق تھا، میں بچوں کو ناشتہ دیتا اور کہتا اسے کھاؤ اور پھر ہم مل کر حضرت رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجتے اور ہم دن کا اکثر حصہ درود شریف پڑھنے میں گذارتے تھے۔" ڈھائی برس بعد جب آپ کی تدفین دوبارہ کی گئی تو مٹی نے آپ کے جسم کو نہیں کھایا تھا، جسم پھولا بھی نہیں تھا بلکہ جسمانی حالت وہی تھی جیسی تدفین اوّل کے وقت تھی (رسالہ "نظر کرم" مرتبہ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی، صفحہ ۹۴۔ یہ رسالہ مجھے جناب محمد سرور شفقت، پروفیسر کیڈٹ کالج، حسن ابدال نے عنایت فرمایا جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں)۔

۱۲۳۔ حضرت سیّد عبد المقصود محمد سالمؒ محکمہ پولیس میں سپاہی تھے۔ ڈیوٹی رات گیارہ بجے شروع ہو کر صبح سات بجے ختم ہوتی تھی۔ وہ اس سلسلے میں فرماتے ہیں: قرآن پاک کی سورتیں تلاوت کرنا میرا معمول تھا، ایک دن خیال آیا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ پر درود شریف بھیجنا چاہیے، پس اسی کو وظیفہ بنالیا، گن کر صبح ایک ہزار مرتبہ اور شام کو ایک ہزار مرتبہ پڑھتا، دن گذرتے رہے اور میرا تبادلہ مختلف جگہوں پر ترقی کے ساتھ ہوتا رہا، درود شریف کا وظیفہ جاری رہا، اب میں صبح پانچ ہزار مرتبہ اور شام کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھ لیتا تھا، چھٹی کے دن رات دن میں تعداد ۱۴ ہزار ہو جاتی تھی، اس درود شریف کی برکت سے مجھے بار بار حضرت رسول اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوتا، میں بیمار ہوتا تو آپؐ تکلیف کی جگہ اپنا دست مبارک رکھ دیتے اور مجھے فوراً شفا ہو جاتی (رسالہ "نظر کرم" صفحہ ۹۷)۔

۱۲۴۔ جناب سیّد عبد المقصود محمد سالمؒ نے ۲۶ شعبان المعظم ۱۳۹۷ھ بمطابق ۱۱ اگست ۱۹۷۷ء شب جمعہ کو وصال فرمایا۔ وفات سے کچھ دن پہلے آپ نے خواب دیکھا کہ حضور نبی مکرم ﷺ نے انہیں سینے سے لگایا ہوا ہے، بوسے دے رہے ہیں اور عنقریب ملاقات کی بشارت سنا رہے ہیں (رسالہ نظر کرم صفحہ ۹۷ تا ۹۸۔ دفتر ماہنامہ "نعت" لاہور)۔

سبحان اللہ! سبحان اللہ! کیسی نظر کرم ہے۔ ایک سپاہی کثرت درود شریف سے کس اعلیٰ مقام پر جا پہنچا۔ جائز طریقوں سے لاکھوں کروڑوں روپیہ جمع کرنے کی فکر میں رہنے کی بجائے آپ بھی اپنے اکاؤنٹ میں کروڑوں درود شریف کا اضافہ کر کے اپنی دنیا و آخرت سنوار

marfat.com
Marfat.com

سکتے ہیں۔ ابھی وقت ہے اور زندگی کے لمحات نہایت قیمتی ہیں۔ کاش! آنکھ کھل جائے کیونکہ موت کے ساتھ یہ سنہرا موقعہ ختم ہو جائے گا پھر پچھتانے سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

۱۲۵۔ حضرت علامہ اقبالؒ روزانہ گن کر دس ہزار مرتبہ درود خضری (صلی اللہ علیٰ حبیبہ محمد والہ وسلم) پڑھا کرتے تھے یہاں تک کہ تعداد ایک کروڑ ہو گئی۔ کثرت درود کی وجہ سے جب بھی حضور نبی کریم ﷺ کا ذکر کرتے یا سنتے تو رقت طاری ہو جاتی تھی۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن اشرفی، نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ، فیروز پور روڈ، لاہور نے ایک مرتبہ محفل درود شریف کے بعد بیان فرمایا کہ ایک صاحب حضرت علامہ اقبالؒ کے پاس حج کے بعد ملاقات کے لیے گئے تو حضرت علامہؒ نے ان سے سفر حرمین شریفین کے بارے میں گفتگو کی اور پوچھا روضۂ رسول کریم ﷺ پر بھی حاضری دی تھی؟ انہوں نے کہا جی ہاں! حضرت علامہؒ پر یکدم رقت طاری ہو گئی اور ان سے کہا کہ تمہارے پاؤں آنحضور ﷺ کے در سے ہو کر آئے ہیں، انہیں میرے چہرے پر پھیر دو۔ وہ یہ سن کر گھبرا گئے۔ تمام حاضرین مجلس زارو قطار رونے لگے اور حضرت علامہ محمد اقبالؒ کی بھی روتے روتے ہچکی بندھ گئی (رسالہ نظر کرم صفحہ ۹۸)۔

حضرت مفتی محمد حسن قدس سرہٗ کے صاحبزادے اور میرے (مصنف / مولف کتاب ہذاء) پیر بھائی حضرت مولانا عبدالرحمٰن اشرفی، ماشاء اللہ نہایت ہی خوش بخت انسان ہیں۔ جامعہ اشرفیہ، لاہور میں جمعہ کے دن عصر تا مغرب سالہا سال سے درود پاک کی محفل منعقد کرا رہے ہیں۔ درود شریف کی برکت سے آپ کو کئی مرتبہ خواب اور بیداری میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے۔

۱۲۶۔ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی کی ہمشیرہ نے انہیں بتایا کہ محترمہ رضیہ لال شاہ نور اللہ مرقدہا انتہائی نیک سیرت اور خوش اخلاق خاتون تھیں۔ روزانہ کثرت سے بڑے ہی ذوق و شوق کے ساتھ درود شریف پڑھتی تھیں۔ نعت گو شاعرہ بھی تھیں۔ محترمہؒ نے بارہ سال تک گنگ محل، گلبرگ، لاہور میں درس قرآن پاک دیا اور ہر پیر کے روز محفل میلاد شریف کا آغاز کیا جو ابھی تک جاری ہے۔ محترمہؒ اپنے گھر پر بھی ہر ہفتہ پیر کے دن درس قرآن پاک دیتی تھیں اور محفل میلاد شریف منعقد فرماتی تھیں۔ محترمہؒ نے ایک مرتبہ بتایا کہ میں تہجد کی نماز کے لیے اٹھنے لگی تو مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے دن نکل آیا ہو لیکن جلد ہی احساس ہوا کہ میرا کمرہ نور سے منور ہے۔ میں نے دیکھا کہ میرے کمرے کی دیوار میں جو خانے بنے ہوئے ہیں، حضور نبی کریم ﷺ ان خانوں میں کچھ کاغذات رکھ رہے ہیں اور کچھ نکال رہے ہیں۔ آپؐ نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا: "رضیہ! میں نے تمہارے سب کام کر

marfat.com
Marfat.com

دیئے ہیں" اور یہ فرمانے کے بعد آپؐ تشریف لے گئے (رسالہ نظر کرم از جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی۔ صفحہ ۹۹)۔

۱۲۷۔ دوسری مرتبہ تہجد کے وقت محترمہ رضیہ لال شاہ نور اللہ مرقدہا کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ ایک اونٹنی کو اٹھا رہے تھے اور مجھ سے فرمایا کہ میں جا رہا ہوں، تم میرے پیچھے آؤ (رسالہ نظر کرم صفحہ ۹۹)۔

۱۲۸۔ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی کو محترمہ رضیہ لال شاہ نور اللہ مرقدہا کے شوہر جناب سید لال حسین شاہ صاحب نے بتایا: ۱۹۷۵ء میں ہم دونوں عمرے کے لیے گئے تھے اور مدینہ منورہ آئے ہوئے تیسرا دن تھا کہ ظہر کی نماز سے پہلے گھر کے کسی معاملے کے سلسلے میں ہمیں پریشانی ہوئی، فیصلہ کیا کہ نماز ظہر کے بعد لاہور فون کریں گے، اگر معاملہ ٹھیک نہ ہوا تو مدینہ منورہ میں اپنا قیام مختصر کر کے جلد واپس لوٹ جائیں گے۔ نماز ظہر کے بعد میری اہلیہ نے مجھے بتایا کہ حضور اقدس ﷺ تشریف لائے تھے اور آپؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ لاہور والا معاملہ ٹھیک ہے، آپ دونوں آرام سے یہاں رہیں۔ مرحومہ رضیہ لال شاہ نور اللہ مرقدہا مشہور سابق ٹیسٹ کرکٹر مسٹر آصف مسعود کی والدہ محترمہ تھیں (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۰ تا ۱۰۱)۔

۱۲۹۔ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی فرماتے ہیں کہ میرے والد محترم حضرت بشیر احمد چشتی نظامیؒ "درود خضری" کی کثرت فرمایا کرتے تھے اور آپ کو حضور اقدس ﷺ کی اکثر زیارت نصیب ہوتی تھی۔ بوقت زیارت ہمارا گھر انتہائی اعلیٰ قسم کی خوشبوؤں سے مہک اٹھتا تھا۔ ۱۹۳۰ء کی دہائی میں میرے والد محترم شرقپور شریف میں رہتے تھے، وہاں ایک ہندو سے اسلام کی حقانیت پر میرے والد صاحب کی بحث ہوگئی تو اس نے گھر جا کر کالے جادو کا وار کیا جو ناکام رہا۔ ایک روز والد صاحب کے پاس حاضر ہو کر اپنے کیے کی معافی مانگی اور عرض کیا کہ مجھے اپنی خدمت پر لگالیں۔ والد محترم نے اس سے کہا کہ تم درود خضری پڑھا کرو، تمہیں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔ اس ہندو نے روزانہ درود خضری کثرت سے پڑھنا شروع کر دیا اور چند روز بعد وہ حضور اقدس ﷺ کی زیارت سے بہرہ مند ہوا (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۱)۔

۱۳۰۔ جناب بشیر احمد چشتی نظامیؒ کو ایک مرتبہ عین اس وقت بیداری میں حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی جب قائداعظم محمد علی جناحؒ کی کراچی میں تدفین ہو رہی تھی۔ آپ نے بتایا کہ حضرت رسالت مآب ﷺ خود تشریف لائے ہوئے ہیں اور اپنے ہاتھوں سے قائداعظمؒ کو لحد میں اتار رہے ہیں اور فرما رہے ہیں: "یہ میرا پیارا ہے" (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۱ تا ۱۰۲)۔

۱۳۱۔ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی فرماتے ہیں: میری والدہ محترمہ "کثرت سے درود

marfat.com
Marfat.com

شریف پڑھتی تھیں، ایک مرتبہ کسی وجہ سے پریشان تھیں، اسی رات حضور نبی کریم ﷺ خواب میں تشریف لائے اور فرمایا: "میں تمہارے ساتھ ہوں، فکر نہ کرو۔" اس کے بعد ان کی پریشانی دور ہو گئی (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۲)۔

۱۳۲۔ جناب راجا رشید محمود ایڈیٹر ماہنامہ "نعت" لاہور، رسالہ "درود و سلام" مرتب فرما رہے تھے کہ ۲۸ جولائی ۱۹۹۳ء کو پہلی بار انہیں حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی اور ان کے دل کو تسلی ہوئی کہ درود شریف کی فرضیت کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے درست ہے (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۶)۔

۱۳۳۔ جناب رانا منیر احمد غازی (۱۰۳ الیف۔ ماڈل ٹاؤن، لاہور) کثرت سے درود شریف پڑھتے اور محافل منعقد کرتے رہتے ہیں۔ ایک عرصے سے درود شریف پڑھنے کی ترغیب دینے والے سٹکرز چھپوا کر تقسیم کر رہے ہیں خصوصاً نقش پائے رسول کریم ﷺ کو پورے پاکستان اور غیر ممالک میں عام کرنے کا سہرا بھی کافی حد تک آپ ہی کے سر ہے۔ ایک روز آپ کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ رانا صاحب نے جی بھر کر آپؐ کے مبارک قدموں کے بوسے لیے اور سرکار دو عالم ﷺ نے آپ کے سر پر اپنا دست رحمت پھیرا (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۸)۔

۱۳۴۔ مولانا نبی بخش حلوائی ؒ کو حسان نامی ایک شخص نے بتایا کہ شدید گرمی کے موسم میں ایک دن سنہری مسجد، لاہور میں نماز جمعہ ادا کر کے سو گیا۔ خواب میں مجھے کسی نے کہا: "اٹھو! زیارت نبی کریم ﷺ کی اجازت مل گئی ہے۔" میں اس شخص کے ساتھ چلا، ایک بارگاہ میں پہنچے جہاں ایک خوبصورت خیمہ لگا ہوا تھا میں نے دل میں کہا آج میرے نصیب جاگ اٹھے لیکن مجھ جیسے گنہگار کی نگاہیں حضور انور ﷺ کے چہرۂ انور کی تاب کیسے لائیں گی؟ مگر جوں ہی میں خیمے میں داخل ہونے لگا حضور انور ﷺ نے فرمایا: "اسے باہر نکالو، اس کے منہ سے بدبو آ رہی ہے۔" مجھے پکڑ کر باہر نکال دیا گیا، میرے منہ سے حقے کی بدبو آ رہی تھی، میں سخت شرمندہ ہوا، چیخ چیخ کر رونے اور افسوس کرنے لگا کہ اس کم بخت حقے کی وجہ سے مجھے اتنی بڑی نعمت سے محرومی ہوئی (شفاالقلوب صفحہ ۲۷۹)۔

۱۳۵۔ جناب احسان اللہ احسان (۲۱۹۔ ۲/اے جوہر ٹاؤن، لاہور) ہر سال جشن میلاد مصطفیٰ ﷺ نہایت اہتمام اور محبت سے مناتے ہیں۔ فرماتے ہیں: ۱۹۸۴ء ۲۷ویں رمضان المبارک سے دو تین دن پہلے میں شاد باغ سے گھر کی طرف جا رہا تھا کہ راستے میں اچانک میرا سکوٹر پھسل گیا اور میری ٹانگوں پر کافی چوٹیں آئیں، سخت گرمی کا موسم تھا لہٰذا فکر لاحق تھی

marfat.com

Marfat.com

کہ ۲۷ رمضان کی بابرکت رات آ رہی ہے اور آخری عشرہ ہے، میں تراویح کس طرح پڑھوں گا؟ اس رات بڑی مشکل سے نماز عشاء پڑھی اور سونے کی کوشش کرنے لگا لیکن نیند نہیں آ رہی تھی، میں نے انتہائی محبت سے آہستہ آہستہ درود شریف پڑھنا شروع کر دیا، معلوم نہیں کب آنکھ لگ گئی؟ رات اچانک آنکھ کھلی تو سوچا تہجد پڑھوں مگر چوٹوں کی وجہ سے جسم درد کر رہا تھا اور ٹانگیں اکڑی ہوئی تھیں، کوشش کے باوجود اٹھ نہ سکا، دل بوجھل اور غمگین ہو گیا کہ آج میں تہجد سے محروم رہوں گا، ابھی ان ہی خیالات میں گم تھا کہ حضور نبی کریم ﷺ تشریف لے آئے، آپؐ نے اپنا دست شفا میرے جسم پر پھیرا کہ میرے جسم میں عجیب سی ٹھنڈی کیف و سرور کی لہر دوڑ گئی جو میں الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا، مجھے شفا عطا فرما کر حضور انور ﷺ تشریف لے گئے، چند لمحے پہلے میں کوشش کے باوجود اٹھ نہ سکتا تھا لیکن اب شفا پا چکا تھا سارے جسم کا درد جاتا رہا لہٰذا میں نے فوراً اٹھ کر نماز تہجد ادا کی (رسالہ نظر کرم صفحہ ۹۸ تا ۹۹)۔

۱۳۶۔ حضرت شیخ غرازؒ نے حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت کی اور دریافت فرمایا: یارسول اللہ (ﷺ)! ابوالوفا کے لیے آپؐ کی رائے مبارک کیا ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: میں اس شخصیت کے بارے میں کیا کہوں جس کے ذریعے میں قیامت کے دن سب امتوں پر فخر کروں گا (جامع کرامات اولیا کا اردو ترجمہ صفحہ ۵۰۰ تا ۵۰۱)۔

ابوالوفا حضرت محمد بن محمد کاکیسؒ پہلے ڈاکو تھے۔ حضرت شیخ ابو محمد شنبکیؒ کے دست مبارک پر توبہ کی اور تاج العارفین کہلائے۔ علامہ تاذفی نے اپنی کتاب "قلائد الجواہر" میں آپ کو عظیم الشان خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ آپ کا وصال ۲۰ ربیع الاول ۵۰۱ھ کو بعمر ۸۰ سال ہوا۔ عراق کے شہر قلمینا میں دفن ہیں۔

۱۳۷۔ ابو عبداللہ محمد بن یوسف یمنی ضجاعیؒ، موضع ضجاع کا باشندہ ہونے کی وجہ سے ضجاعی کہلائے۔ ضریر (نابینا) کے لقب سے مشہور تھے کیونکہ پیدائشی نابینا تھے، جو چیز سنتے ایک ہی مرتبہ میں یاد ہو جاتی تھی۔ فقہ حنفی کی مشہور کتاب "ہدایہ" جس کی چار جلدیں ہیں اور ہر جلد قریب ڈھائی تین سو صفحات پر مشتمل ایک ہی مرتبہ سن کر حفظ کر لی تھی۔ فقیہ کبیر احمد بن موسیٰ عجیل سے مروی ہے کہ انہیں خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا: "احمد! اگر تمہاری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے علم کے دروازے کھول دے تو ضریر کی قبر کی مٹی میں سے کچھ لو اور اس کو نہار منہ نگل جاؤ۔" انہوں نے ایسا ہی کیا اور اس کی برکات ظاہر ہوئیں (جمال الاولیا۔ تلخیص و ترجمہ جامع کرامات الاولیا۔ صفحہ ۱۱۳ تا ۱۱۴)۔

حضرت ضریرؒ نے ۶۰۰ھ میں وصال فرمایا۔ ان کا مزار ان کے موضع میں مشہور ہے۔

marfat.com
Marfat.com

۱۳۸۔ حضرت ابو عبداللہ محمد بن یعقوب بن الکمیت المعروف بہ ابی حربہؒ (آپ ابو حربہ (نیزہ والا) اس لیے مشہور ہوئے کہ ایک مرتبہ ایک ظالم کی طرف انگلی سے نیزہ کی طرح اشارہ کیا تو وہ مر گیا تھا لہٰذا مذاق کے طور پر بھی کسی کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے تو اسے موڑ لیتے تھے) بچپن ہی میں فقہ میں کمال حاصل کر چکے تھے۔ آپ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خواب میں دیکھا، فرما رہے ہیں: اے محمد! لوگوں کی حاجتوں کے لیے اٹھ کھڑے ہو، تمہارے واسطے گرم لباس، بقدر کفایت روزی اور تکمیل حوائج ہے۔ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں یہ چاہتا ہوں کہ علم میں مشغول رہوں۔ حضور اقدس ﷺ نے دوبارہ وسہ بارہ اپنا وہی ارشاد فرمایا اور آپ نے بھی وہی عرض دہرائی۔ اس پر حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا: تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ مخالفت کرتے ہو؟ (بس پھر آپ خاموش ہو گئے) فرماتے ہیں: اس کے بعد میں جب بھی کسی حاجت کے لیے اٹھا تو آسمان میں لکھا ہوا دیکھ لیتا تھا کہ یہ پوری کی جائے گی یا نہیں؟ میں جہاں بھی چل کر جاتا ہوں تو نور کا ایک جھنڈا زمین سے آسمان تک قدرت میرے ساتھ اٹھا کر چلتی ہے۔ آپ کا وصال وادیٔ مور کے کنارے مریحہ نامی گاؤں میں ۷۲۴ھ میں ہوا اور وہیں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے (جمال الاولیا صفحہ ۱۳۶ تا ۱۳۷)۔

۱۳۹۔ ابو عبداللہؒ محمد بن عبداللہ مؤذن وادی مور کے ایک گاؤں غصین کے رہنے والے تھے۔ فقیہ، عالم، عامل اور زاہد تھے۔ علوم تفسیر میں ید طولیٰ حاصل تھا اور بغیر کسی مدد کے قرآن مجید کی مکمل تفسیر لکھوا سکتے تھے۔ ابتدائے عمر میں سماع کے منکر تھے۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک عظیم جماعت کے ہمراہ حضور اقدس ﷺ گاؤں میں تشریف لائے ہیں اور ایک مغنی آپؐ کے حضور نغمے گا رہا ہے۔ صبح جب بیدار ہوئے تو حیرانی کی انتہا نہ رہی کہ گاؤں میں ایک شخص صوفیہ کی جماعت کے ساتھ موجود ہے اور وہی نغمات الاپ رہا ہے جن کی رات سماعت کی تھی۔ اس کے بعد تاحیات آپ نے سماع کا مشغلہ جاری رکھا۔ قریباً ۱۱۰ سال کی عمر پا کر اپنے ہی گاؤں میں آٹھویں صدی ہجری کے اواخر میں وصال فرمایا (جامع کرامات الاولیا کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ۶۱۳ تا ۶۱۴)۔

۱۴۰۔ ابو عبداللہ محمد بن عمر بن محمد الزدکیؒ عالم فاضل، خوش خلق، سلیم القلب اور خیر و صلاح میں مشہور تھے۔ علم لغت کی سرکردگی آپ پر ختم تھی۔ حضور انور ﷺ نے آپ کو خواب میں ارشاد فرمایا تھا کہ جو تم سے پڑھ لے گا جنت میں جائے گا۔ پس بہت سے علما نے آپ سے علم حاصل کیا۔ شریف عبدالرحمٰن بن ابی الخیر فاریشی مکیؒ کہتے ہیں جب مجھے اس خواب کا علم ہوا تو میں نے آپ کے پاس جا کر پڑھنے کا [illegible] شیخ [illegible] ے گاؤں تشریف لے

marfat.com

Marfat.com

آئے اور میں نے آپ سے پڑھا۔ مکہ مکرمہ میں ۸۲ےھ میں آپ نے وصال فرمایا اور ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے جوار میں دفن ہوئے (جمال الاولیاؒ صفحہ ۱۴۶ تا ۱۴۷)۔

۱۴۱۔ محمد بہاء الدین شاہ نقشبندؒ بخاری تھے۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے شیخ اعظم اور بڑے بڑے ائمہ صوفیہ کے پیش رو تھے۔ طریقت کو شیخ محمد بابا السماسیؒ سے اور پھر سید امیر کلالؒ سے حاصل کیا۔ ۱۷ےھ میں بخارا میں ایک فرسخ کے فاصلے پر قصر العارفان آبادی میں تولد ہوئے۔ شیخ علاء الدین عطارؒ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ آپ کی نزع کی حالت میں سورہ یٰس پڑھ رہے تھے، جب نصف پر پہنچے تو انوار بلند ہونے لگے۔ ہم سب کلمہ طیبہ میں مشغول ہو گئے اور حضرت نقشبند قدس سرہٗ دوشنبہ ۳ ربیع الاول ۹۱ےھ کی شب وصال فرما گئے متوسلین نے قبر شریف پر بڑا سا قبہ بنا دیا اور باغ کاٹ کر وہاں ایک بڑی مسجد بنا دی۔

ایک عالم نے حضرت نقشبندؒ کے مریدوں کی ایک جماعت کے ساتھ عراق کا سفر کیا۔ سمنان پہنچے تو معلوم ہوا کہ یہاں سید محمود نامی ایک بزرگ حضرت نقشبندؒ کے مخلصین میں سے ہیں۔ ہم ان کی زیارت کے لیے گھر گئے اور ان سے اس سلسلے میں داخل ہونے کی وجہ دریافت کی۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی، نہایت خوبصورت مکان تھا اور آپؐ کے برابر ایک بارعب شخص بیٹھے تھے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ کے عہد میں نہیں تھا، پس وہ فیوض و برکات حاصل نہ کر سکا اب کیا کروں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: اگر تم یہ چاہتے ہو کہ میری برکت اور میرے دیکھنے کی فضیلت حاصل کر لو تو شیخ بہاؤالدینؒ کی پیروی اپنے اوپر لازم کر لو۔ میں نے شیخ کو اس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا، جب بیدار ہوا تو ان بزرگ کا نام اور حلیہ ایک کتاب کی پشت پر لکھ لیا۔ پھر ایک مدت کے بعد ایک بزاز کی دکان پر بیٹھا تھا کہ ایک پُر نور اور بارُعب ایک شخص آ کر دکان پر بیٹھ گئے، ان کا چہرہ دیکھ کر مجھے خواب والا حلیہ یاد آ گیا، میں ان کو اپنے گھر لے گیا اور اس حجرے میں بٹھایا جس میں میرا کتب خانہ تھا، ان بزرگ نے ہاتھ بڑھا کر ایک کتاب نکال کر مجھے دی جس کی پشت پر میں نے سات برس پہلے وہ خواب اور اس کی تاریخ لکھی تھی لہٰذا میری درخواست پر انہوں نے مجھے اپنے سلسلے میں داخل کر لیا (الحدائق الوردیہ) (جمال الاولیا، صفحہ ۱۵۲ تا ۱۵۳)۔

۱۴۲۔ حضرت ابو عبداللہ محمد بن علی الاشخرؒ فقیہ، عالم اور عامل تھے۔ عرصہ دراز تک عشا کے وضو سے فجر کی نماز پڑھتے رہے۔ جب آپ کی عمر ۴۰ سال ہوئی تو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے اور عرض کیا کہ مجھے ہمیشہ علم سے لگاؤ رہے، اللہ تعالیٰ مجھے متقین میں شامل فرمائے اور میری دعا قبول ہوا کرے۔ حضور اقدس ﷺ نے آپ کے حق

marfat.com
Marfat.com

میں ان تینوں باتوں کی دعا فرمائی، پھر آپ علم میں مشغول رہ کر عظیم فقیہ بنے۔ مذکور ہے کہ آپ حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ رہا کرتے تھے۔ بقول علامہ شرجی آپ کا وصال ۸۱۸ھ میں ہوا (جامع کرامات الاولیا حصہ اول کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ٦٥٠)۔

۱۴۳۔ حضرت محمد بن عبداللہ دھنیؒ عظیم الشان صوفی تھے۔ بدحالی میں مبتلا ہوئے، بچے ہلاکت کے دہانے پر جا پہنچے، آپ ایک تاجر سے کچھ مانگنے گئے مگر اس نے دینے سے انکار کردیا۔ آپ کو ایک حدیث پاک یاد آئی کہ طلوع فجر سے طلوع آفتاب کے درمیان جنت کی ساعات سے مشابہ ایک ساعت آتی ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے، پس میں نے بچوں کے ہمراہ سات دن اس اثناء میں دعا مانگی۔ ایک روز میں دیوار کے پہلو میں غسل کے لیے گیا تو دیوار کی دراڑ سے بہت سے سونے کے مثقال (ایک سکہ کا نام) دکھائی دیئے، میں نے چہرہ ڈھک لیا اور کہا: پروردگار عالم! مجھے اس کی ضرورت نہیں، مجھے تو صرف فاقہ دور کرنے کے لیے کچھ چاہیئے۔ اب جو میں نے چہرہ کھولا تو مثقال غائب تھے، پھر وہی تاجر ایک ہزار دینار لے کر آیا اور کہا کہ میں نے حضور شفیع المذنبین ﷺ کی خواب میں زیارت کی ہے اور آپؐ نے مجھے حکم دیا ہے کہ ایک ہزار دینار اسے قرض دے دو۔ حضرت فقیہ احمد بن موسیٰ عجیل بقول امام مناوی فرماتے ہیں کہ میں نے مذکورہ بالا حدیث کی تلاش کی تو اسے اربعین اجریہ میں موجود پایا (جامع کرامات الاولیا حصہ اول کا اردو ترجمہ، صفحہ ٦٥٣ تا ٦٥٤)۔

۱۴۴۔ حضرت ابو عبداللہ محمد بن عباس شعبی یمنیؒ کثرت سے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے نوازے جاتے تھے۔ فرماتے تھے: ایک سال میں نے حج کیا اور حجر اسود کے قریب یہ دعا مانگی کہ حق تعالیٰ مجھے قاضی اور مفتی بننے سے بچائے۔ جب میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان پہنچا تو خواب میں لوگوں کا ایک مجمع دیکھا، قریب پہنچا کہ سبب معلوم کروں تو مجمع کے درمیان ایک شخص کو دیکھا جیسے چودھویں کا چاند ہوتا ہے۔ میں نے حاضرین میں سے کسی سے پوچھا: یہ کون بزرگ ہیں؟ اس نے جواب دیا: یہ حضور ﷺ ہیں۔ میں نے دیکھا کہ ایک شخص مسئلہ پوچھ رہا ہے، جو ایک ورق میں ہے اور اس نے وہ ورق حضرت رسول اقدس ﷺ کی خدمت میں پیش کیا ہے اور آپؐ کے دست مبارک میں "کتاب المھذب" کا ایک جز ہے اور حضور ﷺ کبھی اس جز کو اور کبھی مسئلے کو ملاحظہ فرماتے ہیں۔ مجھے اس سے تعجب ہوا۔ آنکھ کھلنے کے بعد حضور ﷺ کی اقتدا میں مجھے مفتی ہونا ناگوار نہیں رہا البتہ قاضی ہونا ناگوار رہا اور اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ مجھے اس سے نجات ملی رہی (جمال الاولیا صفحہ ۱۹۱)۔

۱۴۵۔ حضرت ابو عبداللہ محمد بن عثمان نزیلیؒ عالم اور فقیہ تھے۔ ایک مرتبہ زیدی فرقے

marfat.com
Marfat.com

کا ایک حاکم زبردست لشکر لے کر آپ کے شہر کو لوٹنے کے لیے پہنچا۔ یہ لوگوں کو اپنے مذہب میں داخل ہونے پر بھی مجبور کرتا تھا۔ ہر طرف فساد برپا کر رکھا تھا۔ آپ نے اسے لوگوں کے ساتھ حُسنِ سلوک سے پیش آنے کو لکھا مگر اس نے نہ آپ کی پروا کی نہ آپ کے خط کی، پس آپ نے حضور اقدس ﷺ کی شان میں ایک قصیدہ لکھا اور آپؐ کے وسیلے سے نجات چاہی۔ حاکم نے لشکر جرار کے ساتھ آپ کے گاؤں پر حملہ کر دیا۔ گاؤں والے تھوڑے تھے پھر بھی انہوں نے اس لشکر کو شکست دی۔ آپ نے حضور اقدس ﷺ کی شان میں اور بھی کئی قصیدے لکھے ہیں۔ ایک آدمی نے خواب میں دیکھا کہ حضور انور ﷺ آپ کے منہ کو بوسہ دے رہے ہیں۔ آپ نے اللہ پاک سے دعا کی کہ مجھ سے کھانے، نیند اور عورت کی خواہش زائل کر دے۔ متوسلین نے تحقیق کی تو واقعی آپ کے اندر سے یہ تینوں خواہشیں زائل ہو چکی تھیں (جمال الاولیاً صفحہ ۱۹۵)۔

۱۴۶۔ ابو عبداللہ محمد بن سعید بن معن القرضیؒ پر علم حدیث کا غلبہ تھا۔ علم حدیث پر آپ کی متعدد تصانیف ہیں جن میں زیادہ مشہور کتاب المستصفی ہے، جسے آپ نے بڑی محنت سے کتب سنن سے جمع کیا تھا۔ یہ کتاب بہت بابرکت ہے اور یمنی علما میں بہت مقبول ہے۔ آپ نے خواب میں حضرت امام الانبیا ﷺ کو دیکھا کہ آپ کے لیے استقامت کی دعا فرما رہے ہیں۔ مکہ مکرمہ میں اپنی رباط میں مقیم شیخ ربیعؒ سے صحیح سند کے ساتھ مذکور ہے کہ انہوں نے حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص محمد بن سعید کی پوری کتاب ”المستصفی“ پڑھ لے وہ جنت میں داخل ہوگا۔“ اسے شرجیؒ نے بیان کیا (جمال الاولیا صفحہ ۱۹۵تا۱۹۶)۔

۱۴۷۔ ابو عبداللہ محمد بن عمر النہاری الیمنی کے پاس جو بھی اجنبی آتا آپ اس کا، اس کے باپ اور قبیلے کا نام لے کر اس سے بات کرتے تھے۔ آپ کی یہ کرامت بہت مشہور تھی۔ حضرت مقری بشر بن عمران مجیؒ نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ نے ان کو بشارت دی کہ آپ سات جھنڈوں کے ساتھ جنت میں داخل ہونگے۔ حضرت مقری قرآن پاک کی سات قرأتوں میں صاحبِ تحقیق تھے۔ اتفاقاً ایک مرتبہ آپ شیخ محمد نہاریؒ کی زیارت کو گئے تو انہوں نے دیکھتے ہی فرمایا: ”مرحبا! اس شخص کو جو سات جھنڈوں کے ساتھ جنت میں داخل ہوگا۔“ حالانکہ حضرت مقریؒ نے کبھی کسی کو اپنا خواب نہ سنایا تھا (جمال الاولیاً صفحہ ۱۹۸تا۱۹۹)۔

۱۴۸۔ حضرت محمد صوفیؒ بہت بڑے عارف اور محقق صوفی تھے۔ وہ فرمایا کرتے تھے کہ

marfat.com
Marfat.com

عالم بیداری میں جب بھی چاہتے ہیں سرکار رسالت پناہ ﷺ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہو جاتے ہیں (جامع کرامات الاولیا حصہ اول کا اردو ترجمہ صفحہ ۷۱۲)۔

۱۴۹۔ حضرت محمد صدر الدین البکریؒ بہت خاموش بزرگ تھے۔ سوائے جواب دینے کے خود کوئی بات نہ کرتے تھے۔ ان کی والدہ کا بیان ہے کہ جب یہ ان کے پیٹ میں تھے تو انہوں نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی تھی۔ آپؐ نے ان کو ایک کتاب عنایت فرمائی تھی۔ وہ کہتی ہیں میں نے اس کی تعبیر یہ لی کہ نیک لڑکا پیدا ہوگا۔ حج کے بعد جب مدینہ طیبہ تشریف لے گئے تو لوگوں نے سنا کہ حضور انور ﷺ نے ان کے سلام کا جواب عطا فرمایا۔ آپ کا وصال ۹۱۸ھ میں مدینہ منورہ میں ہوا (جمال الاولیاء۔ صفحہ ۲۰۷)۔

۱۵۰۔ حضرت محمد بن محمد رضی الدین ابو الفضل غزیؒ کے پوتے نجم الدین غزیؒ فرماتے ہیں کہ میرے والد ماجد امام بدر الدین غزیؒ نے اپنے والد ماجد محمد رضی الدینؒ کے وصال سے کچھ دن پہلے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ کے ہمراہ صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت تھی اور آپؐ فرما رہے تھے کہ ہم تیرے باپ کی تجہیز و تکفین کے لیے آئے ہیں۔ آپ غزی الاصل ہیں، ولادت دمشق میں ہوئی، عالم اور عامل تھے، ۹۳۵ھ میں وصال ہوا اور آپ کے لاتعداد مکاشفات اور کرامات ہیں جن میں کچھ "بلغۃ الواجد" میں ذکر کی گئی ہیں (جامع کرامات الاولیاء۔ حصہ اول کا اردو ترجمہ صفحہ ۷۴۷)۔

۱۵۱۔ حضرت محمد بن بہاء الدین بن لطف اللہؒ، بہاء الدین زادہ کے نام سے مشہور تھے۔ "الشقائق" کے مصنف جب مدرس تھے تو انہوں نے خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی، آپؐ نے مدینہ منورہ سے انہیں ہدیۃً تاج بھیجا، جب صبح ہوئی تو حضرت بہاء الدین زادہ کی طرف سے ان کے پاس ایک آدمی آیا اور کہا کہ حضرت کا ارشاد ہے کہ جو خواب آپ نے دیکھا ہے اس کی تعبیر یہ ہے کہ آپ جلد ہی قاضی بننے والے ہیں، پھر جب "الشقائق" کے مصنف آپ کو ملے، خواب بیان کیا اور وہ تعبیر بھی جو آپ کو بتائی گئی تھی تو آپ نے فرمایا: ہاں! یہی بات ہے۔ صاحب الشقائق کہنے لگے حضرت میں قضا (جج) طلب نہیں کرتا۔ آپ نے فرمایا: طلب نہ کیجئے لیکن اگر طلب کے بغیر خود مل جائے تو انکار بھی نہ کیجئے۔ پس آپ نے عہدۂ قضا قبول کر لیا۔ حضرت بہاء الدین زادہ کا وصال شہر قیصریہ میں ۹۵۱ھ میں ہوا (جامع کرامات الاولیا حصہ اول کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ۷۴۹ تا ۷۵۰)۔

۱۵۲۔ تاج العارفین حضرت ابو الحسن محمد بن محمد جلال الدین بکریؒ امام کبیر اور قطب شہیر ہیں۔ آپ کی والدہ ماجدہ سیدہ خدیجہؒ عابدہ و زاہدہ، شب زندہ دار اور ہمیشہ روزے رکھنے والی

marfat.com
Marfat.com

تھیں۔ بیٹے سے تھوڑا سا اختلاف تھا۔ وہ حج، زیارت اور ایسے ہی دیگر کاموں میں لباس فاخرہ پہن کر آنے کو ایک قسم کی نمائش سمجھ کر پسند نہ کرتی تھیں جب کہ حضرت ابو الحسن ایسے مواقع پر ایسا ہی لباس استعمال کرتے تھے۔ غصہ میں آئی ہوئی ماں سے ایک روز بیٹے نے کہا: کیا یہ بات کافی نہیں کہ میرے اور آپ کے درمیان خود حضور اقدس ﷺ فیصلہ فرمادیں؟ رات سوئیں تو خواب میں دیکھا کہ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں ہیں اور روضۂ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں بہت سی قندیلیں ہیں جن میں ایک سب سے بڑی ہے اور اس کا حسن، روشنی اور شکل و صورت سب سے اعلیٰ ہے۔ والدہ ماجدہ نے پوچھا: یہ کس کی قندیل ہے؟ انہیں بتایا گیا کہ یہ آپ کے صاحبزادے ابو الحسنؒ کی قندیل ہے۔ انہوں نے حجرۂ طیبہ کی طرف توجہ دی تو حضور سید کائنات ﷺ کی زیارت ہوئی جہاں جناب ابو الحسنؒ وہی لباس فاخرہ پہنے کھڑے تھے۔ یہ دیکھ کر والدہ ماجدہ نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ میں توبہ کرتی ہوں اور اس کے بعد والدہ ماجدہ نے نہ کبھی انکار کیا اور نہ ہی مجھے ملامت کی (جامع کرامات اولیاً جلد اول صفحہ ۱۵۷)۔

۱۵۳۔ علامہ نجم الدین غزیؒ راوی ہیں کہ شیخ صالح علی لولوی نے مجھے بتایا کہ ایک مصیبت نے مجھے آلیا۔ میں نے اللہ کریم کے سامنے حضور رؤف الرحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا وسیلہ پیش کیا۔ آپؐ نے مجھے خواب میں دیدار بخشا اور فرمایا: اپنے پڑوسی شیخ ابو مسلم صمادی کے پاس جاؤ اور اس تکلیف کا ان سے ذکر کرو۔ صبح میں شیخ ابو مسلم صمادیؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ مجھے دیکھتے ہی کہنے لگے: اے شیخ صالح علی! میں غیب نہیں جانتا، میں غیب نہیں جانتا مگر اپنے کام کی بابت آپ نے مجھے کیوں نہیں بتایا (یعنی حضرت رسول اللہ ﷺ کو تکلیف دی، مجھے کہہ دیتے تو کام ہو جاتا) پھر اللہ تعالیٰ نے میری وہ تکلیف حضرت صمادیؒ کے ذریعے دور کرا دی (جامع کرامات اولیاً جلد اول کا اردو ترجمہ صفحہ ۷۶۷)۔

۱۵۴۔ علامہ نجم الدین غزیؒ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں بیمار ہو گیا۔ خواب میں آقائے کل ﷺ نے جمال جہاں آرا کی زیارت سے نوازا۔ میں نے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کی بائیں جانب حضرت ابو مسلم صمادیؒ، دائیں جانب آپ کے صاحبزادے مسلم اور بہت سے لوگ ذکر الٰہی کی اس محفل میں شریک ہیں۔ ذکر سے فارغ ہو کر حضرت ابو مسلم صمادیؒ نے حضور انور ﷺ سے صمادی جماعت کی بابت دریافت کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: اے شیخ محمد! ان میں تیرے لڑکے مسلم کے علاوہ اور کوئی بھی نہیں۔ علامہ غزیؒ فرماتے ہیں پھر میں جاگ اٹھا، بکثرت پسینہ آچکا تھا اور مجھے آرام آگیا تھا، میرے خواب کا علم حضرت صمادیؒ کو ہوا تو

marfat.com
Marfat.com

انہوں نے مجھے بلا بھیجا اور فرمایا: بخدا! یہ سچ ہے، میں چاہتا ہوں آپ اپنی زبان سے مجھے وہ خواب سنائیں۔ میں نے خواب سنا دیا تو فرمایا: خدا کی قسم! تیرا خواب سچا ہے، ہماری جماعت میں مسلم کے سوا اور کوئی نہیں۔ اس خواب کے کچھ عرصے کے بعد حضرت صمادیؒ کا وصال ہو گیا اور آپ کے صاحبزادے مسلم آپ کے جانشین ہوئے (جامع کرامات الاولیاء۔ صفحہ ۷۶۸)۔

حضرت محمد صمادی ابو مسلم دمشقیؒ امام، علامہ اور عارف ربانی تھے، اکابر اولیاء کے ساتھی اور اصفیا کے سردار تھے، وصال ۹۹۴ھ میں دمشق میں ہوا، جامع مسجد اموی میں نماز جنازہ پڑھی گئی اور آپ اپنے خاندان کی خانقاہ میں دفن ہوئے۔

۱۵۵۔ علامہ محبی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد بن احمد عجیلؒ کی اپنی ایک تحریر دیکھی جس کی عبارت یہ ہے کہ شیخ صالح نجم الدین بن فیولی مصری نے مجھے بتایا کہ انہوں نے ۱۰۰۷ھ عید الفطر کے دن اونگھ کی کیفیت میں دیکھا کہ نبی مکرم ﷺ اپنی قبر انور کے سامنے تشریف رکھتے ہیں اور آپؐ کے تمام جسم پاک سے نور نکل رہا ہے، خصوصاً سینۂ اقدس سے نکلنے والا نور بہت زیادہ ہے، ابن عجیلؒ محفل میلاد و ذکر اپنی مسجد میں قائم کیے بیٹھے ہیں اور یہ نور ان کے سینے میں لگاتار داخل ہو رہا ہے، باقی اولیاء کو بھی وہ نور مل رہا ہے لیکن اس کی مقدار کم ہے، میں جب پوری طرح بیدار ہو گیا تب بھی وہی کیفیت رہی۔ بے شک یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے کیونکہ وہ عظیم فضل والا ہے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیاء۔ صفحہ ۷۹۸ تا ۷۹۹)۔

حضرت محمد بن احمد عجیلؒ بنی عجیل کے عظیم فقیہہ گھرانے کے چشم و چراغ ہیں، جن کا وصال ۱۰۱۱ھ میں ہوا۔

۱۵۶۔ حضرت محمد بن ابی الحسن البکری مصری (استاذ سیّدی محمد بکری صدیقیؒ) کی ولادت ۱۳ ذی الحجہ ۹۳۰ھ کو ہوئی۔ پرورش والد معظم ابوالحسن تاج العارفین البکری صدیقی قدس سرہٗ کی گود میں ہوئی۔ آٹھ سال کی عمر میں کعبہ شریف کے پاس مالکی حضرات کے مقام عالی پر نماز تراویح میں قرآن پاک بطور امام سنایا۔ وصال ۹۹۴ھ میں ہوا۔ ان کی تاریخ وفات اس فقرے سے نکلتی ہے۔ (مات قطب العارفین ۹۹۴ھ، عارفوں کے قطب کا وصال ہو گیا)۔

جب والد ماجد آخری حج سے واپس لوٹے تو سیّدی محمد بکری صدیقیؒ نے عرض کیا: حضور ابا جان! کیا آپ نے میرے ساتھ کیے ہوئے وعدے کو پورا فرمایا؟ فرمایا: وعدے سے بڑھ گیا ہوں، میں نے تمہیں حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں پیش کیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! میرے لڑکے محمد کے لیے کیا کچھ ہے؟ آپؐ نے جواب میں ارشاد فرمایا: "اگر تم قریش کو بتا دو جو کچھ اللہ کے یہاں اس کے انعامات ہیں تو وہ اترانے لگیں" (اردو ترجمہ جامع

marfat.com

Marfat.com

کرامات الاولیاءؔ۔ صفحہ ۷۷۴)۔

۱۵۷۔ حضرت شیخ ابراہیم عبیدی نے اپنی کتاب "عمدۃ التحقیق فی بشائر آل الصدیق" میں شیخ ابوالسرور بکری کی کتاب "الکوکب الدری فی مناقب الاستاذ بکری" کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ استاذ سیّدی محمد بکری صدیقیؒ کی کرامت جو آپ نے خود بتائی کہ جب ایک سال حج کرنے کے بعد مدینہ منورہ میں حضور اقدس ﷺ کے روضۂ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) کی زیارت کی تو حضور رحمتہ اللعالمین نے بالمشافہ مجھ سے کلام فرمایا اور یہ دعا دی: "اللہ تعالیٰ تمہیں اور تمہاری اولاد کو برکات سے نوازے" (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیاءؔ۔ صفحہ ۷۷۲)۔

۱۵۸۔ عمدۃ التحقیق میں حضرت شیخ محمد زین البکری بن زین العابدین بن محمد بکریؒ کے حوالہ سے ۱۰۶۲ھ کا یہ واقعہ مذکور ہے۔ شیخ محمد زین البکریؒ سفر میں تھے کہ ایک رات ہاتف کو یہ کہتے سنا: اے محمد زین العابدین! قرافہ میں اپنے دادا (حضرت محمد بکری صدیقیؒ) سے ملاقات کیجیے۔ ہاتف نے بار بار اصرار کیا تو نماز فجر ادا کر کے گھوڑے پر سوار ہو کر قرافہ کی طرف چل پڑا اور حضرات خاندان بکریہ کے دربار میں داخل ہو کر اپنے دادا حضرت محمد بکری صدیقیؒ کی قبر مبارک پر جا کر کچھ مخفی معاملات پیش کیے اور چل پڑا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک لمبے قد کاٹھ کا آدمی سرخ پگڑی اور سرخ قبا پہنے ہوئے مجھے پکارتا ہے: اے محمد! اے بکری! اے محمد! اے بکری! آپ کے دادا سلام فرماتے ہیں، انہوں نے آپ کے معاملات (شکایات) سن لیے ہیں اور آپ کی شکایات کے دوران حضور اقدس ﷺ بھی وہیں تشریف فرما تھے۔ آپ کے دادا نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! یہ میرے بیٹے زین العابدین کا بیٹا ہے اور مجھے بہت پیارا ہے لہٰذا آپؐ اس کی حاجات پوری فرمادیں۔ آپ کی حاجات حضور نبی کریم ﷺ نے اپنے ذمے لے لی ہیں اور میری ایک ایک حاجت گن کر بیان کر دی حالانکہ وہ میں نے صرف اپنے دادا سے بیان کی تھیں اور کسی دوسرے کو ان کا علم نہ تھا۔ اس کے بعد اچانک وہ شخص غائب ہو گیا (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیاءؔ صفحہ ۷۸۵ تا ۷۸۶ سے ماخوذ)۔

۱۵۹۔ حضرت محمد بن زین العابدین اپنے باپ دادا کی طرح اکابر اولیائے ربانی میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ شیخ ابراہیم عبیدی کے مرشد ہیں جنہوں نے آپ ہی کے لیے اپنی مشہور کتاب "عمدۃ التحقیق" لکھی تھی۔ آپ نے ایک سال حج کرنے کے بعد مدینہ منورہ میں حضور انور ﷺ کے مزار سبط انوار کی زیارت کی۔ جب الوداعی سلام کے لیے حاضر ہوئے تو حضور اقدس ﷺ، حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت فاروق اعظمؓ کے نورانی چہرے سامنے آگئے۔ آپ سر جھکائے عالم حیرت میں ڈوبے باادب حضور اکرم ﷺ کے حضور کھڑے تھے اور آپ

marfat.com
Marfat.com

کے خادم عرض کر رہے تھے کہ حضور! قافلہ روانہ ہو چکا ہے۔ وہ چاہتے تھے کہ آپ جلدی چلیں اور پھر وہ چہرۂ انور آہستہ آہستہ یوں اوجھل ہونے لگا جیسے چاند بادل کی اوٹ میں چلا جاتا ہے۔ اس کے بعد حضرات شیخین کریمینؓ کے مقدس چہرے بھی اس طرح اوجھل ہو گئے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا۔ صفحہ ۸۲۵)۔

۱۶۰۔ حضرت محمد بن عمر بن یحیٰی بن مساوی ردینی حسینی یمنیؒ نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ نے فرمایا کہ "تیرا قدم میرے قدم کی طرح ہے (یعنی کامل اطاعت کیش ہے) اور تیری مسجد میری مسجد جیسی ہے۔" ایک ولی نے خواب میں کسی کو کہتے سنا کہ حضرت امام الانبیا علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ کے خزانوں کے امین ہیں اور محمد بن عمرؒ حضور انور ﷺ کے امین ہیں (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۲۹)۔ آپ کے مناقب و کرامات حد کے احاطے میں نہیں آتے اور آپ نے ۱۰۹۶ھ میں وصال فرمایا۔

۱۶۱۔ حضرت محمد سعید بن ابی بکر بن عبدالرحیم بن منہا حسینی بغدادیؒ بیداری کی حالت میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کیا کرتے تھے۔ آپ امام، صوفی، عارف اور زاہد تھے۔ ۱۰۷۱ھ میں مصر تشریف لائے، پھر روم چلے گئے اور وہیں ۱۰۸۵ھ میں وصال فرمایا (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۴۲)۔

۱۶۲۔ حضرت شیخ محمد حنفی شمس الدین ابو المطارم خلوتی مصری شافعیؒ علمائے عاملین اور اولیائے عارفین کے امام، اپنے وقت کے قطب اور اپنے دور میں طریقت و حقیقت کے مرشد ہیں۔ آپ کے ایک خلیفہ علامہ شیخ حسن فوی مصری متوطن مکہ مکرمہ نے آپ کے مناقب میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے۔ اس کی چھٹی فصل میں علامہ نے وہ کرامات بیان کی ہیں جو اللہ نے آپ کے مقدس ہاتھوں سے ظاہر فرمائیں۔ مصنف فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے خواب میں لاتعداد لوگوں کو بشارت فرمائی کہ حضرت حنفیؒ اپنے دور کے لوگوں کی شفاعت کریں گے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۷۰)۔

۱۶۳۔ حضرت محمد کردی خلوتی شافعیؒ (حضرت شیخ محمد حنفیؒ کے) بڑے خلفاء میں سے ہیں۔ آپ کی لاتعداد کرامات میں سے ایک بڑی کرامت یہ ہے کہ جب بھی چاہتے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت با برکت سے مشرف ہو جاتے تھے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۷۵)۔

۱۶۴۔ حضرت سید محمد عثمان میرغنی بن سید محمد ابی بکر بن سید عبداللہ حنفی محمدی حسینی حسنیؒ کی سب سے بڑی کرامت یہ ہے کہ آپ حضور انور ﷺ کی زیارت پاک عالم بیداری میں کرتے

marfat.com
Marfat.com

تھے اور بلاواسطہ آپؒ سے فیض حاصل کرتے تھے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۸۲)۔

۱۶۵۔ حضرت سید محمد عثمان میرغنیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ پر درود و سلام پیش کرنے کے موضوع پر تین کتابیں لکھیں اور پھر کتاب "فتح الرسول و مفتاح بابہ للدخول" لکھنا چاہی تو حجرہ اقدس میں داخل ہو کر امام الانبیا ﷺ کے رخ انور کے سامنے کھڑا ہو گیا، آپؐ نے اجازت فرمائی اور سر مقصود بتا کر امداد فرمائی۔ روضۂ اقدس میں میں نے یہ کتاب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے مرتب و مدون کی اور آپؐ نے اسے عمدہ قرار دے کر اس بات کا بھی ذکر فرمایا کہ اس سے سرفتح اور قرب دونوں جہانوں میں نصیب ہو گا اور ایسی خبروں سے نوازا جنہیں سامعین کی عقلیں سمیٹ نہیں سکتیں (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۸۲)۔

۱۶۶۔ حضرت سید محمد عثمان میرغنیؒ نے اپنی دوسری کتاب درود شریف کے موضوع پر "باب الفیض المدد من حضرۃ الرسول السند" لکھی۔ اس میں تحریر فرماتے ہیں کہ اتوار کی رات کے پچھلے پہر میں حضور رسول کریم ﷺ کی سرکار میں حاضر ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: تم میرے محبوب، میرے مطلوب ہو اور میرے مرغوب ہو۔ آپؐ نے اشارہ فرمایا کہ "میرے پیرو کاروں میں ہزار سے زیادہ ایسے لوگ ہونگے جو عظیم المرتبت مقربین میں شامل ہونگے اور آپؐ کے اور ان کے درمیان کوئی واسطہ نہ ہو گا" (یعنی وہ براہ راست فیض نبوت کے مستفیض ہونگے) (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۸۳)۔

حضرت سید محمد عثمان میرغنی بن سید محمد ابی بکرؒ اکابر اولیا اور افراد اصفیا میں سے ہیں۔

۱۶۷۔ حضرت شیخ محمد فاسی شاذلیؒ نے حضور اقدس ﷺ کے حجرہ مبارک میں عالم بیداری میں سیدۂ کائنات، حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل کیا۔ امیر سید عبد القادر جزائری نے اپنی کتاب "المواقف" میں لکھا ہے کہ حجاز مقدس میں جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ "میں بیس برس سے آپ کے انتظار میں ہوں' آپ میرے شیخ ہیں۔" مجھے ۱۲۸۴ھ میں طریق شاذلی عطا فرمایا۔ پھر مختصر سی مدت میں اللہ تعالیٰ نے میرے لیے فتوح کے لاتعداد دروازے کھول دیئے۔ حضور اکرم ﷺ نے عالم بیداری میں مجھے شرف دیدار بخشا۔ حضرت شیخ محمد فاسیؒ نے مکہ مکرمہ میں وصال فرمایا (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۹۸)۔

۱۶۸۔ حضرت شیخ محمد ہیکل المشہور حضرت ابو راشدؒ جب مکہ مکرمہ سے شامی قافلے کے ساتھ مدینہ طیبہ پہنچے اور روضۂ انور کے مکین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہوئے

marfat.com
Marfat.com

تو فیصلہ کر لیا کہ اب شامی قافلے کے ساتھ واپس نہ جاؤں گا بلکہ مدینہ منورہ ہی میں رہ جاؤں گا۔ رات کو جب سوئے تو حضور اقدس ﷺ نے خواب میں حکم دیا کہ شام اپنے بال بچوں کی دیکھ بھال کے لیے جاؤ کیونکہ تمہارے علاوہ ان کا کوئی اور کفیل نہیں ہے (آپ کے بچے بچیاں چھوٹے تھے)، مگر آپ کو قُربِ نبوی (ﷺ) کی محبت اور پڑوس میں قیام عزیز تھا۔ پس آپ کو دوبارہ حضور انور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی، آپ نے معذرت پیش کی جو قبول نہ ہوئی اور حضور اقدس ﷺ کی بے حد تاکید کی وجہ سے قافلے کے ساتھ شام جانا پڑا (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۹۰۸)۔

۱۶۹۔ حضرت ابوراشدؒ کی بیوی دمشق (شام) کے کسی امیر کی شادی میں شریک ہوئیں۔ وہاں عورتوں کو زیورات اور اعلیٰ لباس میں ملبوس دیکھا تو اپنے فقر کی وجہ سے کبیدہ خاطر ہوئیں کیونکہ ان کا لباس پھٹا پرانا تھا اور زیور نام کی کوئی چیز جسم پر نہ تھی، گھر واپس آئیں تو غمزدہ تھیں۔ آپ نے بیوی سے پراگندگی کی وجہ پوچھی تو انہوں نے ساری بات بتا دی۔ رات خواب میں حضور اقدس ﷺ نے شرفِ دیدار بخشا۔ آپؐ کے پاس نفیس قیمتی زیورات اور بیش قیمت لباس تھے جن کی مثال دنیا میں نہ تھی۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ”یہ سب تمہاری بیوی کے لیے لایا ہوں، اسے شکستہ دل نہ ہونا چاہیے، یہ سب آخرت میں اس کا مقسوم ہے کیونکہ دنیا میں وہ ان قیمتی زیورات و لباس سے محروم رہی ہے۔“ میری بیوی بھی خواب ہی میں حاضر ہو گئی اور یہ سب زیورات اور کپڑے پہن لیے۔ وہ خوشی حاصل ہوئی جس کا اظہار ممکن نہیں (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا۔ صفحہ ۹۰۸ تا ۹۰۹) حضرت ابوراشدؒ نے ۳۲۰ھ میں وصال فرمایا۔

۱۷۰۔ حضرت شیخ ابوالفیض محمد بن عبدالکبیر کتانی فاسیؒ کی ولایت کبریٰ کی صحت کو خواص و عوام نے تسلیم کیا ہے۔ آپ عالم بیداری میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت با برکت سے مشرف ہوتے تھے۔ طنجہ کی علم و عمل میں ممتاز شخصیت شیخ عبدالرحمن زریؒ نے حضرت شیخ ابو الفیضؒ کے حقیقی بھائی حضرت سید عبدالحیؒ کو ایک گرامی نامہ لکھا جس میں حضرت ابوالفیضؒ کی بے حد مدح کے ساتھ یہ بھی تحریر تھا کہ آپ عالم بیداری میں حضور انور ﷺ کی زیارت فرماتے ہیں۔ یہ بھی لکھا کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں ایک عظیم مجمع میں دیکھا، آپؐ کے سب سے زیادہ قریب حضرت ابوالفیض محمد بن عبدالکبیرؒ تھے اور حضور ﷺ کی توجہ اشرف سب سے زیادہ آپ ہی پر تھی (اردو ترجمہ جامع کرامات اولیا۔ صفحہ ۹۱۱)۔

سید عبدالحیؒ نے ۱۳۲۴ھ میں علامہ یوسف نبہانیؒ کو بتایا تھا کہ میرے بڑے بھائی

marfat.com

Marfat.com

عارف باللہ سیدی شیخ محمد بن عبد الکبیر کی ولادت ۱۲۹۰ھ میں ہوئی اور وہ عمر میں مجھ سے ۱۳ سال بڑے ہیں (صفحہ ۹۱۸)۔

۱۷۱۔ غوث العصر سلطان المشائخ حضرت خواجہ محمد عمر عباسی قادریؒ ۱۸۱۷ء میں موضع مان (ضلع گجرانوالہ) میں پیدا ہوئے۔ ۴۲ویں پشت میں آپ کا سلسلہ نسب حضرت عباسؓ سے جاملتا ہے۔ چودہ سو برس سے آپ کے خاندان عالی میں علم و فضل اور رشد وہدایت کا سلسلہ جاری ہے۔ آپ کے والد محترم حضرت خواجہ محمد جیون بھی ایک عظیم المرتبت عالم اور ولی کامل تھے۔ حضرت غوث العصر کو اپنے پیرو مرشد حضرت سخی احمد یارؒ کی روحانی تربیت کے دوران بھی حضرت رسول اللہ ﷺ سے اویسی نسبت حاصل تھی۔ تربیت حصول کے دوران جب آپ کے قلب انور کے اندر طلب الٰہی نے ایک زبردست آتش برپا کر رکھی تھی تو آپ نے مقام حقیقت کے ادراک سے متعلق عرض پیش کی جو ابھی آپ کی روحانی استعداد سے بالاتر تھی۔ حضور اقدس ﷺ نے اس پر فرمایا: ابھی تم بچے ہو اس بوجھ کے متحمل نہ ہو سکو گے۔ تو آپ نے عرض کیا: حضور (ﷺ)! کرم فرما دیجیے، یہی ہوگا کہ میں سوکھ کر کانٹا ہو جاؤں گا۔ آپ کے اصرار پر آنحضور ﷺ نے توجہ فرمائی تو آپ کا جسم سوکھنا شروع ہو گیا اور آپ کے جسم و سر مبارک پر ایک بال بھی نہ رہا۔ اطباء تشخیص و علاج سے عاجز آگئے اور آپ نے گاؤں سے باہر اپنی زمینوں پر رہنا شروع کر دیا۔ رات دن ذکر الٰہی میں مشغول رہتے اور قصیدہ مضربہ خوش الحانی سے پڑھا کرتے۔ ایک دوپہر قصیدہ پڑھ رہے تھے کہ ایک نور کا شعلہ روشن ہوا اور رحمت دو عالم ﷺ نے اپنے بے مثال دیدار جمال سے آپ کو مشرف فرمایا اور اپنی چادر مبارک کا ایک گوشہ آپ کے جسم پر لہرایا۔ آپ اسی وقت اس طرح صحت مند ہو گئے جیسے کوئی مرض لاحق ہوا ہی نہ تھا۔ اس کے بعد آپ اکثر حالت خواب و بیداری میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوتے رہے اور اپنے پیرو مرشد حضرت سخی احمد یارؒ اور حضور اقدس ﷺ سے براہ راست روحانی تربیت پا کر کائنات عالم میں ایک عظیم المرتبت و یگانہ روزگار ولی کامل کی حیثیت سے شہرہ آفاق ہوئے کہ کل عالم میں آپ کے کمالات، فقر اور ولایت کا ڈنکا بجنے لگا۔ آپ کا وصال ۵ محرم ۱۳۰۹ھ کو ہوا۔ دربار عالیہ قادریہ بازار خراداں والا، گجرانوالہ میں آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے۔ فخر المشائخ صاحبزادہ شبیر احمد کمال عباسی مدظلہ العالی آج کل سجادہ نشین ہیں جو اپنے اسلاف کی بہترین یادگار اور ان کے کمالات ظاہری و باطنی کے آئینہ دار ہیں ("سیالکوٹ سے خیبر تک" از ایم زماں کھوکھر۔ ایڈووکیٹ۔ صفحہ ۲۵۶ تا ۲۵۸ سے ماخوذ۔ یاسر اکیڈمی، بالمقابل سیشن عدالت کچہری روڈ، گجرات)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۷۲۔ خطہ پوٹھوہار میں اشاعت اسلام کرنے والے قدیم اولیائے کرام میں حضرت دیوان حضوری کا نام سرفہرست ہے۔ آپ کے آباؤ اجداد غزنی سے ہجرت کر کے پہلے چنیوٹ پہنچے، وہاں سے تخت پڑی اور پھر بسندود میں سکونت اختیار کی۔ آپ مادر زاد ولی تھے۔ بچپن میں قرآن مجید حفظ کر لیا اور پھر دینی تعلیم مکمل کی۔ بچپن ہی سے کرامات کا ظہور شروع ہو گیا تھا۔ آپ نے متواتر ۱۲ حج کیے۔ پہلی مرتبہ جب دخانی جہاز سے حج کے لیے روانہ ہوئے تو جہاز راستے میں ایک جزیرے پر ٹھہرا۔ آپ دور جا کر عبادتِ الٰہی میں مشغول ہو گئے اور جہاز کے جانے کا علم نہ ہوا، جب معلوم ہوا تو آپ اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہو گئے۔ حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ چاروں خلفا ہمراہ تھے۔ آپؐ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ' سے فرمایا: "میری پاک اولاد میں سے یہ شخص اس جزیرے میں پریشان حال ہے۔" حضرت علیؓ نے آپ کو اٹھا کر گلے سے لگایا۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "عبداللہ کیا خواہش ہے؟" آپ نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ) حج کو جانا چاہتا ہوں۔ حضور انور ﷺ نے ارشاد فرمایا: آنکھیں بند کرو۔ پھر آواز آئی: آنکھیں کھولو۔ آپ نے دیکھا تو اپنے آپ کو جدہ کی بندرگاہ پر پایا۔ سبحان اللہ! (سیالکوٹ سے خیبر تک۔ صفحہ ۴۶۴ تا ۴۶۵ سے ماخوذ)۔

آپ نے ۲۰ شوال ۱۲۷۰ھ کو وصال فرمایا۔ شہزادہ دارا شکوہ اور جہاں آرا بیگم نے آپ کی خدمت میں حاضری دی۔ پیر مہر علی شاہ صاحبؒ گولڑہ شریف جب اس علاقے سے گذرتے تو تعظیماً سواری سے اتر جاتے اور فرماتے: یہاں پیر پیراں کا لاڈلا آرام فرما ہے۔ میاں محمد نواز شریف وزیر اعظم پاکستان، جناب وسیم سجاد چیرمین سینیٹ، مولانا عبدالستار نیازی اور بے شمار دیگر اکابرین و سجادہ نشین یہاں کی حاضری کی سعادت حاصل کر چکے ہیں اور کرتے رہتے ہیں۔ ہر سال ۲۰ شوال کو عرس ہوتا ہے۔ حضرت دیوان حضوری کا خاندان آج تک دینی و دنیاوی طور پر خلق خدا کو فیض یاب کر رہا ہے۔ سوہاوہ (ضلع جہلم) سے اڑھائی کلو میٹر کے فاصلے پر گاؤں ہے، جس کا قدیمی نام بسندود شریف تھا مگر عارف باللہ حضرت دیوان حضوری سید عبداللہ شاہ قادریؒ کا مسکن ہونے کی وجہ سے سرکاری کاغذات میں اس کا نام دیوان حضوری ہو چکا ہے۔ سوہاوہ سے دو میل آگے جی ٹی روڈ پر چکوال موڑ آتا ہے۔ جہاں سے مغرب میں سڑک چکوال کو جاتی ہے اور مشرق میں ایک سڑک دھمیک تک جاتی ہے، یہاں دو بورڈ لگے ہیں، ایک پر شاہراہ شہاب الدین اور دوسرے پر شاہراہ دیوان حضوری لکھا ہے۔ گاؤں میں داخل ہوتے ہی سینکڑوں سال پرانا وسیع و عریض برگد کا درخت نظر آتا ہے۔ دربار حضرت دیوان حضوری جانے کے لیے [illegible] ہے جس کے ایک طرف

marfat.com
Marfat.com

سینکڑوں فٹ گہرائی ہے، نئے لوگ گذرتے ہوئے خطرہ محسوس کرتے ہیں لیکن آج تک کوئی حادثہ پیش نہیں آیا (پوٹھوار لوک ورثہ۔ اسلام آباد)۔

۱۷۳۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی فرماتے ہیں: ۶۲-۱۹۶۰ء کے اوائل کی بات ہے جب کہ میری عمر دس بارہ سال تھی۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ تمام کرۂ ارض میرے سامنے ہے، خاکروب ہاتھوں میں جھاڑو لیے صفائی کر رہے ہیں، اچانک حضرت رسول اللہ ﷺ اس کرہ ارض پر جلوہ افروز ہوتے ہیں، ہر جانب سے صدائیں بلند ہو رہی ہیں "محمدؐ آئے! محمدؐ آئے!" سرکار دوعالم ﷺ نے کھجور کے پتوں سے بنے ہوئے نعلین پہن رکھے ہیں، آپؐ کا چہرہ اقدس چودھویں کا چاند ہے، جب میری آنکھ کھلی تو عجیب سا سرور اور جسم میں تازگی تھی، آج تک اس رخ انور کی ضوفشانی آنکھوں میں جھلملاتی ہوئی دیکھ رہا ہوں (ماہنامہ درویش، لاہور۔ شمارہ ستمبر ۱۹۹۶ء)۔

۱۷۴۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی نے ۱۹۸۶ء میں پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج سے فقہ میں پی ایچ ڈی کیا۔ مقالہ "اسلامک لاء آف ٹارٹ" انگریزی زبان میں اپنے موضوع پر پہلی کاوش تھی۔ یہ مقالہ جلد شائع ہو گیا اور اسی سال خواب میں دیکھا کہ کئی صحابہ کرامؓ دائرے کی شکل میں تشریف فرما ہیں کہ اچانک آواز آئی: "پی ایچ ڈی کے اس مقالے میں مصنف نے سرکار دوعالم ﷺ کی بہت تعریف کی ہے۔" صبح آنکھ کھلی تو عجیب کیفیت تھی۔ اس کے بعد میں نے باوضو رہنا شروع کر دیا۔ بستر بھی پاک وصاف رکھتا اور باوضو سوتا۔ ایک رات خواب دیکھا کہ ہر سو سبزہ ہے، پہاڑی علاقہ ہے، نماز کا وقت ہے میں جلد نماز ادا کرنا چاہتا ہوں اور دوڑتا جاتا ہوں۔ بیت اللہ شریف سامنے ہے، اچانک دیکھا کہ کھلا میدان ہے اور وہاں ایک نوجوان پٹھان کھڑا ہے۔ وہ کہتا ہے: "میں اس ذات گرامی کا تعارف کراتا ہوں، آپ حضور اکرم ﷺ ہیں۔" حضور اکرم ﷺ نے اپنا رخ انور میری طرف کیا اور تبسم فرمایا۔ میں آپؐ کے قدمین شریفین پر گر پڑا اور دائیں قدم مبارک پر بوسے دینا شروع کر دیے، میں نے قدم مبارک زور سے پکڑ رکھا تھا اور بوسے دیے جاتا تھا۔ پھر وہ پٹھان بولا کہ "حضور انور ﷺ نے تمام عُمر پیدل چل چل کر، پیدل چل چل کر تبلیغ کی۔" اس نے ان الفاظ پر زور دیا "پیدل چل چل کر، پیدل چل چل کر۔" آنکھ جب کھلی تو تکیہ آنسوؤں سے تر تھا اور آنکھوں میں آنسو تھے۔ حضور اقدس ﷺ کے قدم مبارک پر بوسوں کی شیرینی اور تازگی اب بھی محسوس کر رہا تھا۔ اس مبارک خواب کے بعد مجھ میں حیرت انگیز حد تک خود اعتمادی پیدا ہو گئی اور دل بھی غنی ہو گیا۔ میں زندگی کے متلاطم سمندر میں گناہوں سے پہلے ہی سچی توبہ کر چکا تھا۔ اب زندگی کے ہر لمحے کو قیمتی سمجھتے ہوئے تحریر اور تقریر کے ذریعے تبلیغ کو اپنا مشن بنا لیا (ماہنامہ

marfat.com
Marfat.com

درویش۔ایڈیٹر:ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی)۔

۱۷۵۔ ۱۹۸۶ء کا سال میرے لیے بڑا ہی مبارک تھا۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی نے اس سال کے آخر میں خواب دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ ایک کھلے میدان میں جلوہ افروز ہیں۔ آپؐ کے مبارک رخساروں سے نور کی کرنیں نکل رہی ہیں، آپؐ گہری سوچ میں ہیں اور کسی معاملے میں بہت غور وفکر فرما رہے ہیں (ماہنامہ درویش، عبدالکریم روڈ، قلعہ گوجر سنگھ، لاہور)۔

۱۷۶۔ ۹۱-۱۹۸۸ء کے دوران جب ڈاکٹر لیاقت علی نیازی چکوال میں ڈپٹی کمشنر تھے۔ایک رات خواب دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ کا روضۂ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) ہے اور آپؐ کا جسدِ مبارک تربت شریف (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) پر پڑا ہے۔ آپؐ کی سیاہ زلفیں وقت کی شکست و ریخت کے عمل سے محفوظ ہیں اور میں حیران ہوں کہ آپؐ کو اس دنیا سے الوداع ہوئے چودہ سو سال سے زیادہ عرصہ گذر چکا ہے لیکن مبارک زلفیں اسی طرح ہیں۔ میں ہاتھ لگانے کی جرأت نہیں کرتا اور خطرہ محسوس کرتا ہوں کہ کہیں زلفیں جھڑ نہ جائیں۔ (ماہنامہ درویش)۔

۱۷۷۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی ۱۹۹۲ء کے دوران وزارت مذہبی امور میں تعینات تھے۔ ۱۲ ربیع الاول شریف صبح ۴ بج کر ۲۰ منٹ پر خواب دیکھا کہ حضور انور ﷺ ایک گھر میں تشریف لائے ہیں۔ کمرے میں نہایت خوبصورت قالین بچھا ہوا ہے، جس پر ہاتھ سے بنا ہوا ایک اور بہت خوبصورت چھوٹا قالین پڑا ہے اور اُس پر حضور اقدس ﷺ جلوہ افروز ہیں۔ آپؐ نے فیروزی رنگ کا عمامہ باندھا ہوا ہے۔ چہرہ اقدس ہیرے کی طرح جگمگا رہا ہے اور رُخِ انور پر اس قدر جمال ہے کہ آج تک ایسا جمال نہیں دیکھا۔ میں آپؐ سے صرف پانچ چھ فٹ کے فاصلے پر ہوں۔ حضور اقدس ﷺ مصروف ہیں۔ کسی نے کہا: "آپؐ یتیموں کے ایک ادارے میں تشریف لائے ہیں اور ان کے معاملات کی نگرانی فرما رہے ہیں۔"

پھر میں نے دیکھا کہ میرے ہاتھ میں میرا اپنا ہی شائع شدہ درود شریف ہے۔ اس کا صفحہ اول میرے سامنے ہے اور میں وہ صفحہ پڑھ رہا ہوں۔ سامنے بیت اللہ شریف ہے۔ وہ صفحہ مندرجہ ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شاہِ امم ﷺ کی خدمت اقدس میں علامہ بوصیریؒ نے قصیدۂ بردہ تحریر کیا تھا۔ ایک عاشق دلگداز کے قلبِ مضطرب سے نکلی ہوئی پُر کیف صدا آج بھی گونج رہی ہے:

مولائی صل وسلم دائماً ابداً — علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

marfat.com

Marfat.com

(ترجمہ)=

اے میرے مالک درود و سلام بھیج ہمیشہ تک اپنے دوست پر جو بہتر ہیں ساری خلقت میں

ھو الحبیب الذی ترجیٰ شفاعتہ لکل ھول من الاھوال مقتحم

(ترجمہ)= وہی ہیں اللہ کے ایسے حبیب کہ ان کی شفاعت کی امید ہے ہر ایک خوف کے وقت جو آنے والے خوف ہیں

پھر میری آنکھ کھل گئی، آنکھوں سے گنگا جمنا بہہ رہی تھی، نماز فجر ادا کی، اس خواب میں میں نے حضور اقدس ﷺ کو بہت قریب سے دیکھا اور اب آپؐ کا جگمگاتا ہوا چہرہ اقدس ہر وقت میری آنکھوں کے سامنے رہتا ہے (ماہنامہ درویش)۔

۱۷۸۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی فرماتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے رمضان المبارک میں پاکستان ٹیلی ویژن، اسلام آباد سے ایک بزرگ گیلانی صاحب میرے پاس آئے۔ وہ حضور انور ﷺ کی سیرت طیبہ پر ایک پروگرام ریکارڈ کرانا چاہتے تھے۔ میں رات کو پروگرام ریکارڈ کرانے گیا تو بے حد خوش تھا کہ مجھے یہ سعادت نصیب ہو رہی ہے۔ پروگرام ریکارڈ کرا کر گھر واپس لوٹا اور سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ روضۂ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) میں تشریف فرما ہیں اور بہت خوش نظر آرہے ہیں۔ میں نے آپؐ کی زیارت کی (ماہنامہ درویش)۔

۱۷۹۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی فرماتے ہیں کہ اگست ۱۹۹۴ء میں کسی گھریلو مسئلے کی وجہ سے میں سخت پریشان تھا۔ اہلِ خاندان کی طرف سے دباؤ بہت زیادہ تھا۔ وہ زبردستی مجھ سے کچھ فیصلہ کرانا چاہتے تھے۔ میں نے سوچا اپنے خالق حقیقی سے رہنمائی حاصل کروں چنانچہ رات کو دو رکعت نفل نماز استخارہ ادا کر کے سو گیا۔ خواب دیکھا کہ ایک قدیم قلعہ ہے جس میں میرے رشتہ دار چل پھر رہے ہیں اور میرا چھوٹا بھائی حامد علی خان مجھ سے کہتا ہے کہ حضور اقدس ﷺ جلوہ افروز ہیں۔ آپؐ کی عمر مبارک انیس بیس سال کے قریب ہے، آپؐ کے دست مبارک میں ایک لمبا سا آرا ہے اور مبارک لبوں پر ہلکا سا تبسم ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ چودہ سو سال سے زیادہ عرصہ گذر گیا۔ آپؐ کا یہ مبارک فعل (کہ آپؐ کے ہاتھ میں لمبا سا آرا ہے) کسی سائنسی تکنیک کی وجہ سے آج بھی محفوظ ہے، جب خواب ختم ہوا تو بھائی نے پھر کہا: کیا میں آپ کو کچھ دکھاؤں؟ میں نے کہا ہاں دکھاؤ۔ دوبارہ اسی طرح حضور اکرم ﷺ کو دیکھا جیسے پہلے دیکھا تھا یعنی یہ خواب دوبارہ دیکھا، پھر دیکھا کہ ایک شخص نے میرے چچا جان کی طرف اشارہ کر کے پوچھا کہ کیا یہ آپ کے چچا جان ہیں؟ پھر کہا ان سے کہہ دو کہ میں نے جو کام کیا ہے ٹھیک کیا ہے۔ صبح اٹھ کر میں نے اپنی بیگم سے کہا "مبارک ہو"! اس مسئلے کا حل

marfat.com
Marfat.com

اس ذات گرامی کی طرف سے مل گیا ہے جو شاہ لولاک ﷺ ہیں (ماہنامہ درویش، لاہور۔ شمارہ ستمبر ۱۹۹۶ء)۔

ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی صاحب حکومت پاکستان کے ایک نہایت قابل، دین دار اور دیانت دار افسر ہیں۔ سابق ڈپٹی کمشنر چکوال، سابق ڈپٹی سیکریٹری وزارت مذہبی امور کے علاوہ کئی اہم عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ آج کل ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل نیپا، لاہور ہیں۔ فرماتے ہیں: حضور اقدس ﷺ کی زیارت کو میں اپنی زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ سمجھتا ہوں، زندگی کی ہر عارضی تکلیف ٹل جاتی ہے، آنکھیں ہر وقت ٹھنڈک محسوس کرتی رہتی ہیں، مجھ جیسے بے سہارا اور گنہگار انسان کے لیے یہی گوشۂ عافیت ہے اور حادثات زمانہ میں بہت بڑی ڈھال اور زمانے کے تیر و تفنگ کے مقابلے میں ایک مضبوط قلعہ ہے۔

؎ جب بھی تپتے ہوئے صحراؤں میں گھر جاتا ہوں   میرے آقا مجھے دامن کی ہوا دیتے ہیں

میری زندگی کی خواہش ہے کہ میں سرکارِ دو عالم کا ثناخواں بنوں، اس دنیا سے وداع ہوتے وقت میرا شمار آپؐ کے سیرت نگاروں میں ہو اور اخروی حیات میں حضور اقدس ﷺ کی شفاعت نصیب ہو کیونکہ میں بہت عصیاں کار ہوں۔ آمین ثم آمین۔ (ماہنامہ درویش)۔

۱۸۰۔ حضرت شاہ ابو الخیر عبداللہ محی الدین خیرؔ فاروقی مجددی دہلویؒ ۲۷ ربیع الآخر ۱۲۷۲ھ مطابق ۶ جنوری ۱۸۵۶ء دلّی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد جناب عمرؒ نے آپ کا نام عبداللہ اور کنیت ابوالخیر رکھی۔ پونے دو سال کے تھے کہ اہل خاندان کے ساتھ حجاز مقدس روانہ ہوگئے۔ نو سال کے تھے کہ والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ سراج الاولیا حضرت شاہ احمد سعیدؒ اپنے پوتوں میں آپ کو بہت عزیز رکھتے تھے اور اپنی خلافت خاص کی بشارت دی تھی۔ ۷ محرم ۱۲۹۶ھ کو آپ کے والد گرامی کے چچا اور آپکے نہایت مشفق و مہربان استاد حضرت شاہ عبدالغنی قدس سرہ' کا وصال مدینہ منورہ میں ہو گیا۔ ۱۲۹۵ھ میں حضرت شاہ عبدالغنیؒ نے آپ کو حلقہ اور توجہ کا امر عطا فرمایا۔ ایک روز آپ مسجد نبوی ﷺ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) میں حلقہ فرما رہے تھے کہ آپ کے چھوٹے چچا حضرت شاہ محمد مظہر قدس سرہ' تشریف لائے اور تھوڑی دیر تک آپ کی کیفیات ملاحظہ فرماتے رہے۔ پھر روضۂ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) پر حاضر ہو کر مراقبہ فرمایا، وہاں سے آکر ایک مبارک چادر آپ کے سر اور شانوں پر ڈالی اور انتہائی مسرت سے آبدیدہ ہو کر فرمایا: میں تو کسی لائق نہیں ہوں البتہ یہ چادر حضورِ پُر نور ﷺ کے ارشاد کے مطابق آپؐ کی طرف سے ڈال رہا ہوں۔ مزید فرمایا: حضور عالم ﷺ فرماتے ہیں کہ "تم ہندوستان جاؤ" (مقامات خیر از حضرت شاہ ابوالحسن زید فاروقی۔

marfat.com
Marfat.com

صفحہ ۱۷۵۔ شاہ ابوالخیر اکادمی۔ درگاہ شاہ ابوالخیر۔ ترکمان گیٹ۔ دہلی ۶) ۱۳۰۵ھ کا حج کر کے آپ نے رخت سفر باندھا اور ہندوستان روانہ ہوگئے۔ دلی کی خانقاہ شریف میں آپ کی آمد، ربیع الآخر ۱۳۰۶ھ بمطابق دسمبر ۱۸۸۸ء میں ہوئی اور ۳۱ سال بعد خانقاہ شریف پھر گہوارۂ رشد وہدایت ہوگئی۔ آپ کا ایک شعر ہے:

؎ یہ گھر چراغ فیوض عمر سے روشن ہے　　نہیں ہے خیر کے سینے میں نور آپ سے آپ

حضرت مرزا مظہر جان جاناں قدس سرہ کو کسی شیعی نے نجف خان کے ایما پرے محرم ۱۱۹۵ھ کو زخمی کیا، دس محرم کو آپ کا وصال ہوگیا اور اپنی اہلیہ کی خواہش پر ان کے مکان میں جو چتلی قبر اور ترکمان دروازے کے مابین واقع ہے سپرد خاک کیا گیا، پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کے خلیفہ حضرت شاہ غلام علی قدس سرہ کو توفیق عطا فرمائی کہ اس مبارک مقام کو خانقاہ بنائیں۔ حضرت جان جاناںؒ کو شہید کرنے اور کرانے میں جس جس کا ہاتھ تھا، منتقم حقیقی نے بہت جلد ان کو سزا دی:

؎ نہ نجف خاں رہا نہ اس کی نجف خانی　　نہ افرا سیاب رہا اور نہ ہمدانی

۱۸۱۔ ۱۳۴۱ھ کے میلاد شریف کا حال۔ یہ سال ذکر شریف میلاد اور حضرت شاہ ابوالخیر قدس سرہ کی حیات طیبہ کا آخری سال تھا۔

ادب سے یہاں بیٹھو اب سر جھکا کے　　فضائل سنو دل سے خیر الوراؐ کے
یہ محفل ہے میلاد کی تم یہاں سے　　خدا کی رضا لے کے جاؤ کما کے
محبت کا جذبہ کرو دل سے پیدا　　رہے چشم تر ذکر میں مصطفیٰؐ کے
سنو نام نامی کرو نذر تحفے　　مزے خوب لے لے کے صل علیٰ کے
یہ آداب اس محفل پاک کے ہیں　　سنو دل سے غفلت کے پردے ہٹا کے

نماز عشاء کے بعد قریب سوا نو بجے حضرت شاہ ابوالخیر قدس سرہ تخت پر جو مزارات شریف کے قریب بچھایا گیا تھا رونق افروز ہوئے۔ دوزانو بہ کمال ادب و خشوع دو چار منٹ آنکھیں بند کر کے بالکل خاموش بیٹھے رہے۔ خانقاہ لوگوں سے بھر گئی تھی اور آپ نے بسم اللہ پڑھ کر درود کبریت احمر پڑھی۔ آپ جسماً وروحاً وقلباً وخیالاً بارگاہ نبوی علیٰ صاحبہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف متوجہ تھے۔ اہل نسبت پر منکشف تھا کہ آپ حضور اقدس ﷺ کی خدمت عالیہ میں ہدیہ صلوٰۃ وسلام پیش کر رہے ہیں اور جن کی چشم باطن وا نہ تھی ان کی زبانوں پر بار بار سبحان اللہ آ رہا تھا۔ آپ کے خلیفہ مولوی عبدالعزیز کھلنوی بنگالی اس دوران بے اختیار اپنی جگہ کھڑے ہو کر نہایت بلند آواز سے بہ صد جذب و درد دونوں ہاتھ آپ کی

marfat.com
Marfat.com

جانب اٹھا کر کہتے ہیں: دیکھو! دیکھو! رسول اللہ ﷺ ہمارے حضرت کے پاس آئے ہیں۔ یہ کہہ کر اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنے بدن کو بھینچ کر زار و قطار رونے لگتے ہیں۔ دوسرے اہل نسبت عالم کیف و سرشاری میں آپ کی طرف بڑھتے ہیں، آپ خاموش ہیں اور دونوں آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔ آپ کے مخلص قدیم بابو وزیر خان مسجد کی درمیانی محراب میں کھڑے ہو کر یہ شعر پڑھتے ہیں:

؎ ورفعنالک ذکرک کا بیاں ہوتا ہے ایسے موقع پہ ہمیں ہوش کہاں ہوتا ہے

اور پھر وہ مرد پیر وجد میں دیر تک جھومتے ہیں۔ (مقامات خیر یعنی سوانح ہادی کامل شاہ ابوالخیرؒ صفحہ ۳۷۷)۔

۱۸۲۔ حضرت شاہ ابوالخیرؒ فرماتے ہیں کہ میرے استاد مولانا عبدالعلیؒ، بارگاہ نبوی ﷺ کے عاشق صادق اور حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ کے کمالات کے دلدادہ تھے۔ جمعہ کے دن مدرسہ عبدالرب، دلّی میں صدہا افراد کے سامنے حضرت نانوتویؒ کے انگرکھے کے دامن کو اپنی آنکھوں سے لگاتے اور فرماتے تھے کہ مجھے اس میں سے رسول اللہ ﷺ کی خوشبو آتی ہے۔ آپ نے ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ مدرسے میں ٹہل رہے ہیں اور ٹہلتے ٹہلتے اچانک حضرت رسول اللہ ﷺ کی صورت میں تبدیل ہو گئے۔ حضرت مولانا عبدالعلیؒ (جب بھی مولانا نانوتویؒ کا ذکر کرتے تھے) زار زار رونے لگتے۔ (مقامات خیر صفحہ ۴۳۷)۔

۱۸۳۔ حضرت شاہ ابوالخیرؒ کے استاد مکرم شیخ الاسلام والمسلمین حضرت سیّد احمد دحلان مکیؒ کے پوتے جناب سیّد عبداللہ دحلان غالباً ۱۹۱۹ء میں مکہ مکرمہ سے آپ کی خدمت میں پہنچے اور انہوں نے آپ سے کہا: "میں مدینہ منورہ روضہ مقدسہ و مطہرہ کی زیارت کو گیا، وہاں خواب میں مجھے سردار دو عالم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔" آپؐ نے مجھ سے ارشاد فرمایا: "ہمارا خادم ابوالخیر عبداللہ دلّی میں ہے تم جا کر اس سے بیعت ہو۔" چنانچہ میں وہاں سے صرف آپ سے بیعت ہونے کے لے آیا ہوں، آپ نے ان کو بیعت کیا، عمائدین شہر سے ان کا تعارف کرایا اور پُر تکلف دعوت کی (مقامات خیر صفحہ ۴۳۸)۔

۱۸۴۔ مرد ولی و حق آگاہ فتح اللہ اندڑی، افغانستان کے فرد اکمل تھے۔ ۲۴ شعبان ۱۳۴۲ھ کو انہوں نے کسی سے فارسی میں ایک عریضہ لکھوا کر حضرت ابوالخیر عبداللہؒ کو بھیجا کہ حضور اقدس ﷺ نے خواب میں متواتر تین دن ان سے فرمایا کہ آپ کی خدمت میں دلی جاؤں، اگر آپ اجازت دیں تو میں آپ کی خدمت میں رہوں اور اگر فرمائیں تو بیت اللہ چلا جاؤں۔ اس عاشق بارگاہ نبوی ﷺ اور سرشار مئے خیر نے لکھا تھا اس کو روز روشن کی طرح عیاں کر

marfat.com
Marfat.com

کے دکھادیااور کامل گیارہ سال بلکہ زندگی کے آخری دن تک حضرت شاہ ابوالخیرؒ کے دلی اور کوئٹہ میں خادم خصوصی رہے (مقامات خیر صفحہ ۴۳۹)۔

۱۸۵۔ (مولوی جعفر شاہ) حضرت سائیں توکل شاہؒ کے خصوصی مخلصین میں سے تھے۔ انہوں نے اپنا خواب بیان کیا کہ میں چراغ دلی میں تھا اور میں نے دیکھا کہ ایک مبارک محفل ہے، سرور دو عالم ﷺ تخت پر رونق افروز ہیں، چاروں طرف کرسیاں رکھی ہیں جن پر علما اور صلحا بیٹھے ہیں اور ایک کرسی پر حضرت شاہ ابوالخیرؒ بیٹھے ہیں (مقامات خیر صفحہ ۴۴۱)۔

۱۸۶۔ حضرت شاہ ابوالخیرؒ نے سلطان عبدالحمید خان کی معزولی کے وقت حضورِ اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اِدھر اُدھر پھر رہے ہیں جیسے کہ آپؐ کو رنج ہو۔ آپ نے حضور اقدس ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! ملال خاطر کا کیا سبب ہے؟ ارشاد فرمایا کہ ”آج عبدالحمید خان کو تخت سے اتار دیا گیا ہے اور ہمیں اس کا صدمہ ہے۔“ اس خواب کو بیان کرنے کے بعد شاہ صاحبؒ نے فرمایا: ان جیسا متقی سلطان اس صدی میں کوئی نہیں اور ہم یہ قسم کہہ سکتے ہیں کہ شراب پینی تو درکنار انہوں نے اسے کبھی چھوا تک نہیں۔ وہ ہمدرد قوم، خیرخواہ ملت، متقی اور علم دوست تھے۔ ہمارے استاد حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کو انہوں نے بلایا، ان کی بہت خاطر کی، ان کے لیے اپنے ہاتھ سے جائے نماز بچھاتے اور کھانے پر کہتے۔ بابا یہ تو کھاؤ، آپ نے یہ چیز تو کھائی نہیں۔ پھر فرمایا: آج سے ترکی قوم تباہی کے غار میں جا رہی ہے۔ ۱۳۳۶ھ بمطابق ۱۹۱۸ء میں سلطان عبدالحمید خان کا وصال ہوا۔ حاجی منیرالدین نے آپ کو یہ اشعار لکھ کر بھیجے۔ آخری مصرع سے تاریخ وفات نکلتی ہے:

ہائے سلطان المعظم حضرت عبدالحمید — چل دیئے دنیا سے رنج و غم اٹھا کر بے شمار
کیا اداسی چھا رہی ہے آج استنبول پر — آہ قسطنطنیہ کی وہ کیا ہوئی اگلی بہار
جب ہوئے معزول وہ پیارے نبیؐ کو غم ہوا — اس سے بڑھ کر اور کیا ثابت کروں ان کا وقار
اولیائے وقت تھے تعریف میں رطب اللساں — شان میں لکھے بزرگوں نے قصیدے شاندار
جب نہیں پچھلوں میں انکا دور تک مثل و نظیر — بعد میں کیا ہوگا کوئی ایسا شاہ نامدار
حسن عقل و فہم و شان قابلیت دیکھنا — اس نے ہونے ہی دیا فتنہ نہ کوئی آشکار
از سر جنت تو سال عیسوی بھی سن منیر — اٹھ گیا دنیا سے ترکی کا انوکھا تاجدار

(مقامات خیر۔ صفحہ ۴۹۰ تا ۴۹۱) ۱۹۱۸ء

۱۸۷۔ رمضان المبارک کی ایک رات تھی۔ قاری نیاز احمد تراویح پڑھا رہے تھے۔ بارہ رکعت کے بعد حسب معمول تمام افراد کو چائے دی جا رہی تھی کہ حضرت شاہ ابو

marfat.com
Marfat.com

الخیرؒ نے فرمایا: افسوس ہے ان نہ دیکھنے والوں پر جن کا مشغلہ کھانے پینے کے سوا کچھ اور نہیں۔ کیا تم لوگوں میں کوئی شخص ہے جو آج کی رات نماز میں آنے والی مبارک نسبت کا بیان کرے کہ وہ کہاں سے آرہی تھی؟ نماز میں ملا عبدالحلیم آخوندزادہ بن عبداللہ آخوندزادہ قوم کاکڑ ساکن چوہی (یہ گاؤں شہر کوئٹہ سے پانچ میل شمال مغرب کی طرف ہے) موجود تھے۔ انہوں نے کہا: حضور انور ٹھیک فرمارہے ہیں کہ کوئی نہیں ہے جو اس مبارک نسبت کا بیان کرے کہ کہاں سے آرہی تھی؟ یہ سن کر شاہ صاحبؒ نے فرمایا: عبدالحلیم تم بیان کرو۔ ملا عبدالحلیم نے کہا: مدینہ منورہ سے ایک خاص مبارک نسبت آرہی تھی، یہ ظاہر ہوا کہ سردار عالمیاں ﷺ تشریف لائے ہیں اور آپ کے دائیں ہاتھ کی طرف جلوہ افروز ہوئے ہیں، حضور اقدس ﷺ کے ہمراہ چاروں خلفاؓ، اکابر صحابہؓ اور ائمہ دینؒ بھی آئے ہیں اور یہ سب حضرات بھی آپ کے دائیں ہاتھ کی طرف جلوہ افروز ہوئے ہیں۔ یہ بھی ظاہر ہوا کہ مکان کا صحن ملائکہ سے بھرا ہوا ہے جو حضرت رسول اللہ ﷺ کے استقبال کے لیے آسمان سے آئے ہیں۔

ملا عبدالحلیم کا یہ بیان سن کر شاہ صاحبؒ نے فرمایا عبدالحلیم کیا تم سچ کہتے ہو؟ عبدالحلیم نے کہا واللہ! میں نے جو کچھ دیکھا ہے وہی بیان کیا ہے اور میرے بیان میں سر مو فرق نہیں۔ ملا عبدالحلیم کے اس بیان سے حاضرین پر وجدانی کیفیت طاری ہو گئی۔ شاہ صاحبؒ نے چند اشعار پڑھے اور فرمایا: اس نعمت عظمیٰ کے شکرانے میں ہم ان تمام افراد کو جو نماز میں شریک ہیں، کل گوشت اور روٹی کھلائیں گے اور اس کا ثواب سردار دو جہاں ﷺ کو پہنچائیں گے۔ چنانچہ دوسرے دن آپ نے ان تمام حضرات کو جو قریباً ایک سو تھے عمدہ کھانا کھلایا۔ یہ واقعہ کوئٹہ میں قیام کے دوران پیش آیا تھا۔ (مقامات خیر۔ صفحہ ۵۰۳ تا ۵۰۴)۔

۱۸۸۔ محرم ۱۳۱۸ھ مطابق مئی ۱۹۰۰ء میں جب حضرت شاہ ابوالخیرؒ کوئٹہ تشریف لے گئے تو ملا عبدالحلیم اور ان کے بڑے بھائی ملا عبدالرشید آپ سے بیعت ہوئے تھے۔ بیعت کیا ہوئے دل و جان سے آپ پر تصدق ہوئے۔ تمام مخلصین میں کیا از افغانستان، کیا از بلوچستان و ہندوستان بلکہ آپ کے ارشاد مبارک کی رو سے تمام مخلصین سے افضل و اکمل تھے۔ فرمایا: "عبدالحلیم قوت بازوے من بود۔" ایک دن فرمایا: "عبدالحلیم قطب کوئٹہ بود۔" ملا صاحب جب دہلی تشریف لے گئے تو شاہ صاحبؒ نے ان کو تمام بزرگان دین کے مزارات مقدسہ پر بھیجا، جب وہاں سے واپس آئے تو صدہا مخلصین کے سامنے ملا صاحب نے کہا کہ ہمیں آپ کی قدر نہ تھی، آپ کی عظمت کا اندازہ آج ہوا کہ جہاں بھی حاضری دی صاحب مزار نے یہ کہا

marfat.com
Marfat.com

کہ تم ہمارے ابوالخیر کے مرید ہو لہذا تم ہمارے ہو۔ جس وقت حجاز مقدس سے واپس آئے تو بتایا کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت گرامی میں میں نے عرض کی کہ میں آپؐ کے عاشق ابوالخیر کا غلام ہوں۔ یہ سن کر حضور اقدس ﷺ نے وہ الطاف و عنایات اور مہربانیاں کیں جن کے بیان سے زبان قاصر ہے (مقامات خیر صفحہ ۶۴۲)۔

۱۸۹۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ نے اپنے جد بزرگوار حضرت مولانا حکیم محمد اشرف جھنجھانویؒ کے حالات مولانا محمد ساجد صاحب کی کتاب "غرائب الہند" سے نقل کیے ہیں۔ حکیم صاحب عالم متبحر اور عارف کامل تھے۔ ابتدائی زمانے میں آپ مدرس تھے۔ مغل بادشاہ شاہ جہاں بادشاہ نے ملا عبدالحکیم سیالکوٹیؒ کو دہلی طلب کیا، جنہوں نے اپنا رسالہ جو حقہ پینے کی حرمت میں تصنیف فرمایا تھا حکیم صاحب کی خدمت میں تصویب کے لیے پیش کیا۔ آپ نے فرمایا: "یہ حرام نہیں بلکہ مباح ہے، اسے حرام کہنا جرمِ عظیم ہے۔" ملا عبدالحکیم نے آپ کی رائے کے بعد اپنا رسالہ چاک کر کے پھینک دیا۔ بادشاہ کے وزیر سعد اللہ خان نے بادشاہ سے عرض کیا کہ حکیم صاحب کو میں نے ایسا بحر ذخار پایا جس کا کہیں کنارہ نہیں ہے۔ شاہ جہاں بادشاہ نے علاقہ جھنجھانہ میں دو ہزار بیگھہ پختہ زمین کا فرمان آپ کی خدمت میں پیش کیا، جسے آپ نے قبول نہ کیا۔ آپ کسی کو مرید نہ کرتے تھے۔ ایک شخص بیعت کے لیے حاضر ہوا اور ایک زمانے تک وہیں پڑا رہا۔ مجبوراً اسے بیعت کیا اور ذکر و شغل کی بجائے تلقین فرمائی کہ اجرت اور معاوضہ کے بغیر سادات کی خدمت کرو اسی سے راہ یابی ہوگی، چونکہ وہ طالب صادق تھا لہٰذا سادات کی خدمت میں مشغول ہو گیا اور ہر سیّد کی غلاموں کی طرح خدمت کرنے لگا۔ ایک مرتبہ ایک ظالم شرابی سیّد کی خدمت کا اتفاق ہوا، جس نے نشے میں اسے خوب مارا اور یہ ہر مار پر الحمد للہ کہتا رہا۔ رات اسے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ کی تجھ پر رحمت ہو، تو نے میری اولاد کی بہت خدمت کی ہے۔ اس کے بعد آپؐ نے اپنا لعاب دہن اس کے زخموں پر لگا کر اسے اپنے سینۂ مبارک سے لگا لیا۔ صبح وہ ولی تھا۔ ایک روز حکیم صاحب نے غسل کے لیے اس سے گرم پانی طلب کیا تو اس نے اپنی بیوی سے جو حاملہ تھی جا کر کہا کہ پیرو مرشد نے جلد گرم پانی طلب کیا ہے۔ یہ سن کر بیوی کو غصہ آ گیا اور اس نے کہا لعنت ہو تجھ پر اور تیرے پیر پر! اس پر اس نے قہر آلود نگاہوں سے بیوی کو دیکھا تو وہ فوراً مر گئی (حالات مشائخ کاندھلہ از مولانا محمد احتشام الحسن کاندھلویؒ، صفحہ ۱۰ تا ۱۲، ادارۂ اشاعت دینیات، حضرت نظام الدینؒ، نئی دہلی نمبر ۱۳)۔

۱۹۰۔ حضرت مولانا حکیم محمد اشرف صاحب کو مرید کی اس حرکت کا جب علم ہوا تو فرمایا

marfat.com

Marfat.com

تو ہرگز اس دولتِ عظمٰی کے قابل نہیں اور وہ دولت سلب کرلی۔ یہ شخص عرصے تک روتا اور معافی مانگتا رہا۔ ایک مرتبہ حکیم صاحب کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "اشرف! ہم نے اس کے جرم سے درگذر کیا، تم بھی اس کو معاف کردو اور اس کی نعمت واپس کردو۔" آپ نے علی الصبح اسے بلا کر اس کے سینے پر ہاتھ ملا تو وہ پھر مردِ کامل ہوگیا۔ (حالات مشائخ۔ کاندھلہ۔ صفحہ ۱۲)۔

۱۹۱۔ قاضی یوسف، جھنجھانہ کے قاضی اور جید عالم تھے۔ آپ کی خدمت میں بیعت کے لیے حاضر ہوئے۔ ہر چند عجز والحاج کی مگر آپ نے قبول نہ فرمایا۔ قاضی صاحب ایک روز بے خودی کے عالم میں زنّار ہاتھ میں لیے حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا تو راہِ رب دکھائیں ورنہ یہ زنّار باندھتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: کل سوچ کر جواب دوں گا۔ رات خواب میں حضور اقدس ﷺ نے حکم فرمایا: "اے اشرف! تو چاہتا ہے کہ اتنا بڑا عالم میرے دین سے نکل جائے، قاضی یوسف کو اپنا مرید کر اور اس کو اللہ کا راستہ دکھا۔" آپ نے صبح قاضی صاحب کو بلا کر انہیں مرید کرلیا (حالات مشائخ کاندھلہ۔ صفحہ ۱۲)۔

۱۹۲۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخش نشاطؔ اپنے والد ماجد مولانا حکیم شیخ الاسلام صاحب کے گھر ۱۱۶۲ھ میں پیدا ہوئے۔ ۱۴ سال کی عمر میں تمام ضروری متداول علوم کے حصول سے فراغت پائی، پھر تین سال دہلی میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کے حلقہ درس میں شامل رہے اور تمام علوم ظاہری و باطنی سے آراستہ ہوئے۔ آپ کا شمار شاہ صاحب کے مایہ ناز اور ممتاز ترین شاگردوں میں ہوتا ہے۔ اصل وطن جھنجھانہ (ضلع مظفر نگر) تھا جہاں سے کاندھلہ آ بسے تھے۔ یوں تو کاندھلہ میں بے شمار عظیم المرتبت انسان پیدا ہوئے مگر مفتی صاحبؒ کا جواب نہیں۔ آپ ہر فن میں کامل تھے۔

حضرت مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں ایک رات خواب دیکھا کہ وطن کی کسی مسجد میں ہوں اور عصر کی نماز کے لیے وضو کر رہا ہوں کہ اتنے میں ایک جس کا شخص رنگ گندمی، چہرہ حسین، قد درمیانہ تھا، نے وضو کیا اور مسجد میں چوزانو بیٹھ گیا۔ میں نے جب ان کے چہرے پر فیوض و برکات کے آثار دیکھے تو لوگوں سے دریافت کیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ حضور انور ﷺ ہیں۔ میں فوراً خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور کمال خضوع اور انتہائی ادب سے بیٹھ گیا۔ حضور اقدس ﷺ نے میرے لیے ایک کتاب نکالی جو ایک لمبی بیاض تھی، سرخ چمڑے کی بندھی ہوئی اور مجھے عطا فرما کر ارشاد فرمایا: پڑھو۔ میں نے تعمیل حکم کی۔ میں سمجھ نہ سکا کہ مقصد مبارک کیا ہے البتہ [illegible] سورہ فاتحہ تھی۔ حضور انور

marfat.com

Marfat.com

ﷺ نے مجھے دو تین سطریں پڑھائیں اور فرمایا: دوسری جگہ سے کھولو۔ میں مقصد تو نہ سمجھا مگر تعمیل کی۔ کتاب کو دوسری جگہ سے کھولا تو وہ طب کی کتاب تھی۔ حضور اکرم ﷺ نے وہاں سے بھی مجھے دو تین سطریں پڑھائیں، پھر آنکھ کھل گئی اور مجھے یقین ہو گیا کہ مجھے علم کی دولت عطا ہو گی اور تفسیر و طب میں وہ مہارت حاصل ہو گی جو تحریر میں نہ آسکے۔ اس یقین کے مطابق واقع بھی ہو گیا اور حق تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک ﷺ کی برکت سے ان علوم میں مجھے وہ کمال عطا فرمائے جن سے دوسرے لوگ قاصر ہیں (حالات مشائخ، کاندھلہ۔ صفحہ ۵۷ تا ۵۸)۔

۱۹۳۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ بار بار حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے ہیں۔ ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں کہ ۲۰ جمادی الآخر ۱۲۰۰ھ جمعہ کی رات میں نے شہر امیر نگر میں اپنے حبیب و محبوب ابو القاسم ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ کمال حسن و جمال کے ساتھ لباس فاخرہ زیب تن کیے کھڑے ہیں۔ میں نے آپؐ سے مصافحہ کیا اور آپؐ نے تبسم فرمایا۔ میں نے دریافت کیا کہ کیا آپؐ مجھ سے راضی ہیں؟ ارشاد فرمایا: "ہاں میں تم سے راضی ہوں۔" میں نے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اس لیے کہ اس سے پہلے شہر خورجہ میں جب مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی تو گویا آپؐ مجھ سے ناراض تھے اور کوئی التفات نہ فرمایا تھا۔ میں نے حضور انور ﷺ کو آج اپنی اصلی شکل و صورت میں دیکھا تھا اور اب مجھے یقین ہو گیا کہ آپؐ نے اپنے لطف و کرم سے میری خطا معاف کر کے درگذر فرما دیا، شاید یہ رضامندی اس اردو قصیدے کی بنا پر ہے جو میں نے ان دنوں آپؐ کی مدح میں کہا ہے یا ان عربی اشعار کی بنا پر ہے جو میں نے حال ہی میں کہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مجھے توبہ، شریعت محمدیہؐ اور تقویٰ پر حضور انور ﷺ کے طفیل استقامت اور صحیح رہنمائی عطا فرمائے۔ آمین (حالات مشائخ۔ کاندھلہ صفحہ ۵۹ تا ۶۰)۔

۱۹۴۔ مولانا سلیمان صاحب نے اختتام مثنوی مولانا روم پر حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ کے حالات میں درج کیا ہے کہ مفتی صاحبؒ نے ایک مرتبہ خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ نے مفتی صاحبؒ کو ایک کتاب عطا فرمائی جو چار علوم پر مشتمل تھی: (۱) علم قرآن مجید و تفسیر و حدیث (۲) سیرت و فقہ (۳) علم طب و حکمت (۴) تصوف اور معرفت و طریقت۔ ان چاروں علوم میں حضرت مفتی صاحب کو مہارت تامہ، ملکہ راسخہ اور ید طولیٰ حاصل تھا (حالات مشائخ کاندھلہ صفحہ ۵۹)۔

۱۹۵۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے دلائل الخیرات ایک منزل اور درود شریف "اللھم صلی علی محمد النبی الامی والہ وبارک وسلم" بارہ سو مرتبہ

marfat.com
Marfat.com

روزانہ کا التزام کر رکھا تھا۔ اس کی برکت سے ۴ صفر ۱۲۱۱ھ کو مقام کوٹہ میں حضرت رسالت پناہ ﷺ کی زیارت با برکت سے مشرف ہوا۔ اگرچہ اس سے پہلے بھی بارہا بھوپال میں زیارت ہوئی، مگر دیگر صلحا اور اتقیا کی صورت میں، مگر آج حضور انور ﷺ اپنی اصلی شکل و صورت میں جلوہ فرما تھے اور حضرت عائشہ صدیقہؓ پاس بیٹھی تھیں۔ میں اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی طرف متوجہ ہوا تو انہوں نے مادرانہ شفقت و مہربانی سے فرمایا: ایک پیسہ خیرات کرو۔ میں نے کہا: بہت اچھا! کرتا ہوں۔ فرمایا: حضور رسالت مآب ﷺ کے دستِ مبارک سے کراؤ تاکہ زیادہ مفید اور مقبول ہو۔ مجھے شرم محسوس ہوئی کہ ایک پیسہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں کیا پیش کروں روپیہ ہونا چاہیئے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا: یہی پیسہ دیدو۔ جو پیسہ میرے ہاتھ میں تھا میں نے اسی وقت حضور اقدس ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کر دیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: صدقہ کر دو۔ میں نے عرض کیا: صدقہ آپؐ کے دست مبارک سے زیادہ مقبول ہوگا۔ حضور انور ﷺ نے اپنے دست مبارک سے اس کو اٹھایا اور فرمایا: اچھا میں صدقہ کر دوں گا۔ میں نے اس وقت دست مبارک کو جو گلاب کے پھول کی طرح سرخ، نازک، لطیف اور صاف تھا بہت پیار کیا اور اپنی آنکھوں سے ملا، حتیٰ کہ میرا دل سیراب و شاداب ہو گیا۔ (حالات مشائخ کاندھلہ صفحہ ۶۰ تا ۶۱)۔

حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ کو حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ سے بھی بے شمار فیوض و برکات حاصل ہوئے۔ ایک مرتبہ عرض کیا: مثنوی معنوی کے اختتام کا وعدہ کب پورا ہوگا؟ حضرت مولانا رومؒ نے فرمایا: اس وعدے کو پورا کرنے والے تم ہی ہو اور تمہارے ہی ہاتھوں یہ مبارک کام سرانجام پائے گا۔ حضرت مولانا رومؒ نے فرمایا: قلم دوات لے کر عصر و مغرب کے درمیان حجرے میں بیٹھا کرو، باقی ماندہ قصہ خود بخود قلم سے لکھا جائے گا۔ اس طرح دفتر ہفتم پورا ہوا (تذکرہ عزیزیہ صفحہ ۲۷)۔ حضرت مفتی صاحبؒ کو مثنوی معنوی سے وابستگی و شیفتگی عشق کے درجے پر پہنچی ہوئی تھی۔ پوری مثنوی زبانی یاد تھی اور بڑے ذوق و شوق سے اس کا درس دیتے تھے۔ آخر زمانے میں مثنوی شریف کا اردو نظم میں ترجمہ بھی شروع کیا تھا مگر ایک ہزار اشعار ہی کا ترجمہ مکمل ہوا تھا کہ حضرت مفتی صاحب نے بعمر ۸۲ سال ۱۵ جمادی الثانی ۱۲۴۵ھ میں وصال فرمایا۔ آپ کے صاحبزادے حضرت مولانا ابو الحسنؒ نے مزید ایک ہزار اشعار کا اردو نظم میں ترجمہ کیا تھا اور اس طرح دفتر اول کا ترجمہ تیار ہوا۔ یہ طبع کیا تھا مگر اب نایاب ہے (حالات مشائخ کاندھلہ صفحہ ۸۹)۔

۱۹۶۔ مولوی سید محمد [illegible] (مظفر نگر) حضرت مولانا مفتی

marfat.com
Marfat.com

الٰہی بخشؒ کے مشہور شاگرد تھے۔ فرط تعلق کی بنأ پر حالت بیداری میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوتے تھے، ان کی صاحبزادی کا عقد تھا اور تاریخ اور دن مقرر ہو چکا تھا، چند روز قبل حضرت رسول ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "ہمارے پاس آؤ" یہ خواب دیکھتے ہی نکاح کا متولی دوسرے شخص کو بنایا اور خود مدینہ منورہ روانہ ہوگئے (حالات مشائخ کاندھلہ۔ صفحہ ۱۱۹)۔

۱۹۷۔ حضرت مولانا ابوالحسنؒ نے ہر نوع کے کمالات ظاہری و باطنی اپنے والد بزرگوار حضرت مولانا مفتی الٰہی بخش قدس سرہٗ سے حاصل کیے خصوصاً علم طب میں اپنی نظیر نہ رکھتے تھے۔ عابد و زاہد اور عارف کامل تھے۔ سال میں دو ماہ شروع شعبان سے آخر رمضان تک مسجد میں اعتکاف کرتے تھے۔ آپ کے سینۂ مبارک میں اللہ اور رسول (ﷺ) کی حقیقی محبت جلوہ فرما تھی اور اسی میں محو اور مستغرق رہتے تھے۔ ایک مرتبہ گھر کے دروازے میں کھڑے محویت سے نعت پڑھ رہے تھے اور دروازے کے سامنے مسجد میں مولوی سیّد محمد قلندر صاحبؒ تشریف فرما تھے۔ وہ مسجد سے آئے اور باادب دروازے کے چبوترہ پر کھڑے ہو گئے۔ حضرت مولانا ابوالحسنؒ کو جب ان کا علم ہوا تو خاموش ہوگئے۔ تھوڑی دیر بعد قلندر شاہ صاحبؒ بھی مسجد میں لوٹ گئے۔ مولانا نے پھر وہی نعت شروع کردی۔ قلندر صاحبؒ پھر اسی طرح مودب دروازہ کے باہر آکر کھڑے ہوگئے۔ چند بار اسی طرح ہوا تو مولانا ابو الحسنؒ نے قلندر صاحبؒ سے بار بار تشریف آوری اور مودب کھڑے ہونے کا سبب دریافت کیا، تو انہوں نے فرمایا کہ جب تم نعت پڑھنی شروع کرتے ہو تو میں حضرت رسالت مآب ﷺ کو دروازے کی چوکھٹ پر تشریف فرما اور جلوہ افروز پاتا ہوں، اس لیے بارگاہ نبوی (ﷺ) میں دست بستہ آکر کھڑا ہو جاتا ہوں (حالات مشائخ کاندھلہ۔ صفحہ ۱۳۶)۔

حضرت مولانا ابوالحسنؒ نے مثنوی مولانا روم کے ایک ہزار اشعار کو اردو الفاظ کا جامہ پہنایا اور اس کتاب کا نام "بحر الحقیقت" رکھا۔ اسی کا ایک حصہ "گلزار ابراہیم" کے نام سے اس قدر مقبول ہوا کہ کسی زمانے میں گھر گھر پڑھا جاتا تھا۔ حضرت اقدس مولانا رشید احمد محدث گنگوھیؒ اس کے لیے فرماتے ہیں کہ مجھے طریق معرفت کا ذوق و شوق اسی مثنوی "گلزار ابراہیم" سے پیدا ہوا۔ (کاش پاکستان میں اسے پھر اسی طرح عام کیا جائے)۔

مظفر نگر، کاندھلہ، جھنجھانا، جلال آباد، دیوبند، رائے پور، امبیٹھ، گنگوہ، تھانہ بھون، نانوتہ اور کلیر شریف وغیرہ یہ سب یو۔پی (بھارت) کے چھوٹے چھوٹے اور نہایت مردم خیز شہر ہیں۔ اس علاقے کا صدیقی خاندان بے حد مشہور ہے۔ مولانا حکیم محمد اشرفؒ،

marfat.com
Marfat.com

مولانا مفتی الٰہی بخشؒ، مولانا ابو الحسنؒ، مولانا محمد مظفر حسینؒ، مولانا محمد الیاس (بانی تبلیغی جماعت) اور مولانا زکریا محدثؒ وغیرہ وغیرہ سب اسی خاندان کے نامور افراد ہیں۔

۱۹۸۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ نے ایک رات خواب دیکھا کہ گویا میں مکہ معظمہ میں ہوں، بیت اللہ شریف کے اندر داخل ہوں، وہاں درمیان میں ایک کنواں ہے، جس پر حضور اقدس ﷺ سبز یا سیاہ عمامہ باندھے ہوئے تشریف فرما ہیں اور سر مبارک کنوئیں کی منڈیر سے ملا ہوا ہے۔ مجھے اس زمانے میں اس بات کی تحقیق اور جستجو تھی کہ "من رانی فی المنام فقد رانی" صحت کے اعتبار سے کس درجہ کی روایت ہے؟ اس لیے موقع غنیمت جان کر عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! کیا یہ حدیث آپؐ نے اپنی زبانِ مبارک سے ارشاد فرمائی ہے اور درست ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں میں نے کہا ہے۔ اچانک میری آنکھ کھل گئی اور سخت ملال ہوا۔ اس خواب پر ہزار بیداری قربان (حالات مشائخ کاندھلہ۔ صفحہ ۵۸)۔

۱۹۹۔ خواجہ خواجگاں سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری قدس سرہ پیدائشی ولی تھے۔ اصفہان میں اور بقول بعض سجستان میں بروز دوشنبہ ۱۴ رجب ۵۳۷ھ کو پیدا ہوئے، پرورش خراسان میں ہوئی اور پندرہ سال کے تھے کہ والد بزرگوار خواجہ غیاث الدین حسنی الحسینیؒ نے عراق میں وصال فرمایا۔ آپ کو ایک باغ ترکے میں ملا۔ ایک روز ایک مجذوب ابراہیم قندزی آپ کے باغ میں آئے اور آپ نے بڑے ادب سے ان کو انگور پیش کیے۔ انہوں نے کھا کر دعا دی اور زنبیل میں سے کھلی کا ایک ٹکڑا دے کر کہا: اسے کھالو، یہ آپ کا حصہ ہے۔ رسالہ "انیس الارواح" میں آپ نے اپنے پیر و مرشد حضرت شیخ عثمان ہارونیؒ (المتوفی ۶۱۷ھ) کے ملفوظات جمع کیے ہیں۔ اس میں فرماتے ہیں کہ اس سوکھی ہوئی کھلی میں کچھ ایسی لذت تھی کہ بیان نہیں کی جا سکتی، پھر تمام عمر ایسی لذت کسی کھانے میں میسر نہ ہوئی۔ اسی رات آپ نے خواب دیکھا کہ بارگاہ رسالت پناہی (ﷺ) سے آپ کو حکم دیا جا رہا ہے کہ سمرقند جا کر وہاں کے عالم ربانی حضرت مولانا حسام الدین سمرقندیؒ سے تفسیر، حدیث اور فقہ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کریں، قرآن پاک حفظ کریں اور جیسا مولانا سمرقندی فرمائیں ویسا ہی کریں، چنانچہ باغ فروخت کر دیا اور تمام مال و متاع یتیموں اور بیواؤں میں تقسیم کر کے حضور اقدس ﷺ کے حکم کی تعمیل میں سمرقند حضرت مولانا حسام الدینؒ کی خدمت میں گئے۔ قرآن کریم حفظ کیا اور تفسیر و حدیث اور فقہ میں کمال حاصل کیا۔ مطالعے کی رفتار اس قدر تیز تھی کہ استاد محترم لوگوں سے کہا کرتے تھے کہ ان کو بارگاہ رسالت ﷺ سے خاص فیضان حاصل ہے۔ ہم نے اپنی زندگی میں ایسا طالب علم نہیں دیکھا۔ علوم دینیہ کی

marfat.com

Marfat.com

تکمیل کے بعد بخارا جاکر علوم عقلیہ (فلسفہ، منطق، علم الکلام، ریاضی، طب، فلکیات، طبیعات وغیرہ) سے بہرہ مند ہوئے۔ اب عمر ۲۰ سال سے کچھ زیادہ تھی اور تمام علوم میں دسترس حاصل ہو چکی تھی۔ اب آپ پر "عشقِ الٰہی" کا غلبہ طاری تھا اور روحانی تربیت کے لیے آپ کو کسی پیرِ کامل کی تلاش تھی۔ بغداد شریف جاکر پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی خدمت میں حاضری دی، وہاں سے ہدایات حاصل کر کے نیشاپور پہنچے، جہاں کے قصبے ہارون میں آپ کی ملاقات حضرت شیخ عثمان ہارونیؒ سے ہوئی اور اجمیر شریف تشریف لانے سے پہلے تقریباً ۲۱ سال آپ ان کی خدمت میں رہے۔ ۱۶ رجب ۶۳۳ھ کو اجمیر شریف میں وصال فرمایا۔ تاریخ وصال "آفتاب ملک ہند" (۶۳۳) ہے۔ (از سیر الاقطاب (اصلی قلمی نسخہ) سلطان الہند غریب نوازؒ از محمد اجمل خان، سابق سیکریٹری مولانا ابوالکلام آزاد، خاور پبلشنگ کواپریٹو سوسائٹی، ایبٹ روڈ، لاہور)۔

۲۰۰۔ جناب مستنصر حسین تارڑ کے سفر نامے علمی اور معلوماتی حیثیت سے بے مثل خزانے ہیں۔ اپنے سفر نامے "نانگا پربت" کے صفحہ ۳۷۷۔ ۳۷۸ پر تحریر فرماتے ہیں: یہ مسمار ہوتی مسجد بلتستان کی قدیم ترین مسجدوں میں سے ہے اور صرف چند ہزار روپے میں اس کی مرمت ہو سکتی ہے۔ چنار کے درخت کی عمر پانچ سو برس ہوتی ہے۔ اس مسجد کی عمر بھی اتنی ہی ہونی چاہیے۔ ہم جوتے اتار کر اندر گئے۔ مسجد کی لکڑی کو بیچ بیچ گھن لگ چکا تھا۔ مسجد کے سامنے پرانی لکڑی کا ایک ڈھانچہ تھا جس کے شہتیر گرے ہوئے تھے اور ڈھانچے کے درمیان زمین دھنسی ہوئی تھی۔ اس میں بھی لکڑی کے ٹکڑے اور شہتیر گرے ہوئے تھے۔ یہ ایک مسلمان بزرگ کی قبر ہے جو ڈھے چکی ہے اور قبر کی صرف جیومیٹریکل شکل باقی رہ گئی ہے۔ یہ بزرگ پہلے ایک بدھ راہب تھے جن کا نام شرنگ زانگ سپا تھا اور وہ پورے لداخ اور تبت میں اپنی نیکی اور پارسائی کی وجہ سے جانے جاتے تھے۔ کہا جاتا ہے ہمہ وقت "یا سمتو" کی تسبیح کیا کرتے تھے جو بدھ مت کا کوئی منتر ہے۔ ایک روز آپ کی زبان پر "یا سمتو" کی بجائے "یا صمد" جاری ہو گیا۔ اسی شب خواب میں انہیں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی اور انہیں بتایا گیا کہ "شگر" میں ایک مسلمان ولی اللہ تشریف لائیں گے، تم ان کے ہاتھوں پر اسلام قبول کرنا۔ چند روز بعد سید علی ہمدانیؒ شگر تشریف لائے اور اس بدھ راہب نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا۔ قبولیتِ اسلام کے بعد ان کی نیکی اور پارسائی میں اضافہ ہوا اور ایک مسلمان بزرگ کی حیثیت سے وہ پورے علاقے میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جانے لگے، یہ ان بزرگ کی قبر ہے۔ افسوس صد افسوس! شگر کے اتنے عظیم بزرگ کی قبر کا کوئی پرسانِ

marfat.com
Marfat.com

حال نہیں۔ سکردو سے شگر جاتے ہوئے وہاں کا قلعہ، راجہ کا محل، چنار کے درخت اور قدرتی مناظر دیکھنے کی چیزیں ہیں۔ (امید ہے حکومت پاکستان اس طرف توجہ دے گی)۔

۲۰۱۔ ڈاکٹر محمد جاوید حیدر کی نانی محترمہ عائشہ صدیقہ زوجہ جناب محمد علی (ساکن شاہدرہ ٹاؤن، لاہور) کے پیٹ میں تکلیف تھی اور وہ مکان کے ڈرائنگ روم میں سو رہی تھیں۔ مئی / جون ۱۹۵۱ء کا مہینہ اور دن کے دس گیارہ بجے کا وقت تھا کہ یکایک ایسا معلوم ہوا کہ وہ گلاس میں بوتل کھول کر کسی کو پینے کیلئے دے رہی ہیں۔ دوبارہ بھی ایسا ہی ہوا، پھر آنکھ کھل گئی اور آواز دے کر ڈاکٹر صاحب کے نانا جان کو بتایا کہ انہوں نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی ہے اور دروازے کی چق اٹھا کر اشارہ کیا کہ وہ دیکھیے حضور انور ﷺ تشریف لے جا رہے ہیں۔ اس طرح اس خوش بخت خاتون کو بحالت بیداری حضرت رسول کریم ﷺ کی زیارت با برکت کا شرف حاصل ہوا البتہ والدہ ڈاکٹر جاوید اور ان کے نانا جان کو کچھ نظر نہ آیا۔ (غیر مطبوعہ) یہ دونوں بزرگ (نانا اور نانی) پرانے قبرستان شاہدرہ ٹاؤن میں دفن ہیں۔

۲۰۲۔ ڈاکٹر محمد جاوید حیدر ایم ایس سی۔ پی ایچ ڈی (امریکہ) کی خالہ محترمہ طاہرہ بیگم زوجہ حاجی محمد اسلم مرحوم و مغفور کو ۱۹۵۷ء میں حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوئی۔ بچپن سے صوم و صلوٰۃ کی پابند ہیں حتیٰ کہ نماز تہجد بھی پابندی سے پڑھتی ہیں۔ درود تاج کا بہت اشتیاق، انہماک اور کثرت سے ورد کرتی ہیں۔ اس زمانے میں حاجی صاحب کی ڈیوٹی خانکی ہیڈ ورکس میں تھی کہ محترمہ طاہرہ بیگم کی قسمت چمک اٹھی۔ خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: میں بہت گنہگار ہوں، میرے گناہ بخش دیئے جائیں اور میری اور میرے بھائی بہنوں کی مغفرت ہو جائے۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے لیے مغفرت ہے، جہاں تک تمہارے بھائی اور بہنوں کا تعلق ہے وہ خود ذمہ دار ہیں (غیر مطبوعہ)۔

محترمہ طاہرہ بیگم نے ۱۹۹۷ء میں فریضہ حج ادا کیا۔ حاجی محمد اسلم صاحب میدان عرفات سے مزدلفہ پہنچے اور وہاں مغرب اور عشاء کی نمازیں ملا کر پڑھیں، پھر آرام کرنے لیٹ گئے، دو بجے رات نماز تہجد ادا کرنے اٹھے مگر وقت آخر آ گیا اور ذرا سی دیر میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ انشاء اللہ روز قیامت مکہ مکرمہ کے عظیم قبرستان جنت المعلیٰ سے تلبیہ پڑھتے اٹھیں گے۔

۲۰۳۔ موضع اجزام (ضلع ہوشیارپور، مشرقی پنجاب) کے راجپوت خاندان میں چوہدری وزیر خان صاحب کا گھرانہ زمیندار اور جفاکش ہونے کے علاوہ دینی حیثیت سے بھی نمایاں تھا۔

marfat.com
Marfat.com

آپ کےتین بیٹے تھے: (۱) چوہدری غلام احمد خان صاحب (سن پیدائش ۱۸۹۰ء) (۲) چوہدری غلام حیدر خان صاحب (سن پیدائش ۱۹۰۰ء قریب) (۳) چوہدری محمد محسن خان صاحب (سن پیدائش ۱۹۲۰ء)۔

چوہدری غلام حیدر خان صاحب ابھی چھ سات برس کے تھے اور دوسری جماعت میں پڑھتے تھے کہ ایک بزرگ سے ملاقات ہوگئی، جنہوں نے ان کو ایک چھوٹا سا درود شریف پڑھنے کو بتا دیا، بس پھر تو رات دن، سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے اس کا ورد کرنے لگے۔ دل کھیل کود حتیٰ کہ پڑھتے لکھنے سے بھی اچاٹ ہوگیا۔ بچپن ہی میں بار بار مدینہ طیبہ، مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) اور گنبد خضریٰ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) کی خواب میں زیارت ہونے لگی۔ اب آپ یا تو کھیتوں میں کام کرتے رہتے یا پھر باغ میں بیٹھ کر اللہ اللہ کرتے اور کثرت سے درود شریف پڑھتے رہتے، کبھی کبھی دو دو تین تین دن تک گھر پر بھی نہ آتے بلکہ خواب میں بزرگوں سے ملاقاتیں ہونے لگیں جو رہبری بھی فرماتے۔ چوہدری صاحب دہلی میں اپنے بڑے بھائی کے پاس مقیم تھے۔ ایک رات بھائی اور بھاوج عبادت میں مشغول تھے۔ یہ بھی نماز تہجد کے لیے اٹھے، وضو کے لیے جا رہے تھے کہ بھاوج نے آواز دی "غلام حیدر! اوپر فضا میں دیکھو، حضور اقدس ﷺ کی سواری جا رہی ہے۔ چوہدری صاحب نے نظر اٹھائی اور دیکھا کہ حضور نبی پاک ﷺ کی سواری فرشتوں کی معیت میں اوپر سے گذر رہی ہے۔ فضا میں چاروں طرف روشنی بکھری ہوئی ہے اور بہت ہی عمدہ خوشبو آرہی ہے۔ بھائی، بھاوج اور چوہدری صاحب نے اس رات جی بھر کر حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت بابرکت کی۔ آپ اپنے پیارے اُمتیوں کو عبادت میں مشغول دیکھ کر تبسم فرما رہے تھے (والمقصودُ موجُود ہ' (علیہ الصلوٰۃ والسلام) صفحہ ۷۷ تا ۷۸۔ مدرسہ "نور الھدیٰ" سیکٹر آئی۔ ایٹ۔ ون، اسلام آباد)۔

اس کتاب کو جناب رانا رفعت سعید نے مرتب کیا ہے جو پچیس تیس برس چوہدری صاحب کے حلقۂ ارادت میں رہے اور جو کچھ دیکھا، سنا اور سیکھا سپُردِ قلم کر دیا۔ رانا صاحب حکومت پاکستان کے ایک اہم افسر رہے ہیں اور حال ہی میں ریٹائر ہوئے ہیں، ماشاء اللہ بڑی خوبیوں کے مالک ہیں۔

۲۰۴۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتی" کا پوری زندگی یہ معمول رہا کہ دو بجے رات اٹھتے، غُسل فرماتے، مٹھی بھر موتیے کے پھول مصلے پر رکھ لیتے، دو، چار یا چھ نفل پڑھ کر آہستہ آواز میں درود شریف کا ورد شروع کر دیتے اور اکثر درود تاج پڑھتے تھے۔ فرماتے ہیں. عموماً ایسا ہوتا ہے جوں ہی پانچ سات مرتبہ یا بھی زیادہ تعداد میں یہ درود شریف پڑھتا تو حضور

marfat.com

Marfat.com

نبی کریم ﷺ کی آواز مبارک آ جاتی۔ آپؐ ارشاد فرماتے: "غلام حیدر ہم بہت خوش ہوئے ہیں۔" کبھی کبھی اپنی زیارت پاک سے بھی مشرف فرمادیتے اور درود شریف کی قبولیت کا بھی اظہار فرمادیتے تو میری خوشی کی انتہا نہ رہتی (والمقصودُ موجُودہ' صفحہ ۵۱ تا ۵۲)۔

۲۰۵۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ کی زندگی کا ایک دلچسپ واقعہ رجال الغیب میں ان کی شمولیت سے متعلق ہے۔ دہلی کے قطب نے انہیں یہ بتایا جس کی تصدیق روحانی طور پر محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاؒ نے یہ کہہ کر کردی کہ یہ فیصلہ خود نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے۔ اسی رات اچانک ایک بزرگ ظاہر ہو کر چوہدری صاحبؒ کو مجلس میں شرکت کے لئے دور دراز مقام پر لے گئے۔ جہاں ان کے علاوہ دو بزرگ اور تشریف لے آئے۔ ان چار ارکان مجلس نے تمام عالمی معاملات پر غور کر کے فیصلے دینے شروع کر دیئے۔ ہر ملک کے حالات کا مشاہدہ کرادیا جاتا، ہر مسئلے سے متعلق تمام معلومات فراہم کر دی جاتیں اور ہر فیصلہ اتفاق رائے سے ہوتا، البتہ جب سربراہ مملکت کے تقرر کے بارے میں چوہدری صاحبؒ نے اختلاف رائے کیا تب بھی باقی تین ارکان نے اپنی چھڑیاں زمین میں گاڑھ دیں اور کہا فیصلہ ہو گیا۔ مجلس کی دو اور نشستوں میں چوہدری صاحبؒ نے شرکت کی اور وہاں پر بھی یہی صورت پیش آئی جس کا چوہدری صاحب کو ملال ہوا۔ گھر آکر چوہدری صاحبؒ نے نوافل ادا کیے اور درود شریف پڑھنے میں مصروف ہو گئے۔ تھوڑی دیر بعد انہوں نے محسوس کیا کہ وہ مسجد نبویؐ میں روضۂ اطہر کے سامنے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے بصد ادب حضورِ اقدس ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ مجلس میں شمولیت کی وجہ سے ان کے درود شریف پڑھنے کے اوقات میں کمی ہو گئی ہے، انہیں اندیشہ ہے کہ اس مصروفیت کی وجہ سے انہیں آپؐ سے دوری نہ ہو جائے، اس کے علاوہ مجلس کا کام بھی میری طبیعت سے مطابقت نہیں رکھتا لہٰذا ملتجی ہوں کہ مجھے مجلس کی رکنیت سے فارغ کر دیا جائے۔ یہ عرضداشت قبول ہوئی اور وہ مجلس کی رکنیت سے فارغ ہو کر یکسوئی کے ساتھ درود شریف اور ذکر الٰہی میں مشغول ہو گئے (اللہ تعالیٰ کے یہاں فضیلت کی بنیاد صرف تقویٰ ہے، لہٰذا ہر ملک کے اہل تقویٰ حضرات مجلس مذکورہ کی رکنیت کے اہل ہوتے ہیں۔ مختلف ملکوں کے ارکان جو ایک دوسرے کی زبان نہیں سمجھ سکتے، عالم بالا کی زبان سریانی کا ان کو علم دیا جاتا ہے اور وہ بلا تکلف اس زبان میں ایک دوسرے سے گفتگو کرتے ہیں۔ مجلس کی یہ کاروائی صیغۂ راز میں رکھی جاتی ہے (والمقصود موجودہ۔ صفحہ ۳۶ تا ۳۹ سے ماخوذ)۔

۲۰۶۔ رجال الغیب کی مجلس میں شمولیت کا اعزاز ہو، خواہ جنات کو تابع کر کے آسیب زدہ انسانوں کو خبیث ارواح سے نجات دلانے کی مقصود ہو اور مخلوق کے علاج کی خدمت ہو،

marfat.com
Marfat.com

چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ کسی بھی ایسی بات کو برداشت نہ کر سکتے تھے جس سے مقصود کائنات سرورِ عالم ﷺ کی ذات اقدس میں ان کی محویت کے کم ہونے کا احتمال ہو۔ ان کا مطلوب و مقصود تو صرف یہ تھا کہ وہ حضور نبی کریم ﷺ کے دربار سے وابستہ رہیں اور آپؐ کے قرب کی نعمت سے کبھی محروم نہ ہوں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انہیں اپنا مقصد حاصل ہو گیا۔ اس سعادت کا ذکر ان ہی کے الفاظ میں سنیے۔ فرماتے ہیں: "بالآخر ایک رات نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجھے اپنی زیارت بابرکت سے نوازا اور فرمایا: "غلام حیدر! ہم تعلیم و تربیت کا محکمہ آپ کو سونپتے ہیں، آپ مسلمان سالکین کو اسباق ذکر اللہ دیں، ان کو سیدھی راہ بتائیں اور ان کی تربیت و رہنمائی کریں۔" اس عظیم ذمہ داری کے سونپے جانے پر جب چوہدری صاحبؒ نے اپنی کم علمی اور عجز بیان کا ذکر کیا تو حضور اقدس ﷺ نے شفقت سے فرمایا: "ہمیں معلوم ہے، ہم علم بھی عطا کرینگے، بات چیت اور تعلیم و تربیت کے لیے حکمت اور موعظۃ الحسنہ، دانائی کی باتیں اور احسن طریقہ و سلیقہ بھی بتائیں گے۔ غلام حیدر! آپ فکر نہ کریں، ہم اس بات پر خود نظر و توجہ رکھیں گے۔" اللہ! اللہ! کتنا بڑا اکرام اور کیسی عظیم عطا ہے۔ (والمقصود موجودہ صفحہ ۴۱ تا ۴۲)۔

۲۰۷۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ نے ایک رات دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں اور آپؐ کے دائیں و بائیں جانب اصحاب کرامؓ، بزرگان دینؒ اور اولیاء عظامؒ سر جھکائے بیٹھے ہیں۔ آپ کے بڑے بھائی چند مثلیں اٹھائے ہوئے ہیں، جنہیں حضور انور ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے جاتے ہیں اور آپؐ ان پر فیصلے، احکامات و ارشادات فرماتے جاتے ہیں جو بھائی صاحب لکھتے جاتے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد حضرت رسول اللہ ﷺ چوہدری صاحب کی طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا: "غلام حیدر! آپ ٹھیک ٹھاک رہا کریں، اچھا لباس پہنا کریں، کپڑے سادہ ہوں اور اچھے ہوں، ہم آپ کو اونچا دیکھنا چاہتے ہیں۔" یہ سن کر چوہدری صاحب نے سر جھکائے ہوئے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! جیسا آپؐ نے ارشاد فرمایا، ویسا ہی عمل کروں گا۔ صبح بھائی صاحب نے بھابی سے فرمایا: غلام حیدر کو کچھ رقم دے دو تاکہ یہ اپنے لیے دو جوڑے نئے سلوا لے، شیروانی بنوا لے اور کلاہ و پگڑی بھی خرید لے تاکہ یہ ٹھیک ٹھاک رہے اور اچھا لباس پہنا کرے۔ بھابی نے پیسے دے دیئے۔ اس کے بعد چوہدری صاحب ہمیشہ شیروانی، شلوار قمیص اور پگڑی میں نظر آتے تھے۔ (والمقصود موجود، صفحہ ۸۰ تا ۸۲)۔

۲۰۸۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ فرماتے ہیں کہ چند دن بعد میں نوافل تہجد سے فارغ ہو کر درود تاج پڑھ رہا تھا کہ اچانک اپنے آپ کو دربار رسالت مآب ﷺ میں بیٹھے پایا۔

marfat.com

Marfat.com

حضور انور ﷺ کے چہرۂ مبارک پر تبسم تھا۔ بہت سے بزرگان دین بھی حاضر خدمت تھے۔ حضور اقدس ﷺ نے میری طرف نگاہ کرم کی اور ارشاد فرمایا کہ "ہم عنقریب آپ کو ایک نئے محکمہ کی ذمہ داری سونپیں گے"۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپؐ ہی کی رحمت وعنایت ہے، جیسے آپؐ ارشاد فرمائیں گے ویسے ہی تعمیل حکم کروں گا۔ آپؐ نے اور بھی ارشادات فرمائے۔ میں بیٹھا درود شریف پڑھتا رہا۔ تمام حاضرین بھی نہایت مودب بیٹھے تھے اور سب درود شریف پڑھ رہے تھے، پھر حضرت رسول اللہ ﷺ تشریف لے گئے اور ساتھ تمام بزرگان دین اور حاضرین مجلس بھی چلے گئے اور یہ مقدس منظر ختم ہوا۔ میں نے اپنے آپ کو گھر میں جانماز پر بیٹھا پایا اور میری زبان پر درود شریف جاری تھا۔ (والمقصود موجودہ صفحہ ۹۲ تا ۹۳)۔

۲۰۹۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ بتاتے تھے کہ ایک رات میں تیزی سے پرواز کرتا ہوا حضور اقدس ﷺ کی تلاش میں ہندوستان سے عرب جارہا تھا۔ مدینہ طیبہ، مکہ مکرمہ اور دیگر شہروں میں تلاش کرلیا مگر آپؐ کہیں نہ ملے کہ اتنے میں پرواز کی حالت ہی میں مجھے کسی نے آواز دی۔ میری پرواز سُست پڑگئی اور میں پہاڑ کے دامن میں اتر گیا۔ دیکھا تو ایک پُر وقار و بارُعب شخص کھڑے ہیں اور مجھے دیکھ کر مسکرا رہے ہیں۔ میں نے سلام عرض کیا تو انہوں نے جواب دے کر فرمایا کہ نبی کریم (ﷺ) یہیں پہاڑ کے دامن میں صحابۂ کرامؓ کے ساتھ موجود ہیں اور آپ انؐ کو تلاش کر رہے ہیں۔ میں درود شریف پڑھتے پڑھتے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں پہنچ گیا۔ آپؐ نے اپنا دستِ مبارک بڑھایا جسے میں نے دونوں ہاتھوں سے تھام لیا اور جھک کر بوسہ دیا اور پھر مبارک قدموں میں سر رکھ دیا۔ مجھ پر رقت طاری تھی اور مجھے اپنی خطاؤں کا احساس تھا۔ میں آپؐ کے مبارک پاؤں چوم رہا تھا اور آپؐ اپنا دستِ شفقت میرے ماتھے، سر اور پشت پر پھیر رہے تھے۔ میں نے قدرے سر اٹھایا اور چہرۂ مبارک کو نگاہ بھر کر دیکھا۔ حضور اقدس ﷺ مسکرائے اور فرمایا: "ہمؐ دیکھ رہے تھے کہ غلام حیدر بڑی دیر سے ہماریؐ جستجو میں ہے، کبھی کسی جگہ اور کبھی کسی گوشے میں ہمیں تلاش کر رہا ہے، بالآخر ہمؐ نے (حضرت) علیؓ سے کہا کہ جائیں اور غلام حیدر کو جلدی سے ہمارے پاس لے آئیں، وہ بڑی بے تابی سے ہمیں ڈھونڈ رہا ہے۔" میں نے دائیں جانب دیکھا تو حضرت علیؓ بھی مسکرا دیے۔ آپ ہی مجھے لینے اس وادی سے باہر نکلے تھے اور حضور انور ﷺ کی محبت سے سرشار تھے۔ دیگر صحابہ اکرامؓ کا بھی یہی حال تھا۔ سب دل ہی دل میں چپکے چپکے درود شریف پڑھ رہے تھے اور انتہائی ادب سے حضور اقدس ﷺ کی ہر بات سن رہے تھے۔ کوئی بھی صحابیؓ سوال کرتا یا مسئلہ دریافت فرماتا تو حضور [illegible] ﷺ [illegible] سے جواب عنایت فرماتے۔

marfat.com

Marfat.com

یہ مجلس مطہرہ چند منٹ جاری رہی پھر نبی کریم ﷺ مع صحابہ کرامؓ تشریف لے گئے۔ میں نے بھی دوسرے ہی لمحہ اپنے آپ کو دہلی میں پایا جہاں سے روانہ ہوا تھا۔ (والمقصود موجودہ صفحہ ۹۴ تا ۹۷ سے ماخوذ)۔

۲۱۰۔ کراچی میں اکثر چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ مع احباب حضرت مولانا حکیم اختر صاحب کے یہاں گلشن اقبال یا پھر ہماری مسجد کے پاس اپنے گھر میں مغرب کے بعد اکٹھے ہو جاتے تھے اور وہیں چائے پیتے اور کھانا کھا لیتے تھے۔ پھر نماز عشاء کے بعد تک چوہدری صاحب حضور نبی پاک ﷺ کی زیارت بابرکت اور اس کے حصول کے لیے مختلف درود و اذکار بتایا کرتے تھے۔ مرزا نامی ایک شخص ہر شام مغرب کے بعد اپنے ایک یا دو چھوٹے بچوں کے ہمراہ پابندی سے آکر بیٹھ جاتے اور عشاء کے بعد اجازت لے کر چلے جاتے۔ وہ بڑی توجہ سے ہماری گفتگو سنتے، مگر خود کچھ نہ بولتے تھے بس خاموش بیٹھے رہتے۔ ایک دن چوہدری صاحب نے ان سے بات کی تو بولے کہ جناب اللہ تعالیٰ کا ہم پر بے پایاں فضل و کرم ہے۔ کافی عرصے سے ہم یعنی میں، میری بیوی اور بچے عشاء کے بعد جس قدر بھی ممکن ہو درود شریف پڑھ کر سوتے ہیں اور تقریباً ہر رات ہم سب کو حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی زیارت پاک نصیب ہوتی ہے، جس میں آپؐ ہمیں کچھ نہ کچھ ہدایت ضرور ارشاد فرماتے ہیں۔ یہ ہماری خوش بختی ہے کہ ہمیں کبھی کسی قسم کا دھوکہ، فریب یا خسارہ نہیں ہوا بلکہ بڑی فراوانی سے ہمیں رزق حلال عطا ہوتا ہے۔ البتہ ایک ڈیڑھ ماہ سے جب سے ہم آپ کی مجلس میں حاضری دے رہے ہیں اور یہاں کی عشق و محبت سے بھری گفتگو سن رہے ہیں، اس وقت سے حضور انور ﷺ کے لیے ہماری محبت مزید تیز ہو رہی ہے اور حجابات دور ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ چوہدری صاحب ان کی گفتگو سن کر بے حد خوش ہوئے اور فرمایا: آپ کو کسی شیخ یا پیر کی ضرورت نہیں اور نہ ہی مجھ سے کسی سبق لینے کی احتیاج ہے، آپ ہم سب کے حق میں دعا فرمایا کریں کہ اللہ پاک ہم سب دوست واحباب کا حضور نبی کریم ﷺ سے تعلق اور پختہ کرے اور ہم سب کو دنیا و آخرت میں آپؐ کی محبت، اتباع اور غلامی نصیب ہو۔ (آمین)(والمقصودؔ موجودہ، صفحہ ۲۰۰ تا ۲۰۲)۔

۲۱۱۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ ایک مرتبہ کراچی میں تھے کہ کمر میں درد شروع ہو گیا۔ کوئی دوا کارگر نہ ہوئی۔ اس وقت عمر تقریباً ۵۰ سال تھی۔ ایک ہفتے میں حالت ایسی ہو گئی کہ ہلنا جلنا محال ہو گیا۔ غسل خانے تک جانے کے لیے دوسروں کے محتاج ہو گئے۔ بالآخر دس گیارہ دن بعد ایک رات دوستوں سے کہا: آپ مجھے وضو کروا کر بستر ہی پر

marfat.com

Marfat.com

بٹھادیں، میں یہیں نماز پڑھ کر نوافل و درود شریف پڑھتا رہوں گا، آپ سب بے شک سو جائیں۔ دوستوں نے ایسا ہی کیا۔ میں نماز و نوافل کے بعد درود شریف میں مشغول ہو گیا (آپ درود تاج اچھی اور آہستہ قرأت میں بڑے مودب انداز و لہجے میں پڑھا کرتے تھے)۔ تھوڑی دیر بعد خیال کیا کہ روضۂ اطہر کے پاس بیٹھا بارگاہ رسالت (ﷺ) میں درود شریف کا نذرانہ پیش کر رہا ہوں۔ کبھی درد کی شدت محسوس کرتا تو ساتھ ہی دل سے آواز نکل جاتی:

یا رسول اللہ! اُنظر حالنا (علیک الصلوٰۃ والسلام)

تقریباً دو گھنٹے درود شریف پڑھنے کے بعد میری آنکھ لگ گئی۔ دیکھتا ہوں کہ حضور انور ﷺ ہمارے گھر تشریف لائے ہیں، کمرہ خود بخود روشن ہو گیا ہے اور میں حضرت رسالت مآب ﷺ کو خوش آمدید کہہ رہا ہوں:

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا خاتم النبیین

میں نے نہایت ادب سے جھک کر آپؐ کے ہاتھ چومے اور قدموں کو بوسہ دیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: غلام حیدر! کیا درد نے بہت پریشان کر دیا ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں! کوئی دوا اثر نہیں کر رہی۔ یہ سن کر میری کمر میں جس جگہ درد تھا آپؐ نے اپنا دست مبارک دو تین بار پھیرا۔ معاً میں نے محسوس کیا کہ درد بالکل غائب ہو چکا ہے۔ اس کے بعد آپؐ تشریف لے گئے اور میں سو گیا۔ رات دو بجے آنکھ کھلی تو کوئی درد نہ تھا اور میں بالکل تندرست ہو چکا تھا، خود وضو کیا اور عبادت میں مشغول ہو گیا۔ (والمقصود موجود۔ صفحہ ۲۰۳ تا ۲۰۵)۔

۲۱۲۔ فجر کی نماز کے وقت تمام دوست مجھے تندرست دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور سب نے بیک آواز کہا کہ رات ہم نے خواب میں دیکھا کہ حضور نبی کریم ﷺ ہمارے کمرے میں تشریف لائے ہیں، کمرے میں نور ہی نور اور نہایت اعلیٰ خوشبو ہے، آپ حضور اقدس ﷺ پر آپ درود شریف پڑھ رہے ہیں اور حضور (ﷺ) آپ کی کمر پر اپنا دست مبارک پھیر رہے ہیں۔ پھر آپؐ نے ارشاد فرمایا: "غلام حیدر اب کیا محسوس کر رہے ہو؟ آپ نے عرض کیا: اب بالکل ٹھیک ہوں، نہ درد ہے نہ کوئی پریشانی۔" یہ جواب سن کر حضور اقدس ﷺ نے تبسم فرمایا اور تشریف لے گئے۔ اس کے بعد سب احباب نے نوافل شکرانہ ادا کیے اور شام کو اس خوشی میں زردہ پکوا کر تقسیم کیا (والمقصود موجود صفحہ ۲۰۵ تا ۲۰۶)۔

marfat.com
Marfat.com

۲۱۳۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ فرماتے ہیں کہ ایک رات حسب معمول تقریباً دو بجے رات نوافل ادا کر کے درود شریف پڑھ رہا تھا کہ یک دم میرے کمرے میں روشنی ہو گئی اور بھینی بھینی خوشبو پھیل گئی، اتنے میں حضور اکرم ﷺ چند صحابہؓ کے ہمراہ تشریف لائے۔ مجھے درود شریف پڑھتے دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا اور ارشاد فرمایا: "غلام حیدر! ہم نے تمہارا نام عالموں کی فہرست میں شامل کر لیا ہے۔" میں نے یہ سن کر عرض کیا: یہ آپ ﷺ کی نگاہ رحمت ہے ورنہ میں تو پڑھا لکھا نہیں ہوں۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ہاں ہمیں معلوم ہے مگر اس کا بندوبست ہم خود کریں گے۔" پھر آپ ﷺ مع صحابہ کرامؓ رخصت ہو گئے۔ کمرے میں بہت دیر تک خوشبو قائم رہی اور میں کافی دیر بیٹھا درود شریف پڑھتا رہا (والمقصودُ موجودہ۔ صفحہ ۲۱۰)۔

۲۱۴۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ صبح سوچتے رہے کہ ان عالم و فاضل لوگوں کے ساتھ میرا گذارا کیوں کر ہو گا، جو اکثر مسائل میں ایک دوسرے سے الجھتے اور جھگڑتے رہتے ہیں۔ رات آپ کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "غلام حیدر! کیا الجھن و پریشانی ہے؟ ہم نے تمہارا نام باطنی علوم کے عالموں کی فہرست میں شامل کیا ہے، یہ لوگ تو اولیاء اللہ ہوتے ہیں، مشاہدات و مسائل میں باہم اختلاف نہیں رکھتے اور نہ ہی آپس میں جھگڑتے ہیں۔" میری خوشی کی انتہا نہ رہی مگر دل میں خیال آیا کہ مجھے نہ ظاہری علم سے آشنائی ہے نہ باطنی علم سے۔ اس پر حضور انور ﷺ نے مسکرا کر ارشاد فرمایا: "غلام حیدر! کیوں متفکر ہوتے ہو؟ علم کی جس قدر اور جیسی ضرورت ہو گی انشاء اللہ تعالیٰ عطا ہو گا، ہم عنقریب تمہیں ایک خاص ذمہ داری بھی سونپیں گے، تم مطلق فکر مند اور پریشان نہ ہو، وقت پر تمام بندوبست ہو جائے گا۔" اس کے بعد حضور ﷺ نے تبسم فرمایا اور تشریف لے گئے۔ (والمقصودُ موجودہ۔ صفحہ ۲۱۱ تا ۲۱۲)۔

۲۱۵۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ فرماتے ہیں کہ ان بشارتوں کے دو تین دن بعد حسب معمول نصف شب کو میں درود شریف پڑھ رہا تھا کہ کمرے میں خوشبو و روشنی پھیل گئی اور نبی کریم ﷺ مع کئی صحابہ کرامؓ تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: ہم تمہاری نصف شب نوافل کی ادائیگی اور تمہارے درود شریف پڑھنے سے بہت خوش ہیں اور ہم نے تمہیں شیخ العالم کا مرتبہ عطا کیا۔ درود شریف پڑھتے ہوئے میں نے نہایت ادب سے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ یہ آپ ﷺ کی اس ادنیٰ امتی اور غلام پر بے حد نگاہِ رحمت و عنایت ہے، ورنہ میں نہ اس قابل تھا نہ ہوں۔ مدینۃ العلم، حضور نبی کریم ﷺ مسکرائے اور ارشاد فرمایا: "ہم علم بھی عطا

marfat.com
Marfat.com

کریں گے، جس وقت بھی جس قدر اور جیسے علم کی ضرورت ہو گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ دل و دماغ پر اترتا رہے گا اور اسی طرح ہم اپنے امتی، مقربین اور اولیاءاللہ کی رہنمائی کرتے رہتے ہیں۔ انہیں کفر و شرک اور طلسم و طاغوت کے مقابلے میں ہمیشہ غلبہ نصیب ہوتا ہے اور یہ لوگ کبھی بھی مرکز و دین کے لیے خفت و شرمساری کا باعث نہیں بنتے بلکہ یہ ہمارے مقرب و محبوب امتی ہوتے ہیں۔" پھر آپؐ تشریف لے گئے (والمقصودٗ موجودہ۔ صفحہ ۲۱۲ تا ۲۱۴)۔

۲۱۶۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ ۱۹۵۸ء یا ۱۹۵۹ء میں دو تین دوستوں کے ہمراہ حج بیت اللہ کے لیے تشریف لے گئے۔ ایک جمعہ کو بہت پہلے ہم مسجد نبویؐ میں آگئے اور ہمیں روضۂ اطہر کے بالکل قریب دوسری صف میں جگہ مل گئی۔ ہم سب بیٹھ گئے، کبھی نوافل ادا کرتے اور کبھی درود شریف کا ورد کرتے کہ اتنے میں روضہ مبارک سے حضور اقدس ﷺ کا ید مبارک (دست مبارک) باہر نکلا، شفقت سے اشارہ ہو رہا تھا کہ اگلی صف میں آجاؤ۔ میں نے اِدھر اُدھر دیکھا کہ کوئی اور شخص ہے جسے پہلی صف میں بلایا جا رہا ہے۔ میں نے دیکھا کہ اگلی صف میں ایک نمازی کے لیے جگہ بھی بن گئی۔ ید شفقت پھر جالی مبارک سے باہر نکلا اور وہی اشارہ ہوا تھا کہ پہلی صف میں آجاؤ۔ میں نے پھر ادھر ادھر دیکھا کہ شاید کوئی اور شخص اس اشارے کو دیکھ کر اگلی صف میں آرہا ہو مگر جب کوئی اور شخص آگے نہ بڑھا تو میں سمجھ گیا کہ یہ اشارہ میرے ہی لیے ہے لہٰذا میں صف اول میں جا بیٹھا اور درود شریف پڑھنے لگا۔ بعدہ دست مبارک ظاہر نہ ہوا اور میں سمجھ گیا کہ یہ اشارہ اس ادنیٰ غلام ہی کے لیے تھا۔ مجھ پر آپؐ نے کس قدر مہربانی فرمائی کہ پاکستان سے یہاں آنے کی سعادت بخشی، پھر اپنے ید مبارک کی زیارت پاک سے مشرف فرمایا اور مجھے اپنے قریب جگہ عنایت فرمائی (والمقصود موجودہ صفحہ ۲۳۵ تا ۲۳۷)۔

؎ مولائی صل وسلم دائما ابداً — علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۲۱۷۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ کو مدینہ شریف میں ڈھائی تین ماہ ہو گئے تھے کہ ایک روز معلم نے کہا حج میں اب صرف چند دن رہ گئے ہیں، آج شام آخری بس جائے گی۔ اگر اس سے نہ گئے تو پرائیویٹ ٹیکسی کرنی پڑے گی بلکہ کل سے پرائیویٹ ٹیکسی بھی مشکل سے ملے گی۔ ہم نے معلم کو بتایا کہ ہمیں ابھی تک حضور نبی کریم ﷺ کی طرف سے مدینہ طیبہ چھوڑنے کا حکم نہیں ہوا ہے۔ میں ساتھیوں کے ہمراہ مسجد نبویؐ گیا اور تمام نمازیں ادا کر کے حسب معمول بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں نذرانۂ درود و سلام عرض کیا۔ ہم پر رقت طاری ہو گئی۔ اسی دوران نیم جذب و نیم ہوش کے عالم میں حضور اقدس ﷺ نے مجھ سے ارشاد

marfat.com
Marfat.com

فرمایا کہ "غلام حیدر! آپ سب کل نماز فجر کے بعد مکہ مکرمہ روانہ ہو جائیں، انشاء اللہ بس وغیرہ کا بندوبست ہو جائے گا۔" حرم شریف میں نماز تہجد کے بعد نماز فجر ادا کی۔ آج نمازیوں کی تعداد بہت کم تھی۔ کچھ مقامی لوگ اور ہم تین افراد تھے۔ نماز سے فارغ ہو کر الوداعی درود و سلام عرض کیا، دعائیں کیں پھر آنسوؤں اور بوجھل دل کے ساتھ حضور اقدس ﷺ کی بارگاہ عظمیٰ سے رخصت ہوئے۔ باہر نکلے تو باب مجید کے بالکل سامنے مکہ شریف کے لیے تہجد کے وقت سے جیسے بس ہمارے ہی انتظار میں کھڑی تھی اور اس میں تین ہی نشستیں خالی تھیں۔ ہمارے بیٹھتے ہی بس مکہ مکرمہ کو روانہ ہو گئی۔ (والمقصودُ موجودُہ۔ صفحہ ۲۳۸ تا ۲۴۰)۔

۲۱۸۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ فرماتے تھے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہوا تو میں نے اہل محبت اور ذوق و شوق رکھنے والے لوگوں کو ذکر "سلطاناً نصیراً" اسرار عرفان الٰہی اور مقام خودی بتانا و سمجھانا شروع کر دیا کہ امتی و سالک کو حضور انور ﷺ کے ساتھ تعلق و رشتہ کیسے اجاگر و مضبوط تر کرنا ہے۔ پاکستان میں محکمہ تربیت میرے سپرد کر دیا گیا اور حضور اقدس ﷺ کی جانب سے لوگوں کی تعلیم و تربیت کے لیے ہدایت یعنی خلافت معنوی بھی عطا ہوئی۔ میرے ذہن میں سوال ابھر رہا تھا کہ نہ معلوم کن کن اولیاء اللہ کی سربراہی میں یا انکے ماتحت مجھے یہ کام کرنا ہو گا؟ ان کی طبیعت جلالی ہو گی یا جمالی؟ معلوم نہیں ان سے کیسی نبھے گی؟ ان تمام خدشات کے پیش نظر میں نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا کہ آپؐ کا حکم و ارشاد سر آنکھوں پر۔ میں انشاء اللہ پوری تندہی کے ساتھ تعمیل کروں گا، بس میری خواہش یہ ہے کہ آپؐ ہی براہ راست میرے سربراہ و نگراں رہیں، ہدایات دیتے اور رہنمائی فرماتے رہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے تبسم فرما کر ارشاد فرمایا: "ہمیں یہ منظور ہے، غلام حیدر! آپ ہمارے ساتھ براہ راست ہماری ہی نگرانی و رہنمائی میں کام کریں گے اور بیچ میں کوئی حائل نہ ہو گا" (والمقصود موجودہ۔ صفحہ ۲۴۲ تا ۲۴۴)۔

۲۱۹۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ جب بھی لاہور جاتے تو تمام بزرگوں کے مزارات پر حاضری دیتے۔ قدسی مقال، علامہ اقبالؒ کے مزار پر فاتحہ پڑھتے تو علامہؒ قبر سے نمودار ہو جاتے اور دونوں میں باہم گفتگو ہوتی۔ چوہدری صاحبؒ نے ایک مرتبہ حضرت علامہؒ سے دریافت فرمایا کہ آپ تقریباً نئی روشنی کے مسلمان تھے، مغربی تہذیب میں رہ کر اعلیٰ تعلیم حاصل کی، پھر عملی طور پر آپ کیسے اسلام کی طرف راغب ہوئے اور کیونکر عشق و اتباع رسول مقبول ﷺ اور صبغۃ اللہ (اللہ کے رنگ) میں رنگے؟ حضرت علامہؒ نے فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

"سب اللہ کے فضل و کرم سے ہوا۔ میں بھی دوسرے مسلمانوں کی طرح ایک عام مسلمان تھا مگر دوران تعلیم ہی مجھے صیہونیت، عیسائیت، اشتراکیت، بُت پرستی اور آزاد طرز زندگی وغیرہ سے نفرت ہو گئی تھی، پھر میں نے اعلیٰ تعلیم کے ساتھ کتاب و سنت کا مطالعہ کیا اور تمام بزرگان دین خصوصی طور پر (اپنے روحانی استاد) حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ کے کلام کو بغور پڑھا اور استفادہ کیا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پتہ چلا کہ دین کا روح رواں اور ما حصل تو محبت، اتباع اور اطاعت رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ہے۔ میں نماز فجر سے پہلے اٹھتا، نوافل ادا کرنے کے بعد قرآن مجید کی تلاوت، ذکر اللہ، کلمہ طیب اور درود شریف کا بہت ورد کرتا حتیٰ کہ صلوٰۃ فجر کے بعد بھی یہی عمل رہتا، اکثر اوقات درود پاک اور کلام اللہ پڑھنے کے دوران ندامت کے آنسو جاری ہو جاتے، عشق و محبت غالب رہتی اور رقت طاری ہو جاتی، یہ آداب خود آگاہی و آہ سحر گاہی، بزرگان دین کے اقوال و تجربات سے حاصل کیے اور یہ معمولات تازیست قائم رہے۔

؎ جب عشق سکھاتا ہے آداب خود آگاہی — کھلتے ہیں غلاموں پر اسرار شہنشاہی
عطارؒ ہو، رومیؒ ہو، رازیؒ ہو غزالیؒ ہو — کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہ سحر گاہی

اور پھر میں گڑگڑا کر التجا کرتا:

تو اے آقائے یثربؐ، میری چارہ سازی کر — میرا دین ہے افرنگی، میرا ایمان ہے زناری

جو اللہ تعالیٰ کے یہاں قبول ہوئی، میرے علم میں اضافہ ہونے لگا، عشق اور محبت میں مزید ترقی ہوتی گئی اور اولیا اللہ خصوصاً حضرت مولانا رومیؒ سے خواب اور بیداری میں ملاقات ہونے لگی۔ ان بزرگان دین نے میری بہت رہنمائی کی اور سب نے اتباع، اطاعت اور غلامی و قرب نبی کریم ﷺ پر زور دیا۔ خلوص دل سے خوب محنت کی حتیٰ کہ بھوک، پیاس اور گرمی و سردی کا احساس بھی جاتا رہا، بعض اوقات گھنٹوں ذکر اللہ میں گم رہتا، کشف و کرامات اور گذشتہ و آئندہ کے واقعات کی خبریں ملنے لگیں اور مشاہدہ ہونے لگا مگر دل نفی کرتا رہا کہ یہ منزل مقصود نہیں ہے۔ بالآخر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حضور اقدس ﷺ نے نیم خوابی و بیداری کی حالت میں زیارت بابرکت سے نوازنا شروع کر دیا اور پھر یہ سلسلہ آخر تک قائم رہا۔ اس میں میری کوئی خوبی یا اعمال کی اچھائی کو دخل نہ تھا بلکہ یہ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اپنے ایک ادنیٰ امتی اور غلام پر نگاہ رحمت و شفقت تھی کہ آپؐ نے میری چارہ سازی فرمائی اور براہ راست میری تعلیم و تربیت کے لیے ہدایات ارشاد ہونے لگیں اور اسرار الٰہی کھلنے لگے۔

؎ افلاک سے آتا ہے نالوں کا جواب آخر — کھلتے ہیں اسرار آخر اٹھتے ہیں حجاب آخر

marfat.com
Marfat.com

چشمِ بینا تو پہلے ہی عطا ہو چکی تھی، دل بینا بھی عطا ہوا، کشودِ مقام خودی اور نمودِ امانت الٰہی نصیب ہوا، دولت وصل عطا ہوئی، مشاہدہ حق عطا ہوا اور مقصود موجود ہوا۔ الحمدللہ رب العالمین" (والمقصودُ موجودُہ۔ صفحہ ۲۸۴ تا ۲۸۷ سے ماخوذ)۔

۲۲۰۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ نے حضور اقدس ﷺ کی "شانِ رسالت اور نبوت" کی سرخی تو لکھ دی مگر ساتھ ہی خیال آیا کہ مجھے آپؐ کی اس شان مبارک کا مشاہدہ تو نصیب ہوا ہی نہیں لہٰذا اس مقدس موضوع پر کیا لکھ سکتا ہوں۔ یہ عنوان لکھ کر شاید میں نے غلطی کی ہے اور اسی اندیشہ و فکر میں لکھنا بند کر دیا۔ اس ممکنہ غلطی و بے ادبی پر اپنے آپ کو کوس رہا تھا کہ رات کے گیارہ بجے کمرے میں نور پھیل گیا اور حضور اقدس ﷺ تشریف لے آئے، کمرہ جگمگا رہا تھا، اس میں مسرت خیز خوشبو پھیلی ہوئی تھی اور میں مودب ہو کر درود شریف پڑھ رہا تھا۔ حضور انور ﷺ نے تبسم کے ساتھ فرمایا: غلام حیدر! لکھنا کیوں بند کر دیا؟ میں نے وجہ عرض کی۔ فرمایا: آپ فکر نہ کریں، میریؐ طرف دیکھیں، میں آپؐ کو اپنی شان رسالت و نبوت کا کچھ مشاہدہ کراتا ہوں۔ پھر نبی کریم ﷺ نے اپنے دست مبارک سے اپنے سر و پیشانی مبارک کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: غلام حیدر! دیکھیں یہ ہمارا مقام رسالت و نبوت ہے، اوپر عرش سے "آیات کا نور" ہمارے سر و پیشانی پر اترتا ہے اور یہاں پیشانی سے آیات کی صورت میں "آیات کا نزول" ہمارے دل پر ہوتا ہے اور ساتھ ہی حضور پرنور ﷺ اشارہ کرتے ہوئے اپنے دست مبارک کو اوپر سے نیچے اپنے قلب مبارک کی طرف لے آئے۔

چوہدری صاحب بیان کرتے ہیں کہ جوں ہی میں نے حضور انور ﷺ کے سر اور پیشانی مبارک کی طرف دیکھا تو مجھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مشاہدہ ہوا کہ آسمان کی جانب سے آیات کا نور حضور نبی کریم ﷺ کے سر و پیشانی مبارک میں آ رہا ہے اور وہاں سے قرآنی آیات کا نزول آپؐ کے قلب مبارک پر ہو رہا ہے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے اپنے قلب مبارک کی طرف ید اقدس سے اشارہ کرتے مزید فرمایا: "غلام حیدر! اس طرف دیکھیں، یہ ہمارا "مقام ولایت" ہے، یہیں سے تمام اُمتِ مُسلمہ، جن و انس کے لیے علم و حلم، امر بالمعروف و نہی عن المنکر، تعلیم و تربیت، عفو و درگذر، اصلاح و اخلاق، عدل و احسان، دانائی و حکمت، پاکیزگی و طہارت، تقویٰ و پرہیزگاری، علم و عرفان اور رشد و ہدایت کے خزانے کھلتے ہیں اور فیضانِ انوارِ رحمت سے تمام کائنات و مخلوقات اور عالمین سیراب ہوتے ہیں۔"

پھر نبی کریم رؤف رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم مسکرائے اور فرمایا: "غلام حیدر! آپ اب مقامِ رسالت و نبوت اور ولایت پر لکھنا شروع کریں، انشاءاللہ اس مشاہدے اور وضاحت

marfat.com
Marfat.com

کے بعد آپ بہتر لکھ سکیں گے۔" میں نے درود شریف پڑھتے پڑھتے کہا: جی بہت اچھا! یارسول اللہ (ﷺ)، اور اس کے ساتھ ہی آپؐ تشریف لے گئے۔ مجھے اس مقام اعلیٰ و عظمیٰ کا جس قدر مشاہدہ نصیب ہوا تھا، میں نے ان کی بابت لکھنا شروع کر دیا اور تقریباً ایک گھنٹے میں وہ باب مکمل کر لیا (والمقصودُ موجودہ۔ صفحہ ۳۴۳ تا ۳۴۶ سے ماخوذ۔ چوہدری صاحب رحیم یار خان سے اسلام پورہ، لاہور تشریف لائے ہوئے تھے جب یہ مشاہدہ نصیب ہوا)۔

۲۲۱۔ یہ ۶۲-۱۹۶۱ء کا واقعہ ہے جب چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ رحیم یار خان سے ترناب فارم، پشاور میں رانا رفعت سعید صاحب کے یہاں قیام فرما تھے۔ چوہدری صاحب احباب کو وہاں "ذکر سلطاناً النصیراً"، سرِّ وحدت اور سرِّ الٰہی کی بابت سبق دیتے تھے۔ سبق لینے والوں میں گورنمنٹ ٹرانسپورٹ پشاور کے ایک اعلیٰ عہدے دار جناب سیّد شفیع نقشبندی بھی تھے، جنھوں نے یہی سبق اپنے احباب کو بھی دینا شروع کر دیا تھا۔ اسی دوران ایک دن سیّد صاحب نے چوہدری صاحب سے آکر بیان کیا کہ گذشتہ شب حضور نبی کریم ﷺ نے مجھے اپنی زیارت پاک سے نوازا اور پوچھا کہ آپ لوگوں کو ذکر "سلطاناً النصیرا" کا سبق کیوں دے رہے ہیں اور سرِّ وحدت اور سرِّ الٰہی کے متعلق کیوں بتا رہے ہیں؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! ان سب کا علم مجھے چوہدری صاحب کی محبت سے حاصل ہوا ہے۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ان کو یہ بتانے دو، انہیں اجازت ہے مگر آپ کسی کو یہ اسباق و اسرار نہ بتائیں۔" میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! مجھ سے بہت غلطی و کوتاہی ہوئی، آپؐ اپنی رحمت سے مجھے معاف فرمادیں، میں آپؐ کے حکم کی تعمیل کروں گا اور آئندہ ایسا نہیں کروں گا۔ پس آپؐ نے شفقت فرمائی اور تشریف لے گئے (والمقصود موجودہ صفحہ ۴۷۸ تا ۴۷۹)۔

بروز دوشنبہ ۲۴ ذی الحجہ ۱۴۰۸ھ بمطابق ۸ اگست ۱۹۸۸ء جناب چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ نے بمقام رحیم یار خان وصال فرمایا۔ آپ کے صاحبزادے چوہدری شبیر صاحب، دیگر عزیز و اقارب، دوستوں اور شاگردوں نے شہر کے قبرستان میں آپ کی وصیت کے مطابق ایک عام جگہ پر آپ کو دفن کر دیا۔ جس پر کوئی گنبد وغیرہ تعمیر نہیں کیا گیا۔ ہر ایک سے فرماتے تھے: مجھے تو آپ نبی کریم رؤف رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ایک ادنیٰ امتی اور ادنیٰ غلام ہی سمجھیں اور بس۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

۲۲۲۔ سیّد الملۃ، شیخِ وقت حضرت علامہ سیّد سلیمان ندوی قدس سرہٗ کے ایک خادم نے چار پانچ مرتبہ حضور انور ﷺ کو خواب میں دیکھا اور اپنے خوابوں سے حضرت والاؒ کو مطلع فرمایا۔ حضرت الشیخ قدس سرہٗ نے جواباً تحریر فرمایا: بلاشبہ رویائے نبوی ﷺ موجب خیر و

marfat.com
Marfat.com

برکت اور باعث بشارت ہیں۔ کثرت درود شریف اور اخلاص سے یہ نعمت حاصل ہوتی ہے لیکن اس کا شکر یہ بھی اتباع نبوی ﷺ اور اس کا حق حقوق نبویؐ (عظمت و محبت، اتباع و نصرت نبوی ﷺ) کے ذریعے ادا کرنا مزید موکد اور ضروری ہو جاتا ہے ورنہ سلبِ نعمت کا خوف اور خطرہ رہتا ہے (سلوک سلیمانی یا شاہراہ معرفت حصہ دوم صفحہ ۶۷۔ مرتبہ حضرت مولانا پروفیسر محمد اشرف خان سلیمانی، صدر شعبہ عربی، پشاور یونیورسٹی)۔

۴۲۳۔ حضرت علامہ سیّد سلیمان ندوی نور اللہ مرقدہٗ کے ایک مُرشد خاص حضور انور ﷺ کی زیارت منامی سے مشرف ہوئے اور خواب میں حضور اقدس ﷺ کے سینہ مبارک سے لپٹ گئے اور دہن مبارک کو چوما۔ انہوں نے حضرت والاؒ کو اپنے اس خواب کی اطلاع دی تو حضرت والاؒ نے اس رویا کے متعلق تحریر فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنی ایک بڑی نعمت سے سرفراز فرمایا ہے۔ ہر نعمت کی قدر واجب ہے تاکہ مزید نعمت عطا ہو اور کوئی مرتکب عدم شکر ہو تو نہ صرف سلب نعمت کا خوف ہے بلکہ ابتلا کا بھی۔ اس نعمت کی قدر یہ ہے کہ معمولات میں درود شریف کی ایک تعداد بھی شامل کرلیں جس کو بہ آسانی پورا کرسکیں، اگر ہر روز نہ ہوسکے تو جمعہ کو تو ضرور اہتمام کیجئے، خواہ دیگر معمولات میں کمی ہو جائے۔ دوسرا اہتمام یہ ہے کہ اب اس سینے کو برائیوں سے پاک اور اس منہ کو ہر خلاف شرع قول، غیبت و کذب وغیرہ سے محفوظ رکھیئے۔ میری دعا ہے کہ آپ کو اتباع سنت کی مزید توفیق ہو (سلوک سلیمانی یا شاہراہ معرفت حصہ دوم صفحہ ۶۷ تا ۶۸)۔

۴۲۴۔ حضرت مولانا محمد اویس ندوی نگرامی مدظلہ نے خواب دیکھا کہ ریل کے ڈبے جیسی ایک موٹر ہے۔ اگلی سیٹ پر حضرت موسیٰ علیہ السلام تشریف فرما ہیں مگر پائے مبارک پر چوٹ ہے اور پچھلی سیٹ پر حضرت نبی کریم ﷺ کا جسدِ مبارک ہے۔ حضرت علامہ سیّد سلیمان ندویؒ نے آپؐ کے جسدِ مبارک سے قلبِ اطہر لے کر انہیں دیا، جسے انہوں نے بوسہ دیا اور آنکھوں سے لگایا اور سیّد صاحبؒ نے پھر اس کو جسدِ اقدس میں رکھ دیا۔ سیّد صاحبؒ کو انہوں نے اپنے خواب سے مطلع کیا تو سیّد صاحبؒ نے اس کی کسی قدر عجیب تعبیر دی۔ ارقام فرماتے ہیں: ”حضرت موسیٰ علیہ السلام جو اگلی سیٹ پر ہیں وہ تورات سے عبارت ہے اور پائے مبارک کو صدمہ تورات کی تحریف کی طرف اشارہ ہے، حضور اقدس ﷺ کا جسدِ مبارک اسلام سے عبارت ہے، ان کا قلب اقدس قرآن پاک ہے جو میرے واسطے سے آپ تک پہنچا، خود سیرت نبوی (ﷺ) کی تالیف میں شرکت بھی میری ہی ذات کے واسطے سے ہے، بہر حال اللہ تعالیٰ کی نوازش اور لطف و کرم خاص ہے جو اپنی غفاری و ستاری سے ایسے رویائے

marfat.com
Marfat.com

بشارت سے سرفراز فرماتے ہیں" (سلوک سلیمانی یا شاہراہ معرفت حصہ دوم صفحہ ۶۸)۔

سلوک سلیمانی ثانوی نام شاہراہ معرفت کے دونوں حصوں میں حضرت مولانا پروفیسر محمد اشرف خان صاحب سلیمانی نے اپنے پیرو مرشد حضرت علامہ سید سلیمان ندوی قدس سرہ خلیفہ مجاز حکیم الامت، مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ کی اسلامی سلوک کی پیش کردہ تعلیمات مع توضیحات و تعبیرات پیش کی ہیں۔ یہ دونوں حصے مجھے جناب محمد اسمٰعیل چوہدری (اسلام آباد) نے برائے استفادہ عنایت فرمائے جن کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔

۲۲۵۔ محمد قاسم بیگ نے اپنی یادداشتیں ٹٹولتے ہوئے باباجی سے اپنے تعلق کو اس طرح بیان کیا: ۵۶-۱۹۵۵ء میں ہم پڑھتے تھے تو سُنا کہ سالار والا میں کوئی بزرگ آئے ہیں، پس دیگر طالب علم ساتھیوں کے ہمراہ سالار والا پہنچا اور حضور باباجی صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ کی زیارت کی۔ لوگوں نے کہا: حضور! یہ لڑکا نعت بہت اچھی پڑھتا ہے۔ اس پر باباجی نے فرمایا کہ حضرت رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نعت سناؤ۔ آپ نے خود سپیکر لگایا، جب میں نے نعت پڑھی تو باہر تشریف لے آئے اور فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود تشریف فرما ہیں، دوبارہ یہی نعت پڑھو۔ میں نے دوبارہ نعت پڑھی (حضرت صوفی برکت علی لدھیانویؒ شخصیت و افکار پر "مون ڈائجسٹ" کا تیسرا خصوصی شمارہ صفحہ ۱۶۱)۔ ایک مرتبہ باباجی کی خدمت میں کئی دن بعد گیا۔ دیکھ کر فرمانے لگے: "میں تمہارا منتظر تھا، نعت سناؤ۔" نعت سن کر جھوم جھوم گئے اور فرمایا: "تم نے بڑی دیر بعد میرا سینہ کھول دیا، میں تمہیں امیر کر دوں گا"۔ ایک کاغذ منگوا کر لکھ دیا قاسم بیگ ولد نتھو بیگ ثناخوان حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ یہ لکھ کر کاغذ مجھے دے دیا اور پوچھا اس کا کیا کرو گے؟ میں نے عرض کیا: حضور! جب مرونگا تو یہ میرے کفن میں رکھ دیا جائے گا۔ اس جملے پر تڑپ اٹھے اور فرمایا: "میں تمہیں امیر کر دوں گا۔"

تقدس مآب حضرت ابو انیس صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ مشرقی پنجاب کے ضلع لدھیانہ کے موضع برھمی میں ۲۷ اپریل ۱۹۱۱ء کو ایک زراعت پیشہ خاندان میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۳۰ء میں فوج میں ایک عام سپاہی کی حیثیت سے ملازمت شروع کی اور صوبیدار میجر کے منصب تک ترقی کر کے ۱۹۴۵ء میں مستعفی ہو گئے۔ آپ حضرت حکیم سید امیر الحسن سہارنپوریؒ کے ہاتھ پر بیعت تھے جنہیں حضرت شیخ علاؤالدین علی احمد صابر (پیران کلیرؒ) سے نہایت درجہ عقیدت تھی اور یہی حال آپ کا تھا۔ آپ نے سانگلہ ہل کے نواحی قصبہ سالار والا کو "دارالاحسان" کا نام دیا اور ۱۹۸۶ء تک یہی آپ کی دینی، تبلیغی اور روحانی سرگرمیوں کا مرکز

marfat.com
Marfat.com

رہا۔ اسی سال ہجرت کر کے فیصل آباد کے قریب سمندری روڈ پر دالووال تشریف فرما ہوئے اور اس جگہ کا نام "المستفیض دار الاحسان" (کیمپ دار الاحسان) رکھا، وہاں قرآن محل اور ایک بہت بڑا ہسپتال تعمیر کرایا، اپنی تمام جائیداد عام مسلمانوں کے لیے وقف کردی، آپ کی تبلیغ سے ہزاروں لوگ مشرف بہ اسلام ہوئے اور آپ کے ہاتھوں کرامات کی بارش ہوتی تھی۔ ۱۶ رمضان المبارک ۱۴۱۷ھ مطابق ۲۶ جنوری ۱۹۹۷ء کو آپ مالک حقیقی سے جاملے۔ آپ کی آخری آرام گاہ یہیں ہے۔ مون ڈائجسٹ لاہور کے چیف ایڈیٹر جناب ادیب جاودانی نے حضرت لدھیانوی قدس سرہ پر اپنے ماہنامہ کے تین خاص نمبر نکال کر نہایت اہم خدمت انجام دی ہے اور ماشاءاللہ ابھی دو اور ایسے نمبر نکالنے کا پروگرام ہے، ثم ماشاءاللہ! ادیب جاودانی زندہ باد!

۲۲۶۔ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ نے اپنے پوتے میاں مقصود احمد کو ایک مرتبہ بتایا کہ ایک آدمی کو مدینہ طیبہ میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے اس بندے سے دریافت کیا کہ کیا تم برکت علی کو جانتے ہو؟ اس آدمی نے کہا: نام تو سنا ہے دیکھا نہیں۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے اس آدمی سے فرمایا کہ برکت علی میرا خاص آدمی ہے، جاؤ اور پہلی فرصت میں اس سے مل کر آو (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ۔ صفحہ ۱۳۸ تا ۱۳۹)۔

۲۲۷۔ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ نے ایک مرتبہ اپنے پوتے میاں مقصود احمد کو خوش ہو کر بتایا کہ آج نبی اکرم ﷺ نے مجھے فرمایا کہ دنیا کا ایک حصہ تمہارے حوالے ہے اور میں تمہیں ایک حصے کا انچارج مقرر کرتا ہوں (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ۔ صفحہ ۱۳۹)۔

۲۲۸۔ میاں مقصود احمد اپنے کئی دوستوں کے ساتھ بیٹھے تھے کہ صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ نے اس وقت فرمایا کہ آج حضور انور ﷺ نے مجھے بلایا اور فرمایا: "برکت علی! تو دنیا میں نمبر ون آدمی ہے۔" اس کرم نوازی پر باباجی سرکار بہت خوش تھے۔ بار بار کہتے تھے یار! مجھے حضور اکرم ﷺ نے بلا کر فرمایا کہ برکت علی تم دنیا کے نمبر ون آدمی ہو (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ۔ صفحہ ۱۳۹)۔

۲۲۹۔ لنگر کی روٹیوں کے انچارج بابا حمید کو صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ نے دو مرتبہ حضرت نبی پاک ﷺ کی زیارت کرائی تھی (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ، صفحہ ۱۳۶)۔

۲۳۰۔ بعض لوگوں کو ٹوہ اور جستجو تھی کہ دربار کے لاکھوں روپے ماہانہ کے اخراجات کیسے پورے ہوتے ہیں؟ کون لوگ اس کے پیچھے کار فرما ہیں؟ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانوی (باباجیؒ) کے پاس اتنی رقم کہاں سے آتی ہے؟ ایک روز کچھ لوگ اسی سلسلے میں آپ کے پاس

marfat.com
Marfat.com

پہنچ گئے اور کہا: آپ نے ایک کتاب لکھی ہے "اسمائے نبی کریم (ﷺ)" اس کی پانچ جلدیں ہیں جن میں ایک ہزار سے زیادہ حضور اقدس ﷺ کے اسمائے مبارک ہیں، کسی نے آج تک اتنے نام تحریر نہیں کیے، ان کتب کی تیاری پر آپ نے اپنے پاس سے چالیس لاکھ روپے خرچ کیے ہیں، اس کے علاوہ لنگر، فری ہسپتال اور دربار کے بیسیوں دیگر اخراجات ہیں۔ اتنی رقم آپ کے پاس کہاں سے آتی ہے؟ باباجی آپ ہمیں بتائیے یہ نظام کیسے چل رہا ہے؟ آپ نہر کے کنارے بیٹھے تھے۔ یہ سن کر جلال آگیا اور اپنی ٹوپی کو ذرا سا سر کایا تو ہزار روپے کے نوٹ وہاں سے نکل کر نیچے گرنے لگے اور ذرا سی دیر میں ان نوٹوں کا ڈھیر لگ گیا۔ یہ نظر بندی نہیں، واقعہ تھا۔ تحقیق کی نیت سے آنے والوں کے ہوش اڑ گئے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ "میرے پاس ایک دمڑی بھی نہیں، میری کوئی جائیداد نہیں، میرے پاس نہ کار ہے نہ سکوٹر، دنیا کی کوئی چیز نہیں، ہماری روزی پرندوں کی طرح ہے جو صبح بھوکے گھونسلوں سے اڑتے ہیں اور شام سیر ہو کر لوٹا کرتے ہیں۔" پھر یہ شعر پڑھا:

؎ پلے خرچ نہ بنھ دے پنچھی تے درویش　　　　جناں تقویٰ رب دا اوناں رزق ہمیش

پھر فرمایا: کھا، کھلا، بچا کر مت رکھ، کل کی روزی کل ملے گی۔ میرا ہاتھ نبی پاک ﷺ کی جیب مبارک میں ہوتا ہے، جتنی چاہوں وہاں سے رقم نکال لیتا ہوں (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ۔ صفحہ ۲۲۴ تا ۲۲۵ سے ماخوذ)۔ بڑے ہی خوش بخت ہیں وہ حضرات جو باباجیؒ کی صحبت سے فیض یاب ہوتے رہے اور آپ کی دعائیں لیتے رہے۔ اب ایسے بزرگ عنقا ہیں۔ ان کے وصال کے بعد جن حالات کا علم ہوا، کاش! ان کی زندگی میں علم ہو جاتا تو بے شمار مخلوق ان سے فیض یاب ہوتی۔

۲۳۱۔ امام المحققین، اوحد العارفین، الشیخ عبدالکریم جیلی شافعی، یمنی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ میں اپنے اُستاد کامل حضرت شیخ شرف الدین اسماعیل جبرتی قدس سرہٗ کی صورت میں سیّد عالم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا، مگر میں یہ نہ جانتا تھا کہ یہ سیّد عالم ﷺ ہیں۔ میں تو یہی سمجھتا رہا کہ یہ میرے شیخ قدس سرہٗ ہیں۔ یہ میرے ان تمام مشاہدات میں سے ایک ہے جس کا ۷۹۶ھ میں "زبید" میں میں نے مشاہدہ کیا تھا (جواہر البحار جلد اول حصہ دوم۔ صفحہ ۲۸۵۔ از علامہ یوسف نبہانیؒ)۔

۲۳۲۔ شیخ عبدالکریم جیلی قدس سرہٗ (المتوفی ۸۱۱ھ غالبًا) کی دو مشہور کتابیں ہیں:

(۱) الانسان الکامل (۲) الکمالات الٰہیہ

کمالات الٰہیہ کا ذکر کرتے ہوئے شیخ عبدالکریم جیلی قدس سرہٗ نے ایک جگہ فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

"اس اثنا میں کہ وہ سید عالم ﷺ کے حجرۂ مبارک کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے، یکایک ان سے حجاب اٹھ گیا، پھر انہوں نے سید عالم ﷺ کو افق اعلیٰ کے اندر بالیقین وصف الوہیت میں دیکھا، وہاں سید عالم ﷺ کے چاروں طرف سورہ اخلاص (قل ھو اللہ احد......) مرقوم تھی اور پھر جب حواس بحال ہوئے تو دیکھا کہ سامنے والی دیوار پر واقعی سورۂ اخلاص لکھی ہوئی تھی۔"

ممکن ہے کوئی کوتاہ بیں شیخ جیلیؒ کے کلام کو نہ سمجھنے کی بنا پر یا تو شیخ کو گمراہ قرار دے دے یا خود گمراہی کے گرداب میں پھنس کر رہ جائے۔ اس لیے علامہ یوسف مبہانیؒ نے وضاحت فرمادی کہ حضرت رسول اللہ ﷺ پر "اللہ" جل مجدہ کا اطلاق درست نہیں۔ معبود برحق اللہ ہی ہے اور حضرت رسول ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندے اور پیغمبر ہیں، اس کے فرستادہ ہیں، اللہ جل مجدہ نے اپنے اوامر ونواہی اپنی مخلوق تک پہنچانے کے لیے آپؐ کو واسطہ بنایا ہے، اسی لیے جس نے حضرت رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے آپؐ کی نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی (جواہر البحار جلد اول۔ حصہ دوم صفحہ ۳۶۴ تا ۳۲۵)۔

۲۳۳۔ سیدی عبدالنور یعنی شریف عمرانیؒ نے اپنے شیخ ابوالعباس صحامیؒ کی معرفت ان کے شیخ ابو عبداللہ بن سلطانؒ کا یہ خواب نقل کیا۔ حضرت ابو عبداللہ بن سلطانؒ فرماتے ہیں کہ میں خواب میں حضرت رسول اکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا تو میں نے عرض کیا: میرے آقا! اے اللہ کے رسول (ﷺ)! آپؐ انبیاء، مرسلین اور ملائکہ سے محترم ہیں۔ تو آپؐ نے مجھ سے فرمایا: "میں ملائکہ، انبیاء، مرسلین اور تمام مخلوق سے محترم ہوں اور میں اصل موجودات ومبدأ اوران کا منتہیٰ ہوں، مجھ تک ہی ان کی انتہا ہے، کوئی مجھ سے آگے نہیں بڑھ سکتا (جواہر البحار جلد سوم۔ صفحہ ۵۲۴)۔

۲۳۴۔ حضرت ابو عبداللہ بن سلطانؒ ایک اور مرتبہ حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے تو خود بخود زبان پر یہ الفاظ جاری ہوگئے کہ میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں یوں سلام عرض کروں:

اسلام علیک یا عین العیون یا معدن السر المصون (ترجمہ) سرداروں کے سردار، مخفی راز کی کان آپؐ پر سلام ہو۔ (جواہر البحار جلد سوم۔ صفحہ ۵۲۴)۔

۲۳۵۔ شیخ طریقت وشریعت حضرت مولانا قاری محمد ابراہیم قادریؒ کا سلسلہ تین واسطوں سے قطب الاقطاب حضرت شاہ عبدالغفور اخوند قدس سرہ' (صاحب سوات) سے جاملتا ہے۔ علامہ جمال الدین افغانیؒ نے اپنی تصنیف "البیان فی تاریخ الافغان" میں لکھا ہے کہ حضرت

marfat.com
Marfat.com

اخوند شاہ (صاحب سوات) کا شمار عالم اسلام کی برگزیدہ ہستیوں میں ہوتا ہے۔ آپ کے فتوے مستند ہوا کرتے تھے۔ "تاریخ سوات" کے مصنف محمد آصف خان صفحہ ۱۰۱ تا ۱۰۳ پر لکھتے ہیں۔" آپ صرف گوشہ نشین زاہد ہی نہ تھے بلکہ ۱۹ ویں صدی کے عظیم و حریت پسند مجاہد، صاحب بصیرت سیاست دان، عالم اسلام کے نامور عالم، مجدد دین اور میدان جہاد کے غازیوں کے ایک سرفروش رہنما تھے۔ جنگ امبیلا ۱۲۶۳ھ میں آپ کے کارہائے نمایاں تاریخ حریت کا ایک سنہرا باب ہیں۔

حضرت مولانا قاری محمد ابراہیم قادری" شیخ المشائخ حضرت اقدس مولانا محمد قمر سواتی نور اللہ مرقدہ' سے شرف بیعت رکھتے تھے اور سلسلہ قادریہ میں ان ہی کے خلیفہ اعظم بھی تھے۔ قیام پاکستان کے وقت ۱۹۴۷ء میں دہلی سے کراچی تشریف لائے اور وصال تک یہیں قیام پذیر رہے۔ حجاز مقدس میں مستقل قیام کی آپ کو ہمیشہ آرزو رہی مگر عالم رویا میں حضور اقدس ﷺ کی طرف سے ارشاد ہوا کہ آپ کی وہاں ضرورت ہے اور ایسا متعدد بار ہوا۔ پیرانہ سالی اور بیماریوں کے باوجود آخری ایام تک سرزمین حرمین شریفین میں حاضری کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ فرائض و واجبات کی ادائیگی میں انتہائی مستعد اور سرگرم، مستحبات و عبادات نافلہ نیز اوراد واذکار و وظائف کے حد درجہ پابند تھے۔ آپ کو دیکھ کر اللہ پاک کی یاد تازہ ہو جاتی تھی، بات کسی موضوع پر ہو اس کا رخ آپ کتاب و سنت کی طرف موڑ دیتے تھے، جس بات کو حق سمجھتے برملا اس کا اظہار فرماتے، مصلحت پسندی مزاج کے خلاف تھی، آپ کا محور فکر اصلاح امت تھا اور مسلمانوں کے اجتماعی مسائل اور معاشرتی حالات سے گہری دلچسپی تھی۔

۲۳۶۔ عرش صدیقی لکھتے ہیں کہ ۱۹۴۳ء کے اواخر میں ہم لدھیانہ آ گئے۔ اس وقت میں کالج میں پڑھتا تھا کہ حالات نے اچانک کچھ ایسی کروٹ بدلی اور وہ کچھ ہو گیا جو ہمارے وہم و گمان میں بھی نہ تھا۔ والد صاحب سرکاری ملازم تھے، انہیں ایک جھوٹے مقدمے میں پھنسوا دیا گیا اور وہ چھ ماہ کے لیے ملازمت سے معطل کر دیئے گئے۔ میں ابھی اس قابل نہ تھا کہ گھر کے لیے کچھ کر سکتا۔ میرا واحد سہارا میری نمازیں تھیں اور مجھے یاد نہیں پڑتا ان دنوں میں نے کسی وقت کی نماز چھوڑی ہو۔ یہ ایسا کڑا وقت تھا کہ بعض اوقات ہمیں دو دو دن کے فاقے بھی کرنے پڑتے تھے۔ ایک روز جب شدید بھوک کے باوجود بھی کھانا میسر نہ ہو سکا تو مجھے حضرت نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے وہ لمحات یاد آئے جب وہ اس کیفیت میں ہوتے تھے تو پیٹ پر پتھر باندھ لیا کرتے تھے۔ یہ خیال آتے ہی میں نے ایک بڑا سا پتھر تلاش کیا اور اسے پیٹ پر باندھ کر سو گیا۔ خواب میں مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی اور میری

marfat.com
Marfat.com

آنکھوں سے بے اختیار آنسو رواں ہو گئے۔ میں نے ہر تکلف بالائے طاق رکھتے ہوئے اپنا سارا حال حضرت فخر موجودات، نبی آخر الزمان ﷺ کے حضور پیش کر ڈالا۔ ٹھیک اسی وقت میرے کانوں میں یہ مصرع گونجا: ع

کالی کملی اوڑھ لو ساری کملی میں بارات

اور میری آنکھ کھل گئی۔ اس مصرع نے مجھ میں حوصلے اور توانائی کی ایک نئی لہر دوڑا دی۔ میں آج بھی برملا کہتا ہوں کہ یہ مصرع مجھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عطا کیا ہے، لہٰذا یہ مصرع میرا ہے بھی اور نہیں بھی (عرش صدیقی مرحوم کا آخری انٹرویو۔ پندرہ روزہ بجنگ آمد، لاہور۔ ۱۶ تا ۳۰ نومبر ۱۹۹۷ء)۔

۲۳۷۔ شیخ اکبر حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ، فتوحات مکیہ کے باب ۵۴۰ میں فرماتے ہیں کہ اہل محبت کو چاہئے کہ درود پاک کے ذکر پر صبر و استقلال کے ساتھ ہیشگی اختیار کریں یہاں تک کہ بخت جاگیں، وہ جانِ جہاں (ﷺ) خود قدم رنجہ فرمائیں اور شرف زیارت سے نوازیں۔ میں نے اس ذکر پر کماحقہ، ہیشگی کرنے والا سوائے ایک عظیم فرد کے اور کوئی نہیں دیکھا۔ وہ اشبیلیہ کا ایک لوہار تھا اور "اللھم صلی علی محمد" کے نام سے مشہور ہو گیا تھا۔ اسے ہر ایک اسی نام سے جانتا تھا، جب میں اسے ملا اور دعا کی درخواست کی تو اس نے میرے لیے دعا مانگی، جس سے مجھے بہت فائدہ پہنچا۔ وہ حضرت فخر دو عالم ﷺ پر درود پاک ہمیشہ پڑھتے رہنے ہی کی وجہ سے مشہور تھا اور وہ بغیر کسی خاص ضرورت کے کسی سے گفتگو نہیں کرتا تھا۔ اس کے پاس جو بھی مرد، عورت یا بچہ آکر کھڑا ہوتا تو واپس لوٹنے تک اس کی زبان پر درود پاک ہی جاری رہتا تھا۔ اس مقدس مشغلے کی وجہ سے ہر خاص و عام کے دل و دماغ میں وہ سمایا ہوا تھا اور حقیقت میں اس کا شمار اولیاء اللہ میں تھا۔ ایسے شخص پر آقائے کائنات ﷺ خود تجلی بار ہوتے اور خود اسے خبر دیتے۔ اب کچھ نعتیہ اشعار سنیے:-

حقیقت میں وہ لطف زندگی پایا نہیں کرتے ‏ ‏ جو یادِ مصطفیٰؐ سے دل کو گرمایا نہیں کرتے
زباں پر شکوۂ رنج و الم لایا نہیں کرتے ‏ ‏ نبیؐ کے نام لیوا غم سے گھبرایا نہیں کرتے
یہ دربارِ محمدؐ ہے یہاں ملتا ہے بے مانگے ‏ ‏ ارے ناداں! یہاں دامن کو پھیلایا نہیں کرتے
یہ ہے دربارِ آقاؐ کا یہاں اپنوں کا کیا کہنا ‏ ‏ یہاں سے ہاتھ خالی غیر بھی جایا نہیں کرتے
ارے او نا سمجھ! قربان ہو جا ان کے روضہ پر ‏ ‏ یہ لمحے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے
جو ان کے دامنِ رحمت سے وابستہ ہیں اے حامدؔ ‏ ‏ کسی کے سامنے وہ ہاتھ پھیلایا نہیں کرتے

۲۳۸۔ امام شعبی قدس سرہ' نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں سید عالم ﷺ کے حجرہ مقدسہ کے

marfat.com
Marfat.com

پاس تھا کہ اتنے میں ایک دیہاتی آیا اور آتے ہی اس نے "اسلام علیک یارسول اللہ" (ﷺ) عرض کرنے کے بعد کہنا شروع کر دیا کہ میں نے اللہ پاک کا یہ کلام سنا ہے جس میں وہ فرماتا ہے:
(ترجمہ) اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں اور اے محبوب تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا پائیں۔ (سورۂ نساء۔ آیت ۶۴)

میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے، میں آپؐ کی خدمت میں اپنے پروردگار سے گناہوں کی مغفرت کا طالب اور آپؐ کی شفاعت کا امیدوار بن کر حاضر ہوا ہوں، پھر اس نے کچھ پُر درد اشعار پڑھے اور توبہ کر کے چلا گیا۔ امام عتبی قدس سرہٗ نے فرمایا: جب میں سویا تو خواب میں رسول کریم ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "اے عتبی! تم اس بدوی سے ملو اور اسے بشارت دو کہ اللہ جل مجدہٗ نے اس کے گناہ معاف فرما دیئے ہیں۔" جواہر البحار حصہ دوم کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ۲۶۸ تا ۲۶۹)۔

۲۳۹۔ حضرت ابراہیم بن علی بن یوسف فیروز آبادیؒ شافعی المسلک بہت سی کتابوں کے مصنف تھے۔ بکثرت محفل مصطفوی علی صاحبہ السلام میں حاضر باش ہوتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ سے درخواست کی کہ مجھے ایسے کلمات عنایت فرمائیں جو کل روز قیامت میری نجات کا باعث بنیں۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا: (عربی عبارت کا اردو ترجمہ) اے شیخ! تو دوسروں کی سلامتی کا متلاشی ہو تجھے بھی سلامتی مل جائے گی۔ دوسری روایت کا ترجمہ یوں ہے: اے شیخ! جو سلامتی چاہتا ہے تو اسے دوسروں کی سلامتی میں تلاش کرے۔ اس کے بعد آپ بہت خوش رہتے تھے کہ حضور اقدس ﷺ نے مجھے شیخ کا لقب عطا فرمایا ہے۔ بقول مناویؒ ۴۷۶ھ میں وصال فرمایا (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۸۳)۔

۲۴۰۔ حضرت ابو محمد الحسن بن عمر الہیسیؒ بہت بڑے فقیہہ، عالم، عابد و زاہد، تنہائی پسند اور گوشہ نشین تھے۔ خواب میں حضور ﷺ کی زیارت ہوتی تھی اور آپؐ انہیں ہونے والے واقعات کی خبر دے دیا کرتے تھے۔ بالخصوص وہ واقعات جو چوری وغیرہ سے متعلق ہوں (جیسے فلاں کی چوری شدہ چیز فلاں جگہ سے ملے گی)، اس سلسلے میں آپ کے خواب بھی سچے ہوتے تھے اور آپ کے ولی ہونے کی تصدیق بھی کرتے تھے۔ قریباً ایک سو سال کی عمر میں ۵۸۱ھ میں وصال ہوا۔ (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۶۶۵)۔

ے مولائی صل وسلم دائما ابداً　　　علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۲۴۱۔ بابا تاج الدین ناگپوریؒ نے آپ کا نام عبدالکریم سے بدل کر محمد یوسف (حضرت بابا

marfat.com

Marfat.com

محمد یوسف شاہ تاجیؒ) رکھ دیا تھا۔ علم تعبیر میں آپ امتیازی حیثیت رکھتے تھے۔ چھتاری (یو۔ پی، بھارت) کے رہنے والے شوکت علی خان آپ کے حلقہ بگوشوں میں سے تھے، انہوں نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی اور انہی دنوں حضرت بابا محمد یوسف شاہ تاجی بھی چھتاری گئے ہوئے تھے۔ شوکت علی خان ان سے اپنا خواب بیان کرنے چلے گئے مگر مجمع بہت تھا اس لیے موقع کے منتظر رہے، جب موقع نہ ملا اور انہیں اضطراب ہوا تو حضرت بابا محمد یوسف شاہ تاجیؒ نے شوکت علی خان سے مخاطب ہو کر کہا: "تمہارے خواب کی تعبیر ہم ہی ہیں۔" (تاج الاولیا یعنی سید محمد بابا تاج الدین ناگپوریؒ کے حالات و واقعات از بابا ذھین شاہ تاجیؒ، صفحہ ۳۵۸)۔

۲۴۲۔ ڈاکٹر سید محمد محمود پی ایچ ڈی (صدر شعبۂ فلسفہ۔ کراچی یونیورسٹی) نے، جب ہندوستان میں تھے تو خواب دیکھا کہ وہ حضور اقدس ﷺ کے بائیں ہاتھ کی جانب کھڑے ہوئے حضور اقدس ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے ہیں۔ اگرچہ یہ زیارت سے مشرف ہوئے مگر چہرۂ انور صاف طور سے نہ دیکھ سکے کچھ دُھندلا دُھندلا سا دیکھا۔ ڈاکٹر صاحب نے یہ خواب حضرت بابا محمد یوسف شاہ تاجیؒ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: "بائیں طرف کھڑے ہونے کا مطلب یہ ہے کہ تم اہل دل ہو جاؤ گے اور جب تہجد پڑھو گے تو دُھندلکا دور ہو جائے گا (تاج الاولیا۔ صفحہ ۳۵۲)۔

۲۴۳۔ علامہ ابن الحاج نے "المدخل" میں لکھا ہے کہ ایک شخص سخت پریشانی میں مبتلا تھا۔ اس نے اپنی پریشانی شیخ ابن ابی جمرہ صاحب "مختصر البخاری" سے بیان کی۔ شیخ نے خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ نے اس شخص کے لیے یہ وظیفہ مقرر فرمایا:-

سو مرتبہ سبحان اللہ، سو مرتبہ الحمد للہ، سو مرتبہ اللہ اکبر، پڑھ کر سو مرتبہ یہ پڑھے "اللھم صلی علی محمد النبی الامی" پھر سو مرتبہ پڑھے: "لا الہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہ۔"

پھر بارہ رکعت نفل پڑھے اور اس کے بعد جو دعا چاہے مانگے، پھر دو نفل پڑھے اور آخر میں کوئی سی پچاس آیات اور سورۂ البقرۃ کی آخری آیات پڑھے، پھر چوبیس رکعت نفل پڑھے، پھر یہ دعا مانگے:-

الٰہی! حل کرنا تو بس تیرا حل کرنا ہے، سو ہم سے ہر تکلیف و مصیبت دور فرما۔ اے وہ جس کے ہاتھ میں حل کرنے کی کنجیاں ہیں، جن و انسان میں جو بھی ہمارا برا چاہے، تو ہمیں کفایت فرما اور اپنے حکم و قدرت سے اپنے مضبوط ہاتھوں سے اسے ہم سے دور فرما، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اس شخص نے اس وظیفے پر عمل کیا تو اس کی تمام تکالیف و پریشانیاں دور ہو گئیں۔ حضور اقدس ﷺ نے اسی خواب میں مزید فرمایا کہ جو کوئی صدق دل سے اس پر عمل کرے گا اللہ اسی دن اس کی تکلیف دور فرمادے گا خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو۔

۲۴۴۔ سیدی ابو محمد بن ابی جمرہؒ اکثر تعویذات سے اپنا، اپنے اہل و عیال اور دوستوں کا علاج کرتے تھے اور یہ تمام حضرات شفایاب ہوتے تھے۔ وہ یہ بھی کہتے تھے کہ یہ نسخہ خواب میں ان کو نبی پاک ﷺ نے عنایت فرمایا ہے اور وہ یہ ہے:-

لقد جاء کم ...... رب العرش العظیم O (سورہ توبہ۔ آیت ۱۲۸ اور ۱۲۹) و ننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنین O (سورہ بنی اسرائیل یا الاسرا۔ آیت ۸۲) لو انزلنا هذا القرآن ...... و هو العزیز الحکیم O (سورہ حشر۔ آیت ۲۱ تا ۲۴) سورہ اخلاص اور معوذتین یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس (پوری سورتیں) لکھنے کے بعد یہ دعا لکھے: اللھم انت الحی...... کلیمک موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اشفہ۔"

مذکورہ بالا تمام آیات، سورتیں اور دعا لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں یا دائیں بازو پر باندھ دیں (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۸۵۷ تا ۸۵۹)۔

نوٹ = سعادت الدارین حصہ دوم صفحہ ۸۵۸ سے ۸۵۹ پر عربی کی دعا نوٹ کرلیں۔ ۸۵۸ سے ۸۵۹ پر حضور اقدس ﷺ کی عطا کردہ دعا بھی لکھی ہوئی ہے جو نظرِ بد کے لیے ہے۔

۲۴۵۔ ایک نیک شخص نے کہا: میرے سر میں سخت درد تھا، خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کا دیدار نصیب ہوا، آپؐ نے اپنا دست مبارک میرے سر پر رکھا اور پڑھا:-

بسم الله ربی الله حسبی الله. توکلت علی الله. اِعتصمت بالله. فوضتُ اموری الی الله. ماشاء الله لا قوة الا بالله۔

(ترجمہ) "اللہ کے نام سے، میرا پالنے والا اللہ ہے، مجھے اللہ کافی ہے، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، میں نے اللہ کا سہارا لے لیا، میں نے اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کیا، جو اللہ چاہے، اللہ کے سوا کوئی طاقت نہیں"۔ آپؐ نے فرمایا: ان کلمات کو کثرت سے پڑھو، ان میں ہر بیماری کی شفا، ہر تکلیف سے رہائی اور دشمنوں پر فتح ہے (نزہت المجالس)۔

امام بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت نقل کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ یہ آیت چوری سے حفاظت ہے:- قل ادعوا الله او ادعوا الرحمٰن ...... پوری آیت (سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۱۱۰۔ پارہ ۱۵)

(ترجمہ) "تم اللہ کے نام سے پکارو یا رحمٰن کے نام سے جس نام سے پکارو اس کے سب نام اچھے

marfat.com

Marfat.com

ہیں اور نماز نہ بلند آواز سے پڑھو نہ آہستہ بلکہ اس کے بیچ کا طریقہ اختیار کرو)۔

ایک صحابیؓ نے رات سوتے وقت اسے پڑھا، ان کے گھر میں چور آ گیا اور سامان سمیٹ کر جب جانے لگا تو دیکھا کہ دروازہ بند ہے۔ گٹھڑی اتارتا تو دروازہ کھل جاتا اور گٹھڑی اٹھاتا تو دروازہ بند ہو جاتا۔ تین بار ایسا ہی ہوا۔ صحابیؓ کی آنکھ کھل چکی تھی۔ وہ یہ دیکھ کر ہنس پڑے اور فرمایا: میں نے اپنا گھر قلعہ بنا دیا ہے۔ (ہم سب کو چاہیے اس آیت کو پڑھ کر سویا کریں انشاء اللہ چوری سے محفوظ رہیں گے)۔

۲۴۶۔ سلسلہ تیجانیہ کے بانی عارف باللہ سیّد احمد محمد تیجانیؒ بیداری میں حضور نبی برحق ﷺ سے ملاقات کیا کرتے تھے۔ ان کا قول ہے کہ مجھے سیّد الوجود ﷺ نے فرمایا: "اسم اعظم پر پردہ ڈالا گیا ہے، اللہ تعالیٰ صرف ان حضرات کو اس کی اطلاع دیتا ہے، جنہیں اپنی محبت کے لیے خاص کر لیتا ہے، اگر لوگوں کو اس کا پتہ چل جائے تو اسی میں مصروف ہو جائیں اور باقی سب کام چھوڑ دیں، جو اسے پہچان لے وہ قرآن اور مجھ پر درود و سلام پڑھنا چھوڑ دے کیونکہ اس میں اسے زیادہ فضیلت نظر آئے تو اس کی جان کو خطرہ لاحق ہو جائے۔"

حضرت تیجانیؒ نے فرمایا: پس سمجھ لو کہ اسم اعظم دنیا اور طالب دنیا کے لائق نہیں، جس نے اسے جانا اور طلب دنیا کے لیے استعمال کیا تو وہ دنیا اور آخرت میں زیاں کار رہا۔ امام نوویؒ نے "الحی القیوم" کو اختیار کیا ہے کیونکہ حدیث میں ہے کہ اسم اعظم ان تین سورتوں میں ہے: سورۃ البقرۃ، سورۂ آل عمران اور سورۂ طٰہٰ۔ جبکہ پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اسم "اللہ" کو اسم اعظم فرمایا ہے۔ (سعادۃ الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۴۸۶ تا ۴۸۷ سے ماخوذ)۔

۲۴۷۔ شہاب مقری نے اپنی کتاب "نفح الطیب" میں یہ واقعہ لکھا ہے کہ اندلس کے ادیب صفوان بن ادریس کی بیٹی جب بالغ ہو گئی تو وہ اس کے نکاح کی تیاری کے لیے عازم مراکش ہوئے اور وہاں کے حکمران کی مدح و ستائش میں قصیدہ لکھا مگر مقصد میں کامیابی نہ ہوئی۔ اپنی ناکامی پر غور کیا اور کہا کہ اگر میں اللہ سبحانہ تعالیٰ سے امید رکھتا اور اس کے نبی پاک ﷺ اور آپؐ کے گھر والوں کی مدح کرتا تو اپنے اس نیک عمل کے طفیل حصول مقصد میں کامیاب ہوتا۔ پس اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی اور اس طرف منہمک ہو گیا۔ اس پر حکمران نے بلا بھیجا اور مقصد پوچھا۔ انہوں نے تفصیل سے اپنا مدعا بیان کر دیا۔ حکمران نے نقدی اور سامان سے ان کی مدد کی اور بتایا کہ میں یہ سب اس خواب کی تعمیل میں کر رہا ہوں، جس میں مجھے حضور انور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی ہے اور آپؐ نے مجھے تمہاری حاجت براری کا حکم دیا ہے۔ اس کے بعد صفوان بن ادریس ہمیشہ حضور اقدس ﷺ اور آپؐ کے اہل بیت کی مدح و ستائش

marfat.com
Marfat.com

میں مشغول رہے اور خوب شہرت حاصل کی۔

۲۴۸۔ عارف باللہ سیّد محمد عثمان میر غنیؒ خلیفہ سیّد احمد بن ادریسؒ فرماتے ہیں کہ ایک رات میں دیکھتا ہوں کہ ایک عالی شان مکان میں حضور اقدس ﷺ کے حضور حاضر ہوں۔ آپؐ نے مجھے اس رات فرمایا: "تم میرے محبوب ہو، تم میرے مطلوب ہو، تم میرے مرغوب ہو، اور آپؐ نے اشارۃً بتلایا کہ تمہارے پیروکار ہزاروں سے بڑھ کر ہونگے اور ہوں گے بھی بڑے بڑے مکرم و مقرب اور تمہارے اور ان کے درمیان مریدین کا واسطہ نہ ہوگا۔"

پھر عارف باللہ میر غنیؒ فرماتے ہیں جان لو کہ قریب ترین اور بزرگ ترین راستہ درود شریف ہے بلکہ اس جیسا اور اس سے قریب تر کوئی اور راستہ ہے ہی نہیں، پس اس کے حاصل کرنے میں محنت کیجیے (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۲۰۹)۔

۲۴۹۔ سیّدی محی الدین ابن العربیؒ اپنے رسالہ "مبشرات" میں تحریر فرماتے ہیں کہ ابو عبداللہ محمد بن العاص الباجی کی مجلس میں مجھے ایک نیک شخص نے بتایا کہ ہمارے ایک ساتھی نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کو دیکھا اور آپؐ کے چہرۂ انور پر تھپڑ مار دیا (العیاذ باللہ)۔ وہ شخص گھبرا کر بیدار ہو گیا اور ہمارے ایک شیخ کے سامنے اس کا ذکر کیا۔ انہوں نے فرمایا: تو اپنی بیوی سے حرام کرتا ہے۔ خواب دیکھنے والے شخص نے جو غور کیا تو یاد آیا کہ اس نے اپنی بیوی سے طلاق والی قسم اٹھائی تھی اور پھر اسے توڑ دیا تھا، پھر بھی اس سے علیحدگی نہ کی اور تعلقات زن و شو بدستور قائم رکھے۔

۲۵۰۔ ایسا ہی واقعہ ایک اور نیک آدمی کے ساتھ پیش آیا۔ اس نے خواب میں دیکھا کہ جس شہر میں رہتا ہے وہاں حضور اقدس ﷺ کی وفات ہو گئی ہے اور اس شہر کے فقہا نے آپؐ کو دفن کر دیا ہے۔ بیدار ہونے کے بعد اس شخص نے تحقیق کی۔ معلوم ہوا کہ حج کے متعلق کسی مسئلے پر بحث ہو رہی ہے۔ ایک فریق واضح احادیث ہونے کے باوجود ماننے سے انکار کرتا ہے اور اپنی رائے سے فیصلہ کرتا ہے۔ خوب خوب تعصب کا مظاہرہ کرتا ہے اور ہم اس رسوائی سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں (مبشرات از سیّدی محی الدین ابن عربیؒ)۔

۲۵۱۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضور نبی پاک ﷺ اور فرشتوں کو دیکھا۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب ابراہیم بن ہمام اشبیلیؒ نے حدیثوں کو مرتب کرنے اور ان پر عمل کرنے کا اہتمام کیا تھا۔ ان کے پاس وہ فقہا بھی کھڑے تھے جنہوں نے حضور نبی کریم ﷺ کو دفن کیا تھا جیسا کہ اوپر کے خواب نمبر ۲۵۰ میں ذکر ہے۔ تو میں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ ابراہیم بن ہمامؒ کو چوم رہے ہیں، محبت سے ان کو اپنے سینے

marfat.com

Marfat.com

سے لگا رہے ہیں اور اپنی محبت کا اظہار فرما رہے ہیں (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۲۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خود حضور نبی پاک ﷺ کو میت کی صورت میں دیکھا۔ انہیں اشبیلیہ کی جامع مسجد کے ایک حصے میں دفن کیا گیا۔ میں نے جب اس جگہ کی بابت دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ وہ جگہ مغصوبہ ہے اور مالک سے زبردستی بلا قیمت لی گئی ہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۳۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ وہ امام و محدثؒ، ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الفارسیؒ مصنف المحلی سے معانقہ فرما رہے ہیں۔ یہ علم حدیث میں امام، عالم اور اس پر عامل تھے۔ ذات اقدس رسول اللہ ﷺ اور ذات ابن حزمؒ کو روشنی نے ڈھانپ رکھا تھا اور اس طرح گھل مل گئے تھے جیسے وہ دو نہیں ایک ہی جسم پاک ہے۔ یہ حدیث کی برکت ہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۴۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں: حصول علم سے پہلے میرے تمام دوستوں نے مجھے کُتبِ رائے (قیاس) پڑھنے کی ترغیب دی۔ مجھے کچھ پتہ نہ تھا نہ علم حدیث کا نہ قیاس کا۔ میں نے خواب میں دیکھا گویا کھلی فضا میں ہوں اور مسلح لوگ میرے قتل کے درپے ہیں، مجھے بچاؤ کیلئے کوئی پناہ گاہ نہیں مل رہی، میں نے سامنے ٹیلے پر حضور اقدس ﷺ کو کھڑے دیکھا تو آپؐ کی طرف لپکا تو آپؐ نے مجھ پر اپنی چادر پھینکی اور مجھے اپنی مضبوط گرفت میں لے لیا اور فرمایا: "میرے دوست! میرا دامن تھام لے کہ بچ جائے۔" میں نے ان دشمنوں کی طرف دیکھا تو مجھے ان میں سے کوئی نظر نہ آیا۔ اسی وقت سے میں خدمت حدیث میں مشغول ہوں (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۵۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ تیونس شہر میں شیخ، صالح، عارف عبدالعزیز بن ابی بکر قرشی مہدویؒ کے مکان پر مجھے ابوالعباس احمد بن احمد بن ابوداؤد بن علی بن ثابت بن منصور حریری حلفاویؒ نے بتایا کہ انہیں امام کبیر ابوحنیفہؒ سے بڑی عقیدت تھی کیونکہ ان کی رائے اچھی اور ذہن رسا تھا لہٰذا میں دوسرے ائمہ کی بجائے ان کی طرف مائل تھا۔ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا مگر آپؐ نے مجھ سے کلام نہ فرمایا۔ وجہ پوچھنے کی مجھ میں ہمت نہ ہوئی۔ آپؐ کے پیچھے حضرت ابوبکر صدیقؓ تھے۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ کے نزدیک ائمہ کے مراتب کس طرح ہیں؟ انہوں نے فرمایا: ہمارے ساتھ ملے ہوئے احمد بن حنبل ہیں پھر شافعی پھر مالک پھر ابوحنیفہ۔ ابوالعباسؒ کہتے ہیں مجھے حیرت ہوئی اور معلوم ہوا کہ نجات حدیث کی پیروی میں ہے۔ میں نے یہ بات قاضی عبدالوہاب ازدی سکندری کو

marfat.com
Marfat.com

۵۹۹ھ میں مکہ مکرمہ میں بتائی تو انہوں نے کہا یہی صحیح ہے۔ (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۶۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ کمال الدین ابو عمرو عثمان بن ابو عمرو البہری شافعیؒ نے جو حضرت براؓ بن عازبؓ کی اولاد سے تھے، مجھے مسجد اقصیٰ میں بتایا کہ میں نے خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ ہر نبی کی آل و جماعت ہوتی ہے اور میری آل و جماعت مومن ہے اور آپؐ بار بار اس بات کو دہراتے رہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۷۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ کمال الدین ابو عمرو عثمان بن ابو عمرو البہری شافعیؒ نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں یہ فرماتے سنا: "انبیائے کرامؑ اپنی امتوں کو یہ حکم دیتے رہے کہ اصنام (بتوں) کی عبادت نہ کریں جبکہ میں نے اپنی امت کو حکم دیا ہے کہ اوثان (بت، دریا، درخت، سانپ، آگ وغیرہ وغیرہ) کی عبادت نہ کریں (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۸۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور انور ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ قرآن مجید کی سورۂ نور میں اس طرح آیا ہے "لاشرقیۃٍ ولاغربیۃٍ" (ترجمہ) نہ مشرقی نہ مغربی۔ اللہ فرماتا ہے: وہ چراغ روشن کیا جاتا ہے ایک بابرکت درخت یعنی زیتون سے آخر تک (سورہ نور کی آیت ۳۵ کا ترجمہ) یہ درخت کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ نے اپنی ذات کو کنایۃً درخت فرمایا ہے، اسی لیے اس سے جہتوں کی نفی فرمائی ہے کیونکہ اللہ جہات سے مقید نہیں اور مشرق و مغرب کنایہ ہے اصل اور فرع سے کہ اللہ مادہ اور اصل کا خالق ہے، اگر اللہ کی ذات نہ ہوتی تو مادہ و اصل بھی نہ ہوتے۔ یہ تمام تشریح ایک طویل سلسلہ کلام میں فرمائی (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۹۔ حضرت ابن عربیؒ نے ۶۰۴ھ میں حضور اقدس ﷺ کو مکہ معظمہ میں خواب میں دیکھا۔ آپؐ فرماتے ہیں کہ "اس گھر کا طواف کرنے والوں سے کہو کہ وہ جب بھی طواف کریں بعد میں دو رکعت نماز ادا کر لیا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس نماز سے ایک فرشتہ قائم کرتا ہے جو قیامت تک اللہ کی تعریف کرتا رہتا ہے یا اس کی تسبیح کرتا رہتا ہے۔" مجھے شک ہو گیا ہے کہ اللہ اکبر اور سبحان اللہ ان دونوں میں سے آپؐ نے کون سا لفظ فرمایا تھا (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۶۰۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں یہ فرماتے ہوئے سنا: "بے شک تم قبروں میں فتنۂ دجال کی طرح یا قریب آزمائے جاؤ گے۔" پھر قبلہ رخ ہو کر آپؐ نے اپنی آستینیں چڑھائیں، بازو مبارک عریاں ہوئے، مصلا بچھا کر دو رکعت نماز پڑھی، میں بھی آپؐ کی دائیں جانب کھڑا ہو گیا اور دوسری رکعت پا لی (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

marfat.com

Marfat.com

۲۶۱۔ حضرت ابن عربیؒ نے خواب و بیداری کے درمیان حضور نبی پاک ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ کے دست مبارک میں دھوپ ناپنے کا آلہ تھا۔ آپؐ نے اسے یہ فرما کر پھینک دیا کہ یہ ملعون بدعت ہے، نماز اسی طرح پڑھو جیسے تمہارے لیے شریعت میں مقرر کی گئی ہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۶۲۔ حضرت ابن عربیؒ نے خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

والمطلقات ... ثلاثۃ قروءِ۔ (سورہ بقرہ۔ آیت ۲۲۸) (ترجمہ) طلاق والیاں اپنے آپ کو تین قرو تک روکے رکھیں۔

یہاں قرو سے کیا مراد ہے؟ حیض یا طہر؟ کیونکہ یہ لفظ دو متضاد معنوں میں استعمال ہوتا ہے اور علما نے اس میں اختلاف کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آپؐ کی طرف اتارا ہے اس کی مراد آپؐ بہتر جانتے ہیں۔ اس پر حضور نبی پاک ﷺ نے فرمایا: "جب اس کا جمع شدہ مواد ختم ہو جائے تو پھر اس پر پانی انڈیلو اور اللہ کے دیئے رزق سے کھاؤ۔" میرے دل میں یہ بات آئی کہ آپؐ کی مراد حیض ہے، سو میں نے عرض کیا کہ پھر وہ حیض ہے؟ آپؐ نے پھر وہی بات دہرائی کہ جب اس کا جمع شدہ مواد ختم ہو جائے تو پھر اس پر پانی انڈیلو اور اللہ کے دیئے رزق سے کھاؤ۔ میں پھر پوچھتا اور آپؐ پھر وہی جواب فرماتے، تین مرتبہ ایسا ہی ہوا۔ حضور انور ﷺ مسکرائے اور مجھے یقین ہو گیا کہ آپؐ کی مراد حیض ہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)

۲۶۳۔ اس بشارت سے یہ معلوم ہو گا کہ جو شخص تین طلاقیں زبان سے دے وہ ایک ہو سکتی ہے یا نہیں؟

حضرت ابن عربیؒ نے مکہ مکرمہ میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں باب جیاد اور باب جزورہ کے درمیان دیکھا۔ محمد بن مالک صدفی تلسمانی آپؐ کے سامنے صحیح بخاری پڑھ رہے ہیں۔ حضرت ابن عربیؒ نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے دریافت فرمایا کہ کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے تجھے تین طلاقیں اور طلاق دینا نہیں چاہتا یا دی نہیں۔ کیا اس کے کہنے کے مطابق یہ تین ہونگی یا ایک؟ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: یہ جیسے اس نے کہا تین ہیں۔ حضرت ابن عربیؒ نے عرض کیا: بعض علماء اسے ایک قرار دیتے ہیں؟ فرمایا: انہوں نے وہ کیا جو ان تک پہنچا اور انہوں نے اپنی دانست میں ٹھیک کیا۔ حضرت ابن عربیؒ نے اس پر عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! میں اس مسئلے میں اللہ کے نزدیک آپؐ کا صحیح فیصلہ معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ اس کے کہنے کے مطابق یہ تین طلاقیں ہیں۔ وہ عورت کسی اور شخص سے نکاح

marfat.com
Marfat.com

کرے۔ قربت کرے۔ پھر طلاق اور عدت کے بغیر اس شخص کے لئے حلال نہ ہوگی۔ اس مجلس میں آپؐ کی بات کو بار بار رد کرنے والا ابلیس تھا۔ آپؐ بہت ناراض ہوئے اور آپؐ کے فرمان کو رد کرنے والے سے مخاطب ہو کر زور دار لہجہ میں فرمایا: "شرمگاہوں کو حلال کرنا چاہتے ہو؟" یہ جملہ کئی بار دھرایا۔ جیسا اس نے کہا یہ تین ہیں۔ جیسا اس نے کہا یہ تین ہیں۔ پھر پڑھنے والے نے صحیح بخاری پڑھی۔ جب مجلس کی کاروائی مکمل ہو گئی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دونوں دست مبارک اٹھائے اور رکن یمانی کی طرف رخ کر کے یہ دعا مانگی! "الٰہی! ہمیں اچھی بات سنا اور ہمیں اچھی بات کی اطلاع دے۔ اے اللہ! ہمیں عافیت عطا فرما اور اسے ہمارے لیے دائمی کر دے۔ اے اللہ! ہمارے دلوں کو پرہیزگاری پر جمع کر دے اور ہمیں اس بات کی توفیق بخش جو تجھے محبوب و پسند ہو" میرا خیال ہے آپؐ نے سورہ بقرہ کی آخری آیات تلاوت فرمائیں (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۶۴۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ مکرمہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ایک گھر میں ہوں۔ میرے اور آپؐ کے درمیان اس قدر قرب و ملاپ ہے گویا میں آپؐ اور آپؐ میں ہوں۔ مجھے آپؐ کا چھوٹا بیٹا نظر آ رہا ہے۔ جن کی اللہ کے یہاں بڑی قدر و منزلت ہے۔ جب نبی پاک ﷺ کے پاس کوئی شخص زیارت کے لیے آتا ہے تو آپؐ اپنے چھوٹے صاحبزادے کو باہر نکالتے ہیں تاکہ لوگ ان سے برکت حاصل کریں۔ ہم بیٹھے تھے کہ کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ حضور انور ﷺ چھوٹے صاحبزادے کے ہمراہ باہر تشریف لائے پھر میری طرف پلٹ کر فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے مجھے مدینہ منورہ چلنے اور اس کے دو مشرقی حصوں میں نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔" میں نبی پاک ﷺ سے جدا نہیں ہوتا، میری نظریں برابر آپؐ پر لگی ہوئی ہیں گویا میں آپؐ کی ذات بن گیا ہوں، نہ میں آپؐ کا عین تھا نہ غیر، بس اسی اثنا میں کہ آپؐ مکہ معظمہ کے درمیان تھے، آپؐ نے آسمان سے خیر عظیم (بڑی بھلائی) اترتی دیکھی۔ فرمایا: جبریل! یہ بڑی بھلائی ہے، اس جیسی میں نے کبھی نہیں دیکھی۔ انہوں نے کہا: یہ بڑی بھلائی عرش اعلیٰ سے تہجد گزاروں پر اترتی ہے۔ پھر جبریلؑ نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا: تو اس قابل کہاں کہ ان میں شامل ہو سکے۔ پھر جبریلؑ نے تہجد گزاروں کی تعریف شروع کر دی جو اللہ کی رضا جوئی کے لیے پڑھتے ہیں۔ میں نے ایسی تعریف کبھی نہیں سنی۔ اللہ کی قسم! حضور اقدس ﷺ ان سب میں اعلیٰ و افضل تھے۔ میں سمجھ گیا کہ جبریلؑ کا درج بالا قول میرے بارے میں تھا یعنی تو اس قابل کہاں کہ ان میں شامل ہو سکے اور پھر میں بیدار ہو گیا (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

marfat.com
Marfat.com

۲۶۵۔ حضرت علامہ یوسف نبہانی ابن اسمٰعیل نبہانی قدس سرہ' کو چند مشاہدات اور خواب میں حضرت رسول مقبول ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ ذیل میں ان کا ذکر کیا جاتا ہے:۔

فرماتے ہیں ۱۳۰۳ھ میں جب میں لاذقیہ میں وزیر انصاف تھا تو میں نے ان الفاظ میں درود شریف پڑھا: "اللھم صلی علی روح سیدنا محمد فی الارواح وعلی جسدہ فی الاجساد وعلی قبرہ فی القبور وعلی الہ واصحابہ وسلم۔" (ترجمہ) الٰہی روحوں میں سے ہمارے آقا محمد ﷺ کی روح پر اور جسموں میں سے آپ کے جسم پر اور قبروں میں سے آپؐ کی قبر پر درود و سلام بھیج اور آپؐ کی آلؓ واصحابؓ پر۔

میں اس وقت سو رہا تھا۔ میں نے کامل چودھویں کا چاند زمین کے قریب دیکھا۔ میرے اور اس کے درمیان تقریباً بیس ہاتھ کا فاصلہ تھا کہ میں نے اس میں ایک انتہائی خوبصورت چہرہ دیکھا جس کے تمام خدوخال بالکل صاف تھے۔ وہ میری طرف اور میں اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔ مجھے قطعی طور پر معلوم ہو گیا کہ رسول اللہ ﷺ ہیں اور مجھے یہ بھی معلوم تھا کہ ملاقات کا یہ وقت نہایت مختصر ہے۔ میں نے سوچا کوئی عزیز تر چیز آپؐ سے مانگوں، چنانچہ عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ سے ایمان پر خاتمہ مانگتا ہوں۔ یہ بات میں نے کئی بار دہرائی مگر آپؐ نے مجھے کوئی جواب نہ دیا البتہ یہ بات (اطمینان بخش) تھی کہ میری طرف آپؐ نظر کرم سے دیکھ رہے تھے، پھر چاند کی روشنی ذات اقدس (ﷺ) کے چہرۂ انور پر آہستہ آہستہ غالب آگئی، یہاں تک کہ ذات اقدس (ﷺ) بالکل غائب ہو گئی اور صرف چاند رہ گیا۔ پھر میں بیدار ہو گیا (سعادۃ الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۳ تا ۵۴۴)۔

۲۶۶۔ حضرت علامہ نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۱۶ھ کو خواب میں دیکھا گویا میں حیات ظاہری میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو رہا ہوں، شاید مدینہ منورہ ہے، آپؐ سوئے ہوئے ہیں اور آپؐ کا چہرہ مبارک کھلا ہوا ہے اور میں قریب بیٹھ کر آپؐ کے بیدار ہونے کا انتظار کرتا ہوں جبکہ میرے پیچھے دو تین آدمی اور بھی ہیں۔ تھوڑی دیر بعد حضور انور ﷺ اٹھ کر ایک کرسی پر بیٹھ گئے جو اسی مکان میں ایک اونچی جگہ رکھی ہوئی تھی۔ میں سب سے پہلے آپؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور آپؐ کا دایاں ہاتھ پکڑ کر اسے بار بار بوسے دیئے، پھر پاؤں کی طرف ہو گیا اور کئی بار ان کے بھی بوسے لیے، پھر آپؐ نے مجھ سے فرمایا: تم جنت میں جاؤ گے اور اس بات کو آپؐ نے کسی چیز سے مشروط نہ فرمایا۔ پھر آپؐ نے مجھے ایک شخص کی وجہ سے عتاب فرمایا جس نے مجھ سے کچھ رقم مانگی تھی۔ میں نے

marfat.com
Marfat.com

نبی پاک علیہ السلام سے معذرت کی کہ اس وقت میرے پاس اسے دینے کے لیے کچھ نہ تھا۔ آپؐ نے مجھ سے فرمایا کہ اللہ کے دوستوں نے اس شخص کو کچھ نہ دینے کو ناپسند کیا ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (علیہ السلام)! آپؐ تو نبیوں، ولیوں بلکہ تمام کائنات کے سردار ہیں، میں چاہتا ہوں کہ وہ تمام حضرات آپؐ کے صدقے مجھ سے راضی ہو جائیں۔ آپؐ نے فرمایا: ہاں! یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آدمی راضی نہ ہو اور پھر راضی ہو جائے۔ میں نیند سے بیدار ہوا تو اس قدر خوش تھا کہ کیفیت بیان سے باہر ہے۔ میں نے حضور اقدس علیہ السلام کو خالص سفید رنگ میں دیکھا جس میں سرخی نہ تھی۔ باقی اوصاف وہی دیکھے جو باب شمائل میں آپؐ کے صحابہ کرامؓ سے مروی ہیں۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۴ تا ۵۴۵)۔

۲۶۷۔ مذکورہ بالا خواب کے قریباً پانچ ماہ بعد علامہ یوسف نبہانیؒ نے نماز فجر سے ذرا پہلے حضور اقدس علیہ السلام کو خواب میں دیکھا۔ میں نے آپؐ کے سامنے دو قلمیں دیکھیں، ایک صحیح اور مکمل جب کہ دوسری کچھ ٹوٹی ہوئی، جس کا اکثر حصہ بے کار تھا اور وہ ٹیڑھی بھی تھی۔ میرے دل میں خیال آیا کہ یہ ٹوٹا ہوا قلم آپؐ کے کس کام کا؟ لہذا میں حاصل کرلوں تاکہ اسے اپنی قبر میں رکھنے کی وصیت کر جاؤں اور میری نجات کا سامان بھی ہو جائے، مگر شرم کے مارے کھل کر مانگ نہ سکا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (علیہ السلام)! کیا یہی آپؐ کی حیات ظاہری میں آپؐ کا قلم تھا؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: ہاں! مگر اس سے تمہارا مقصد کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: آپؐ اپنا یہ قلم مجھے عطا فرمادیں تاکہ قبر میں میرے ہمراہ دفن کیا جائے۔ آپؐ نے اس انداز سے مجھے فرمایا گویا قلم مجھے عنایت فرمادیا ہے کہ تم تو شیخ سعید میں دفن کیے جاؤ گے۔ اس کے بعد میں خواب سے بیدار ہو گیا۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۶ تا ۵۴۷)۔

میں نے اس مشاہدے کو اپنے ایک سچے دوست سے بیان کیا تو اس نے مجھ سے کہا کہ شیخ سعید تم خود ہو اور نبی کریم علیہ السلام کی طرف سے یہ اشارہ ہے کہ جس طرح حضرت عبداللہ بن مسعود حضور انور علیہ السلام کے جوتے مبارک کی خدمت کر کے سعادت مند ہو گئے، تم آپؐ کے نعلین شریف کے نقشے کی خدمت کر کے سعادت مند ہو۔ میں اس تعبیر سے بہت خوش ہوا۔ اللہ تعالیٰ اس کو سچ کردے۔

ـــہ هذا مثال نعالہ صلو علیہ والہ

۲۶۸۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ میں کچھ دنیوی امور کی خاطر کچھ غیر متقی اور غیر صالح بڑے لوگوں کے پاس آیا جایا کرتا تھا۔ اس بنا پر مجھے کچھ پریشانی رہتی تھی اور ڈرتا تھا کہ یہ بات اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ علیہ السلام کو پسند نہیں۔ دل میں اس کے جائز ہونے کی یہ دلیل

marfat.com
Marfat.com

پکڑ تا کہ نبی کریم ﷺ جب طائف سے واپس ہوئے تو مکہ مکرمہ میں آپؐ کے خاندان والوں نے آپؐ کے ساتھ نامناسب سلوک کیا مگر مطعم بن عدی نے آپؐ کی حمایت کی اور پناہ دی۔
۱۳۱۷ھ میں ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ مکہ معظمہ کے نواح میں ایک بلند جگہ پر ہوں اور حضور اقدس ﷺ ایک بلند جگہ سے پاپیادہ شہر میں داخل ہو رہے ہیں۔ آپؐ کے پیچھے ایک اور شخص چلا آرہا ہے۔ میرے اور آپؐ کے درمیان قریباً دو سو قدم کا فاصلہ ہے۔ آپؐ طواف کعبہ کے لیے مسجد حرام کی طرف جارہے ہیں۔ مجھے آپؐ کی اس قدر بہادری پر تعجب ہو رہا تھا کہ اہل مکہ آپؐ کے شدید ترین مخالف ہیں اور آپؐ دلیری سے جارہے ہیں، پھر میں بیدار ہو گیا اور یہ بات یاد آئی کہ یہ حالت نبی پاک ﷺ کے اپنے غلام زید بن حارثؓ کے ہمراہ مکہ میں داخلے کی ہے اور طائف سے آپؐ اسی حال میں مکہ مکرمہ کی طرف لوٹے تھے۔ اس سے مجھے بڑا اعتماد و اعتبار حاصل ہوا۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۷ تا ۵۴۸)۔

۲۶۹۔ میری بیوی صفیہ بنت محمد بیگ السجعان الیروتیہ، سچی عورتوں میں سے ہے۔ آج تک میں نے اس سے جھوٹ نہیں سنا۔ ۲۳ رمضان ۱۳۱۷ھ بروز بدھ مکمل طہارت کی حالت میں وہ سو گئی۔ ہمارے پاس دو عمدہ جدید ترین چراغ تھے، جن میں زیتون کا تیل استعمال ہوتا تھا۔ میرے سونے کے کمرے والا چراغ روشن تھا لیکن جس کمرے میں میری بیوی نے خواب میں مجھے بیٹھا دیکھا اس کمرے کا چراغ روشن نہ تھا۔ بیوی نے مجھ سے کہا میں اسے روشن کر دوں مگر میں نے کوئی جواب نہ دیا، پھر میں نے جواب سنا: ہاں! آواز بالکل میری آواز کی طرح بہت خوبصورت تھی۔ اس پر میں نے غور سے اپنے آپ کو دیکھا تو محسوس ہوا کہ میں، میں نہیں اور میری بیوی نے میری جگہ ایک اور انسان دیکھا جس کے سر پر کڑھائی شدہ ٹوپی ہے جیسی صوفیا پہنتے ہیں۔ بڑی خوبصورت، خوشبودار اور سرخ ریشم سے کڑھائی کی ہوئی، اس پر شال، ٹوپی نے پیشانی اور آنکھوں کو چھپا رکھا ہے، اس نے باقی سرخ رنگ کا چہرہ اور سیاہ داڑھی دیکھی۔ اچانک کسی نے کہا: یہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ میری بیوی نے کمرے کو نور سے پُر دیکھا جو چھت تک روشنی سے بھرا ہوا تھا جبکہ چراغ میں روشنی نہ تھی، پس اسے یقین ہو گیا کہ یہ حضرت رسول اللہ ﷺ کا نور ہے۔ اس پر ہیبت کی بنا پر عاجزی وانکساری کی کیفیت طاری ہو گئی اور اسی حال میں اس کی آنکھ کھل گئی۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۸ تا ۵۴۹)۔

۲۷۰۔ ادیب آفندی (مقیم بیروت) نے تین سال ہوئے متعدد لوگوں کو یہ بات بتائی کہ اس نے اس دوران حضور نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ کے اردگرد لوگ جمع تھے اور آپؐ نے فرمایا: شیخ یوسف نبہانی جنت میں موسیٰ بن عمران علیہ السلام کے دوستوں میں سے

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ مجھے یہ بات کسی اور ذریعے سے پہنچی، پھر اس نے مجھے دیکھا اور لفظ بلفظ یہی بات مجھ سے کہی۔ میں نے لفظ شیخ کے بارے میں دوبارہ پوچھا تو اس نے تاکید سے کہا کہ یہی الفاظ میں نے حضور اقدس ﷺ سے خواب میں سنے ہیں۔ اللہ پروردگار عالمیان کا شکر ہے (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۹)۔

۲۷۱۔ داؤد آفندی ابو غزالہ نابلسی ایک نہایت نیک اور پارسا بزرگ ہیں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ کو بکثرت دیکھنے کے لیے مشہور ہیں۔ تقریباً ایک سال پہلے انہوں نے مجھے بتایا کہ انہوں نے جامع اموی دمشق (شام) میں حضور نبی پاک ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ کے پاس بہت سے لوگ تھے اور ان تمام لوگوں میں سے انہوں نے مجھے (علامہ یوسف نبہانی) حضور اکرم ﷺ کے قریب تر دیکھا (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۹ تا ۵۵۰)۔

۲۷۲۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں: تقریباً سات سال ہوئے میں نے خواب دیکھا کہ بیٹھا ہوا ہوں اور میرے چاروں طرف لوگ ہیں۔ میں ان سے کہہ رہا ہوں کہ تمام لوگ جو نبی اکرم ﷺ کی شان بیان کرتے اور تعریف کرتے ہیں وہ تمام اس سلسلے میں آپؐ ہی سے مدد حاصل کرتے ہیں، پس نبی پاک ﷺ خود ہی اپنی ستائش کرتے ہیں اور وہی اپنے احوال و اوصاف پر کتابیں مرتب فرمانے والے ہیں۔ معلوم ہوتا تھا کہ میری اس بات پر لوگوں کو تعجب ہوا ہے لہذا میں نے پوری قوت سے اس بات کو دُہرانا شروع کر دیا یہاں تک کہ خواب سے بیدار ہو گیا (سعادت الدارین صفحہ ۵۵۰)۔

۲۷۳۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ جب میں نے نعلین شریفین کا نقشہ شائع کیا تو خواب دیکھا کہ منگل کے دن ۱۱ شعبان ۱۳۱۵ھ بعد نماز فجر بری راستے سے سفر حج پر چل پڑا ہوں۔ پھر میں نے پتھروں سے تعمیر شدہ ایک مزار دیکھا جس کے اندر ایک پتھر پر حضور ﷺ کے قدم مبارک کا نشان تھا۔ جسے اسی لیے وہاں نصب کیا گیا تھا کہ لوگ اس کی زیارت کریں اور اس سے برکت حاصل کریں۔ میرے دل میں یہ خیال آیا کہ یہ مزار تو میں نے ہی تعمیر کیا ہے، پس میں اس کے سامنے کھڑا ہو گیا اور عرض کیا: "الٰہی! میں تیری بارگاہ میں اس نشان والے (ﷺ) کا وسیلہ پکڑتا ہوں کہ مجھے حج مقبول نصیب فرما۔" جب میں خواب سے بیدار ہوا تو۔ میں نے اس کی تعبیر یہ کی کہ نعلین شریفین کا یہ نقشہ درست ہے اور حضور انور ﷺ کے اصلی نعلین شریفین کے مطابق ہے (سعادت الدارین صفحہ ۵۵۰)۔

۲۷۴۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ ۱۳۱۷ھ میں خواب دیکھا کہ ایک جماعت کے سامنے میں یہ مسئلہ بیان کر رہا ہوں کہ ... ہے کس طرح تمام نیکیوں

marfat.com
Marfat.com

میں مدد حاصل کرتی ہے۔ میں اس کی مثال اس بڑے حوض سے دے رہا ہوں جو بیروت شہر کے باہر ہے، جس میں نہر کا پانی جمع کیا جاتا ہے اور پھر چھوٹے بڑے پائپوں کے ذریعے وہ شہر کے مختلف علاقوں میں گھر گھر سپلائی کیا جاتا ہے۔ میں نے ان سے کہا: "بے شک نبی پاک ﷺ کا فضل و کرم ہی وہ بڑا حوض ہے جس میں نہر کا پانی جمع ہوتا ہے اور وہاں سے لوگوں میں تقسیم ہوتا ہے، پس آپؐ ہی اللہ تعالیٰ اور مخلوق کے درمیان ہر نعمت کا واسطہ ہیں، پہلے حق تعالیٰ اس کا فیضان آپؐ پر کرتا ہے اور پھر آپؐ کی طرف سے مخلوق کو حاصل ہوتا ہے۔" اسی مضمون کو میں نے اپنے قصیدہ ہمزیہ میں بیان کیا ہے۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۵۱)۔

۲۷۵۔ ابن ابی طیب الفقیر نے کہا میں دس سال بہرا رہا، جب مدینہ منورہ حاضر ہوا تو منبر اور قبر انور کے درمیان سو گیا تو خواب میں مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ کی شفاعت کا طلب گار ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "جو میرے لیے "الوسیلۃ" مانگے اس کے لیے میری شفاعت لازم ہوگی" پھر آپؐ نے فرمایا: "عافاک اللہ" (اللہ تجھے معاف فرمائے)۔ کہتے ہیں: حضور اکرم ﷺ کے فرمان "عافاک اللہ" کی برکت سے میرا ابہرا پن دور ہو گیا (شرف المصطفٰی" از امام ابو سعید واعظ نیشاپوری) (التعبیر از امام ابو سعید واعظ نیشاپوری)۔

۲۷۶۔ حضرت ابن سیرین کے پاس ایک نیک شخص آیا جو سخت پریشان تھا۔ اس نے کہا: رات میں نے خواب دیکھا ہے کہ حضور انور ﷺ کے چہرۂ اقدس پر پاؤں رکھ دیا ہے۔ حضرت ابن سیرینؒ نے یہ سن کر فرمایا: رات سوتے وقت تم نے موزے پہنے ہوئے تھے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ فرمایا: ان کو اتارو۔ اس نے اتار دیئے تو دیکھا کہ ایک پاؤں کے نیچے درہم ہے جس پر "محمد رسول اللہ" کا نقش ہے (التعبیر از امام ابو سعید واعظ نیشاپوری)۔

۲۷۷۔ ریٹائرڈ سرکاری افسر جناب ضیاء اللہ خان نیازی نے ایک مرتبہ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ سے درخواست کی کہ مجھے کوئی وظیفہ بتائیں جس کا میں ورد کیا کروں۔ آپ نے فرمایا: ایک کاپی اور پنسل لے کر آئیں میں لکھ دوں گا۔ یہ کاپی اور پنسل لے کر پہنچے تو حضرت صوفی صاحب نے نہایت خوبصورت انداز میں ایک درود پاک تحریر فرما دی اور ہدایت کی کہ روزانہ پابندی کے ساتھ کم از کم پانچ مرتبہ اسے ضرور لکھا کریں، اگر زیادہ مرتبہ لکھ سکیں تو اور اچھا ہے، اسے معمولی وظیفہ نہ سمجھیں یہ بہت بڑا وظیفہ ہے۔ مزید فرمایا: ایک پیڈ چھپوالو اور لکھتے رہو۔ ایک روز فرمایا: ہمارے ایک دوست تھے ہم نے انہیں وظیفہ بتایا جس پر انہوں نے عمل کیا۔ ایک مرتبہ وہ وضو کر رہے تھے کہ حضور اقدس ﷺ نے بہ نفس نفیس

marfat.com
Marfat.com

انہیں اپنی زیارت کرادی (نیازی صاحب نے اس ہدایت پر عمل کیا اور فائدہ حاصل کیا) (حضرت صوفی برکت علیؒ پر مون ڈائجسٹ۔ لاہور کی چوتھی خصوصی اشاعت۔ دسمبر ۱۹۹۷ء۔ صفحہ ۸۳)۔

میرے ایک دوست نے ایک نہایت پیچیدہ مقدمے میں کامیابی کیلئے میرے کہنے پر ایک لاکھ مرتبہ "اللھم صلی علی محمد" لکھا اور کامیاب ہوئے۔ واقعی یہ ایک نہایت مبارک عمل ہے۔ اس عمل کے کرنے والے کی وفات کے بعد بھی درود شریف والے وہ کاغذ جب تک محفوظ رہیں گے فرشتے اس کی طرف سے درود شریف بھیجتے رہیں گے، جس کا اس کو آخرت میں بھی فائدہ حاصل ہوگا۔ چپڑی اور دو دو، دنیا میں بھی فائدہ آخرت میں بھی فائدہ، اس چھوٹی سی درود شریف کو نہایت معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی اپنے حالات کے مطابق ایک خاص تعداد مقرر کر کے روزانہ لکھتا رہے، برسوں اور لاکھوں بار لکھے اور ان کاپیوں کو محفوظ رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہی فائدہ ہے (از جانب مصنف کتاب ہذا)۔

۲۷۸۔ گگڑے جنہیں سہنسی کہا جاتا تھا جنگلوں میں حرام جانور شکار کر کے ان کا گوشت اور مردار کھاتے اور مردے جلاتے تھے۔ ان کا تعلق راجپوت برادری سے ہے۔ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ کی تبلیغ کی برکت سے یہ لاکھوں کی تعداد میں مسلمان ہو چکے ہیں۔ ان نومسلموں کے نمبردار محمد یوسف کی بیوی نے ایک رات خواب دیکھا کہ لوگوں کا جم غفیر ہے اور ایک بزرگ گھوڑے پر سوار آئے ہیں۔ خواب میں اس نے دوسری عورتوں سے دریافت کیا کہ یہ کون ہیں؟ تو بتایا گیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ ہیں۔ یہ سن کر وہ آگے بڑھی اور اپنی بخشش کے لیے عرض کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ نماز پڑھا کرو۔ نمبردار محمد یوسف کا کہنا ہے کہ تب سے ہم باقاعدگی سے نماز ادا کرتے ہیں، اللہ کا ہم پر بہت کرم ہے۔ مسلمان ہونے کے بعد ہم کو قلبی سکون حاصل ہے بلکہ ہم میں سے جو بھی مسلمان ہونے کے بعد مرتد ہوا وہ اس طرح مرا جیسے پاگل کتا مرتا ہے (مون ڈائجسٹ کی چوتھی خصوصی اشاعت۔ دسمبر ۱۹۹۷ء۔ صفحہ ۱۱۱ تا ۱۱۴ سے ماخوذ)۔

۲۷۹۔ گذشتہ دنوں خواب دیکھا کہ مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوٰۃ وسلاما) کے اندر اصحاب صفہؓ اپنے چبوترے پر تشریف فرما تدریس دین اور علمی مباحث میں مشغول ہیں۔ میں بھی اپنے خیالات کا اظہار کر رہا ہوں، پھر وہاں سے اٹھ کر چند قدم ہی چلتا ہوں تو حضور انور ﷺ کو جلوہ افروز پاتا ہوں، آپؐ کو اپنی طرف متوجہ پا کر میں خوشی وانبساط سے جھوم جاتا ہوں اور ایک لمحہ ضائع کیے بغیر آپؐ کو مخاطب کر کے عرض کرتا ہوں: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ کا غلام اور عاشق ہوں، تمام زندگی میں نے آپؐ [illegible] میرا سب کچھ آپؐ ہی تو

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ جو جذبات وخیالات میری زبان پر آتے رہے میں جلدی جلدی ان کا اظہار کرتا رہا مبادا یہ موقع ہاتھ سے نکل جائے۔ اس تمام دورانیے میں حضور اقدس ﷺ خوش ہو کر خاموشی سے میری باتوں کو سنتے رہے اور سر مبارک تصدیقاً ہلاتے رہے، جب میرے الفاظ کا بے ساختہ بہاؤ رک گیا تو آپؐ نے تبسم فرمایا اور اس کے ساتھ ہی میرا خواب بھی ختم ہو گیا۔ میری آنکھ کھل گئی اور خواب کی ایک ایک کیفیت میرے لیے گراں بہا سرمایۂ افتخار بن گئی۔ لاتعداد مرتبہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا، کر رہا ہوں اور کرتا رہوں گا کہ یہ میرے لیے ایک انمول خزانہ ہے (انتخاب نعت۔ حصہ اول مؤلف عبدالغفور قمر۔ صفحہ ۲۳)۔ (یہ خواب مجھے کرنل محمد امیر الدین صاحب۔، ڈیفنس سوسائٹی، لاہور کینٹ نے عطا فرمایا، جسے میں شکریہ کے ساتھ شامل کر رہا ہوں)۔

۲۸۰۔ مفتی عبدالحمید صاحب نقشبندی مجددی لدھیانوی ایک عابد اور صالح بزرگ ہیں، جنہوں نے ۱۹۴۸ء میں ملتان سے مجھے اس مضمون کا خط بھیجا کہ حضرت علامہ محمد نور بخش توکلی قدس سرہ' مصنف سیرت رسول عربی ﷺ کے وصال کو قریباً ایک ماہ گذر چکا تھا۔ کہ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت علامہؒ ایک نہایت ہی خوبصورت معطر باغ میں ایک سنہری تخت پر جلوہ افروز ہیں۔ میں نے دریافت کیا کہ حضرت یہ سرفرازی آپ کو کیسے حاصل ہوئی؟ تو ارشاد فرمایا: "مفتی صاحب یہ انعام مجھے کتاب "سیرت رسول عربی ﷺ تحریر کرنے کی وجہ سے ملا ہے۔" (حضرت علامہؒ کا وصال ۱۲ جمادی الاول ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۴ مارچ ۱۹۴۸ء کو ہوا تھا)۔ یہ خط چوہدری محمد سلیمان نوری توکلی، سجادہ نشین آستانہ نوریہ کے نام آیا تھا (سیرت رسول عربیؐ از علامہ نور بخش توکلیؒ۔ صفحہ ۷)۔ (یہ خواب مجھے شیخ سلیم اختر صاحب نے لاہور چھاؤنی سے بھیجا تھا جس کے لیے میں ان کا شکر گذار ہوں)۔

۲۸۱۔ ایک رئیس آدمی بیمار ہو گیا۔ اس نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ نے فرمایا: "اگر تم اپنی بیماری سے شفا چاہتے ہو تو "لاولا" پر عمل کرو۔" بیدار ہو کر اس نے حضرت سفیان ثوریؒ کی خدمت میں دس ہزار درہم بھیجے کہ غریبوں میں تقسیم کر دیں اور اس خواب کی تعبیر بتا دیں۔ انہوں نے فرمایا: "لاولا" سے مراد زیتون ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اس کی تعریف میں فرمایا ہے: زیتونۃ لاشرقیۃ ولا غربیۃ (سورہ نور۔ آیت ۳۵) (ترجمہ) زیتون کہ نہ مشرق کی طرف ہے نہ مغرب کی طرف۔ اس شخص نے زیتون کا بطور دوا استعمال کیا تو اسے شفا حاصل ہو گئی (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۲۷ تا ۵۲۸)۔

۲۸۲۔ قاری ابوالوفا ہروی کا بیان ہے کہ ۳۶۰ھ میں علاقہ فرغانہ میں میں نے حضور اقدس

marfat.com
Marfat.com

ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ غصے میں تھے اور آپؐ نے فرمایا: تم قرآن کریم ان لوگوں کے سامنے پڑھتے ہو جو گفتگو میں مصروف رہتے ہیں اور تمہاری قرأت سنتے ہی نہیں (میں بادشاہ کے دربار میں تلاوت قرآن کیا کرتا تھا جبکہ وہ لوگ بجائے قرآن سننے کے اپنی باتوں میں مشغول رہتے تھے)۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: اس کے بعد نہ پڑھنا، ہاں! جتنا اللہ چاہے۔ اس کے بعد چار مہینے میں نے زبان بند رکھی۔ جب مجھے ضرورت ہوتی تو پرچے پر لکھ دیتا، پھر محدثین وفقہا نے جمع ہو کر فتویٰ دیا کہ میں کلام کر سکتا ہوں (سعادۃ الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۲۷)۔

۲۸۳۔ قاری ہروی فرماتے ہیں کہ چار ماہ بعد میں نے حضور نبی پاک ﷺ کو پھر خواب میں دیکھا۔ آپؐ کا چہرۂ انور خوشی سے دمک رہا تھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: تم نے توبہ کر لی؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ (ﷺ)! فرمایا: جو توبہ کر لے اللہ اس پر متوجہ ہو جاتا ہے، اپنی زبان باہر نکالو۔ پھر آپؐ نے اپنی انگشت شہادت سے میری زبان کو چھوا اور فرمایا: جب لوگوں میں موجود ہو تو ٹھہر ٹھہر کر قرآن پڑھا کرو تاکہ وہ غور سے کلام اللہ سن سکیں۔ جب میں بیدار ہوا تو اللہ کے فضل و کرم سے میری زبان کھل چکی تھی (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۲۷)۔

۲۸۴۔ مراد ک نامی ایک بصری کا کہنا ہے کہ میں نے اہوز کے ایک امیر کے ہاتھ ہاتھی دانت فروخت کیا اور اس کی قیمت وصول کرنے کے لیے میں اس کے پاس آتا جاتا تھا۔ ایک روز اس نے ابو بکر صدیق و عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو گالی دی۔ اس کی وجاہت کی وجہ سے میں اسے جواب نہ دے سکا اور خون کے گھونٹ پی کر رہ گیا۔ رات اسی غم والم کی حالت میں سو گیا۔ تو خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اور عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! فلاں شخص نے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو گالی دی ہے۔ فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ۔ میں اسے پکڑ کر آپؐ کی خدمت میں لے آیا تو فرمایا: اسے لٹا دو اور ذبح کر دو۔ اس کو ذبح کرنا میرے لیے بہت بڑا مسئلہ بن گیا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! اسے ذبح کر دوں؟ فرمایا: ذبح کر دو۔ یہاں تک کہ آپؐ نے تین مرتبہ فرمایا۔ میں نے اس کی گردن پر چھری چلا دی اور اسے قتل کر دیا۔ صبح بیدار ہوا تو سوچا کہ اس کے پاس جا کر نصیحت کروں اور حضرت رسول اللہ ﷺ کی طرف سے جو کچھ میں نے دیکھا ہے اسے بتا دوں۔ میں چل پڑا، جب اس کے مکان کے پاس پہنچا تو شور و غل سنا، تب مجھے بتایا گیا کہ وہ شخص رات کو مر گیا ہے (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۲۸ تا ۵۲۹)۔

۲۸۵۔ حضرت ابراہیم تیمور خان المعروف قتلو کولی ... حرمین شریفین میں مقیم رہے،

marfat.com
Marfat.com

پھر مستقل قاہرہ آبسے تھے۔ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سید الکل ﷺ کی زیارت کی، آپؐ کے سامنے حضرت علی کرم اللہ وجہہ تشریف فرما تھے اور آپؐ فرما رہے تھے: "اے علی! لکھ دیں کہ سلامتی اور صحت تنہائی میں ہے۔" کئی مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے یہ فقرہ دہرایا، اسی بنأ پر حضرت ابراہیم تنہائی پسند ہوگئے تھے۔ ۱۰۲۶ھ میں قاہرہ میں وصال فرمایا اور نظامیہ کے سامنے باب الوزیر کے قبرستان میں دفن ہوئے (جامع کرامات اولیأ حصہ دوم از علامہ یوسف نبہانیؒ۔ صفحہ ۱۲۹)۔

۲۸۶۔ حضرت ابراہیم لقانی مصری مالکیؒ کی بہت سی کرامات اور تالیفات ہیں۔ ایک مرتبہ مشہور واعظ شیخ علامہ حجازی آپ کے درس میں آکر کھڑے ہوگئے۔ آپ نے فرمایا: آپ تشریف رکھیں یا تشریف لے جائیں۔ انہوں نے جواب دیا: ایک ساعت صبر فرمایئے۔ ایک ساعت کے بعد کہا: اے ابراہیم! اللہ کریم جل مجدہ کی قسم! میں صرف اس لیے آپ کے درس میں رک کر کھڑا ہو گیا تھا کہ حضور شفیع المذنبین ﷺ آپ کا درس سن رہے تھے۔ حج سے واپس آتے ہوئے ۱۰۴۱ھ میں مصری قافلے کے راستے پر عقبہ ابلہ کے قریب فوت ہو کر وہیں دفن ہوئے (جامع کرامات اولیأ حصہ دوم۔ صفحہ ۱۳۰)۔

۲۸۷۔ حضرت ابو بکر بن محمد بن عمرانؒ عالم، فقیہہ اور صوفی تھے۔ ایک شخص نے حضور امام الانبیأ ﷺ کی خواب میں زیارت کی تو آپؐ نے اسے ارشاد فرمایا کہ "جو شخص فقیہہ ابو بکر کے قدم چومے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔" حضرت شیخ صالح محمد موذن کہا کرتے تھے کہ جس گاؤں سے فقیہہ ابو بکر گذر جائیں تو وہاں کے لوگوں کی مغفرت ہو جاتی ہے۔ آپ کی ولایت اور عظمت شان پر اس دور کے لوگ متحد و متفق تھے۔ بقول مناویؒ آپ کا وصال ۷۷۷ھ میں ہوا (جامع کرامات اولیأ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۷۱)۔

۲۸۸۔ حضرت ابوالخیر التیناتی المغربیؒ بڑی شان کے ولی تھے۔ بقول مناوی تیمات مشرق میں ایک گاؤں کا نام ہے جس کی نسبت سے آپ کو تیماتی کہا جاتا ہے۔ آپ کا وصال قریب ۳۴۰ھ میں ہوا اور حضرت ذوالنون مصریؒ کے قریب منارہ ولیمیہ کے پہلو میں مسلم سلمی کی تربت کے دروازے کے قریب قرافہ (مصر) میں دفن ہوئے۔ آپ کے روضے کی تعمیر فخر فاری نے کرائی۔ مروی ہے کہ آپ نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا تو وہاں عمارت بنانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ جو کوئی یہاں دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ملک اور دوسری رکعت میں سورۂ دہر پڑھے اور اپنی حاجت کا سوال کرے تو حاجت ضرور پوری ہوگی۔ آپ کا معبد حضرت ذوالنون مصریؒ کے بالمقابل ہے (جامع

marfat.com
Marfat.com

کرامات اولیاً حصہ دوم۔ صفحہ ۲۰۹ تا ۲۱۰)۔

۲۸۹۔ حضرت ابوالرجال عظمائے ملت میں شامل ہیں۔ دمشق کے قریب منین نامی گاؤں کے باسی تھے۔ شیخ صدرالدین بن وکیل جیسے اپنے وقت کے رئیس جن کا انتقال ۷۱۶ھ میں ہوا آپ کے شاگرد تھے۔ آپ کے وصال کے بعد لوگوں نے آپ کی بیوی سے آپ کے مخفی حال کی بابت پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ حضور سید کل ﷺ اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کئی بار بطور مہمان آپ کے پاس تشریف لائے تھے (جامع کرامات اولیاً حصہ دوم۔ صفحہ ۲۱۱)۔

۲۹۰۔ ایک مرد صالح اس نیت سے عراق گیا کہ سیاحت بھی ہو جائے گی اور مشائخ سے بھی مل لوں گا۔ ایک شہر جس میں آثار قدیمہ تھے، وہاں سو گیا تو ہاتف نے آواز دی کہ تمہارے پہلو میں دیوار کے ساتھ مخفی خزانہ ہے جس کا کوئی وارث ہے نہ مالک، اسے لے لو اور خرچ کرو۔ جاگا تو دیکھا کہ پہلو میں ایک لاٹھی پڑی ہے، اس نے لاٹھی کی مدد سے وہ جگہ کھودی تو ایک کپڑے میں بندھے پانچ سو دینار ملے۔ وہ وہاں سے چلا یہ سوچتا ہوا کچھ دکانیں خرید لوں گا اور کچھ فقرأ پر خرچ کر دوں گا۔ اسے اسی قسم کے خیالات آتے رہے کہ رات اسے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے اسے سلام کے بعد فرمایا: "اے فقیر! ارادہ اور پھر دنیا کی طلب زیادہ۔ یہ دونوں چیزیں اکٹھی نہیں ہو سکتیں۔" پھر آپؐ نے اپنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کو ملا لیا اور فرمایا کہ یہ سب جو تیرے پاس ہے، لے کر شیخ ابوالعباس جو شاداب جزیرے کا رہنے والا ہے لیکن آج کل بغداد کی فلاں مسجد میں ہے، و دیدے۔ خواب سے بیدار ہو کر اس نے وضو کیا اور نماز پڑھ کر بغداد کے لیے روانہ ہو گیا۔ وہاں پہنچ کر تمام رقم شیخ کے حوالہ کی اور پورا واقعہ کہہ سنایا۔ انہوں نے کہا: آپ کو کب میرے پاس آنے کو فرمایا تھا؟ میں نے کہا: آج سات دن ہو گئے ہیں۔ مجھ سے کہنے لگے: بیٹا! تم نے سات راتیں پہلے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کی تھی اور مجھے اسی رات آپؐ نے زیارت بخشی اور فرمایا: جب تمہارے پاس فقیر آئے تو اس کے پاس کچھ امانت ہے وہ قبول کر لینا اور اسے جیسے چاہو خرچ کرنا۔ پھر کہا بیٹا! آج سات دن ہو چکے ہیں اور ہمارے پاس کھانے کی کوئی چیز نہیں، ایک آدمی کا ہم پر قرض ہے وہ بھی تقاضا کر رہا ہے اور یہ فاقہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھوں دور کر دیا۔ ان کے اصرار پر میں تین دن ان کے پاس ٹھہرا اور پھر واپس چلا آیا (روض الریاحین از امام یافعی)۔

۲۹۱۔ ابن ابی الورد فرماتے ہیں کہ میں نے حضور شفیع المذنبین ﷺ کی خواب میں زیارت کی اور عرض کیا کہ حضرت امام احمد بن حنبلؒ کی شان و مقام کیا ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "ابھی موسیٰ علیہ السلام آنے کے بارے میں آپ سے دریافت کرتا۔" پھر حضرت

marfat.com
Marfat.com

موسیٰ علیہ السلام آ گئے۔ میں نے ان سے حضرت امام احمدؒ کا مرتبہ پوچھا۔ انہوں نے جواباً ارشاد فرمایا کہ ان کی سختی اور تکلیف سے آزمائش کی گئی اور انہیں سچا پایا گیا، پس صدیقین میں شامل کر لیے گئے ہیں (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۲۶۶ تا ۲۶۷)۔

۲۹۲۔ حضرت احمد بن یحییٰ جلاؒ کو جلا اس لیے کہتے ہیں کہ جب وہ گفتگو کرتے تھے تو دلوں کو جلا اور روشنی ملتی تھی۔ اصلاً بغدادی تھے لیکن رہائش رملہ میں تھی۔ حضرت ذوالنون مصریؒ وغیرہ سے فیض پایا اور آپ کے جسم میں لفظ اللہ کی طرح رگیں ابھری ہوئی تھیں۔ ۳۰۶ء میں جب وصال ہوا تو نہلانے والے پڑھنے لگے، پس آپ کو زندہ سمجھ کر کوئی غسل دینے کی جرأت نہ کرتا تھا، آخر ایک ہم عصر اور ہمسر نے آپ کو غسل دیا۔ خود ارشاد فرمایا کہ میں مدینہ طیبہ میں فاقے کی حالت میں تھا۔ حضور انور ﷺ کے روضہ اطہر پر پہنچ کر سلام عرض کیا اور کہا کہ میں آپؐ کا مہمان ہوں۔ پھر مجھے نیند آ گئی۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضور عرش وقار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک روٹی مجھے عنایت فرمائی۔ میں نے ابھی آدھی کھائی تھی کہ آنکھ کھل گئی جبکہ باقی نصف میرے ہاتھ میں موجود تھی (جامع کرامات اولیاً حصہ دوم۔ صفحہ ۲۷۲ تا ۲۷۳)۔

۲۹۳۔ نفح الطیب کے مصنف علامہ مقری فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن یوسف حسنیؒ نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپؐ کی رائے سبتی کے متعلق کیا ہے؟ کیونکہ میں خود ان کے لیے اچھی رائے نہ رکھتا تھا۔ حضور اقدس ﷺ نے جاں بخش تبسم کے بعد فرمایا: وہ سباق (آگے نکل جانے والے لوگ) میں شامل ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میرے لیے مزید وضاحت فرمائیں۔ ارشاد فرمایا کہ وہ برق (بجلی) کی طرح پل صراط سے گذر جائے گا۔ صبح جب میں گھر سے نکلا تو حضرت سیدی ابوالعباس احمد بن جعفر سبتی خزرجی مغربیؒ مجھے ملے اور فرمایا: بخدا! جو تم نے خواب میں دیکھا اور سنا ہے مجھے جب تک نہیں بتاؤ گے میں تمہیں نہیں چھوڑوں گا۔ میں نے انہیں ساری بات بتادی تو وہ زور سے بولے: "کلمۃ الصفا من المصطفٰے ﷺ" (صفائی کا حکم مصطفےٰ ﷺ کی طرف سے)۔

آپ کی ولادت ۵۲۴ھ میں سبتہ کے مقام پر ہوئی اور وصال ۶۰۱ھ میں مراکش میں ہوا۔ آپ مراکش کے باہر دفن ہوئے اور آپ کی قبر مشہور زیارت گاہ ہے (نفح الطیب)۔

۲۹۴۔ حضرت احمد بن مسعود بن شدار مقری موصلی حنفیؒ عالم، عابد اور زاہد تھے۔ امام ابن عربیؒ نے آپ کے تعریف کی ہے اور یہ واقعہ بیان کیا جو خود انہوں نے مجھے ۶۰۱ھ میں سنایا تھا۔ میں نے حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت کی اور آپؐ سے دریافت کیا: یا

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ (ﷺ)! شطرنج کا کیا حکم ہے؟ ارشاد ہوا: حلال ہے (خواب دیکھنے والے حنفی تھے)۔
میں نے عرض کیا: نرد (ایرانی بادشاہ کا ایجاد کردہ ایک کھیل) کا کیا حکم ہے؟ فرمایا: حرام ہے۔
میں نے عرض کیا: غنا (قوالی وغیرہ کے اشعار گانے کے طور پڑھنا) فرمایا: حلال ہے۔ میں نے عرض کیا شبابہ (مرنار کی ایک قسم۔ پنجابی میں تو تی) کا کیا حکم ہے؟ ارشاد فرمایا: حرام ہے۔
میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میرے لیے دعا فرمائیں کیونکہ مجھے کچھ ضرورت لاحق ہے۔ آپؐ نے دعا فرمائی: اللہ تعالٰی تجھے ایک ہزار دینار عطا فرمائے اور ہر دینار چار درہموں کا ہو۔ میں جاگ گیا۔ مجھے ملک ناصر صلاح الدین بن یوسف بن ایوبؒ نے کسی کام کے لئے بلایا، جب میں واپس ہونے لگا تو مجھے چار ہزار درہم دینے کا حکم دیا (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۳۲۲)۔

۲۹۵۔ حضرت ابوالعباس احمد بن علی بونیؒ بڑے مشائخ میں شامل، صاحب انوار واسرار تھے۔ آپ نے شمس المعارف نامی کتاب چار جلدوں میں تحریر فرمائی گئی۔ اس کا اردو میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ اس میں باطنی علوم، خواص اسما، عملیات اور تعویذات پر اس طرح بحث فرمائی ہے کہ نااہل کچھ نہ سمجھ سکے مثلاً عمل ایک جگہ لکھا مگر شرائط کسی اور مقام پر لکھ دیں۔ سمجھنے والے سمجھ گئے مگر ناسمجھ آپ کی بات تک نہ پہنچ سکے۔ اہل دل اور محققین کے لئے یہ کتاب خاصے کی چیز ہے کیونکہ تمام علوم مخفیہ پر سیر حاصل بحث اس میں موجود ہے۔ (مگر پاکستان میں جو اردو ترجمہ شائع ہوا ہے اس میں بے شمار اغلاط ہیں۔ مصنف کتاب ہذا)۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت نبی الثقلین ﷺ کو خواب میں دیکھا اور آپؐ سے اسمائے خلوت دریافت کیے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: وہ سات اسما ہیں: **یا اللہ، یاحی، یا قیوم، یا ذالجلال و الاکرام، یانہا یۃ النہایات، یا نور الانوار** اور **یا رُوح الارواح**۔ فرمایا: جب خلوت میں شہوانی وساوس آئیں تو وضو کر کے توجہ کے ساتھ "یاھادی" کا ذکر کرو، خواہش طعام ہو تو باوضو "یاقوی" پڑھیں، اگر تنگ دستی ہو تو باوضو "یافتاح" کا ورد کیا جائے، اگر زیادہ فکر ہو تو باوضو "یالطیف" کا ورد کیا جائے، اگر نفسانی وساوس اور شیطانی خیالات کی بھرمار ہو تو "یا ذالقوۃ" کی کثرت کی جائے، اگر کوئی معاملہ درپیش ہو اور اس سے غم واندوہ آجائے تو "یا باسط" کا ورد کیا جائے۔ بقول علامہ مناوی آپ کا وصال ۶۲۲ھ میں ہوا (شمس المعارف)۔

۲۹۶۔ سیدی حضرت احمد بدریؒ غوث کبیر اور قطب شہیر ہیں۔ حضرت ابراہیم متبولیؒ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت رسول اعظم ﷺ نے فرمایا کہ اولیائے مصر میں محمد بن ادریس (امام شافعیؒ) کے بعد ان سے بڑا کوئی مفتی نہیں، ان کے بعد نفیسہ کا نمبر ہے، اس کے بعد

marfat.com

Marfat.com

شرف الدین کردی اور اس کے بعد منوفی ہے۔ حضرت احمد بدری کی کرامات بے حد و حساب ہیں۔ آپ کا وصال ۶۷۵ھ میں مصر میں ہوا (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۳۴۱)۔

۲۹۷۔ ۶ ستمبر ۱۹۶۵ء کو شروع ہونے والی پاک بھارت جنگ میں جو سترہ دن جاری رہی پاکستان نے اپنے سے دس گنا بڑی فوج کو عبرتناک شکست دی۔ اس کی سب سے بڑی وجہ حضور اقدس ﷺ اور بزرگان دین کی روحانی امداد تھی، جس سے بھارتی فوج اپنی کثرت کے باوجود محروم تھی۔ اس زمانے میں ہفت روزہ "چٹان" لاہور نے لکھا تھا:

شرقپور سے ایک عزیز دوست بیان کرتے ہیں کہ دوران جنگ ایک رات مجھے خواب میں حضرت میاں شیر محمد شرقپوری کی زیارت ہوئی۔ آپ کا لباس گرد آلود اور ہاتھ قدرے میلے تھے۔ میں نے پوچھا: حضرت اس وقت کونسی مصروفیت ہے؟ آپ نے فرمایا کہ محاذ پر جہاد جاری ہے اور مجاہدین کی اعانت فرض ہے۔

قصور کے ایک صاحب ہر ہفتے حضرت خواجہ ہجویری (داتا گنج بخش) کے مزار پُر انوار پر حاضری دیا کرتے تھے۔ پاک بھارت جنگ کے دوران حسب معمول حاضری دی مگر کوشش بسیار کے باوجود صاحب مزار سے توجہ نہ مل سکی، پس تین دن وہیں قیام کیا۔ آخری رات چند لمحات کے لیے زیارت نصیب ہوئی تو حضرت نے فرمایا: محاذ پر مصروف تھا کیونکہ حضور انور ﷺ کے فرمان کے مطابق تمام بزرگان دین پاکستان کی سرحدوں پر متعین کیے گئے ہیں اور پاکستان کی حفاظت کے لیے جہاد کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ واقعہ بھی اسی زمانے میں ہفت روزہ "چٹان" لاہور میں شائع ہوا تھا۔

ہزارہا واقعات و مشاہدات ہیں جن سے ارواح کی طاقت و قوت کا پتہ چلتا ہے۔ شیخ ابو العباس حضرمی نے سیدی احمد بن زروق جو دیار مغرب کے بہت بڑے فقہا و علما و مشائخ میں سے ہیں، دریافت کیا کہ زندہ کی امداد قوی ہوتی ہے یا فوت شدہ کی؟ آپ نے فرمایا: کچھ لوگ کہتے ہیں کہ زندہ کی امداد قوی ہے لیکن میں کہتا ہوں کہ فوت شدہ آدمی کی امداد قوی تر ہے۔ شیخ ابو العباس نے تصدیق کی کہ واقعی ایسا ہی ہے کیونکہ فوت ہونے کے بعد وہ حضور حق تعالیٰ میں ہوتا ہے (دعوت ارواح از فقیر محمد ارشد قادری سروری۔ صفحہ ۲۰۸)۔

۲۹۸۔ شیخ ابو المسعود سے منقول ہے کہ وہ ہر نماز کے بعد حضور اقدس ﷺ سے مصافحہ کیا کرتے تھے۔ (اشعۃ اللمعات جلد ثالث۔ صفحہ ۶۴۰)۔

۲۹۹۔ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو عالم بیداری میں حضور سرور کائنات ﷺ کے حضور پہلی مرتبہ شرف باریابی کا واقعہ یوں بیان فرماتے ہیں: ایک مرتبہ بچپن میں ایک

marfat.com
Marfat.com

وجہہ' بارعب نورانی شخص گھوڑے پر سوار میرے سامنے آئے اور مجھے ہاتھ سے پکڑ کر اپنے پیچھے گھوڑے پر بٹھالیا اور ایڑی لگا کر اسے اڑا دیا۔ میں نے دریافت کیا کہ آپ کون ہیں اور مجھے کہاں لے جا رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: "میں علی ابن ابی طالب ہوں اور تمہیں بزم سرور کائنات ﷺ میں پیش کرنے کے لیے جا رہا ہوں کیونکہ حضور اقدس ﷺ نے تمہیں یاد کیا ہے۔" تھوڑی ہی دیر بعد مجھے سرور عالم ﷺ کے دربارِ پُر انوار میں پیش کر دیا گیا۔ اس وقت وہاں آپؐ کے علاوہ جملہ انبیاءؑ و مرسلینؑ، تمام صحابہ کبارؓ خصوصاً چار یار، حضرات حسنین کریمینؓ اور حضرت شاہ محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ موجود تھے۔ آنحضرت ﷺ آفتاب عالمتاب کی طرح کرسی صدارت پر جلوہ افروز تھے اور باقی خاصاں اور پاکانِ بارگاہ نظامِ شمسی کی طرح آپؐ کے ارد گرد اپنے اپنے مخصوص مقام پر جلوہ گر تھے۔ حضور انور ﷺ اس فقیر کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور مجھے گود میں لے کر سب حاضرین مجلس سے یوں گوہر فشاں ہوئے کہ یہ فقیر باہو ہمارا نوری حضوری فرزند ہے، پھر سب حاضرین مجلس سے اس فقیر کو روشناس فرمایا اور خصوصاً چار یارؓ نے مجھے باری باری گود میں بٹھایا۔ حضرات حسنینؓ اور پیران پیر شاہ عبدالقادر جیلانیؒ نے کمال شفقت اور محبت پدرانہ کا اظہار فرمایا اور اپنی توجہ و فیض سے مشرف و سرفراز فرمایا (سلطان الاوراد۔ صفحہ ۲۰۶)۔

۳۰۰۔ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو فرماتے ہیں کہ دوسری مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ' نے دست گیری فرما کر ایک دن مجھے حضور سرور کائنات ﷺ کی بزم خاص میں حاضر کیا۔ حضور انور ﷺ نے متبسم ہو کر اپنا دست مبارک اس فقیر کی طرف بڑھایا اور ارشاد فرمایا: "خذیدی یا ولدی" (یعنی اے میرے فرزند میرا ہاتھ پکڑ) چنانچہ اس فقیر نے حضرت رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک کو بوسہ دیا اور آپؐ کے پاک ہاتھوں میں اپنا ہاتھ دیا۔ اس وقت حضور اقدس ﷺ نے اس فقیر کو خاص طور پر دست بیعت فرما کر اپنی توجہ اور نگاہ خاص سے سرفراز فرمایا۔ بعدہ میرا ہاتھ غوث صمدانی حضرت محی الدین شاہ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ' کے ہاتھ میں دے کر انہیں خطاب فرمایا کہ یہ ہمارا خاص نوری حضوری فرزند فقیر باہو ہے، اسے آپ اپنے طریقے میں تلقین وارشاد فرمائیں، چنانچہ آپ نے بھی تلقین وارشاد فرما کر اپنے باطنی فیض سے مجھے مالا مال فرمایا۔ بعدہٗ جملہ انبیاءؑ و مرسلینؑ اور اصحاب کبارؓ، خصوصاً چار یارؓ، حضرات حسنینؓ اور جملہ اولیا کاملینؒ نے باری باری اس فقیر کو سینے سے لگایا اور اپنے اپنے فیض سے مشرف فرمایا۔ آخر میں حضرت سرور کائنات ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ اے فرزند باہو! خلق خدا کے ساتھ امداد کر، آخری زمانے میں بے مرشد اور بے پیر بھولے بھٹکے طالبوں کی

marfat.com
Marfat.com

رہنمائی کر (سلطان الاوراد صفحہ ۲۰۷)۔

۳۰۱۔ حضرت جنید بغدادیؒ نے خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی تو عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! سماع جس میں ہم راتوں کو حاضر ہوتے ہیں اور کبھی اس میں حرکتیں بھی پیدا ہوتی ہیں، اس بارے میں آپؐ کا کیا ارشاد ہے؟ فرمایا: "اسے قرآن مجید سے شروع کرکے قرآن مجید پر ہی ختم کیا کرو۔"

حضرت امام عبداللہ بن اسعد یافعیؒ فرماتے ہیں "شیوخ کے سماع کا ذکر سن کر کوئی جاہل دھوکا نہ کھائے اور یہ خیال نہ کرے کہ سماع ہر ایک کے لیے جائز ہے۔ نہیں نہیں! بلکہ یہ تو محض ان حضرات کے لیے ہے جن کو حق سبحانہ' تعالیٰ کا شوق غالب ہو، جن سے خواہشاتِ نفسانی اور صفاتِ ذمیمہ صاف ہو چکی ہوں اور جو اہلِ حال کی صفات سے متصف ہوں (روض الریاحین فی حکایات الصالحین از امام عبداللہ بن اسعد یافعیؒ)۔ سماع صرف ان کے لیے جائز ہے جنہوں نے ریاضت سے نفس کا علاج کر لیا ہو، خیالات اور دل کو زہریلی آفتوں سے پاک کر لیا ہو اور اسے اسماء و صفات کا عرفان ہو چکا ہو۔

۳۰۲۔ حضرت محمد ہدایت علی نقشبندی مجددی جے پوریؒ (ریاست جے پور۔ بھارت) جن کا وصال ۱۹۴۹ء میں ہوا، فرماتے ہیں: حج کے لئے روانہ ہونے سے پہلے مجھے تقریباً ایک سو چالیس مرتبہ حضور سرور کائنات ﷺ کی زیارت ہو چکی تھی۔ ان میں سے چند خواب جو مدینہ منورہ میں دیکھے بیان کرتا ہوں:- اول مرتبہ یہ دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کی طرف سے بطور مہمان نوازی میرے سامنے دستر خوان بچھایا گیا، اس پر دو روٹیاں اور ایک رکابی سالن رکھا گیا اور ایک صراحی میں ٹھنڈا پانی مع گلاس رکھا گیا (فتوح الحرمین فی مبشرات رسول الثقلینؐ از حضرت محمد ہدایت علی نقشبندی جے پوریؒ۔ صفحہ ۴۸)۔

۳۰۳۔ ایک روز آفتاب نکلنے سے پہلے دیکھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے ناشتے کے لیے ایک پیالے میں چائے عنایت کی گئی، اس میں بسکٹ یا ڈبل روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے پڑے تھے، جب مجھے افاقہ ہوا تو میرا منہ اس قدر میٹھا تھا کہ بیان نہیں کر سکتا، اور چائے کی خوشبو سے میرا دماغ معطر تھا اور جس جگہ میں بیٹھا تھا وہ جگہ دور تک خوشبو سے بسی تھی، کئی دن وہاں سے خوشبو آتی رہی اور ایک عرصے تک میرا منہ مٹھاس اور خوشبو سے معطر رہا (فتوح الحرمین فی مبشرات رسول الثقلینؐ۔ صفحہ ۴۸)۔

۳۰۴۔ حضرت محمد ہدایت علی نقشبندی جے پوریؒ نے ایک مرتبہ دیکھا کہ حضور انور ﷺ روضۂ اطہر کی طرف تشریف لے جا رہے ہیں اور کئی انبیا علیہم السلام نہایت ادب سے

marfat.com
Marfat.com

آپؐ کے پیچھے پیچھے تشریف لے جارہے ہیں (فتوح الحرمین فی مبشرات رسول الثقلینؐ)۔

۳۰۵۔ حضرت محمد ہدایت علی نقشبندی جے پوریؒ لکھتے ہیں کہ ایک حاجی کو بھوک نے ستایا اس نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! میں بھوکا ہوں اور آپؐ کا مہمان ہوں۔ اسی وقت اس پر نیند طاری ہوگئی۔ اس نے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ خواب میں تشریف لائے اور فرمایا: ہاں! تم ہمارے مہمان ہو، اور دو روٹیاں اور ایک لوٹے میں ٹھنڈا پانی عنایت کیا اور ارشاد فرمایا: کھاؤ۔ چنانچہ اس نے ایک روٹی کھائی اور پانی پیا، جب آنکھ کھلی تو دیکھا کہ ایک روٹی بچی ہوئی ہاتھ میں ہے اور پینے کے بعد بچا ہوا پانی لوٹے میں موجود ہے (فتوح الحرمین فی مبشرات رسول الثقلینؐ۔ صفحہ ۵۵)۔

۳۰۶۔ ہلال بن المحسن (م ۴۴۸ھ) پہلے صابی مذہب رکھتے تھے۔ نوے سال کی عمر پائی جس میں آدھی کفر اور آدھی ایمان کی حالت میں گذاری۔ حالت کفر میں انہوں نے بہت سے شیوخ سے احادیث سنیں اور علم و ادب سیکھا۔ محقق ابن جوزیؒ ان کے ایمان لانے کا واقعہ اس طرح تحریر کرتے ہیں کہ ہلال نے بیان کیا کہ ۳۹۹ھ میں خواب میں حضور اقدس ﷺ ان کی قیام گاہ پر تشریف لائے۔ سخت جاڑے کا موسم تھا اور پانی جم گیا تھا۔ میں نے جب پہلی مرتبہ حضور انور ﷺ کو دیکھا تو خوف سے لرز گیا۔ آپؐ نے فرمایا: ڈرومت میں رسول اللہ (ﷺ) ہوں۔ آپؐ مجھے مکان کی نالی پر لے گئے، وہاں مٹی کا مٹکا پڑا ہوا تھا۔ فرمایا: جس طرح نماز کے لیے وضو کیا جاتا ہے اسی طرح وضو کرو۔ پانی جما ہوا تھا لہٰذا میں نے مٹکا توڑ ڈالا اور اس میں سے اتنا پانی لے لیا جتنے سے اپنا چہرہ، بازو اور پیر دھو سکوں۔ پھر حضور انور ﷺ چبوترے پر کھڑے ہوگئے اور مجھے کھینچ کر اپنے پہلو میں کر لیا۔ آپؐ نے نماز پڑھی، نماز میں سورہ فاتحہ اور نصر پڑھی، اور رکوع و سجدہ کیا۔ میں بھی آپؐ کے ساتھ اسی طرح کرتا گیا، پھر کھڑے ہو کر دوسری رکعت پڑھی۔ سلام پھیر کر مجھ سے فرمایا: تم تو عقلمند، پڑھے لکھے آدمی ہو، اللہ تعالیٰ تم سے بھلائی کرنا چاہتا ہے، پھر تم اسلام کیوں نہیں لاتے؟ حالانکہ اس کی صداقت پر دلائل قائم ہو چکے ہیں، تم کفر پر کیوں قائم ہو؟ ہاتھ نکالو اور مجھ سے مصافحہ کرو۔ میں نے آپؐ کو اپنا ہاتھ دیا اور آپؐ نے عربی میں فرمایا جس کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے: میں نے اپنے چہرے کو اللہ کے سامنے جھکا دیا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً اللہ ایک ہے، بے نیاز ہے، اس کا کوئی ساتھی اور بیٹا نہیں اور محمدؐ اس کے بندے اور دلائل و ہدایت کے ساتھ اس کے رسول ہیں۔ میں نے یہ الفاظ دہرائے، پھر حضور انور ﷺ اٹھ گئے اور میں بھی ساتھ ہی اٹھ گیا۔ کیا [illegible] ف اور گھبراہٹ سے اس قدر

marfat.com
Marfat.com

چیخنا چلانا شروع کیا کہ گھر والے جاگ اٹھے۔ انہوں نے مجھ سے دریافت کیا کہ کیا بات ہے؟ میں نے اپنے والد کو سارا قصہ کہہ سنایا۔ انہوں نے مسکرا کر فرمایا: جا سو جا، صبح بات کریں گے۔ ہم نے مٹکا دیکھا تو اس کے ٹوٹنے کی وجہ سے برف ادھر اُدھر بکھری پڑی تھی۔ میرے والد نے کہا، بیٹا! یہ سچا خواب ہے، اچھی بشارت ہے مگر اسے ابھی ظاہر نہیں کیا جا سکتا۔ ایک شریعت سے دوسری شریعت میں جانے کے لیے کچھ تیاری اور ساز و سامان کی ضرورت ہوتی ہے۔ تمہیں جس عقیدے کے اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہی عقیدہ رکھو، میں بھی یہی عقیدہ رکھتا ہوں اور اپنی نماز اور دعا اس مذہب کے مطابق رکھو۔ پھر یہ خبر لوگوں میں پھیل گئی اور اس پر کچھ عرصہ گذر گیا (حیات جاوداں) (البدایہ والنھایہ)۔

۳۰۷۔ ہلال بن المحسن صابی فرماتے ہیں میں نے دوسری مرتبہ دیکھا کہ آنحضرت ﷺ دریائے دجلہ کے کنارے تشریف فرما ہیں۔ میں نے آپؐ کے ہاتھ کو بوسہ دیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: تو نے جو قول و قرار مجھ سے کیا تھا پورا نہیں کیا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! میں نے پورا تو کیا ہے۔ کیا میرا عقیدہ وہی نہیں جس کا آپؐ نے حکم فرمایا تھا اور کیا میں نے اپنی نماز اسی کے مطابق ادا نہیں کی؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں! ابھی تمہارے دل میں شک باقی ہے۔ اس کے بعد آپؐ مجھے گھاٹ والی مسجد کے دروازے پر لے گئے۔ وہاں ایک خراسانی لیٹا تھا جس کا پیٹ استسقا (ایک بیماری) کی وجہ سے توبڑے کی طرح پھولا ہوا تھا اور اس کے ہاتھوں اور پاؤں پر ورم تھا۔ آنحضور ﷺ نے اس کے پیٹ پر اپنا دست مبارک پھیرا اور کچھ پڑھا تو وہ فوراً تندرست ہو کر کھڑا ہو گیا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! آپؐ کے حکم کی تصدیق کیا خوب اور آپؐ کے افعال کیا معجز نما ہیں۔ پھر میری آنکھ کھل گئی (حیات جاوداں) (البدایہ والنھایہ)۔

۳۰۸۔ ہلال بن المحسن صابی نے ۴۰۲ھ میں تیسری مرتبہ حضور انور ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اس خیمے کے دروازے پر تیار کھڑے ہیں جس میں میں تھا۔ زین پر بیٹھے بیٹھے آپؐ جھکے اور مجھے اپنا چہرہ انور دکھایا۔ میں نے اٹھ کر رکاب بوسی کی، پھر میں نے آپؐ کے لیے تکیہ رکھ دیا، آپؐ گھوڑے کی پیٹھ سے اتر کر اس پر بیٹھ گئے اور مجھ سے فرمایا: میں کب تک تمہیں ایسی بات کا حکم دیتا رہوں گا جس میں تمہاری بھلائی ہے اور تم کب تک توقف کرتے رہو گے؟ میں نے عرض کیا: اے میرے آقا! کیا میں اس کے مطابق عمل نہیں کرتا؟ آپؐ نے فرمایا: ٹھیک ہے مگر ظاہر خراب ہو تو باطن کا کوئی فائدہ نہیں، اگر تمہیں کسی اور بات کا لحاظ ہے تو یاد رکھو اللہ کا لحاظ رکھنا بہت بہتر ہے، ابھی اٹھو اور جیسا تمہیں کرنا چاہیے ویسا ہی کرو، اب

marfat.com
Marfat.com

اس کے خلاف نہ کرنا۔ میں نے عرض کیا: بسر وچشم۔ بیدار ہو کر میں حمام میں گیا اور مسجد میں جا کر نماز ادا کی (حیات جاوداں) (البدایۃ والنھایۃ)۔

۳۰۹۔ اسلام قبول کرنے کے بعد ہلال بن المحسن نے قرآن مجید لکھنے کا ارادہ کیا۔ ایک شخص نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے اس سے ارشاد فرمایا: "اس نو مسلم سے کہہ دو کہ تم نے جو قرآن لکھنے کا ارادہ کیا ہے تو ایسا ہی کرو، اس سے تمہارے اسلام کی تکمیل ہو گی (البدایۃ والنھایۃ ۱۲: ۷۰) (حیات جاوداں صفحہ ۱۸۲ بحوالہ المنتظم لابن جوزی ۸: ۱۷۷)۔

۳۱۰۔ حافظ ابن کثیرؒ نے بھی ہلال بن المحسن صابی کے ایمان لانے کا واقعہ مختصراً بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ آنحضور ﷺ نے انہیں خواب میں کئی معجزے دکھائے، جنھیں بیدار ہونے پر ویسا ہی پایا۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ آپؐ نے ان سے کہا کہ تمہاری بیوی حاملہ ہے، وہ لڑکا جنے گی، اس کا نام محمد رکھنا۔ مورخین اس محمد کو غرس النعمۃ کہہ کر پکارتے تھے کیونکہ یہ حضور اقدس ﷺ کے انعام کے طور پر لگایا ہوا پودا تھا۔

۳۱۱۔ ایک درویش اپنے ابتدائے ارادت کا ذکر فرماتے ہیں کہ میں ایک شیخ کی خدمت میں گیا، وہ مجھ سے کام کراتے اور میں خوش ہو کر کرتا تھا۔ ایک روز فقراء کے لیے گوشت لانے کا حکم دیا۔ میں قصائی کے پاس گیا، گوشت خریدا اور ایک برتن میں لے کر جوں ہی چلنے کے لیے مڑا تو ایک شخص، جو سامان سے لدا ایک گھوڑا ہانک کر لا رہا تھا، نے مجھے گھونسا مارا اور میں قصاب کے باڑے کی ایک میخ سے سخت زخمی ہو گیا۔ قصاب جوں ہی میری مرہم پٹی سے فارغ ہوا تو گھوڑے والا وہی شخص اپنے تین ساتھیوں کو لیے آن پہنچا اور کہا میرا بٹوہ گم ہوا ہے جس میں دس دینار تھے۔ وہ لوگ مجھے اور قصاب کو پکڑ کر کوتوال کے پاس لے گئے اور کہا کہ انہوں نے ہمارا بٹوہ چرا لیا ہے۔ اس پر کوتوال نے ہمیں کوڑے لگوائے۔ جس برتن میں میں نے گوشت لیا تھا اتفاق سے بٹوہ بھی اس میں سے مل گیا۔ پس کوتوال نے میرا ہاتھ کاٹنے کا حکم دے دیا۔ تیل گرم کیا جانے لگا۔ لوگوں کی بھیڑ لگ گئی اور سب نے مجھے خوب مارا مگر میں صبر کیے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیے رہا۔ ایک سپاہی نے مجھے چور ڈاکو کہتے ہوئے زور سے جھٹکا دیا جس سے میں منہ کے بل زمین پر جا گرا۔ عین اس وقت مجھے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ تبسم فرماتے ہوئے مجھے دیکھ رہے تھے۔ میں ابھی سیدھا کھڑا بھی نہ ہونے پایا تھا کہ میری تمام پریشانیاں دور ہو گئیں کیونکہ اسی وقت کسی پکارنے والے نے پکارا کہ لوگو! جسے تم نے پکڑا ہے وہ تو شیخ کا خادم ہے۔ یہ سنتے ہی لوگ مجھے دیکھنے لگے اور کہا: لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ اس [illegible] مانگی۔ بٹوے والا بھی گریہ و

marfat.com

Marfat.com

زاری کرنے لگا تو میں نے سب کو جواب دیا: اللہ میری اور آپ کی مغفرت فرمائے، یہ ایک امتحان تھا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ بٹوے کی رقم اور گھوڑے پر لدا ہوا سامان شیخ ہی کے لیے تھا۔ جب میں گوشت لے کر خانقاہ میں پہنچا اور شیخ کو تمام قصہ سنایا تو انہوں نے فرمایا: ”جس نے صبر کیا کامیاب ہو گیا۔ اے فرزند! فقراً کے ساتھ میں تیری حالت دیکھ رہا تھا کیونکہ اس کا مجھے پہلے سے علم ہو گیا تھا۔“ نیز فرمایا: ”یہ واقعہ راہ طریقت میں تیرے کامل ہونے کا ذریعہ بن گیا ہے، اب تو جہاں چاہے سفر کر۔“ (روض الریاحین)۔

۳۱۲۔ تحقیقات چشتی از نور احمد چشتی۔ صفحہ نسخہ قدیم ۲۵۹۔ صفحہ اشاعت جدید ۲۸۶۔ الفیض، لاہور میں ایک تاریخی واقعہ اس طرح محفوظ ہے:-

اورنگ زیب عالمگیر نے قتل دارا شکوہ سے فراغت پائی تو ایک روز خلفائے حضرت ملا شاہؒ کے ایک فقیر کے پاس آکر طنزاً کہنے لگا: میاں میر! تمہارے کلاں پیر کا مقولہ تھا کہ دارا شکوہ تخت آرائے سلطنت ہوگا۔ اب اس کی شاہی کہاں گئی؟“ یہ سن کر وہ فقیر بولا کہ ”ہمارے پیر میاں میر نے یہ بات دارا شکوہ کو نہیں فرمائی تھی کہ تو بادشاہ ہندوستان کا بادشاہ ہوگا بلکہ یہ کہا تھا کہ ”تو بادشاہ ہوگا“ یعنی بادشاہ ملک باطنی ہوگا، پس اگر تو اس کے حال کو دیکھنا چاہتا ہے تو آنکھیں بند کر لے۔“ اورنگ زیب عالمگیر نے جب آنکھیں بند کیں تو کیا دیکھتا ہے کہ جناب سرور دو عالم حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی سواری با تزک و احتشام آتی ہے۔ آپؐ کی دائیں جانب حضرت امام حسنؓ اور بائیں جانب حضرت امام حسینؓ، جناب دارا شکوہ کا ہاتھ حضرت امام حسینؓ کے ہاتھ میں ہے اور بہ تجمل تمام پارکاب سواری سوار چلا جاتا ہے اور سب حاضرین ہمراہی سواری کہتے ہیں: ”دارا شکوہ شہید شاہ بہشت ہوا۔“ اور اپنے آپ کو (اورنگ زیب) دیکھتا ہے کہ لب سڑک بہ لباس حلال خوراں (خاکروباں) میلے (غلاضت۔ کچرے) کی ٹوکری سر پر اٹھائے ہوئے کھڑا ہے۔ عالمگیر نے جب یہ حال بچشم باطن دیکھا تو بہت نادم ہوا اور آنکھیں کھول دیں۔ بعد ازاں اس فقیر روشن ضمیر نے فرمایا: ”یہ ٹوکری میلے کی جو تو نے سر پر رکھی ہے دنیا کا جاہ و جلال ہے، خدا نے اس بلائے بد سے دارا شکوہ کو بچا لیا اور تو نے اپنی خواہش سے یہ میلے کی ٹوکری اپنے سر پر اٹھائی، دنیا چند روزہ ہے، آخر فنا ہوگا اور دارا شکوہ ”شاہ بہشت ہوا“ ہمارے پیر میاں میرؒ نے جو فرمایا سوچ فرمایا۔“ (اورنگ زیب عالمگیر نے جو نیک کام کیے وہ دفتر حق میں لکھے ہیں اور جو مظالم ڈھائے وہ بھی مرقوم ہیں)۔

۳۱۳۔ ۲۶ اگست ۱۹۵۷ء کو جہاز جمہوریہ مصر سے واپس کراچی لوٹا، گو تکان بہت تھی لیکن دوسرے دن ہی دفتر میں حاضری دی کیونکہ دفتر سے چھٹیاں بلا تنخواہ ملی تھیں۔ غالباً ۲۸

marfat.com
Marfat.com

اگست کو صبح نعت پڑھنے کے لیے ریڈیو اسٹیشن گیا اور سٹوڈیو نمبر ۴ میں بیٹھ گیا۔ مولانا عبد الجبار صاحب درس کلام پاک دے رہے تھے، جوں ہی ان کا درس ختم ہوا میں نے نعت شروع کی جس کا مطلع یہ ہے:

ے صد شکر کہ پورا ہوا ارمان مدینہ　　　دل اور سوا ہو گیا قربان مدینہ

میں پڑھ رہا تھا اور خود اپنی آواز اور کیف میں کھویا ہوا تھا کہ یکایک میری نگاہ اٹھی، سامنے شیشے کے بوتھ میں انجینیر کے پاس مولانا عبدالجبار صاحب کھڑے ہوئے مجھے سن رہے تھے، جب میری نعت ختم ہوئی تو مولانا سٹوڈیو کا دروازہ کھول کر روتے ہوئے اندر داخل ہوئے اور مجھ سے لپٹ گئے۔ وہ بھی رو رہے تھے اور میں بھی رو رہا تھا۔ آنے کو تو واپس آ گیا تھا مگر کیف حضوری کی یاد، مدینہ طیبہ کے اُن پر سکون اور با برکات لمحات کا خیال ہمہ وقت ساتھ تھا۔ اگلے حج اور زیارت کے لیے بے چین تھا لیکن تھا وہی بے مائیگی کا سوال۔ ربیع الاول شریف کا چاند ہو گیا تو میلاد النبیؐ کے جلسے شہر میں شروع ہو گئے اور میری مصروفیت کا یہ عالم ہو گیا کہ ایک رات میں آٹھ آٹھ جگہ پڑھنے جانا پڑتا تھا۔ اس کثرت کے باعث سینے پر زور پڑ گیا اور مجھے خون آنا شروع ہو گیا، صاحب فراش ہوا اور انجکشن لگے۔ بحمد اللہ! اچھا ہو گیا لیکن کھانسی زکام اور نزلے نے پیچھا نہ چھوڑا، اضمحلال اور کمزوری بھی بڑھ گئی اور بخار سا رہنے لگا۔ حکماء صاحبان سے رجوع کیا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اسی عالم میں دفتری فرائض بھی پورے کرنا پڑتے تھے۔ بلا تنخواہ چھٹیاں لینے کی سکت مجھ میں نہ تھی۔ دن گزرتے گئے یہاں تک کہ اخبارات میں اعلان ہوا کہ حج کے لیے درخواستیں صرف ۳ مارچ سے ۱۱ مارچ تک لی جائیں گی۔ دل بہت بے چین ہوا لیکن کرتا تو کیا کرتا اللہ اور اس کے حبیبؐ کے سہارے خاموش بیٹھا رہا اس لیے کہ کسی سے سوال کرنا میرے بس کی بات نہ تھی، تیسری تاریخ گزر گئی، چوتھی گزر گئی، یہاں تک کہ دس (۱۰) تاریخیں گزر گئیں۔ ۱۱ مارچ کو حسب معمول دفتر پہنچا تو میں نے اپنے ساتھی میر حامد علی سے کہا:

"میر صاحب! اب کی شاید سرکارؐ کے وہاں کی حاضری مقدر میں نہیں ہے۔"

یکایک ٹیلیفون کی گھنٹی بجی، کرم بالائے کرم ہو گیا، میں نے رسیور اٹھایا اور ایک آواز آئی:

"میں بہزاد صاحب سے بات کرنا چاہتا ہوں۔"

میں نے کہا: "میں بہزاد بول رہا ہوں۔"

آواز آئی: "کیا آپ کی نشستوں کا انتظام ہو گیا؟"

marfat.com
Marfat.com

میں نے کہا: "ابھی تک تو نہیں!"

آواز آئی: "میں...... ہوں (مجھے نام بتانے کی اجازت نہیں) آپ برائے کرم فوراً میرے پاس آجایئے، دو حضرات نے مجھے پانچ سو (۵۰۰) کی رقم آپ کے واسطے بھجوادی ہے اور درخواست کے ساتھ یہ رقم داخل ہونا ضروری ہے لہٰذا آپ عرضی دے دیجئے۔ آگے اللہ مالک ہے۔"

اُس وقت میری جیب میں کل تین روپے تھے۔ میں عالم شوق میں دفتر سے بغیر کہے سُنے باہر نکلا۔ گھڑی دیکھی پونے بارہ کا عمل تھا۔ نیو ٹاؤن سے تین بجے آخری ڈاک سے اگر عرضی نہ گئی تو قرعہ اندازی میں شریک نہ ہونے کا دھڑکا تھا۔ میں نے فوراً موٹر سائیکل رکشا پکڑا اور ان محسن کے گھر روانہ ہو گیا۔ اللہ ان کو خوش رکھے۔ وہ بے حد محبت اور خلوص سے ملے اور میری جانب دو فارم بڑھاتے ہوئے بولے:- "مولانا! یہ فارم جلدی سے بھر دیجیے، جب تک میں چپراسی کے ہاتھ پانچ سو کی رقم ڈاکخانہ بھیج کر رسید منگواتا ہوں تاکہ رسید کے نمبر بھی فارم میں درج کر دیے جائیں۔" آپ یقین جانیں فارم بھرتے وقت میرا سارا جسم کانپ رہا تھا۔ ان غریب نے اپنے پاس سے سوا چھ روپے منی آرڈر فیس کے چپراسی کو دیئے اور روانہ کر دیا۔ میں فارموں کی خانہ پُری کے بعد چائے پی رہا تھا کہ چپراسی آگیا۔ رسید کے نمبروں کے اندراج کے بعد میں کھڑا ہوا تو انہوں نے چار روپے میری جانب بڑھاتے ہوئے کہا:- "معاف کیجیے گا شاید آپ کے پاس روپے اس وقت نہ ہوں، آپ صدر سے پانچ منٹ والے فوٹو کھنچوا کر ان فارموں کے ساتھ منسلک کر دیجیے اور نیو ٹاؤن پوسٹ آفس تین بجے کے اندر یہ فارم رجسٹری کر دیجیے۔" میں وہاں سے سیدھا موٹر سائیکل رکشا پر صدر آیا۔ جلدی جلدی تصویر کھنچوائی، تصویر ایسی تھی کہ اس کو میری تصویر کہنا زبردستی ہوگی، بہرحال ٹھیک اڑھائی بجے نیو ٹاؤن پہنچ کر میں نے عرضی پوسٹ کر دی۔ عرضی دینے کے ٹھیک پندرہویں دن معلم کا آدمی میرے پاس مبارک باد دینے آیا کہ آپ کا اور آپ کے گھر کا نام قرعہ اندازی میں آگیا ہے۔

میں نے خدا کا شکر ادا کیا لیکن ابھی محض ڈک کے ٹکٹ کے لیے دو ہزار روپیوں کا مسئلہ تھا مگر میں کسی کے آگے ہاتھ پھیلانے کا قائل نہیں ہوں۔ اب آسرا تھا تو انہیں کے کرم کا لہٰذا خاموش بیٹھا رہا۔ کوئی بیس دن کے بعد ایک دوسرے صاحب کا ٹیلیفون دفتر میں آیا:- "بہزاد صاحب! میرے پاس تشریف لا کر اپنی امانت لے جایئے۔"

تفصیل انھوں نے بتائی نہ تھی لہٰذا میں فرصت نکال کر دو دن کے بعد ان کے پاس پہنچا انھوں نے ایک لفافہ نکال کر دیا اور کہا:- "بہزاد صاحب! اس میں ایک ہزار کے نوٹ ہیں۔ دو

marfat.com
Marfat.com

صاحبان کی طرف سے جو اپنا نام ظاہر کرنا نہیں چاہتے، یہ آپ کے حج کے لیے ہیں۔" میں نے ان کا شکریہ ادا کرنا چاہا تو انہوں نے کہا: "مولانا! یہ جن کا کام ہے مجھے انہیں سے اس کا صلہ ملنے دیجیے۔" میں خاموش چل دیا۔ گھر آنے کے بعد جب میں نے اپنی رفیقۂ حیات کو وہ پیکٹ دیا تو انہوں نے کہا:- "یہ کہاں سے آئے؟" میں نے ان سے تفصیل کہی تو وہ بولیں:- "میاں! آپ مجھ سے تو اس قسم کی باتیں کیجیے نہیں، بھلا یہ کیا بات ہوئی کہ دینے والے کا نام تک آپ کو معلوم نہیں۔" جب میں نے قسم کھائی تو ان کو اعتبار ہوا اور آنکھوں میں شکرانے کے آنسو آ گئے۔ دن گزرتے گئے مگر میری علالت کسی صورت جانے کا نام نہیں لے رہی تھی۔ ایک روز پھر انہی صاحب کا بلاوے کا ٹیلی فون آیا۔ میں فوراً ملنے کے لیے پہنچا اور پھر ایک ہزار روپیوں کا ایک پیکٹ مجھے دو نا معلوم حضرات کی جانب سے دیا گیا۔ اب ڈک کا کرایہ پورا ہو چکا تھا لیکن میں کافی علیل تھا اور مجھے خوف تھا کہ میں ڈک میں سفر نہ کر سکوں گا، لہٰذا میں نے نماز کے بعد معروضہ پیش کیا: "اے سرکارؐ! غلام علیل ہے اور سیکنڈ کلاس سے کم میں حاضری دشوار معلوم ہو رہی ہے"۔ غلام کا کام آقاؐ کے حضور میں معروضہ تھا سو کر لیا۔ اس کے تیسرے ہی دن میرے کرم فرما ڈاکٹر انور وارثی ایک صاحب کو میرے پاس میرے گھر لے کر آئے۔ وہ صاحب خود بھی عازم حج تھے۔ مجھے پانچ سو بیس روپے دے کر بولے:

"میں چاہتا ہوں کہ آپ حج کے سلسلے میں اپنے اخراجات میں یہ رقم بھی شامل کر لیں۔"

میں نے لے لیے حالانکہ ان صاحب سے میرا تعارف اس کے قبل نہیں تھا۔ خدا انہیں خوش رکھے۔ اس کے ایک ہفتے کے بعد ہی میرے پاس پھر انہی صاحب کا ٹیلیفون آیا جن کی معرفت مسلسل روپے مل رہے تھے، انہوں نے مجھے یاد فرما کر پھر پانچ سو روپے کا ایک پیکٹ دیا اور کہا: "بہزاد صاحب! شاید سیکنڈ کلاس کا انتظام ہو رہا ہے۔" میں نے عرض کیا: "جی ہاں! ان کے کرم سے آج پورا ہو گیا۔" اب مجھے اوپر کے اخراجات اور کچھ سامان خریدنے کے لیے روپے کی حاجت تھی۔ میرے بڑے لڑکے انور بہزاد (نیوز ریڈر ریڈیو پاکستان، کراچی) نے مجھے چار سو روپے کا ایک چیک زبردستی دے دیا اور کہا: "اگر آپ انکار کریں گے تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ آپ مجھے ثواب سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔" میں نے چیک لے لیا۔ اب معاملہ پورا تھا لہٰذا سامان کی خریداری اور دیگر مصارف میں یہ رقم کام آنا شروع ہو گئی۔ ایک دن حاجی کیمپ میں ٹریولر چیک بنانے کی غرض سے گیا۔ اس دن مجھے پھر ایک پیکٹ ملا جس میں دو سو کی رقم تھی۔ میں حیران تھا کہ یہ دو سو روپے مجھے کیوں ملے ہیں جبکہ میرے پاس اخراجات کے لیے پوری رقم موجود ہے۔ چوتھے دن جس وقت جہاز کا ٹکٹ خریدنے کے لیے

marfat.com

Marfat.com

کھڑکی پر گیا اور میں نے پچھلے سال کے مطابق رقم نکال کر بکنگ کلرک کو دی تو اس نے کہا:
"بہزاد صاحب! اس جہاز کے سیکنڈ کلاس کا کرایہ اور جہازوں سے زیادہ ہے، لہٰذا ابھی دو ٹکٹوں کے لیے ایک سو چالیس روپے اور چاہییں۔" اب مجھے وہی دو سو روپے کی رقم نکالنا پڑی اور کریم کے کرمِ بے پایاں کا حال اس وقت معلوم ہوا۔ ایمپائر آر دل میں دو نشستوں کا کیبن نمبر ۲۳۔ ڈی میرے نام الاٹ ہو گیا۔ ۴ جون کو جہاز روانہ ہونے والا تھا لہٰذا ۴ جون ۱۹۵۸ء کو روانہ ہو کر اللہ کے فضل و کرم سے حج و زیارت روضہ سرکار دو عالم ﷺ سے سرفراز ہو کر یہ کہتا ہوا واپس آ گیا۔

؎ یارب مرا ہر سال ہو سامان مدینہ بہزادِ حزیں صرف مری ایک دعا ہے

فقیر بہزاد لکھنوی ۶۱۔ روہیل کھنڈ ہاؤسنگ سوسائٹی، شہید ملت روڈ، کراچی۔ (جناب شیخ سلیم اختر، لاہور کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے یہ واقعہ فراہم کیا)۔

حضرت بہزاد کی ولادت ۱۸۹۵ء میں لکھنو (یو۔پی، بھارت) میں ہوئی۔ نام سردار حسین اور تخلص چراغ تھا۔ علی گڑھ سے تعلیم مکمل کی۔ عربی، فارسی، انگریزی کے علاوہ ہندی، بنگالی اور فرانسیسی بھی جانتے تھے۔ شعر گوئی کا آغاز نو سال کی عمر میں کیا۔ شیفتہ رسول ﷺ تھے، رشد و ہدایت کے عظیم مرکز خانقاہ نیازیہ بریلی (یوپی۔ بھارت) میں حضرت شاہ محمد تقی میاں عرف عزیز میاں کے دست حق آشنا پر شرف بیعت حاصل کیا، اور خلیفہ مجاز قرار پائے اور دو بار حج اور عمرے کی سعادت سے بہرہ مند ہوئے۔ سرکار دو عالم ﷺ سے بے پناہ محبت کے باعث ہر مرتبہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے غیبی انتظام کر دیا۔ اس کی تفصیل آپ نے اپنے دو مجموعہ ہائے کلام "نغمہ روح" اور "کرم بالائے کرم" میں بیان کی ہے۔ رمضان المبارک ۱۹۷۴ء میں کراچی میں وصال فرمایا اور مولانا احتشام الحق تھانویؒ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ کراچی کے عظیم قبرستان سخی حسن میں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔ ہند و پاک کے چوٹی کے شعراء میں آپ کا شمار تھا اور نعت گوئی میں منفرد مقام رکھتے تھے۔ مصنف کتاب ہذا کے ملنے والے تھے۔

؎ مولائی صل و سلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلھم

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

☆

marfat.com
Marfat.com

جناب محمد عبدالمجید صدیقی نے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" مرتب کر کے ایک نہایت ہی مبارک کام سرانجام دیا ہے۔ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وصال کے فوراً بعد ہی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی یہ جہت نگاہوں کے سامنے آ گئی تھی۔ صحابہ کرامؓ، تابعینؒ و تبع تابعینؒ، بعد کے صلحاءؒ، اتقیاءؒ، علماءؒ اور مجاہدینِؒ اسلام الغرض تمام اہلِ بصیرت پر یہ حقیقت اچھی طرح منکشف ہوتی چلی گئی کہ اب بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی امت کے حالات سے اچھی طرح باخبر ہیں، بڑی شفقت، رہنمائی اور مدد فرماتے اور اپنی زیارت سے بھی مشرف فرمایا کرتے ہیں، لیکن یہ شرف چودھویں صدی ہجری کے اختتام پر جناب عبدالمجید صدیقی کو حاصل ہونا تھا کہ اس حقیقتِ باہرہ سے ہر ایک کو آگاہ کرنے کے لیے محققانہ انداز میں ایک کتاب تصنیف کر دیں تاکہ طلوع ہونے والی پندرھویں صدی ہجری میں مسلمان ہر آن اسے اپنی نگاہوں کے سامنے رکھیں اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (روحی فداہ) سے محبت و عقیدت کو اپنا سرمایہ حیات سمجھیں۔ یہ مبارک کتاب ہر لائبریری میں موجود ہونی چاہیے اور ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

جناب ڈاکٹر سید محمد عبداللہ

پروفیسر امیریطس، پنجاب یونیورسٹی، لاہور۔

ISBN 969-0-01680-6

9789690016805

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

لاہور راولپنڈی کراچی

Rs. 250.00